معادا = عداوت کرنا پلے درپے کرنا۔

معرّا = برہنہ و سادہ و بےپردہ و ظاہر نمایان۔

معا = اوسیوقت فی الفور بلا توقف بغیر دیر کے۔

مُعَےّ ع روده اور آنتین جو پیٹ مین ہین۔

میم با غین

مُغْمَرا ع تعجب کیا گیا اور سرزنش کے ساتھ چپکا ہوا

میم با فاء

مُفَاجَا ع اچانک بہت جلد اور شتاب۔

میم با قاف

مُقْتَدا ع پیشوا و امام آگے چلنے والا رہبر۔

مُقْلِیَا سَاس تخم تره بالونکے بیج۔

مُقْتَضَا ع خواہش کیا گیا محبوب و دلپسند۔

میم با لام

مَلْجَا ع جائے پناه جائے سکونت و آرام اور چین۔

مَلَا ع ظاہر اور محفل و گروه شرفا و بیابان و میدان۔

مَلَّا ع صیغۂ مبالغہ بمعنے بہت بھرا ہوا۔

مُلْتَجَا ع جا و پناه اور پناه لینا امان پانا۔

مُلْتَقےٰ ع جائے بہم رسیدن دو چیز۔

مُلَکا ع اوستاد و فقیہہ و مجتہد قوم نصارا کا۔

مَلَاءِ اعلے ع فرشتگان عالم علوی یعنے آسمانی فرشتے

میم با نون

مِنا ع جائے قربانی بازار مکہ معظمہ جہان قربانی کرتے ہین

مُنَا ع جمع منیہ امیدین و آرزوئین و مرادین۔

مَنَا ع مقدار و اندازه و من وزنی و منازل و مسافت

مُنَادیٰ ع آواز دیا گیا بلایا گیا مشہور کیا گیا۔

مِنْسَا ع عصا یعنے لاٹھی ہاتھ مین رکھنے کی۔

مَنْشَا ع پیدا ہونے اور ٹھہرنے کی جگہہ و سبب و اراده

مُنَقّےٰ ع صاف کیا گیا اور نام میوه جسکو مویز کہتے ہین۔

مُقَدَّمَا ع اگلی فوج یعنے ہراول فوج پیشدست۔

مُنْتَہےٰ ع جائے انتہا و اخیر ہر چیز کا۔

میم با واو

مُوَاسَا ع یاری کرنا مدد کرنا امداد دینا۔

مُوسےٰ ع استره اور نام پیغمبر مرسل کا جو مشہور ہے

مُولےٰ ع یاری دہنده مالک خداوند اور غلام۔

مُوصےٰ ع وصیت کیا گیا وصی بنایا گیا۔

مُؤَدّےٰ ع ادا کیا گیا خواه قرض ہو یا فرض۔

مُومِیَا ع نام ایک چکنائی کا جو دوا مین مستعمل ہے

مُوَفَّا ع وفا کیا گیا پورا کیا گیا۔

مُوتےٰ ع بیجان اور مرے ہوے لوگ اور آدمی۔

مُوشِ خُرمَاف کلہری جو ایک مشہور جانور ہے

میم با ہا

مِہر گیاہ یہ ایک گھاس ہے جسکو لکنہم کہتے ہین اسکی جڑ ہمشکل چہرهٔ انسان ہے جو اپنے پاس رکھتا ہے تمام زمانہ اوسپر مہربان ہوتا ہے اسکو مومنی بھی کہتے ہین

مُہَنَّا ع گوارا و خوشمزه و ہاضم و ذائقہ۔

مُہرا ع وہ چیز جو پانی مین آگ کی گرمی سے پختہ و ملایم ہو۔

مہ لقا ع خوبصورت چاند کی سی صورت والا۔

مُہر شفا ف تعویز گنڈا جو لڑکونکے گلے مین ڈالتے ہین۔

مُہیا ع موجود و تیار و درست کیا ہوا اسباب۔

میم بایای

مِیرزا ف سردار زادہ بادشاہ زادہ و دولتمند کا بچہ

مِینا ف شراب کا شیشہ اور وہ شیشہ کا رنگ جو زیور پر کرتے ہین

چھبیسوین فصل

ان لغات کے بیانمین جنکے اول

نون اور اخیر مین الف ہے

نون باالف

نا حرف ہے چنانچہ نابالغ و نامراد و نامرد و نابکار وغیرہ

نا روا ف ناجائز خلاف طریق و خلاف دین مذہب

ناپیدا ف پوشیدہ آنکھون سے چھپا ہوا پیروی مین

ناسزا ف نالایق خراب نکما آدمی بیکار۔

نابینا ف اندھا جسکو آنکھون سے نظر نہ آتا ہو۔

ناکدخدا ف جسکی شادی نہوئی ہو چاہے عورت یا مرد

نان حلوا ف نام مثنوی جسکو بہاؤالدین آملی نے لکھا

ناشتا ف بھوکا ہونا اور نہار رہنا بے طعام رہنا۔

نام خدا ف خدا کی قسم اور ایک کلمہ تعجب کا ہے

ناخدا ف ملاح کشتیبان کشتی چلانیوالا۔

نازا ف عورت جو بچہ نہ دے بانجھ عورت۔

نان با ف نان پز روٹی پکانیوالا باورچی تنور والا

نون بابای

نبا ع خبردار آگاہی و اطلاع و واقفی۔

نون باتای

نثا ع خبر و اطلاع و آگاہی و واقفیت۔

نون باجیم

نجبا ع بزرگواران و برگزیدگان دیگردان۔

نجوے ع راز بھید پوشیدہ بات دلکی بات۔

نون باداں

ندا ع آواز و صدا ندا تری دہم وآبداری۔

ندما ع جمع ندیم کی مصاحبان و ہمنشینان و ہمصحبان

نون بارای

نرگس شہلا ف وہ نرگس جسمین بجائے زردی سیاہی ہو

نسا ع عورتین جمع امراۃ مگر خلاف قیاس۔

نسیا منسیا ع بھولا چوکا ہوا از روے سہو۔

نون باشین

نشا ع عالم ایجاد یعنی دنیا اور تمام مخلوق خدا کی۔

نشو نما ف پیدا ہونا بڑھنا تازگی پانا سرسبز ہونا

نون باعین

نعما ع اسم جنس صیغہ جمع بمعنے نعمتہاے بیشمار۔

نعل بہا ف وہ محصول جو محکوم بادشاہ بڑے بادشاہ کو دیوے

نون با فا

نفس لہ بات وہ کلام جسکا تلفظ سہل ہو اور سہل طرح سے لبین

نون با قاف

نقاء پاکیزگی نیک چلنی بزرگی خوبی نیک اطواری۔

نقباء جمع نقیب جو امرا کی سواری کی آگے چلتے ہین

نقرہ پاف ایک جانور ہی جسکے پانو سفید ہین۔

نقداف بالفعل و فی الفور او سی وقت۔

نون با کاف

نکبا وہ ہوا جو تین طرف سے چلتی ہی اور چہار کو ڈبوتی ہی

نکیساف مطرب کا نام ہی جو مقرب خسرو پرویز کا تھا

نون با میم

نماف بڑہنا پہولنا دکہلانا اور دکہلانیوالا۔

نون با واؤ

نواف آواز اور نام ایک مقام کا بارہ مقام موسیقی سے

نوش گیاہ نام گیاہ جو دافع زہر مار وغیرہ ہی

نون با یای

نیاف دادا اور باپ اور نانا اور ماموں بزرگان

ستائیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول

حرف واؤ اور آخیر مین الف ہی

واو با الف

واویلا افسوس جو بسبب ماتم یا نقصان کے ہو

وافا رسیدہ و کشادہ اور کہلا ہوا۔

والا ایک قسم کا باریک ابریشمی قیمتی کپڑا ہوتا ہے۔

واہی العرا سند دست آویز تمسک حجت نامہ

واعجبا وای تعجب ہی یہ لفظ تعجب کے مقام پر بولا جاتا ہی

واجب الادا جسکا ادا کرنا واجب ہو یعنی قرض وغیرہ

واو با جیم

وجا خصی کرنا اور مارنا کارد کا چہری مارنا۔

وجا ترس و اندوہ اور لکارنا ضرب لگانا۔

واو با رای

ورا پس و عقب و سوای و فرزند و اولاد وغیرہ جو
پیچھوڑ جائین۔

ورا مخلوقات از قسم جن و انس لائق نامور۔

وردمربے گل قند جو مشہور چیز ہے۔

ورقا فاختہ و کبوتر و طیور اور ڑینوالے۔

وزرا جمع وزیر یعنی بادشاہ کے وزیر جو بہت ہون

واو با سین

وسطے تانیث اوسط انگشت میانی درمیانی انگلی

واو با شین

وشتاف نام کتاب شرح زند کتاب عقاید مذہب مجوس

واو با صاد

وصایا جمع وصیت جسیتین جو مرنیسے اول کرین

واو با طا

وِطَاء بستر و نہالین و لباس جمع زیر جیسے توشک وغیرہ کپڑے

واو با عین

وِعَاء آوند و ظرف یعنے برتن ہر قسم کا۔

واو با غین

وَغَا جنگ و شور و غوغا و لڑائی کا معرکہ۔

واو با فا

وَفَاء وعدہ پورا کرنا اپنے اقرار پر قایم رہنا۔

واو با کاف

وُکَلَاء جمع وکیل لوگ مختار کار لوگ۔

واو با لام

وِلَاء دوستی و محبت و پیار و یکجہتی و الفت۔

وَلَدُ الزِّنَا حرام کا بچہ جو باپ کے تخم سے نہو

اٹھائیسوین فصل

اُن لغات کے ذکر مین جنکے اول

حرف ہائی اور اخیر مین الف ہی

ہا با الف

ہُنَا اینجا اس جگہ اس مقام پر اسی دم۔

ہا با ہای

ہَبَاء گرد و غبار ہوا و اندھیری و تاریکی۔

ہا با جیم

ہِجَاء بدگوئی را و حروف کا اعرابکے ساتھ یعنی زبر و زیر پیش سے پڑہنا

ہا با دال

ہُدَا راستی و راہ راست جسمین کجی نہو سیدھا راستہ

ہَدَایَا جمع ہدیہ پیشکش و سوغات۔

ہا با رای

ہَرَا زیور و حمایل اسپ گلولہ ہائی زرو نقرہ مشابہ سلسلہ

ہَرَّاتْ شور و فریاد و ترس و بیم اور چمکنا کسی روشن چیز کا۔

ہَرَا مخفف ہرات یعنی شہر ہرات جو مشہور شہر ہے

ہا با زای

ہَزَار آواز عندلیب و ہزار داستان جو طرح طرح بولیان بولتی ہے

ہا با فا

ہَفْت دریا ساتوں سمندر یعنی دریائی اخضر و دریائے عمان و قلزم و بربر و اوقیانوس قسطنطنیہ و اسود۔

ہا با کاف

ہٰکَذَا ہمچنین اسیطرح اسی طریق اور طرز سے۔

ہا با لام

ہَلَّا خبردار رہو کلمہ تنبیہ ہے واسطے خبرداری بیخبر کے

ہا با میم

ہُمَا مشہور جانور ہے اوسکا سایہ جسپر پڑجاتا ہے وہ شخص بادشاہ ہوا اور نام دختر بہمن کا کہ زردشت کی شریعت کے بموجب اپنے باپ کے نکاح مین آئی اور اسکے بطن سے دارا پیدا ہوا جو مشہور بادشاہ

ہمپاف ساتھی ہمراہ - برابر قدر و رتبہ مین -

ہماناف یہ لفظ ظن غالب کے مقام پر آتا ہی شاید ایسا ہو

ہمتاف برابر و مثل و مانند صورت یا سیرت مین -

ہا ربا نون

ہندیاف تخم کاسنی جو دوا مین مستعمل ہوتا ہے -

ہا با واو

ہوا ع جوف جو آسمان اور زمین کے درمیان ہی

ہوشاف ست کم ہمت کم لیاقت کم عقل -

ہوا ع حرص و آرزو و خواہش اور باد چلتی ہوی -

ہا با یاے

ہیجاف جنگ و کارزار و کشت و خون و معرکہ -

ہیولا ع مادہ و ماہیت ہر چیز کی اور اصل اسکا -

ہیمیا ع علم طلسم و عجائبات کا جو جادو سے متعلق ہے

اونتیسوین فصل

ان لغات کے بیانمین جنکے اول حرف یا اور اخیر مین الف ہے

یا با الف

یا ع عربی مین حرف ندا اور فارسی مین علامت -

یاسا ع ماتم و قتل و غارت و قصاص و انتقام -

یارا ع قوت و توانائی اور جسم کی طاقت و زور -

یا اسفے ع وا ے افسوس کلمہ تاسف کا ہے -

یا با دال

ید بیضا ع روشن ہاتھ معجزہ موسے علیہ السلام کا -

ید طولے ع لمبا ہاتھ یعنی مہارت تامہ و کمال جو کسی ہنر مین ہو

یا با راے

یرغا ع رہوار و تیز رو سبکپا و چالاک -

یا با عین

یغماف غارت و تاراج اور نام ایک شہر کا ترکستان مین ہے

یا با لام

یلدا ع شب تاریک و سیاہ مجازا شب غم و اندوہ -

یا با نون

ینگاف بھائی یا چچا کی زوجہ یعنی بھاوج یا چچی -

یا واو

یوم الجزا ع قیامت کا دن اور دن سلطے جزا کا

یا با ہای

یہودا ع نام بڑے بھائی یوسف کا جسکی اولاد یہودی ہیں

دوسرا باب

ان لغات کے بیانمین جنکے اخیر مین حرف با ہے اور اول کے حروف برعایت حروف تہجی کے لیے گئے ہیں

موقع پر بدلتے ہین اس مین

انتیس فصلین ہین

پہلی فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول

حرف الف اور اخیر مین بائے ہے

الف با بار

اِبْنُ العِنَب ع کنایۃ شراب یعنے اولاد انگور کی۔

آب ف پانی رونق خوبی چمک تیزی اور زبان رومی نام ایک مہینے کا اور کلمہ نسبت کا جیسے شاداب وسیراب وغیرہ۔

آب طرب ف شراب جسکی پینے سے خوشی حاصل ہو۔

آب تاب ف رونق تازگی چمک خوبی حسن جلوہ۔

اَبْواب ع دروازے جمع باب کی۔

اَبْ ع پدر یعنے باپ جسکا بیٹا ہے۔

الف با تای

اِتْعاب ع رنج مین ڈالنا دکھ دینا۔

اَتْعاب ع بہت سے رنج درد دکھ و مصیبت۔

اِتّہاب ع ہبہ قبول کرنا کسیکی بخشش کو لینا۔

اَتْراب ع جمع ترب دختران دوشیزہ زنان نوعمر۔

الف با ثاء

اَثْواب ع جمع ثوب جامہ ہاے پوشیدنی و لباس پہننا

الف با جیم

اَجانِب ع جمع اجنبی بیگانگان جو خویش نہون

اِجْتِناب ع دور رہنا یکسو ہونا پرہیز کرنا بچنا۔

اَجْرَب ع صاحب جرب یعنے مرض خارش کا بیمار

اَجْوَب ف کشادہ و فراخ و صاحب وسعت

الف با حاء

اِحْتِجاب ع پردہ مین جانا چھپنا پوشیدہ ہونا۔

اِحْتِساب ع منع چیزون کے ارتکاب سے منع کرنا حساب کرنا

اَحْزاب ع اجتماعتین اور گروہ آدمیون کا۔

اَحْباب ع جمع حبیب دوست بہت سے محبت والے

الف با خا

اَخْرَب ع ویران و خراب ہوا ہوا مکان اَلْاَمْتَ ... [illegible]

الف با دال

اَدَب ع اندازہ و حد و عقل و دانش و علم اخلاق۔

اَدِیب ع ادب دینے والا استاد سکھلانے والا

الف با ذال

اِذْہاب ع لیجانا روان کرنا سونیکا ملمع کرنا۔

اِذْناب ع گناہ کرنا خلاف حکم خدا کے کرنا۔

اَذْناب ع جمع ذنب گناہان و نافرمانیان۔

الف با را

اَرْنَب ع خرگوش جو مشہور جانور ہے۔

اِرتیاب ع شک و شبہ مین پڑنا۔
اِرب ع حاجت خواہش طلبگاری۔
اَریب ع عقلمند و فاضل و صاحب علم و فضل۔
اَرِیب ع کجی اور ٹیڑہا چلنا ٹیڑہاپن۔
اَرباب ع جمع رب پرورش کرنیوالے و صاحبان و خداوندان
اِرتکاب ع آغاز نا شروع کام کرنا متوجہ ہونا سوار ہونا
آرائب ع جمع ارب حاجتین خواہشین و مرادین۔

الف باسین

آسیب ف صدمہ تکلیف سایہ جن کا۔
اَسپ ف گہوڑا جو مشہور چارپایہ ہے۔
اِستعجاب ع تعجب کرنا اچنبھے مین پڑنا۔
اِستغراب ع تعجب دلانا تعجب کرنا۔
اَسباب ع جمع سبب بہت سے باعث و موجب
اِستجلاب ع اپنی طرف کہینچنا اور حاصل کرنا کسی چیز کو
اِستیعاب ع تمام کرنا اخذ وعب کے لفظ سے۔
اُسلُوب ع وضع طرق روش عادت خو۔
اَسالِیب ع جمع اسلوب طریق و طور و طرز و روشین
اِسبات ع بہت دوڑنا جنگل مین چلنا آگے نکلنا گہوڑے کا۔
اَسرُب ع سیسا گولیان بنانے کا جو بندوق مین چلاتے ہین
اُسطرلاب ع اہل نجوم کا ایک آلہ بناتی ہین جس سے سماوی حال ظاہر ہوتے ہین
اِکتساب ع حاصل کرنا کسب کرنا پانا معاش کا۔
اِستکتاب ع لکہنا حروف یا کتاب وغیرہ کا۔
اِستصواب ع صلاح و مشورہ لینا طلب صواب زبان تلی کا

الف باشین

اَشہَب ع اسپ سیاہ و سفید و قسم عنبر سوکہے عنبر خشخاشی
آشوب ف فتنہ و فساد و شورش جہگڑا وغیرہ۔

الف باصاد

اَصہَب ع ہر چیز سرخ رنگ مائل بسپیدی۔
اَصلاب ع جمع صلب استخوان پشت و آبا و اجداد۔
اَصحاب ع یاران و خداوندان صحبت و ہمنشینی۔
اَصوَب ع بہت صواب بصواب نزدیکتر و قریب
اُصطرلاب ع آلہ نجومیان جس سے آسمانی احکام ظاہر ہوتے ہین

الف باضاد

اِضراب ع منہ پہیرنا سرپیچی کرنا کسی کو مادہ پیدا کرنا
سیر کرنا ظاہر کرنا کسی چھپی ہوئی بات کا انشا کرنا۔
اَضراب ع مانند و انواع و اشکال و امثال۔
اِضطراب ع خلل پانا پریشان حال ہونا کانپنا تہپنا۔

الف باطا

اِطناب ع درازی سخن اور طول دینا۔
اَطناب ع رسیان خیمہ وغیرہ جمع طناب۔
اَطیَب ع بہت خوشبو بہت پاکیزہ و خوشنما۔

الف باعین

اِعراب ع واضح کرنا روشن کرنا اور بیان کرنا حرکات
حروف کا بموجب اسکے نشان کے۔

اَعراب ع صحرانشین جنگلی لوگ بیابانی خلقت۔

اَعجاب ع تکبر و غرور اور تعجب کرنا او عجیب جاننا

اَعشاب ع سبز گہاس جسکو چارپائے چرتے ہین۔

اَعاجیب ع جمع عجیب اچھے کی چیزین۔

اَعقاب ع پسران و اولاد و پس ماندگان جمع عقب

الف باغین

اِغتراب ع غریب و مسافر ہونا بے وطن ہونا۔

الف بافا

اَفراسیاب وہ حباب جو بارش کے وقت پانی پر ظاہر ہوتے ہین

آفتاب ف سورج اور دہوپ جو چیز و سبز مستعمل ہے

افراسیاب نام بادشاہ توران جو پہلوان تھا۔

الف باقاف

اَقرب ع بہت قرب بہت نزدیک اور پاس۔

اَقارب ع نزدیکان و خویشان و رشتہ داران۔

اِقتضاب ع کاٹنا جدا کرنا علیحدہ کرنا۔

اِقتراب ع نزدیک آنا پاس پاس ہونا۔

الف باکاف

اِکتتاب ع لکہنا خط وغیرہ کتاب کا۔

اِکتساب ع حاصل کرنا کسب کرنا۔

الف بالام

اَلباب ع دانشہا و عقلہا یعنی بہت دانشین عقلین

اِلتہاب ع مشتعل ہونا آگ کا بہڑکنا شعلہ آتش کا

لوب ترکی مین سمجھے شدہ سیپے ہوا۔

اولی الالباب ع صاحبان عقل و ہوش و دانش و خرد

اَلقاب ع خطاب و نشان جو انسا نکو بادشاہ دیتے

الف بامیم

اِمشب ف آج رات جو گذر رہی ہے۔

اُم الکتاب ع قران مجید و لوح محفوظ و سورہ فاتحہ

الف بانون

اِنتخاب ع باہر نکالنا اور چننا الگ الگ نیک و بد کرنا

اِنحداب ع کوز پشتی کی حالت مین پہونچنا۔

اِنتساب ع نسبت رکہنا پیوند رکہنا جوڑنا۔

اَنسب ع بہت مناسب بہت بہتر و خوب اور اچھا

اِنجذاب ع کہنچے جانا کسی شخص یا چیز کیطرف

اِنسکاب ع پانی گرانا اور رونا کسی مصیبت مین

اِنقلاب ع الٹ جانا اور رجعت ستارونکی۔

اَنساب ع نسبہا و نژادہا و پشتین بزرگونکی۔

اِنسلاب ع کم ہونا نیست و نابود ہونا۔

اِنتہاب ع غارت کرنا لوٹ لینا کسیکو۔

اَنبوب ع وہ نے جو اندر سے خالی ہو۔

اَنقاب ع جمع نقب سوراخہا و نقاب پردہا۔

اِنصباب ع گرنا پانی وغیرہ رقیق چیز کا۔

اَنیاب ع بڑی دانت تند و تیز جسکو نشتر کہتے ہین

اَنابیب ع جمع انبوب یعنی پوپیان بانس و نیشکر جن کی تہا

اِنکباب ع کسی دوائی کا بخار لینا اور منہ کے بل گرنا

اِنتصاب ع برپا ہونا قائم ہونا کہڑے ہونا نصب ہونا

الف با واو

آقوتوب ت ترکی مین بمعنے گذشتہ زمانہ گذرا ہوا وقت

آقوجبت ع بہت واجب بہت درست وبہتر وضروری

آوّل شب ف شام سے آدھی رات تک کا وقت

الف با ہا

اِہاب ع حیوانکا چمڑہ جسکو دباغت نہوئی ہو خام چرم

الف با یای

اِیاب ع بازگشت و رجوع و توجہ و رغبت و میل

اِیدُوب ت ترکی مین ساختہ و درست تیار و بے عیب

اَیُّوب ع نام پیغمبر جسکا صابر خطاب تہا۔

اِیجاب ع لازم کرلینا ثابت اور مقرر کرنا کسی چیز کا

دوسری فصل

ان لغات کے بیانمین جنکے اول حرف با اور اخیر مین بھی با ہی

با الف

بَاب ع دروازہ و نام کتاب و بمعنی شایستہ و بارہ و حق

پائی زیب ف ایک قسم کا زیور ہوتا ہے۔

باریاب ف دخل پانیوالا راستہ پانے والا۔

بائِب ع گوشہ زمین ما بین مغرب وشمال کے سمت کی

باب الابواب ع ایک دروازہ کا نام ہے جو دیوار پختہ سرحد ایران و توران مین رکھا ہوا ہے اور یہ ایک دیوار خزر کے ملک مین انقطاع جبال الرکیان سے دیار خزر تک پختہ بنی ہوئی ہے اسمین یہ دروازہ آہنی بنا ہوا ہے اور بند خزر بھی کہتے ہین۔

بابِ قَصَّاب یہ ایک کُشتی کے داؤ کا نام ہے جسمین حریف کو پہلوان بآسانی گرا سکتا ہے۔

با با سین

اَبشقاب ت ترکی مین رکابی کو کہتے ہین۔

با با نون

بِنتُ العِنَب ع دخترِ انگور یعنی شراب انگوری

با با واو

بَوّاب ع پاسبان دربان جسکے متعلق حفاظت ہے

بُولَہَب نام عم رسول صلے اللہ علیہ وسلم جسکا اصلی نام عبد العزیٰ تہا۔

بُوالعَجَب ع صاحب تعجب اچنبہا کرنے والا۔

بُوتُراب ع لقب مرتضے علی علیہ السلام یعنی صاحب خاک

بُوطالِب ع نام پدر علی المرتضے و عم محمد صلی اللہ علیہ وسلم

با با یای

بیُور اسپ خطاب ضحاک یا دشناہ ریویہ بہر اکوہہ

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول با فارسی اور اخیر مین بای عربی ہے

با با الف

پای کوب ف ناچنے والا رقص کرنے والا۔
پاشنہ کوب ف تعاقب پیچھے چلنے والا شخص۔
پارکاب ف مستعد چلنے کا روانگی پر تیار۔
پای شیب ف نام مکان دروازہ مکہ معظمہ۔
پایاب ف تہوڑا پانی دریا کا جسمین آدمی بے کشتی اوتر جاتے

بای بارای

پرتاب ف ڈالنا اور ایک قسم کا تیر اور اندازہ مسافت

چوتھی فصل

اون لغات کے ذکر مین جنکے اول حرف تا اور اخیر مین حرف با ہے

تا با الف

تاب ف طاقت توانائی رونق بیچیدگی روشنی گرمی اور امر پیچیدن کا اور روشن کرنے والا جیسے کہ آفتاب عالمتاب

تائب ع توبہ کرنیوالا توجہ لانیوالا نیکی کیطرف پشیمان ہونے والا گناہ سے قصور معاف کرنے والا
تالاب پانی کی جھیل یا حوض جہان پانی جمع رہتا ہو
تادیب ع ادب سکہلانا طریقہ نیک تبلانا طریق پر لانا
تادّب ع ادب اختیار کرنا نیک خصلت سیکہنا۔
تاہّب ع ساختہ اور آمادہ ہونا تیار ہونا۔

تای بابای

تباب ع ہلاکت و زیانکاری و نقصان کا مل۔
تپ ف بخار جو مشہور بیماری ہے۔

تا با تای

تثریب ع سرزنش و ملامت و طعنہ و چشم نمائی۔
تثاوب ع فازہ جبہائی او باشی جو مشہور حرکت ہے

تای باجیم

تجارب ع تجربہ کرنا آزمانا امتحان لینا۔
تجاریب ع جمع تجربہ کی بہت سی آزمائشین۔
تجنّب ع دور رہنا یکطرف ہونا صاحب پرہیز ہونا

تای باحای

تحارب ع جنگ کرنا محاربہ کرنا دشمن سے۔
تحاب ع محبت کرنا الفت کرنا دوستی کرنا۔

تا باخای

تختہ حساب ف تختہ منجان جسپر رمل پھینکتے ہین
تخریب ع خرابی و بربادی مین ڈالنا کسیکو۔

تای باذال

تذنیب ع دنبالہ پیدا کرنا دم دراز ہونا۔
تذبذب ع دودلا اور متردد ہونا اور معلق ہونا
تذہیب ع سونیسے ملمع کرنا روشن کرنا کسی چیز کو سونے کے ساتھ

تا ی با را ی

ترطیب ع تر کرنا مزاج مین رطوبت پیدا کرنا۔
ترتیب ع راست و درست کرنا درجہ پر رکہنا
ترتب ع راست و درست ہونا بے عیب ہونا
ترکی ضرب ت ایک قسم کا ساز اور اسکا سر ہے
ترب ع ہم عمر و ہمزاد و ہم وطن و ہم جنس۔
تراب ع خاک خشک جسمین پانی نملا ہو۔
ترائب ع جمع تریبہ سینہ کی ہڈیان اور سینہ
ترحب ع مرحبا کہنا کسیکے آنی پر خوش ہونا۔
ترحیب ع تعظیم کرنا ادب سے کسیکے روبرو۔
ترقب ع امید و چشمداشت کسی امیر و دولتمند سے
ترہیب ع ڈرانا خوف دلانا پر خوف کرنا۔
تربت ف مولی جو ایک مشہور ترکاری ہے۔
ترکیب ع ملانا ایک چیز مین دوسری کو۔
ترغیب ع رغبت دلانا خواہش دلانا کسیکو۔

تا با سین

تسحب ع ناز معشوقان اور آگ جلانا مشتعل کرنا

تا با شین

تشبیب ع جوانی کی عمر کو یاد کرنا صفت معشوق

تشعب ع شاخ شاخ وگرہ درگرہ ہونا درختو نکا۔
تشرب ع پانی و شراب وغیرہ پینا۔

تا با صاد

تصلیب ع سولی دینا صلیب پر چڑہانا کسیکو۔
تصویب ع راست و درست رکہنا سچا رکہنا

تا با طا

تطیب ع خوشبودار کرنا اور پاک و صاف کرنا۔
تطییب ع خوشبودار اور پاک کرنا کسی چیز کو۔

تا با عین

تعصب ع حمایت و یاری پشتی و خویشی و ہمدردی
تعب ع رنج و تکلیف و آفت و بلا و دکہ
تعجب اچنبہا انوکہاپن کسی عمدہ چیز کا۔
تعذیب ع عذاب دینا دکہ مین ڈالنا۔
تعاقب ع پیچہا کرنا کسیکے پیچہے پیچہے چلنا۔
تعصب ع تیز زبانی و تیز گفتاری چالاکی کی تقریرین۔ جو حریف کے سامنے کی جائین۔

تا با غین

تغلب ع غلبہ کرنا انصاف کے حد سے بڑہنا

تا با قاف

تقلیب ع پہیرنا اور الٹانا ایک پہلو سے دوسرے پہلو
تقالیب ع گردشین اور پلٹنا زمانو نکا۔
تقلب ع بہت پہیرنا اور گردش کرنا دوبارہ
تقریب ع نزدیکی اور موقع وقت و موقع زمانہ

تقارُب ع پاس پاس ہونا نزدیک ہونا پہلو نشین ہونا
تقالیب ع زمانہ کی گردشین اور الٹ پلٹ وقت کے
تقرُّب ع نزدیکی کرنا نزدیک ہونا پاس پاس ہونا
تکذیب ع جھٹلانا کسیکو کسی بات پر جھوٹھا سمجھنا

تای با لام

تلب ع گروہ جماعت مجمع آدمیونکا ایک جگہہ پر
تلہّب ع شعلہ زن ہونا آگ کا روشن ہونا۔
تلقیب ع لقب دینا خطاب مقرر کرنا کسیکا۔

تای با نون

تنکناب ع کم طاقت و کمزور ناتوان لاغر۔
تناسُب ع مناسب رکہنا نسبت دینا تشبیہہ دینا

تای با واو

تولب ع خر بچہ یعنے گدہے کا بچہ جو کم عمر ہو۔
توّاب ع توبہ قبول کرنیوالا نام خدا تعالے۔
توارُب ع کج کرنا اور کجی اور ٹیڑھا کرنا کسی چیز کو
توب ف فوج لشکر مجمع سپاہیونکا۔
توب توب ف فوج فوج بہت بڑا مجمع فوج کا

تا با ہای

تہذیب ع پاک کرنا اصلاح دینا شیرین کرنا اچھا بنانا

تا با یای

تیناب ع خواب رویا سپنا جو بحالت خواب دیکھے
تیزاب ف مشہور چیز ہے جو دوا مین مستعمل ہے
تیر پرتاب ف ایک قسم کا تیر اور تیر ہوائی

پانچوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے ابتدا مین حرف ثا اور اخیر مین با ہے

ثای با الف

ثاقب ع چمکتا ہوا اور نام ایک بیاری کا۔

ثای با رای

ثرب ع چادر چربی کی جو حیوانونکی معدہ پر محیط ہے

ثای با عین

ثعلب ع روباہ یعنی لومڑی جو مشہور جانور ہے
ثعالب ع جمع ثعلب روبہا لومڑیان۔

ثای با قاف

ثقب ع جمع ثقبہ سوراخ چھید۔

ثای با لام

ثلب ع شتر بوڑہا اونٹ۔

ثای با واو

ثواب ف نیکی و جزاے خیر آخرت مین خدا کے روبرو
ثوب ع جامہ و لباس و پوشاک اور کپڑے پہنے کے
ثواقب ع روشنیان اور بہت سے جلوے نورکے

چھٹی فصل

ان لغات کے ذکر مین جنکے اول

جیم اور اخیر مین حرف بے ہے

جیم باالف

جَالب ع اپنی طرف کہینچنے والا جذب اور کشش کرنیوالا
چَارضرب ف یہ ایک طرح کا ذکر نفی اثبات کا ہے
چَارمذہب حنفی شافعی مالکی حنبلی کا نام ہے۔
چارقب ف یہ ایک قسم کا لباس ترکونکا ہے۔
چار اسباب ف چار علتین مادی فاعلی صوری غائی
چارکتاب ف توریت انجیل زبور فرقان۔
چارم اُصُطرلاب ف قرآن شریف محمد صاحب کا
جَانِب ع طرف اور کنارہ زمین کا۔
جاذب ع کہینچنے والا کشش کرنیوالا۔
جاروب ف جہاڑو جس سے زمین صاف کرتے ہین

جیم با با

چَپ ف بایان طرف خلاف راست کے۔

جیم با خا

چخدب ع ایک قسم کا ٹلی جو سرخ و دراز ہوتا ہے

جیم با ذال

جذب ع کہینچنا کشش کرنا اپنی طرف کسیکو۔

جیم با رای

جَرَب ع خارش کھجلی کی بیماری کا نام ہے۔
جُرَاب ع پوست گاؤ مجازاً موزہ جو پاؤن مین پہنتے ہین
جَرِیب ع زمین کی پیمایش کی رسی جسکی درازی مقرر ہے
چَرب ف چکنا اور غالب اور خوبصورت۔
چَرخَاب ف گرداب دریا جسکو بہنور کہتے ہین۔

جیم بالام

جَلبَاب ع چادر اور کپڑا اوپر اوڑہنے کا یعنے اوڑہنی
جُلبِ آب ع سبزی جو پانی پر آتی ہے
جلب سوداسود نفع جو کسی تجارت سے ملے۔
جَلب کہینچنا کسیکو اپنی طرف بذریعہ کشش کے۔
جلب تپلا بادل بے آب و فاحشہ عورت و شور و غل
جَلَّاب ع کہینچنے والا کشش کرنیوالا کسی چیز کا۔
جُلَّاب ع وہ شربت جو قند و گلاب سے بناتے ہین۔

جیم با نون

جَنَاب ع درگاہ و آستانہ ماخوذ جنب سے۔
جُنَاب ع در و پہلو اور فارسی مین دو کان۔
جَنَاب ع رسی جو چارپایہ کے گلے مین ڈالتے ہین۔
جَنُوب طرف روبرو سے شمال یعنے دکن۔
جَنَائِب ع کوتل گہوڑا جمع جنیب بمعنی زین گہوڑا
جُنُب ع مرد بے غسل جسکو نہانا فرض ہے۔
جَنب ع پہلو و کنارہ ایکطرف جسم کا۔

جیم با واو

جورَبُ ع موزہ پانوکا جو پہنتے ہین۔

چوب ف لکڑی جلانیکی ہو یا عمارت کی۔

جوَاب ع پاسخ جو کسیکے باتکا جواب دیا جاوے۔

جوآب ف آش جو جو پکا کر نکالتے ہین۔

جُوعُ الکلب ع کتے کی بھوکہہ ایک بیماری کا نام ہے

جیم بایای

جَیبُ ع گریبان پیراہن سینہ مجاز اگنیہ جو قبا مین ہو۔

ساتوین فصل

ان لغات کے بیانمین جنکے اول

حرف حا اور اخیر مین الف ہے

حا باالف

حَاجِبُ ع دربان وچوبدار وصاحب حجاب نام عہدہ

حَاتِبُ ع گنہگار تقصیر دار ملزم قصور مند۔

حَالِبُ ع دودہ دوہنے والا و نام ایک رگ کا جو زہار مین ہے

حا بابے

حُبّ ع دوستی محبت یارانہ دوستانہ پیار۔

حَبّ ع دانہ و گولی جو صورت مین گول ہو۔

حُبُوب ع جمع حب دانے اور گولیان گول صورت

حَباب و حِباب ع پانی کا بلبلہ جو پانی پر پیدا ہوتا ہے

حِباب ع دوستی کرنا پیار رکھنا کسی سے الفت رکھنا۔

حا باجیم

حُجّاب ع جمع حاجب دربان پاسبان و محافظان دربار

حِجاب ع پردہ جو مانع نظر اور باعث پوشیدگی کا ہو۔

حُجُب ع جمع حجاب بہت سے پردے۔

حا بادال

حَدَبُ ع کوزپشتی اور بلند ہونا زمین کا درمیان سے

حَدَبُ ع مہربانی کرنا لطف کرنا عنایت کرنا۔

حای بارای

حَرْبُ ع جنگ و کارزار و معرکہ لڑائی۔

حَرَبْ ع غضبناک و بے بہرہ ہونا محروم ہونا۔

حِراب ع جمع حرب جنگیں لڑائیان معرکے۔

حُرُوب ع بہت سے جنگ اور لڑائیان و معرکے۔

حا بازای

حزب ع گروہ و جماعت مردم اور مجمع آدمیونکا

حا باسین

حُسنُ المآب ع نیک بازگشت خاتمہ بالخیر۔

حُسنِ طلب ع اچھا مانگنا اور نیکی مانگنے والا۔

حَسَبُ ع اندازہ و شمار و شرف و بزرگی مال و جاہ و پیش دنیا

حَسَبُ ع شمار و موافق و مثل و مقدار و دلیس کرنیوالا

حَسِیبُ ع ذوالحساب و بزرگوار و کافی و حساب کرنیوالا

حا باصاد

حَصَبُ ع ہیمہ اور وہ چیز جس سے آگ روشن کرین اینڈہن آگ کا

خا باطا

حطب ع ہیمہ و چوب جس سے آگ روشن کرین۔

حا با فا

حفظ الغیب ع کسیکو غیبت مین نیک یاد کرنا۔

حا با قاف

حقب و حقب ع اندازہ اسی برسکا و تنگ پالان شتر

حقب ع روزوزمانہ و اندازہ اسی برس کا۔

حا با لام

حلیب ع شیر تازہ و خام تازہ دوہا ہوا دودہ۔

حلب ع دودہ دوہنا و نام ایک شہر کا شام مین ہے

حا با واو

حوالب ع جمع حالب کی ابر جسمین بہت دودہ جیسے بادل

نوین فصل

ان لغات کے بیانمین جنکا اول

حرف خا اور اخیرمین حرف با ہے

خا با الف

خاتون عرب ع کعبہ معظمہ خانہ کعبہ جسکا حج کرتے ہین

خائب ع ناامید و مایوس جسکو اپنی مدعا کی امید نہو۔

خاطب ع پیر و جو کسی عورت سے نکاح کی درخواست کرے

خار عقرب ف برج عقرب جو خانہ مریخ ستارہ کا ہے

خاک بر لب ف قسم کہانا کسی چیز کے انکار مین۔

خا با با

خب ع ج ما رنا و ریاکار و مکار و حیلہ گر و فریبی آدمی

خیب ع فریب دینا کرمین لانا کسیکو داؤ مین لانا۔

خب خب ع آواز بوسہ جو بوسہ لینے کے وقت نکلتی ہے

خا با را ی

خراب ع ویران کرنا مست و بیخود و بیہوش و سیہ روق

خرچوب ف وہ چپوٹی لکڑی جو سارنگی کی تار و نیچے ہوتی ہے

خروب ع ایک گہاس ہے جس زمین میں ہوتی ہے وہ اجڑ جاتی ہے

خرب ع ویران مقام و بیابان یعنی جنگل جسمین آبادی نہو

خا با شین

خشب ع چوب ہیزم اور وہ لکڑیان جو جلانیکے لائق ہون

خا با صاد

خصب ع عیش و آسودگی و بلیاری گیاہ و شہر آباد و مقام ناقہ

خا با ضاد

خضاب ع رنگ و وسمہ و حنا و گلگونہ اور باندہنا اور رنگنا داڑہی کا

خضیب ع رنگ کیا گیا یعنے وہ چیز جو رنگی جائے

خضیب ع نام غلام حبشی جو نہایت وفادار اور اچہا تہا

خضب ع رنگ کرنا تبدیل کرنا ایک رنگ سے دوسرا رنگ

خضب ع وہ آلہ جس سے رنگ کیا جائے رنگ کرنیکا ذریعہ

خا با طا

خطوب ع جمع خطب کا بزرگ بڑا کام بڑی مہم۔

خطاب ع کسیکے ساتہ ہمکلام ہونا اور لقب کسیکا جو مقرر ہو

خطب ع وہ کلمہ جو طالب بوقت نکاح کہے یعنے ایجاب و قبول

خُطَبْ ع جمع خطبہ و دیباجہ کتاب جو سب سے اول ہو
خَطِیبْ ع خطبہ پڑہنے والا یعنے وہ شخص جو خطبہ پڑہے

خا با لام

خَلَابْ ع آب و گل یعنے کیچڑ جو بعد بارش کے ہوجاتا ہے

خا با واو

خُوشَابْ ف نام ایک خطہ کا ہے جو پنجاب مین مشہور ہے
خْوَابْ ف نیند سونا جسکو عربی مین نوم کہتے ہین۔
خُوبْ ف اچھا بہتر بہت عمدہ بہت مناسب۔

خا با یاے

خَیَابْ ف بے نصیب بد قسمت کم بخت محروم۔

دسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول

مین حرف دال اور اخیر مین باہی

دال با الف

دَارُ الضَّرْبْ ع ٹکسال جہان سکہ لگاتی اور روپیہ بناتے ہین
دَارُ الْحَرْبْ ع ملک کفار جو مطیع اسلام نہو اور شرع کے احکام جاری نہون۔
دَارُ الثَّعْلَبْ ع بال خوردہ و بالخورہ جو بیماری ہے اور بیماری کے سبب سے بال اکھڑ جاتے ہین۔
دَارَابْ ف نام بادشاہ پسر بہمن جو ایران کے بادشاہون مین تھا
دَامَنِ شَبْ ف آخر شب پچھلی رات کا حصہ۔
دَابْ ع خوبی و خصلت و طریق و عادت و چلن۔

دال با بای

دُبّ ع خرس یعنی ریچہہ جو مشہور درندہ ہے۔
دَبّ ع لواطت و اغلام و نقش جو کپڑون پر ہون اور پوشیدہ
دَبّ ع زم چلنا آہستہ چلنا شک کر چلنا۔
دَبَابْ ع لواطت و اغلام خلاف وضع فطری۔
دَبِیبْ ع نام کوفتہ آہستہ چلنا زمین پر اور نازوادا سے چلنے والا۔

دال با خای

دُخْترِ آفتَابْ شراب باعتبار اوسکی روشنی و رنگت کے

دال با راے

دَرْبْ ع دروازہ جسکو باب بہی کہتے ہین۔
دَرِیْبْ ع عقل و عادت و خو و طریق و دانائی۔

دال با سین

دَسْتِ چَرْبْ ف امداد کرنا اعانت کرنا مشکلکشائی کرنا۔

دال با لام

دِلِ شَبْ ف آدہی رات یعنے بارہ بجے و ایک بجے کا وقت

دال با نون

ذَنَبْ ع دُم یعنے پونچھہ کسی جانور کی۔

دال با واو

دَوَابْ ع چارپایہ ہا و اسپ و شتر و غیرہ ما نند واز دیست
دُولَابْ ف چرخ چوب چاہ جس سے پانی نکالتے ہین
دوال قصبْ ف حلقہ گریبان جسمین انسان کا گلا ہوتا ہے

ذُوشَاب ف شیرۂ انگور و خرما جو ترش ہو یعنی شیرین نہو

گیارہوین فصل
ان لغات کے بیانمین جنکے اول

مین حرف ذال اور اخیر مین با ہے

ذال با الف

ذائِب ع پگہلنے والا گلنے والا۔

ذاب ع عیب اور تشنہ لب ایسا کہ پیاس سے اوسکی لب خشک ہوتے ہون۔

ذاتُ الجَنب ع بیماری مہلک یعنی ورم پردہ جو درمیان قلب اور معدہ کے ہے۔

ذال با بای

ذُبَاب ع مگس یعنے مکہی جو مشہور جانور ہے۔

ذَب ع دور کرنا باز رکہنا لاغر ہونا گاو دشتی یعنی جنگلی گائے

ذال با رای

ذَرَب ع بیماری بدہضمی معدہ کا خلل جس سے طعام ہضم نہو

ذال با نون

ذَنب ع گناہ تقصیر جو کسی سے سرزد ہو۔

ذَنَب ع دم چارپایہ کی اور نام ستارہ کا جو دم کی شکل پر ہے

ذُنُوب ع بہت گناہ جمع ذنب کی بہت سی تقصیرین

ذَنُوب ع دلو پر آب و اسپ دراز دم جسکی دم لمبی ہو۔

دال با واو

ذُوب ع گلنا اور سخت ہونا گرمی آفتاب کا سخت ہونا

ذُو لَبَاب ع خداوند عقل و دانش و ہوش و صاحب خرد

ذُو نَاب ع خداوند عقل و دانش و ہوش و صاحب دانت

ذَوَائِب ع زلفین اور پیشانی کے بال جو دراز اور ہون

ذال با ہے

ذَہَب ع زر سرخ و طلا جسکو ہندی مین سونا کہتے ہین

ذَہَاب ع جانا اور چہوڑنا اور ترک کرنا پہونچنا۔

ذال با یاے

ذِیب ع گرگ درندہ بہیڑیا جنگلی جو مشہور درندہ ہے

بارہوین فصل
ان لغات کے بیانمین جنکے اول

حرف رائی اور اخیر مین با ہے

رای با الف

رَاکِب ع سوار گہوڑے پر ہو یا کشتی وغیرہ سواری پر

رَاسِب ع تہ نشین نیچے بیٹھ جانے والا۔

رَاہِب ع عابد مذہب ترسایان یعنی تکلیف اوٹہانے والا عبادت کرنے والا

رَاتِب ع ہر روزہ خوراک روز کا کہانا۔

رَاغِب ع رغبت کرنیوالا چاہنے والا۔

رَاقِب ع انتظار کرنے والا کسی شخص کے واسطے۔

رای با بای

رَبِیبْ ع پالا ہوا لڑکا جو عورت کے پہلے خاوند سے ہو
رَبّ ع خداوند پروردگار پالنے والا پرورش کرنیوالا۔
رُطُبْ ع آب انگور دانار وغیرہ و پختہ و غلیظ ہو رقیق ہو
رَبَابْ ع نام سازہ و ابر سپید و نام معشوقہ جسکا عاشق عذبا
اور نام موضع متصل مکہ معظمہ اور نام ایک پہاڑ کا۔

رای با تای

رَتَبْ ع فرجہ و تفاوت جو درمیان وسطی و سبابہ انگلیوں کے ہو

رای با جیم

رَجَبْ ع نام ماہ و بزرگی اخذ ترجیب سے جو بزرگی سے ہے

رای با سین

رُسُوبْ ع وہ میل جو پانی و بول و شراب سے نیچے بیٹھ جاتے

رای با طا

رُطَبْ ع خرمائے تازہ و تر و تازہ کھجورین۔

رای با عین

رُعْبْ ع خوف و دہشت و ہیبت اور ڈر دشمن کا۔
رَعِیبْ ع خایف خوف کرنیوالا ڈرنیوالا کسی سے

رای با غین

رَغِیبْ ع رغبت کرنیوالا میل رکھنے والا چاہنے والا۔
رَغَائِبْ ع مرغوب چیزین جسکا واحد رغیبہ ہے بمعنی مرغوب

رای با قاف

رِقَابْ ع غلامان و کنیزان جمع رقبہ جسکے معنی گردن کے ہین
رَقِیبْ ع نگہبان اور وہ شخص جو ایک معشوق پر عاشق ہون

رای با کاف

رِکَابْ ع شتران سواری اور گھوڑی کی رکاب جو مشہور ہے
رِکَابْ ف پیالہ دراز یا ہشت پہلو بجائے کشتی جو مشہور ہے
رُکَیْبْ ع رکاب یہ لفظ امالہ رکاب کا ہے۔
رُکُوبْ ع سوار ہونا اور اچھا سوار جو سواری بخوبی کرے

رای با یای

رَیْبْ ع شک و شبہ و وہم و گمان و خیال باطل۔

تیرہوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے

اول حرف زا اور اخیر مین با ہے

زای با الف

زَبِیبْ ع مویز اور خشک انگور جسکو منقی مویز کہتے ہین
زَبّ ع دایگان و آسان تر گرسنگان لیتے ہین اسکو تبا عضو تناسل
زای با رای

زَرْنَبْ ع نام ایک دوا کا جو ایک درخت سے پیدا ہوتی ہین
زَرْآبْ ع زرد شراب اور سونا حل کیا ہوا اور نام ایک پیاز کا
زَرْدَابْ ف پیپ کچ لو ہوا جو زخم سے نکلتا ہے۔
زَرْدچوبْ ف ہلدی جو مشہور چیز ہے اور کپڑے اس سے رنگتے ہین
زَرَآبْ ع ایک خوشبودار گھاس کا نام ہے جسکو جوش کر کے پیتے ہین
زَرْغَبْ چرم کیمخت جو ایک مشہور چمڑا ہے۔

زای با کاف

زرکاب ع سیاہی کتاب لکہنے کی جسکو عام روشنائی کہتے ہین

زای باہاے

زہاب ع ٹپکنا پانیکا چشمہ ورود وخانہ وغیرہ سے۔

زای بایای

زیب ع زینت وخوبصورت حسن وجمال تازگی ورونق
زینب ع نام دختر جحش منکوحہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم
کا اور نام دختر آنحضرت کا ونام بی بی فاطمہ رضہا کا۔

چودہوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول

حرف سین اور آخیر مین با ہے

سین باالف

ساکب ع ڈالنیوالا پانی یا خون کا پہینکنے والا۔
سالب ع لیجانیوالا اسلب کرنیوالا دور کرنیوالا اٹہانیوالا

سین بابای

سب ع دشنام وبدگوئی وغیبت وبدزبانی۔
سِب ع دستار کپڑا سر پر باندہنے کا۔
سبسب ع دشت وبیابان وصحرا وویرانہ جہان آبادی نہو
سباسب ع ریگستان ریگ والی زمین۔
سبب ع رسن وپیوند اور وہ چیز جو پیوند کا باعث ہو

سین باحای

سحاب ع بادل یعنے ابر جس سے بارش ہوتی ہے۔

سین بادال

سداب ع ایک قسم کی گہاس ہے جو اسقاط حمل کیلئے کام آتی ہے

سین بارای

سرخاب ف نام ایک جانور کا جسکو ہرہینے حیض آتا ہے
کنایہ گلگونہ وغازہ وشراب ونام کتاب بعلم رمل جو نہایت معتبر ہے
سرکوب ف افسر وبلند تر وہ دمدمہ جو قلعہ کی حفاظت کے
لیئے بناتی ہین۔
سرشیب ف سرنگون اور زخم کہائی ہوئی گردن لٹکائی ہوئی
سرمہ چوب ف سیل سرمہ جس سے آنکہوں مین سرمہ کرتے ہین
سرب ع سیسہ جس سے گولی بنتی ہے سکہ بہی اوسکو کہتے ہین
سرحساب ف آگاہ وخبردار وہوشیار وحساب دان
سراب ف ریگستان چمکتا ہوا جو دور سے پانی نظر آوے
سرداب ف وہ گہر جو زمین کے اندر بنایا جاے مجازاً تہہ خانہ
سرندیب بحر ہند مین ایک جزیرہ ہے سیلان سنگدیپ بہی کہتے ہین

سین باغین

سغب ع گرسنگی یعنی بہوک خواہش کہانا کہانیکی۔

سین بافا

سفیدآب ف سرب سوختہ یعنے سفیدہ کاشتکاری جسکو سفیدہ کہتے ہین

سین باقاف

سقلاب ف قریب روم کے ایک خطہ وسرزمین علاقہ کا نام

سین بالام

سلب ع لیجانا اور لیگیا ہوا اور سخت لباس مثل زرہ

وجوشن وخفتان وپوست حیوان وغیرہ

سَلِیْب ع لوٹا ہوا اسباب غارت کیا ہوا مال۔

سِلَاب ع ماتم کا لباس جو سیاہ رنگ نشان ماتم کا ہوتا ہے

سین بانون

سَنجَاب ف ایک جانور کا نام ہے جسکی چمڑیکی پوستین بنتی ہے

سین باہاے

سُہراب نام پسر رستم جو رستم کے ہاتھ سے مارا گیا۔

سین بایاے

سَیلَاب ف طغیانی دریا کی اور چڑھاؤ پانی بارش وغیرہ کا۔

سَیرَاب ف جو پانی پی چکا ہوا اور جو تشنہ نہو۔

سِیَہ تَاب ف لوہا سیاہ کرنیکا رنگ جو قسم روغن سے ہوتا ہے

سِیب ف مشہور میوہ ہے اور بخشش عطا وسخاوت۔

سِیمَاب ف پارہ جو مشہور دھات ہوتی ہے۔

پندرہوین فصل

ان لغات کے ذکر مین جنکے اول

شین اور اخیر مین حرف باہے

شَادَاب ف سیراب وپرآب تازہ وسرسبز خوشنما ہو

شَاہِ مَشرِق ف ماہ نو یعنی نیا چاند پہلی رات کا ہلال۔

شَاب ع مرد جوان جو بالغ ہوچکا ہو سنجلانے کو دکی کے

شَاہ عَرَب ف محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا خطاب ہے۔

شَارِب ع پینے والا شراب یا پانی وغیرہ پینے والی چیز۔

شین بابای

شَبَاب ع جمع شاب جوان وجوانان یعنی جو لوگ بالغ ہو چکے ہوں

شِبَاب ع گھوڑیکا کودنا اور تیزی سے چلنا ودست کرنا

شُبَاب ع جوانان صاحب قوت وزور جوانمردان

شَبَب ع چھکری اور جوانی واستعمال آتش جنگ بلندی

واونچائی۔

شَب ف لیل رات یعنی غروب سے صبح تک کا وقت۔

شین باتای

شِتَاب ف جلدی اور بہت جلد وبلا توقف وتامل۔

شین بارای

شِرب ع ایک حصہ پانیکا ونصیب بمراد اسقدر جو پی سکین

شُرب ع نوشیدن یعنی پینا پانی کا یا شراب وغیرہ کا۔

شَرب ع قسم پارچہ باریک جسکو کتان کہتے ہین اور ریشمی ہوتا ہے

شَرَاب ع پینے کی چیز پانی ہو یا شربت وشراب وغیرہ

شین باعین

شَعَب ع شکاف وغار جو پہاڑ مین واقع ہو۔

شُعُب ع پہاڑ کا رستہ اور وہ راہ جو پہاڑ مین سے گذرے

شُعَب ع جمع شعبہ کی یعنی شاخین درخت کی۔

شِعَاب ع پہاڑ کے راستے جو پیچ در پیچ ہون۔

شُعَیب ع نام پیغمبر مشہور ہے پیغمبر علیہ السلام جو مرسلون

مین سے اور اونکی قوم عذاب سے ہلاک ہوئی تھی۔

شین باغین

شَغَب و شَعَب = شور و غوغا فساد و انبوہ و ہجوم

شین با کاف

شکر خواب = ف = خواب نوشین خواب سحر اور نہایت آرام کی نیند

شکر لب = ف = شیرین کلام شیرین زبان معشوق۔

شکیب = ف = صبر و آرام و توقف و تحمل و سکون۔

شکر آب = ف = شربت اور تہوڑی سی رنجش اور گالی جو پیار سے دیجائے معشوقونکی گالی۔

شین با واو

شواب = ع = آمیزش اور آلودگیہا جو کسیکو کسی معاملہ مین لاحق ہو۔

شین با ہاے

شہاب = ف = سرخ رنگ۔ اصل مین یہ لفظ شاہ آب ہے۔

شہاب = ع = ستارہ روشن و شعلہ آتش جمع آسمانپر نمودار ہوتا ہے

شہاب ثاقب = وہ ستارا جو آسمان سے ٹوٹتا ہوا نظر آتا ہے

شین با یاے

شیب = ع = پیری و ضعیفی و سفید ہونا بالونکا و طول عمر

شیب = ع = دوال باریک چابک تازیانہ کے دنبالہ پر وصل کرتے ہین

شیب و تیب = ع = سرگشتہ و مدہوش و پریشان حال و بے اختیار

شیر قلاب = ف = کمربند کا لکسوا جو کمربند کے ساتھ پیچا ہوا لگا ہے

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف صاد اور آخیر مین باہے

صاد با الف

صاحب = ع = وزیر و یار و دوست و مالک و خاوند و لائق صحبت

صائب = ع = پہونچنے والا اور تخلص محمد علی تبریزی کا جو بڑا نامی شاعر تھا

صاد با باے

صب = ع = گرانا اور گرایا جانا پانی کا اور آگونا کھیل اور عاشقی

صبیب = ع = زمین نشیب اور عاشق ہونا مبتلا ہوکر گرفتار ہونیمین

صاد با حاے

صحاب = ع = جمع صاحب بہت سے یار و دوست مالک و لائق صحبت

صحب = ع = جمع صاحب اور اصحاب جمع الجمع اسکی ہے۔

صاد با خاء

صخب = ع = واویلا جو زجر و توبیخ کے وقت یعنی فریاد و زاری

صاد با عین

صعب = ع = دشوار و سخت و سرکش و سنگین و مشکل۔

صعاب = ع = صعب کی جمع ہے بہت سختیان اور دشواریان

صاد با لام

صلب = ع = سخت و دشوار و مشکل۔

صلب = ع = پیٹھ کی ہڈیان گردن سے مقعد تک۔

صلیب = ع = سولی چلیپا جسپر گنہگار خونی کو چڑھاتے ہین

صاد با واو

صوب = ع = طرف و جانب و رستہ جو کسیطرف کو جاتے ہین

صواب = ع = راست و درست و نیک و پسندیدہ و خوب و بہتر

صاد با ہاے

صہیب = ع = محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک اصحاب۔

کا نام ہے جو نہایت باخلاص تھا۔

سترہین فصل

ان لغات کے بیانمین جنکے اول

حرف ضاد اور اخیر مین حرف با ہی

ضاد با الف

ضَارِب ع مارنیوالا ضرب لگانیوالا چوٹ لگانیوالا۔

ضَاب ع ایک درخت ہے جسکے پتے نہایت تلخ ہین

ضاد با بے

ضُبْضُب ع سوسمار یعنے گوہ جو مشہور جانور ہے۔

ضاد با رائے

ضَرْب ع مارنا اور کوٹنا زخم لگانا اور سکہ کا اور مسکوک کرنا...

اٹھارہوین فصل

ان لغات کے بیانمین جنکے اول

حرف طا اور اخیر مین با ہے

طا با الف

طَالِب ع طلب کرنیوالا ڈھونڈنیوالا کسی مطلب یا مراد کا

طَاب ع خوش ہوا اور بو خوش کسی قسم کی۔

طا با بے

طَبْطَاب ع چوگان جسکا سر کفچہ کیطرح ہو اور اس سے گیند کھیلتے ہین

طِب ع علم علاج ابدان کا جسکے بموجب بیمارونکا علاج ہوتا ہے

طَبِیب ع علاج کرنیوالا اور وہ شخص جو طب کا علم پڑھا ہو۔

طا با حائے

طُحْلُب ع وہ سبزی جو پانی پر جم جاتی ہے اور پانی سبز نظر آتا ہے

طا با رائے

طَرُوب ع خوش وخورم وصاحب طرب اور خوشیان کرنیوالا

طُرُوب ع خوشیان آرام عیش وعشرت۔

طَرَب ع خوشی جو انسانکو کسی بات سے حاصل ہو۔

طا با فائے

طِفْلِ شَب ع کنایۃً چاند جو رات کو روشن ہوا کرتا ہے

طا با لام

طَلَب ع خواہش کرنا مانگنا مائل ہونا ڈھونڈنا۔

طَلُوب ع طالب طلب کرنیوالا ڈھونڈنیوالا۔

طُلَّاب ع جمع طالب کی یعنے بہت سے ڈھونڈنیوالے

طَلَب ع معرب تلب یعنے آدمیونکا گروہ جماعت

آدمیونکی اور ایسے وہ ہم جنس مخلوق کا۔

طا با نون

طُنَاب ع ریسمان خیمہ اور ہر ایک رسی وررشتہ وغیرہ

طَنَب ع صفحہ مشق جسپر طالب علم مشق کرتے ہین

طا با ہائے

طَہْمَاسپ ف نام شاہ ایران جد شاہ عباس صفوی جو شیعہ مذہب تھا

طا بایا

طیب ع خوشبو و فرحت و خوش طبعی اور پاک ہونا بدی سے
طیّب ع حلال و لذیذ و پاک و دلپسند و خوب و بہتر۔
طیّب و مُطیّب ع نام دو پسران آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

اونسوین فصل

ان لغات کے بیانمین جنکے اول

مین عین اور اخیر مین با ہے

عین باالف

عالم آب ف نشہ شراب و عالم شراب و عالم مستی۔
عالم اسباب ف دنیا اور جہان ظاہر جو فانی ہے
عالیجناب بلند مرتبہ بہت بڑا آدمی عزت دار امیر کبیر

عین بابای

عبد المطلب ع نام جد محمد صلی اللہ علیہ وسلم یعنے محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب۔
عبّ ع بار بار پانی پینا اور منہ پھیر کے کہنا کسیکی طرف سے
عباب ع سیلاب و طغیانی آب اور چڑھاو پانی کا۔

عین باتے

عتیب ع امال عتاب کسیکو جھڑکنا سخت گوئی کرنا برا کہنا
عتب ع غضب ہونا غصہ ہونا خفا ہونا عتاب کرنا
عتبہ ع خرچہ بیان دو انگشت سبابہ و وسطی انگلیوں

عتاب ع ملامت کرنا جھڑکنا تنگ ہوکر بولنا سخت کہنا
عتاب ع نام ایک شاعر کا جو عرب کے شعرا مین سے تھا

عین باجیم

عجب ع تکبر و خود بینی و غرور و مرد متکبر و صاحب غرور
عجاب ع تعجب کرنا اچنبھے مین آنا کسی عجیب چیز کو۔
عجب ع عمدہ چیز خوب چیز اچھی چیز انوکھی چیز۔
عجیب ع انوکھی چیز نہایت اچھی چیز
عجائب ع اچھی چیزین عمدہ چیزین خوب چیزین۔

عین باذال

عذب ع آب شیرین و خوش مزہ و میٹھا شربت میٹھا پانی
عذاب ع دکھ تکلیف رنج و غم و الم جو انسان کو لاحق ہو

عین بارای

عرب ع نام ایک ملک کا اور عرب کے رہنے والے لوگ
عروب ع زن خوشمزاج اور محبوبہ شوہر کی یعنے جسکو خاوند چاہے
عروس عرب ع کعبہ معظمہ و خانہ بیت اللہ جہان حج ہوتا ہے

عین بازای

عزب ع مرد مجرد و جو عورت ترک کیا ہو یعنے مرد بے زن

عین باشین

عشب ع سبز گھاس تازہ گھاس چارپایونکے چرنیکی۔

عین باصاد

عصب ع جمع عصبہ رگ و پے انسانکے جسم کے
تعصیب ع ہم جدی رشتہ دار جنکا موروث اعلی ایک ہو

عین باضاد

عَضَبْ ع تیر اور تلوار و نیزہ ہتھیار آہنی۔
عُضُوبْ ع جمع عضب تلوارین اور نیزہ وغیرہ سلاح آہنی

عین باطا

عَطَبْ ع ہلاک یعنی ہلاک ہونا مارا جانا کسی صدمہ سے

عین باقاف

عَقِبْ ع پاشنہ و فرزند و فرزندزادہ وغیرہ اولاد و آل سے
عُقْبْ و عُقُبْ ع پایان کار اخیر کار انجام کام کا۔
عَقَبْ ع وہ پٹہ جس سے چلہ کمان کا بناتی ہین اور اوس سے تیر چلاتے ہین
عَقْبْ ع پیچھے آنا اور اثیری پیر کی اور پیچھا آدمی کا۔
عِقَابْ ع عتاب کرنا شکنجہ کرنا عذاب کرنا تکلیف دینا۔
عُقَابْ ع بلند اور بڑا پتھر اور چھوٹا آتا گاہو کا نین کیسکے ڈالین
اور نوشادر اور نام مرغ شکاری کا جو مشہور ہے۔
عَقْرَبْ ع کژدم اور برج آٹھوان آسمان اور ماہ آذر خراسان
عَقَارِبْ ع جمع عقرب یعنی بہت سے بچھو کژدم۔
عَقِیْبْ ع تابعدار پیرو پیچھے چلنے والا پیروی کرنیوالا۔

عین بالام

عِلَّتْ آفْتَابْ ف کنایہ بیماری تاپ کی جس سے بدن زرد ہو جاتا ہے

عین بانون

عَنْقَاےْ مُغْرِبْ ع ایک فرضی جانور کا نام آفتاب یعنی سورج
عَنْدَلِیْبْ ع بلبل مشہور جانور ہے جو گل پر عاشق ہے
عِنَبْ ع انگور جو مشہور میوہ ہے خوش ذائقہ ہوتا ہے۔
عِنَانْ تَافْتَنْ ف باگ کا اشارہ سمجھنے والا گھوڑا جو تازیانہ نہ کھائے
عَنْقَرِیْبْ ع نزدیک بہت قریب جو کام بہت جلد ہونیوالا ہے

عین باواو

عُوْدُ الصَّلِیْبْ ع یہ ایک لکڑی ہے جسکی صلیب نصارا
بناتے ہین اور متبرک سمجھتے ہین۔
عَوَاقِبْ ع پیچھے آنے والے لوگ تابعداری کرنیوالے لوگ۔

عین بایا

عَیْبْ ع نقصان و کمی و خسارہ جو کسی چیز مین ہو۔
عُیُوْبْ ع عیب کی جمع یعنی بہت سے نقصان خساری

بیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے ابتدا مین حرف غین اور اخیر مین با ہے

غین باالف

غَابْ ع بہت سے جنگل جنمین شیر رہتے ہون جمع غابہ کی
غَاصِبْ ع غیر کا حق بجبر لینے والا چھین لینا کسی چیز کا
غَالِبْ ع غلبہ کرنیوالا اوپر آنیوالا اور زیادہ ہونیوالا
غَائِبْ ع جو روبرو نہو آنکھون سے پوشیدہ۔

غین بابا

غِبْ ع تپ نوبتی اور ہفتہ مین ایک مرتبہ ملنا کسیکو
غَبْغَبْ ع گوشت آویختہ زیر ذقن ٹھوڈی کا گوشت
غَبَبْ ع طوق گلے کی ہنسلی استخوان گلو۔

غین برا

غَرِیْبْ ع نادار و مسافر و عجیب چیز اور چیز۔

غرائب ع عجیب چیزین جمع غریبہ یعنے اچھی اشیا۔
غروب ع چھپ جانا سورج کا شام کو زمین مین پنہان ہونا۔
غرقاب ف جو چیز پانی مین ہو جو چیز ڈوب جائے۔
غرب ع نیچے جانا دو نو کان اور زمانہ سو جو گوشہ چشم مین ہوتا ہے۔
غرب ع غریب و نادر و عجائب انوکھی چیز۔
غراب ع زاغ یعنے کوا جو مشہور پرند ہے۔

غین با زا فارسی

غژب ف دانہ انگور جو پختہ و تازہ ہو اور اسیوقت درخت سے اترا ہو۔

غین با صاد

غصب ع ناحق لینا چھین لینا کسی چیز کا کسی شخص سے

غین با ضاد

مغضوب ع غضبناک پر غصہ خشمگین تیز و تند۔
غضب ع قہر و غصہ و خفگی و ترشروئی و غضبناکی۔

غین با یای

غیب ع پوشیدگی چھپی چیز یا چھپی بات جو آنکھون کے سامنے نہو
غیوب ع جمع غیب کی پوشیدہ چیزین چھپی چیزین۔
غیہب ع اندھیرا تاریکی و بیوقوف جاہل اور گدہا۔

اکیسوین فصل

ان لغات کے بیانمین جنکے ابتدا

مین حرف فا اور اخیر مین با ہے

فاء با الف

فاراب ترکستان مین دریائی سیحون پر ایک شہر ہے اور ابو نصر معلم ثانی اوسی شہر مین رہتا تھا۔
فاریاب خراسان مین ایک شہر ہے ظہیر شاعر وہان کا تھا جسکا دیوان مشہور ہے

فا با تاء

فتح الباب ع کشادگی کار و آغاز موسم اور آغاز ہر چیز کا۔

فا با راء

فریب ف مکر و دغا طلسم عشوہ اور دغا جو کسیکو دیا جاوے۔

فا با صاد

فصل الخطاب ع احادیث نبوی آیۃ قرانی جسپر عمل کیا جاوے

بائیسوین فصل

ان لغات کے بیانمین جنکے اول

حرف قاف اور اخیر مین با ہے

قاف با الف

قالب ع سانچہ یعنے قالب خشت و پاپوش وغیرہ کا۔
قاب ف برتن رکابی و استخوان آرنج و گوشہ و قبضہ کمان و خانہ چینک و کمان و آلہ قمار بازی جو مشہور چیز ہے

قاف با یای

قبقاب نعلین چوبی و درد گلو و ست اونٹ۔
قباب ع جمع قبہ کنگوری کلس برج و شیر نر آن۔

وا زد ام فراخ زن اور وہ ہو بیو نکا آلہ آہنی جس سے
کپڑے صاف کرتے ہین اوزنام اوسکا استری ہے
قِبَب ع جمع قبہ یعنے بہت سے گنبد عمارتون کے۔

قاف باراے

قِرطِعَب ع شے قلیل تہوڑی چیز تہوڑا مقدار۔
قِراب ع نزدیکی و تلوار و خنجر و جیب پیالہ شکل آب
قِرَب ع جمع قربہ پانی کی مشکین جسمین پانی بہرتے ہین
قُرب ع نزدیکی پاس پاس رہنا نزدیک ہونا۔
قَرِیب ف نزدیک او نام ایک بحر کا نوزدہ بحور نظم سے

قاف باشین

قَشِیب ع نیا کپڑا اور نئی چیز اور ہر چیز جدید اور نئی۔

قاف باصاد

قَصَب ع نے اور وہ چیز جو اندر سے خالی ہو اور ایک قسم کا ریشمی کپڑا
قَصَبُ الجَیب ع ایک قسم کا خرما اور ایک قسم کی گہاس ہے
قَصَّب ع ذبح کرنیوالا کاٹنے والا کسی چیز کو۔
قَصّاب ذبح کرنیوالا کاٹنے والا کسی چیز کو۔

قاف باضاد

قَضِیب ع عصا شاخ درخت و ذکر مردان یعنے عضو تناسل

قاف باطا

قِطَاب ع جیب یعنے گریبان جو قبا و کرتہ کا ہو۔
قُطَاب ع ایک قسم کا سنبوسہ جو کہاتے ہین۔
قُطب ع میخ آسیا و سردار قوم و قطب شمالی و جنوبی آسمان
قُطرُب قسم بیماری جنون و کرم سیاہ رنگ آبی۔

قاف باعین

قَعب ع پیالہ بڑا گہرا پن و مغز سخن۔

قاف بالام

قَلِیب ع پرانا چاہ یا چاہ خام یا صرف چاہ۔
قَلُوب ت ترکی مین کیا ہوا یعنے کردہ شدہ۔
کُلّاب ع مچہلی پکڑنے کا کانٹا لوہے کا۔
قَلّاب ع دغا باز کج فہم اولٹا چلنے والا۔
قَلب اولٹا ہوا اور دل و خوج میانہ ہر چیز کا۔
اور موضع درمیانی۔

قاف بانون

قِنَب ع درخت بنگ جسکے پتے نشہ لاتے ہین۔

تیئیسوین فصل
ان لغات کے بیانمین جنکے اول
حرف کاف اور اخیر مین با ہے

کاف باالف

کَاذِب ع جہوٹا اور دروغگو خلاف واقع کہنے والا۔
کَامیَاب ف مقصود مند جو اپنی مراد کو پہونچ چکا ہو
کَاسِب ع کسب کرنے والا پیشہ والا۔
کَاتِب ع لکہنے والا کسی کتاب یا خط وغیرہ کا۔
کَارِطَلَب ف بہادر و شجاع کام کا آدمی محنتی۔

کاف با با

کَبیب ع سر یا منھ کے بل گرا ہوا۔

کَباب ف بھنا ہوا گوشت۔

کَپ ف سخن اور بات جو زبان سے کیجائے۔

کَپ ت اندر کیطرف کارخ یعنے رُو اگرو منھ اندر کیجانب کا۔

کاف با تا ی

کِتاب ع لکھنا اور لکھا ہوا کاغذ و اندازہ۔

کُتّاب ع جمع کاتب کی لکھنے والے و مکتب و دبستان

کُتّاب ع مکتب جگہہ پڑھنے اور لکھنے کی اور مدرسہ۔

کُتُب ع بہت سی کتابیں یہ لفظ کتاب کی جمع ہے۔

کَتائب ع جمع کتیبہ جسکے معنی لشکر کے ہیں بہت سے لشکر۔

کَتیب ع اماله کتاب یعنے لکھے ہوئے کاغذ۔

کاف با ثا

کَثیب ع تودہ خاک ریگ یعنے بڑا ڈھیر مٹی اور ریگ کا۔

کُثُب ع تودہ ہائے خاک و ریگ یہ لفظ جمع کثیب کی ہے۔

کاف با ذال

کَذِب ع دروغ جھوٹی بات خلاف واقع تقریر۔

کِذب ع جھوٹی بنائی ہوئی بات اور خلاف واقع۔

کِذّاب ع جھوٹ بولنا خلاف واقع تقریر کرنا۔

کَذّاب ع دروغگو جھوٹ بولنے والے لوگ۔

کَذوب ع دروغگو جھوٹ بولنے والا۔

کاف با را

کَرَب ع بے آرام ہونا غمگین ہونا پریشان ہونا۔

گِرداب دریا کا بھنور جہاں پانی چکر کہاتا ہو۔

کُروب ع جمع کرب تنگی بے آرامی و خرابی۔

کُرُنب ع سبزہ جسکو کرم کہتے ہیں قسم ساگ کا ہے۔

گران رکاب ف دسبک عنان گھوڑا دوڑنے والا۔

کاف با سین

کَسب ع ہنر و پیشہ اور حاصل کرنا کسی چیز کار آمد کا۔

کُسُب ع کنجارہ روغن یعنے کہال تلوں کی جن سے روغن نکل چکا ہو۔

کاف با شین

کَشکاب ف آش جو یعنے پانی جسمیں جو کو جوش دیا ہو۔

گُشتاسب ف نام پادشاہ عظیم الشان کا۔

کاف با عین

کَعب ع شتالنگ و آلہ قمار بازی و نام مرتبہ سوم منازل جبر مقابلہ سے۔

کاف با لام

کَلب ع کتا جسکو فارسی میں سگ کہتے ہیں۔

کَلِب ع سگ گزندہ کاٹنے والا کتا۔

کَلوب ع دست پناہ جس سے آگ کو پکڑتے ہیں چمٹا۔

کُلوخ کوب ف موگری جس سے ڈھیلے مٹی کی توڑیں۔

گُلاب ف ما الورد عرق گلاب کے پھولوں کا۔

کاف با میم

کَمخاب ف ایک قسم قیمتی کپڑی کا ہے جو طلا سے ملا کر بنا جاتا ہے۔

کَمیاب ف جو چیز کم ملتی ہو یعنے نادر ہو و دشواری سے ملے

کاف با نون

کَنَب ع وہ رسن جو پوست کتا نسی ناڈ (؟) بنائین اور ایک قسم کا خیا۔

کاف با واو

کَوکَب ع ستارہ روشن و بزرگ جمع اسکی کواکب ہے۔

کُوب ع وہ کوزہ جسکا دستہ نہو یعنے بے دستگی لوٹا۔

کُولاب ہ تالاب پانی کا جسمین پانی بھرا ہو۔

کَواعِب ع زنان نار پستان جمع کاعب جوان عورتین۔

کُوداب ع ایک قسم آتش کا ہے جو عرب مین پیتے ہین۔

چوبیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول

لام اور اخیر مین با ہے

لام با الف

لاَرَیب ع بیشک و بے شبہ وہ بات جو ازروے یقین ثابت ہو۔

لاَجَواب ع جسکا جواب نہو یعنے لاثانی اور اُسکے ساتھ کی دوسری نہو۔

لاَزِب ع چسپندہ چپکنے والا مثل گوند لئی وغیرہ کے۔

لام با بای

لُب ع مغز ہر چیز کا و خلاصہ و عقل و ہوش۔

لُبّات ہونٹھ انسان یا حیوان کے۔

لَبالَب ف بھرا ہوا جسمین زیادہ گنجایش نہو۔

لُبَاب ع خالص بے آمیزش جسمین کچھ ملا ہوا نہو۔

لُبُوب ع خلاصہ ہاے ہر چیز و مغزہاے ہر تخم۔

لَبِیب ع عاقل و دانا و ہوشیار و عقلمند لوگ۔

لَبلاَب ع عشق پیچہ جو ایک قسم کی گھاس ہے اور پہول پیلگون ہے۔

لام با زای

لَزاب و لَزب ع چسپندہ چپکنے والا چسپان ہونیوالا۔

لام با عین

لَعِب و لَعَب ع بازی و کہیل یعنے بیکار وقت گنوانا۔

لَعلِ مُذاب لعل گداختہ یعنے شراب باعتبار رنگ سرخ۔

لُعَاب ع آب دہن اور وہ پانی جسمین لیس ہو۔

لام با قاف

لَقَب ع وہ خطاب جسمین مدح یا مذمت پائی جاے۔

لام با کاف

لَگدکُوب ف لات سے مارنا یا توسی ڈھیل دینا کسیکو۔

لام با واو

لُوب ع زمین سنگستان یعنی بے آب و دامان کوہ۔

لَواہِب ع جمع لاہب آتشہاے شعلہ زن۔

لام با ہاے

لَہَب ع شعلہ آگ کا لپٹ بھی اوسکو کہتے ہین۔

لَہِیب ع آتش شعلہ زن یعنے جلتی ہوئی آگ۔

لَہو و لَعَب ع کہیل کود یعنے بیکار کام مین وقت ضایع کرنا۔

لُہراسپ ف نام ایک بادشاہ کا جو صاحب جاہ و حشم تہا اور بہت خزانے اوسکے پاس جمع تہے۔

پچوین فصل

ان لغات کے بیانمین جنکے اول حرف میم اور اخیر مین با ہے

میم با الف

مآب ع جائی بازگشتن پھر آنیکا مقام و منزل کی جگہہ۔
مآرب ع مقام حاجت ماخوذ ارب سے جگہ حاجت روائی کی
ماہتاب ف چاند چاندنی۔
ماہِ نخشب ف وہ چاند جو حکیم ابن عطا ابن مقنع نے اپنے سحر سے سیماب وغیرہ ملا کر بنایا تھا اور وہ چاند دو ماہ تک ہر رات ایک چاہ سے جو کوہ سیام کے نیچے تھا طلوع ہوتا رہا اور چار فرسنگ تک روشنی اوسکی جاتی تہی۔
ماہِ در عقرب جب چاند عقرب مین ہو نحس ہے

میم با تای

مثاب ع جائی رجوع و مقام توجہ و جائے ارادہ و قصد
متراکب ع آپسمین بیٹھا ہوا سواری وغیرہ پر۔
مترقب ع انتظار کیا گیا امید رکھا گیا منتظر رہا ہوا۔
متعصب ع پیچ کرنیوالا اپنے دین کی وسطے مین دشمنی رکہنے والا
متعاقب ع ایک دوسرے کے پیچھے قطار باندہی ہوئے
متاعب ع رنجہا و ماندگی با خلاف قیاس جمع ہی۔
مستعذب ع شیرین و خوشگوار ماخوذ عذب سے بمعنی شیرین آب

متعوب ع رنجیدہ رنج کشیدہ دکہہ پایا ہوا بیمار و مبتلا۔

میم با ثاء

مثقب ع برما جس سے لکڑی مین سوراخ کرتے ہین
مثالب ع بہت سے عیب اور زبونی اور خرابیان و نقصان و بدی جو کسی سے کیجائے۔
مثوب ع ثواب دیا گیا نیکی پہونچایا گیا اچھا کیا گیا۔
مثیب ع بدلہ دینے والا اور اعتدال پر آنے والا۔
مثاب ع باز آنا اور جائے انبوہ و انبوہ مردم لوگون کا ہجوم
مثاب ع جزا و پاداش اور پہاڑی راستہ دشوار گذار۔

میم با جیم

مجاذیب ع دیوانے لوگ مجذوب کی جمع اور یعنے کشش کیا گیا
مجرب ع آزمایا گیا امتحان لیا گیا تجربہ کیا گیا۔
مجیب ع جواب دینیوالا اور قبول کرنے والا اور اجابت کرنیوالا
مجاب ع جواب دیا گیا اور قبول کیا گیا واجب کیا گیا۔
مجتنب ع پرہیز کرنیوالا دوری کرنیوالا ہٹ جانیوالا۔
مجذوب ع کھینچا گیا دیوانہ کشش کیا گیا۔

میم با حاء

محب ع دوست رکہنیوالا صاحب محبت اور پیار کا۔
محراب ع جائی حرب خانہ و صدر مجلس و طاق مسجد سجدہ گاہ
محسوب ع شمار کیا گیا حساب کیا گیا گنا گیا۔
محاریب ع جمع محراب یعنے بہت سے سجدہ گاہ مسجد کے
محارب ع لڑنیوالا جنگ کرنیوالا چارپایہ درندہ سے
محبوب ع پیارا دوست محبت والا شخص۔

مُحلّب ع دودہ دوہنے کا برتن و نام ایک درخت کا۔
مُحتسب ع منع کرنیوالا ممنوع سے اور شمار کرنیوالا احساب والا
مُحتجب ع پوشیدہ ہونیوالا حجاب مین رہنے والا۔
مَحجوب ع پردہ نشین ستر وار پوشیدہ۔
مُحاسِب ع حساب کرنیوالا شمار کرنیوالا حساب لینیوالا

میم با خا

مُخاطِب ع بولنیوالا بات کرنیوالا کسی سے متوجہ ہو کر۔
مُخاطَب ع جسکے ساتھ بات کہی جائے یعنے خطاب کیا گیا۔
مِخلب ع چنگال باز یا پنجہ شیر یا ہر ایک پنجہ جو مضبوط ہو
مَخالِب ع جمع مخلب بہت سے پنجے باز یا شیر کے۔
مُخرّب ع خراب کرنیوالا اجاڑنیوالا ویران کرنیوالا۔
مُخضّب ع رنگ وسمہ کیا ہوا رنگ بدلا یا ہوا خضاب کیا ہوا

میم با ذال

مَذہب ع چلنے کی جگہہ راہ دین و طریق جسپر اعتقاد ہو
مُذہّب ع زر اندودہ و طلع کیا ہوا سونیسے روشن کیا ہوا
مُذہِّب ع طلع کرنیوالا روشن کرنیوالا یعنے جو شخص طلع کرے
مُذاب ع گلا ہوا گداز ہوا ہوا اپنے آپ مین۔
مَذہوب ع زرنگار و زر اندود و طلع کی ہوئی چیز روشن
مُذنِب ع گنہگار خطاوار تقصیروار۔
مُذبذب ع متردد و بیقرار یعنے پریشان حالت مین۔
مذاہب ع جمع مذہب کی بہت سے طریق اور دین اور راستے

میم با را

مرکوب ع سواری کیا گیا یعنے وہ گھوڑا جسپر سواری کیجائے

مُرغوب ع خواہش کیا گیا رغبت کیا گیا مائل ہوا ہوا۔
مَرعوب ع ڈرایا گیا دھمکایا گیا رعب مین ڈالا گیا۔
مُرغاب ع نام ایک ندی کا سپہر جو خراسان مین جاری ہے
مُرعِب ع ڈرنیوالا رعب مین آنیوالا خوف کرنیوالا۔
مَرہوب ع صیغہ اسم مفعول رہب سے مگر خلاف قیاس ہے
مَرحب ع فراخ ہونا اور جاے فراخ اور وسیع جگہہ۔
مَرطوب ع تر و رطوبت ناک و نمناک چیز۔
مُراقِب ع امیدوار و خوفناک و مراقبہ کرنیوالا و نگہبان
مَربوب ع پرورش یافتہ پالا ہوا لڑکا وغیرہ۔
مَرسوب ع تہ نشین یعنے وہ چیز جو پانیکے نیچے بیٹھ گئی ہو۔
مُرکّب ع ملا ہوا اور سیاہی لکھنے کی اور ترکیب پایا ہوا۔
مَرکب ع گھوڑا و کشتی وغیرہ جسپر لوگ سوار ہون۔
مَراکب ع سواری کی چیزین گھوڑی و کشتیان وغیرہ
مُرتّب ع درست کیا ہوا تیار کیا ہوا انتظام کیا ہوا۔
مُرتکب ع آغاز کرنیوالا گناہ کرنیوالا سوار ہونیوالا۔
مرتبہ اوّل حساب ایک سے نو تک اعداد سوائے دس کے
مرتبہ دوم حساب دس سے نوے تک دہائیان

میم با زا

مُزیّب ع زیب دیا گیا خلاف قیاس ہے۔

میم با سین

مُستعذب ع شیرین کیا گیا لذت وار بنایا گیا۔
مُستوہِب ع بخشش چاہنے والا معافی چاہنے
والا ہبہ مانگنے والا۔

مُسلُوب ء سلب ہوا ہوا دور ہوا ہوا نیست و نابود۔

مُستَوجِب ء سزاوار و لائق آدمی یعنے لائق تحسین یا عذاب کے

مُستَطاب ء خوش آیا پاک آیا ہ لذیذ و خوشبودار۔

مُستَحَب ء دوست رکہا ہوا اور وہ کام جو سولے فرض و سنت کے ہے

مُستَجاب ء جواب دیا گیا قبول کیا گیا مان لیا گیا۔

مُستَجِیب ء اجابت کرنیوالا قبول کرنیوالا جواب یا جواب دینے والا

مُصاحِب ء صحبت رکھنے والا ہمنشین آدمی ہم جنس۔

مسیلمہ کذاب نام کافر جسنے نبوت کا جھوٹا دعوی کیا تھا ابوبکر صدیق رضی نے لشکر بھیجکر اسکو قتل کرایا۔

میم با شین

مَشرَب ء دین آئین اور پینا اور پینے کا مقام و شرابخانہ۔

مِشرَب ء پیالہ و کوزہ جس سے پانی یا شراب پیئین۔

مَشُوب ء ملا ہوا و مخلوط آمیزش پایا ہوا۔

مَشارِب ء جمع مشرب کی۔

مَشرُوب ء پیا گیا پانی یا شراب و شہد وغیرہ۔

میم با صاد

مُصاب ء مصیبت زدہ بلا میں مبتلا پریشان حال۔

مَصائِب ء مکروہات و شداید و مصیبتین و بلائین و رنج و غم

مَصَب ء پانی گرنیکی جگہ یعنے جسجگہہ سے پانی ٹپکتا ہو۔

مَصاعِب ء دشوار یا مقام ہائے دشوار و تنگ۔

مُصحُوب ء ساتھ کیا گیا حوالہ کیا گیا ہاتھ مین دیا گیا۔

مَصلُوب ء سولی دیا گیا سولی پر چڑہایا گیا۔

مُصِیب ء نیک پہونچنے والا کام کی حقیقت ماہیت کو

میم با ضاد

مَضرَب ء جائے ضرب یعنے جسجگہہ چوٹ لگی ہو۔

مُضطَرِب ء بیقرار و پریشان حال و صاحب اضطراب

مِضراب ء ساز بجانے کا آلا اور تار کا آلہ یا ناخن وغیرہ

میم با طا

مَطَب ء طبیب کے بیٹھنے کا مقام جہان وہ علاج کرتا ہے

مُطَیَّب ء خوشبو دینے والا پاک ہونیوالا و خاطر پسند۔

مَطلَب ء جائے طلب اور مقصود و مراد دل۔

مُطَّلَب ء طلب نہ کر مت مانگ کچھ مت لے۔

مَطالِب ء جمع مطلب بہت سے مقصود و مرادین۔

مُطرِب ء خوش کرنیوالا گانیوالا سرود کرنیوالا ڈوم۔

مَطلُوب ء طلب کیا گیا بلایا گیا خواہش کیا گیا۔

مُطَّلِب ء نام جد محمد صلی اللہ علیہ وسلم یعنے حضرت کے دادا کا نام

مُطنِب ء درازی دینیوالا لمبا کرنیوالا۔

میم با عین

مُعاتِب ء عتاب کرنیوالا جھڑکنے والا بحالت غضب کے

مُعاتَب ء عتاب کیا گیا جھڑکا گیا۔

مَعائِب ء جمع عیب عیب و نقصان و رسوائیاں برائیاں

مُعاقِب ء عذاب کرنیوالا دکہہ دینے والا۔

مُعِیب ء عیب کرنیوالا اپنے آپ کو نقصان پہونچانیوالا۔

مُعَرَّب ء وہ لفظ عربی بنایا گیا فارسی سے۔

مَعیُوب عیب دار صاحب عیب نقصان دار آدمی۔

مُعجَب ء متکبر خود پسند مغرور صاحب کبر۔

مُعَرَّب ع عجمی لغت عربی بنایا گیا عربی مین لایا گیا۔
مُعْرَب ع اعراب حرکت دیا گیا لفظ یعنی زیر و زبر پیش لکھا گیا۔

میم با غین

مَغْرِب ع سورج کے چھپنے کی جگہ جہان سورج غروب ہو۔
مَغْضُوب ع جو شخص غضب مین ہو اور غضبناک پر غصہ
مُغْضِب ع غصہ ولانے والا غضب لانیوالا۔
مَغْلُوب ع عاجز جو کسی سے غلبہ پایا ہوا اور وہ عاجز ہو

میم با قاف

مُقتَضَب ع کاٹا گیا اور نام ایک بحر کا بحور نظم سے۔
مُقَلِّبُ القُلُوب ع خدا کا نام ہے یعنی پھیرنے والا دلوں کا
مُنَقَّب ع وہ چیز جسمین رنگ ملی ہو نقشہ دار چیز۔
مَقْلُوب ع اولٹا یا گیا۔
مُقَرَّب ع نزدیک کیا گیا پاس بلایا گیا۔
مِقْنَب ع شیر کے چنگال توشی دان شکاریون کا جسمین شکار ڈالتے ہین

میم با کاف

مُکتَسِب ع کسب کرنے والا حاصل کرنیوالا۔
فتوت ع جوانمردی و مروت بہادری دلیری بخشش۔

فترت ع سستی و ضعف اور وہ زمانہ جو دو پیغمبرونکے درمیان ہو

فتات ع زن جوان بالغ عورت جو لایق نکاح کے ہو۔

فترات ع جمع فترت سستیان و زمانے درمیان دو پیغمبرونکے

فتوحات ع جمع فتوح کشائشین و آمدنیان۔

فا با جیم

فجیعت ع درد سختی و مصیبت و رنج و آزار و ایذا۔

فجعت ع دردمندی و مصیبت و رنج و آزار و ایذا۔

فجاجت ع خامی و ناپختگی و ناتجربہ کاری و کم عقلی ناسمجھی

فا با خاء

فخامت ع بزرگی و قدر و سطبری بلندی قدر و قیمت و دولت مال میں

فخت ع روشنی چاند کی یعنے چاندنی جو چاند سے نکلتی ہے

فا با دال

فدامت ع درشتی و جفاکاری و بیرحمی و ظلم و ستم۔

فا با رای

فروخت ف بیچنا بیچا یعنی فروخت کرنا اور فروخت کیا

فرودست ف ماتحت تابعدار خدمتگار زیردست۔

فروگذاشت ف چھوڑ جانا کسی چیز کا لائق چھوڑنیکے تھی۔

فراست ع فہم و ادراک و زیرکی و قیافہ انسان کا۔

فراست ع سواری گھوڑے کی اور گھوڑے کو پہچاننا اور دیکھنا

فروسیت و فروست ع سواری اور شناخت اسپ یعنے پہچاننا

فراہت ع زیرکی اوستادی اور اچھی رفتار گھوڑے کی چلنے مین

فرات ع میٹھا پانی اور نام رود جو کوفہ کے نیچے بہتی ہے

فرصت ع مہلت نوبت و آرام موافقت یا موقع

فرتوت ع بوڑھا سالخوردہ ضعیف بڑی عمر کا آدمی۔

فرہت ع شتابی و جلدی و تیزی ہر ایک بات مین۔

فرحت ع خوشی و آرام و راحت و فرحت طبعی چین

فرقت ع جدائی و علیحدگی و فرق درمیان دو چیز کے

فا با سین

فسحت ع فراخی و کشادگی و وسعت کسی میدان میں

فا با صاد

فَصَاحَت ۔ خوش بیانی و خوشگوئی جو کلام میں ہو۔

فا با ضاد

فَضِیحَت ۔ رسوا ہوا ہوا انسان بدنام و بے آبروئی
فَضَاحَت ۔ رسوائی بدنامی بے آبروئی۔
فَضَلَات ۔ جمع فضلہ کی یعنی نکلی ہوئی اور بچی چیزیں
فَضِیلَت ۔ فاضل ہونا صاحب علم فضل ہونا۔

فا با طاء

فِطنَت ۔ زیرکی و دانشمندی و عقلمندی و ہوشمندی
فَطَانَت ۔ زیرکی و دانائی و دانشمندی و عقل ہوشیاری
فِطرَت ۔ آفرینش و دانائی و صدقہ فطر جو دیا جاتا ہے

فا با قاف

فَقَاہَت ۔ دانشمندی عیاں اور بانا نا طرز اور ... گی

فا با کاف

فَکَاہَت ۔ خوش طبعی خوش مزاجی ظرافت و مسخری کرنا
فِکرَت ۔ اندیشہ کرنا فکر کرنا غور کرنا جانچنا کسی چیز کا

فا با لام

فَلِزَّات ۔ معدنی چیزیں جو گل جائیں سونا چاندی
تانبا و غیرہ و دھاتیں ہر ایک قسم کی جو زمین سے نکلتی ہیں
فَلَاحَت ۔ کشاورزی و زمینداری و زراعت کرنا
فَلَوَات ۔ بیابان بے آب و گیاہ و ویرانہ جنگل غیر آباد
فَلَاکَت ۔ ہندی لغت ہے معنی ناداری و مفلسی تنگدستی و فلاکت

فا با واو

فَوحَات ۔ خوشبوئیں عطریات جو سونگھی جائیں و خوش ہو لیں
فَوَات ۔ نیستی اور گذرنا اور فوت ہو جانا نکل جانا
فَوت ۔ مرنا اور گذرنا فوت ہو جانا نکل جانا راہ سے
فَوہَات ۔ جمع فوہ معنی دہان یعنی منہ انسان و حیوان کے

فا با ہا

فِہرِست ۔ تفصیل کتاب کے مضامین و اشیا کی تفصیل

فا با یا

فُیُوضَات ۔ جمع الجمع فیض کی یعنی فیض کی فیوض اور فیوضات
فُیُوحَات ۔ پھوٹنا خوشبو کا ... اچھی ہوئیں

تیسوین فصل

اُن لغات کے بیان میں جنکے اول

حرف قاف اور اخیر میں حرف تا ہے

قاف با الف

قَابِلِیَّت ۔ لائق ہونا قابل ہونا پسند خاطر ہونا۔
قَامَت ۔ قد و درازی ہر چیز اور تکبیر اول نماز۔
قَانِت ۔ مطیع اور نماز میں دعا پڑھنے والا اور خاموش بے زبان
قَاذُورَات ۔ پلیدی اور نجاست یعنی نجس و پلید چیزیں
قَاضِیُ الْقُضَات ۔ بڑا قاضی جسکے تمام قاضی ماتحت ہوں

قاف با با

قَبَاحَت ۔ خوشی و بدی جو کسی چیز میں واقع ہو۔

قاف با دال

قدمت و قدامت ۔ قدیمی ہونا پرانا ہونا مدت کا ہونا

قدرت ۔ طاقت قوت قادر ہونا توانا ہونا۔

قاف با رای

قربت ۔ نزدیکی پاس پاس ہونا رشتہ دار ہونا۔

قرابت ۔ رشتہ داری نزدیکی ناتہ داری و خویشی

قریات ۔ قریہ کی جمع ہے یعنی گانوں اور آبادیان قصبے

قرانات ۔ جمع الجمع قرن جمع قران میں کا ترجمہ مقررہ ہے

قروت ۔ پنیر اور خشک دہی جسکا پانی نکالا گیا ہو

قرات ۔ پڑھنا قرآن و کتاب کا اور نام علم تلاوت قرآن کا

قروت شدن صحبت ۔ بہم ناصحبت بگڑ جانا صحبت کا

قرارات ۔ وظیفے اور تنخواہیں جو امیر کے یہاں سے مقرر ہوں

قاف با سین

قساوت و قسوت ۔ سخت دل بیدل ہونا بے رحم ہونا

قسمت ۔ حصہ و بخرہ و بہرہ جو کسی چیز سے ملے

قسمت ۔ کرنا بانٹنا کسی چیز کا لوگوں پر۔

قاف با صاد

قصارت ۔ کپڑا دھونا گاذری کرنا دھوبی ہونا۔

قصبات ۔ جمع قصبہ کی بہت سے قصبے اور بستیاں

قاف با ضاد

قضات ۔ جمع قاضی یعنی بہت سے قاضی حاکم شرع کے

قاف با طا

قطعیت ۔ جدائی و دوری و علیحدگی ایک دوسرے سے

قطرات ۔ جمع ہے قطرے کی بہت سی بوندیں۔

قاف با لام

قلت ۔ ماش جو ایک قسم کا غلہ مشہور ہے یعنی مونگ۔

قلت ۔ کمی و کمیابی و قلیل ہونا تھوڑا ہونا کم ہونا۔

قلم دست ۔ وہ شخص جو قلم سے کام بنا کر لکھنے والا

قاف با نون

قنات ۔ نیزہ و استخوان مہرہ پشت اور کپڑے کا پردہ جو خیمے

قناعت ۔ تھوڑی چیز پر راضی ہونا جسقدر مل جائے۔

[illegible]

قنوات ۔ جو جاسے آب جمع قنات پانی کی نہریں۔

قاف با واو

قورت ۔ پنیر و جغرات خشک مشہور بخوردن ہے۔

قوت ۔ قوی ہونا زبردست ہونا صاحب زور ہونا۔

قوت ۔ خوراک کھانا ایک وقت کی روٹی کا جسے پیٹ بھر [illegible]

قاف با یای

قیمت ۔ مول کسی چیز کا جو اسکے لیے مقرر ہو۔

قیامت ۔ قایم ہونا مجازاً روز حشر روز حساب

قیادت ۔ فرساقی و دلالی جوڑوا ہیں عورتوں کو ملا دینا

چوبیسویں فصل

اُن لغات کے بیان میں جنکے اول حرف

کاف اور اخیر میں حرف تا ہے

کاف با الف

کَاث ع نام شہر متصل خوارزم و قسم نبیذ نام درخت کا یا انجیر

کَافِث ع تفحص جستجو ... کرنا کسی چیز کا

کَاشِث ف زراعت یعنی کھیتی کرنا اور بیج بونا زمین پر

کَافِرِ نعمت ع ناسپاس ہونا حق سپاس جو کسی کا حق نہ پہچانے

کَاسَات ع جمع کاسہ ست سے پیالے اور بہت سو جام پینے کے

کَائِنَات ع موجودات یعنے پیدائش ہر قسم جو دنیا میں ہے

کاف با با

کَبِیْت ع سر پر گرا ہوا منہ پر پڑا ہوا انسان۔

کَبْت ع خوار کرنا ہلاک کرنا موڑ پر گرانا سر کے بل گرانا۔

کِبْرِیْت ع گندھک و زر و نقرہ اور دھات ہر قسم کی

کاف با تا

کِتَابَت ع لکھنا ہر ایک طرح کا تحریر کرنا کسی کتاب و خط وغیرہ کا

کاف با ثا

کَثْرَت ع بہت ہونا اسکی جمع کثرات ہے یعنی زیادہ ہونا بڑھنا

کَثَافَت ع موٹا ہونا غلیظ ہونا فراہم ہونا جمع ہونا۔

کاف با دال

کُدُوْرَت ع میلا پن تاریکی گرد و غبار۔

کاف با ذال

گذشت ف گذرا صیغہ ماضی راہ گذر گاہ و راستہ

کاف با را

گرفت ف پکڑا اور پکڑنا ولات طعنہ و اعتراض ...

کرامت ع بزرگی جو عبادت سے حاصل ہو ... خرق عادت

کُرْبَت ع غم و اندوہ و اندیشہ و مفلسی و ناداری و خرابی

کَرَّت ع نوبت و بار یعنی اتنے مرتبہ اور اتنی بار

کَرَّات ع بارہا یعنی کئی مرتبہ اور کئی دفعہ اور کئی بار

کُرَات ع جمع کرہ یعنی جو چیز گول و مدور ہو۔

کَرَاہِیَّت ع ناپسندیدگی جس سے طبیعت کراہت کرے

کُرخت ع سخت ہونا بے حس و حرکت ہونا مضبوط ہونا

کاف با زای

گزیت ف خراج و جزیہ جو کفار سے لیا جاتا ہے مجازاً محصول

کاف با سین

کِسْوَت ع پوشاک و لباس اور کپڑے پہننے کے۔

کَسَالَت ع سست ہونا کاہل ہونا بیکار رہنا کسلمند ہونا

گستاخ دست ف وہ شخص جو چالاک کہ کام بہت جلد کرے

کاف با شین

کِشت ف زراعت کھیتی کُشت قتل کیا مارا جان سے

گشت ف ہوا پھرا دورہ کرنا سیر کرنا پھرنا ہونا۔

کاف با طا

کِلْطَت ع پر ہونا معدہ کا اور پری مطلق اور تمام بھرنا

کاف با عین

کَعُوبَت ع نحوست و دشواری و سختی و بد نصیبی خرابی

کاف با فا

کَفَالَت ع ضامن ہونا معتمد ہونا درمیان میں آنا کسی کے لیے

کِفَایَت ع بس ہونا کافی ہونا کسی چیز کا۔

کُفَاث ع دانا یا انکی جمع کافی جو لوگ کافی ہوں۔

کَف دست ف ہتھیلی انسان کے ہاتھ کی اور ہیچ جانور کی ہتھیلی

کَفت ف چیر ا پھاڑا یہ صیغہ ماضی کفتن کے لغات سے ہے

گُفت ف کہا یعنی سخن کیا اور بولا اور کلام کیا۔

کَفَّارَت ع بدلہ گناہون کا جو شرعاً مقرر ہے۔

کاف با لام

کَلَات ع دیہہ و قریہ و قلعہ بالا سے کوہ و نام زمین بستی یعنی چنگی کلا

کُلفَت ع درشت و ناہموار و گندہ و خراب و مکروہ ہونا

کَلَالَت ع ماندہ ہونا اور زکت و میراث یعنی بی اولاد ہونا باپ یا جد و ولد سے

کَلَارَت ع حراست و حفاظت پاسبانی اور نگہبہ رکھنا کسی چیز کا

کَلَاوَنت ہ نام قوم مطرب جو سرود گاتے ہین۔

گُل شگفت ف ایسی بات ہو جو فروع ہین آگے۔

گِل حکمت ف وہ مٹی جو کیمیاگر شیشہ پر لگا کر آگ پر تین آنچ دیتے ہین

کَلِمَات ع جمع کلمہ کی یعنی بہت سے کلمے اور باتین۔

کاف با میم

کَمَالَات ع جمع کمال یعنی پورا ہونا تمام ہونا۔

کَمَات ع کھنب جو برسات مین بطور ہیہ کے زمین سے نکلتی ہے

کُمَیت ع سرخ رنگ سیاہی مائل گھوڑا اور سیاہ شراب و نام شاعر

کَمِّیَّت ع مقدار کسی چیز کا جو وزن کی ہوئی اور تولی ہوئی ہے

کاف با نون

کُنِشت ف بت خانہ کفار کا جہان بت رکھے ہوئے ہین

کُنیَت ع نام جسکا اول ہو اُم یا ابو جیسے ابو بکر رضہ ام کلثوم

کِنَایَت ع رمز سے بات کہنا اشارہ سے کلام کرنا

گنج دیوار بست ف بڑا خزانہ بھاری گنجینہ جیسے ملک اح

کاف با واو

کوچۂ سلامت ف وہ چال جسکی بناہ مین شمس سے آمن حملہ محصور

کوہ رحمت ف جبل رحمت جو ایک پہاڑ مکہ کے پاس مشہور ہے

کوفت ف صدمہ جو کسی سوجب سے انسان کو پہونچے

گوشت ف ماس یعنو حیوان مذبوح کا ماس۔

گوشت ف ایک رگ کا نام ہے جو فارس مین گاتے مین

کورنشات ع تعظیمین تسلیمین جو کسی بزرگ کی کرین

گوژپشت ف کبڑا آدمی جسکی پیٹھ ٹیڑھی ہو۔

کاف با ہے

کُہُولَت ع سیاہ و سپید ہونا و موہنا و ونگہ ہونا کسی چیز کا

کَہَانَت ع غیب کی بات بتلانا فال کے طور پر بات بتلانا

کاف با یاء

کِیَاسَت ع زیرکی و دانائی و عقلمندی ہشیاری اور چالاکی

کیمخت ع پوست گورخر جسکو رنگ کر کام مین لاتے ہین

کَیتَ وَ کَیت ع چنان و چنین اسطرح اسطرح ایسے ویسے

کَینُونَت ع آفرینش و پیدائش و عالم سو جود ہستی

کَیفِیَّت ع چگونگی و حالت و کیفیت و ماہیت کسی چیز کی

پچیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جنکے اول

حرف لام اور اخیر مین حرف تا ہے

لام با الف

لاک پشت ف کچھوا دریائی اور لاک پیالہ کو کہتے ہین

یعنے پیالہ کلی پیٹھ والا۔

لات ع نام بت جسکو شعیب نبی کی قوم پوجتی تھی۔ اور عذاب مین گرفتار ہوئی۔

لاہُوت ع عالم ذات ربانی مقام فنا یا ایک مقام فقر کے مقامات سے ہے۔

لَایَمُوت ع جسکو موت نہو یعنی زندہ جاوید۔

لام با باد

لِبَاسَات ع جمع لباس مجاز اخلاق و چاپلوسی خوشامد کی باتین۔

لام با تاد

لَت ف مارنا اور ٹھوکنا پاؤن سے کسی شخص یا چیز کو

لام با جیم

لِجَاجَت مبالغہ کرنا تاکید کرنا جھگڑنا کسی بات پر۔

لام با خاد

لَخت ف لوہے کا گرز اور ٹکڑا ہر چیز کا اور ریزہ ہر ایک چیز کا

لام با ذال

لَذَّت ع مزہ ذائقہ۔

لام با زای

لِزَت ع چپکنے والی چیز جیسے سریش گوند یا لئی۔

لُزُوجَت ع چسپیدگی یعنی چپکنا ایک کا دوسرے سے

لام با طاد

لَطَافَت ع پاکیزگی باریکی خوبی اچھاپن لطیف ہونا

لَطَمَات طمانچے جو کسیکو مارین اور صدمہ سخت۔

لام با عین

لَعبَت ع وہ چیز جس سے کھیلین مجازاً بت جس سے لڑکیان کھیلین۔

لام با غین

لُغَت ع زبان ہر ملک و قوم کی ہر ایک ولایت کی زبان

لُغَات ع جمع لغت کی بہت سی زبانین۔

لام با فاد

لِفت ع شلغم جو ایک مشہور ترکاری ہے۔

لام با کاف

لُکنَت ع گنگی زبان کی یعنے بولنے کے وقت پھسلنا زبان کا

لام با میم

لُمعَات ع روشنیان اور نام ایک کتاب کا حدیث کے علم مین مشہور

لام با واو

لَوزِیَات ع حلوے بادام اور وہ حلوا جسمین مغز بادام ہون

لَوعَات ع سوزشہائے دل و مستی ہین یعنے جلن محبت و عشق کی

لَوعَت ع دل کی سوزش عشق سے جو عاشق کے دل مین ہوتی ہے

لُوت ت برہنہ عریان بدن سے ننگا بے لباس آدمی

لَوت ع طرح طرح کے لذیذ کھانے اور امرد یعنی بے ریش لڑکا

لُوت پُوت ف طرح طرح کے لذیذ کھانے اور رفیق کھانے والا

لام با ہای

لَہَات ع لازہ پارہ گوشت جو گلے مین لٹکتا ہے یعنی گھنڈی حلق کے اندر کی۔

لام با یای

لِیَاقَت ع استعداد و حوصلہ عقلمندی ہوشیاری فضیلت

لِینَت ع ملایمی و نرمی طبیعت کی اور مزاج کی نرمی

لَیُت ع کاشکے یہ بات ہوتی افسوس سے دریغ۔
لِیَامَتْ ع ملامت کرنا ماخوذ لوم سے چشم نمائی کرنا۔

چھبیسوین فصل

اُن لغات کے بیانمین جنکے اول

حرف میم اور اخیر مین تا ہے

میم با الف

مَاتْ ع مرگیا اور ہر جانا بازی شطرنج کا جو ایک بازی کا نام ہے
مَارُوت ع نام ایک فرشتہ کا جو عذاب مین ماخوذ ہے۔
مَالِکِیَّتْ ع مالک ہونا صاحب جایداد و صاحب ملک ہونا
مَالِیَّتْ ع مال یعنی دولت زر وسیم وغیرہ چیزین۔
مَایِتْ ع مرنے والا فوت ہونے والا نیست نابود ہونیوالا
مَافَاتْ ع جو فوت ہو گیا جو مر گیا نیست نابود ہونیوالا
مَاقُوت ع یہ ایک قسم کا حلوا ہے جو نہایت لذیذ ہوتا ہے
مَاہِیَّتْ ع حقیقت و کیفیت و احوال و اصلیت کسی چیز کی
مَاءُ الحَیَات ع آب حیات جسکے پینے سے آدمی مرتا نہین
مَاشَتْ ف حشرات جسکو ہندی مین یہ ہی کہتے ہین
مَابَعْدُ الطَّبِیعَت ع وہ چیز جو سوائے طبیعت کے ہی انسان کے جسم مین۔

میم با با ی

مُبَاسَطَتْ ع فراخی و دوستی و مروت و صحبت التفات باہمی
مُبتَغِیَات ع آرزوئین خواہشین مرادین دل چاہین
مُبَرِّدَاتْ ع سرد کرنیوالی دوائین سرد چیزین۔
مُبَرَّات ع ہر چیز مونث جو پاک ہو اور پاک نجاست سے
مَبْہُوت ع حیرت زدہ حیران و پشیمان و پریشان آدمی
مُبَالَاتْ ع خوف رکھنا اندیشہ کرنا غمگین ہونا وحشت میں آنا
مُبَارِزَتْ ع جنگ کرنا لڑنا معرکہ کرنا دشمن سے۔
مُبَادِرَتْ ع دلیری کرنا شتابی کرنا جلد کرنا۔
مُبَاشَرَتْ ع جماع کرنا کسے کام مین مشغول ہونا ارادہ کرنا
مُبَاعَدَتْ ع دوری ڈھونڈھنا دور رہونا۔
مُبَایَعَتْ ع بیعت کرنا اپنا آپ بیچ ڈالنا۔
مَبِیتْ ع شب باشی کرنا کسی گہ مین رات کٹھرنا۔
مُبَاتْ ع رات گذارنا مبیت کے ہی معنی مین شب باش ہونا
مُبَایَنَتْ ع جدا ہونا ایک دوسرے سے تفرقہ مین پڑنا
مُبَاہَاتْ ع ناز کرنا فخر کرنا تکبر کرنا بڑائی کرنا۔
مُبَتْ ع مارو ننگ وبے شرمی وبے حیتی۔

میم با تا

مُتَابَعَتْ ع تابعداری کرنا مطیع ہونا فرمانبردار۔
مَتَانَتْ ع استواری و محکمی و مضبوطی و پائداری
مُتَشَابِہَاتْ ع وہ آیتین جنکے معانی مخفی ہین کسی کی سمجھ مین نہ آتے ہوں
مُتَمِّمَاتْ ع تمام کرنیوالی چیزین اخیر کرنیوالی۔
مُتَبَرِّکَاتْ ع مین عالی چیزین برکت والی چیزین متبرک شئے
مُتَفَاوِتْ ع فرق کیا گیا تفاوت مین ڈالا گیا فاصلہ مین جدا لا گیا۔
مُتَمَنِّیَاتْ ع آرزو کی ہوئی چیزین مانگی مرادین۔

مُتعنِّت ء عیب ڈھونڈھنے والے لوگ نکتہ چینی کرنے
مستحقات ء واجب ہونیوالی چیزین درست ہونیوالی چیزین
متاع رومی ٹ ست ء اسباب کم مایہ کم قیمت چیزین

میم با ثا

مُثبَت ء لکھا ہوا ثابت کیا ہوا جو منفی ہو یعنی وہ جس مین حرف انکار نہو
مُثَبَّت ء برقرار رکھا گیا پایدار رکھا گیا ثابت و درست
مَثُوبَت ء اجر بدلہ نیکی اسکی جمع مثوبات ہے یعنی نیکی کی جزائین

میم با جیم

مجرّدات ء منقول عشرہ و ارواح و ملائکہ مجرد [illegible]
مُجمَلات ء وہ آیات جو شرح کی محتاج ہین جیسے قسم [illegible]
مُجہورات ء وہ حروف جو جہر سے پڑھے جاتے ہین یعنی بآواز
مُجانَبت ء ایک طرف ہونا ایک طرف سے عرض رکھنا
مُجاعت ء گرسنہ ہونا بھوکا ہونا بے طعام ہونا۔
مُجامَلت ء نیکی کرنا بھلائی کر لطف کرنا کسی سے۔
مُجالَسَت ء ہم نشینی و ہم صحبتی و ہم جلیسی و یکجائی۔
مُجامَعت ء صحبت کرنا جماع کرنا جمع ہونا۔
مُجاوَرَت ء ہمسایہ ہونا پاس پاس ہونا۔
مُجانَسَت ء ہمجنس ہونا ہم نسبت ہونا ایک قسم ہونا
مَجیئت ء آمدن یعنی آنا کسیکے پاس کسی مقام سے
مُجاوَبات ء وہ باتین جنکا جواب دیا جاوے یا جواب کے لائق باتین
مُجازات ء جزا دینا نیکی یا بدی مین بدلہ دینا عوض لینا

میم با حا

مُحمَدَت ء تعریف کرنا سراہنا صفت کرنا اچھا کہنا۔
مُحسِنات ء نیکیان خوبیان بھلائیان جو کسی سے کیجائین
مُحامَلت ء بار اٹھانا بوجھ اٹھانا کسیطرح کا۔
مَحلّات ء جمع محلہ کی بہت سی جگہہ اور مقام۔
مِحنَت ء تکلیف و رنج و دکھ و آزار و بیماری
مُحرَّمات ء حرام چیزین جنکا کھانا شرعاً حرام ہے۔
مُحالات ء ناممکنات جنکا ظہور مین آنا محال ہو۔
مُحافَظَت ء نگہبانی کرنا پاسبانی کرنا حفاظت کرنا۔
[illegible]ات ء زنان پردہ نشین مستورات عورتین وہ [illegible]
مُحارَبات ء لڑائیان جنگ معرکے قدیم آپس مین
مُحاکمات ء حاکم کے حضور رفع کرنا مقدمات اپنے لڑائی جھگڑے
مُحکَمات ء وہ آیتین جنکے معانی ظاہر ہون اور کوئی سمجھ سکے
مُحاکات ء بات کرنا حکایت کرنا تقریر کرنا کسی سے
مَحبَّت ء پیار کرنا دوست سمجھنا الفت رکھنا کسی سے
مُحاذات ء روبرو ہونا سامنے پڑنا مقابلے پر جانا۔
مُحَیّات ء گروہ زندہ کیا گیا جلایا گیا۔
مُحاضَرات ء حکایات موافق حال حالات سلف کی ہوئی باتین جو سنتا ہون۔
مُحاوَرَت ء جواب دینا مقبول محاورات اسکی جمع ہے
مُحامات ء کسی سے دفع کرنا کسی چیز کا اور نگاہ رکھنا
مُحاوَلَت ء طلب کرنا اور مانگنا سوال کرنا۔

میم با خا

مُخاطَبات ء باہم کلام کرنا تقریر کرنا باتین کرنا۔
مُخادَعَت ء فریب دینا دغا دینا مخادعات اسکی جمع ہے

مُخدَّرات ۔ زنان پردہ نشین اور ستر والی عورتین
مُخدَرات ۔ وہ دوائین جو سستی و بیخوابی لائین۔
مُخاصَمت ۔ دشمنی و خصومت و عداوت و بیر۔
مخلوقات ۔ جمع مخلوق یعنی پیدائش جو جہان مین ہے
مُخالِطت ۔ آپسمین ملنا اختلاط و صحبت کرنا۔
مُخافت ۔ خوف کرنا ڈرنا کسی دشمن وغیرہ سے
مُخافَت ۔ آہستہ آہستہ پڑھا گیا کوئی ورد یا وظیفہ
مُخلّات ۔ وہ توبڑہ جسمین دانہ گھوڑے کو دیتے ہین بجائے گیسہ
مُخزونات ۔ پوشیدہ چیزین چھپی ہوئی چیزین۔
مُخطورات ۔ خطرہ کی چیزین جنسے خوف پیدا ہو
مُخالَفت ۔ دشمنی عداوت بیر خصومت۔
مُخافَتت ۔ آہستہ پڑھنا دل ہی دلمین پڑھنا۔

میم با دال

مِدحت ۔ تعریف کرنا کسیکو سراہنا بڑائی کرنا۔
مُداہنت ۔ ظاہر کرنا بخلاف ارادہ کے جو دلمین ہو
مُدرِکات ۔ عقلیات و انشیا اور درک کی چیزین۔
مُداوات ۔ دوا کرنا علاج معالجہ کرنا بیمار کا۔
مُداعِبت ۔ کھیل بازی و خوشطبعی و عیش و عشرت
مُدارات ۔ صلح و رعایت و خوشامد۔
مُدارات ۔ سیر کواکب فرض کردہ منجمان۔
مُدّعیات ۔ جمع مدعابت سے مطالب مرادین۔
مُداخِلت ۔ دخل دینا کسی بات مین درک دینا۔
مُدارست ۔ باہم درس کرنا پڑھنا پڑھانا۔

مُدافِعت ۔ دفع کرنا دور کرنا ہٹانا۔
مُداوِمت ۔ ہمیشگی یعنے ہمیشہ کے لیے۔
مُدّت ۔ درازی و میعاد ایک زمانہ کی جو مقرر ہو۔
مُدّت عِدّت ۔ مطلقہ یا بیوہ عورت کے نکاح ثانی کی میعاد جو شرعاً مقرر ہے۔

میم با ذال

مَذَلّت ۔ خراب ہونا خوار ہونا ذلت و خرابی کھینچنا
مَذمّت ۔ ہجو کرنا برائی کرنا کسیکو برا کہنا بذریعہ زبان کے۔

میم با رائے

مُرابطات ۔ دوستیان و رابطے اور جمع آپسمین ملنا
مُرافِعت ۔ پیش لیجانا اور دعوے حاکم کے روبرو لیجانا بلند کرنا
مُرافعات ۔ عرضیان اور بیان جو حاکم کے روبرو پیش کریں
مُراسلات ۔ خطوط اور مراسلت بھیجنا ایکدوسرے کیطرف
مرئیات ۔ وہ چیزین جو دیکھی جائین آنکھون سے نظر آئین
مَرارت ۔ تلخی اور تلخ مزہ جسکو کڑوا مزا کہتے ہین۔
مَرودشت ۔ نام ایک مقام کا ہے یا شہر کا۔
مُرابحت ۔ سودا اور نفع سے بیچ کرنا کسی فائدہ مند چیز کو
مُراقبت ۔ امید و نگہبانی و پاسبانی و حفاظت۔
مُراجعت ۔ رجوع کرنا متوجہ ہونا کسی چیز کیطرف
مُراغبت ۔ رغبت کرنا توجہ کرنا چاہنا کسی چیز کو۔
مُرافقت ۔ رفاقت کرنا دوستی کرنا ہمراہی کرنا۔
مُراوفت ۔ باہم ہمردیف ہونا ملکر چلنا ہمراہ ہونا۔
مُراضعت ۔ دودھ پلانا بچکو جبکہ وہ دودھ پیتا ہو۔

مَرَّتْ ع ایک دفعہ ایک مرتبہ ایک بار۔

مرمتْ ع درست کرنا گرٹی عمارت وغیرہ کو۔

مَرحَمَتْ ع رحمت کرنا۔ مہربانی کرنا لطف سے پیش آنا

مُرَوَّتْ ع خوبی کرنا مردمی کرنا جوانمردی کرنا احسان کرنا

مُراعَاتْ ع رعایت کرنا چرانا گوشہ آنکھ سے دیکھنا۔

مَرامَاتْ ع مقاصد و مطالب و مرادین و مقصود

مِرْآۃْ ع آئینہ جس سے منہ دیکھتے ہین۔

مِراۃْ ع عورت یعنے زن استری ہندی مین

مِرْقَاتْ ع نردبان و زینہ جسکو ہندی مین پوڑی کہتے ہین

مُرَغّبَاتْ ع مرغوب چیزین دلپسند چیزین۔

میم با زای

مَزَلَّتْ ع لغزش کھانا پھسلنا ایک مقام سے

مُزَخْرَفَاتْ ع بیفائدہ باتین جنسے کچھ نفع نہو۔

مَزِیَّتْ ع افزونی و زیادتی اور بڑھنا زیادہ ہونا

مُزَیَّتْ ع وہ چیز جسکو روغن زیت لگا ہو چرب چیز

مزجات ع اندک و بے اعتبار و قلیل اور تھوڑی چیز

مُزاوِلَتْ ع نزدیک کرنا کسی چیز کو کسی چیز کے ساتھ

مُزاحِفَاتْ ع وہ بحر نظم کا جنمین زحاف واقع ہو

اور زحاف اصطلاح عروض مین گرنا یا ساقط ہونا ایک

یا دو حرف کا رکن اصلی کسی بحر سے ہے یا زیادہ ہونا کسی

حرف کا اصلی رکن پر۔

مَزْکِیتْ ع مسجد خانہ خدا مکان پاکیزہ صفا مکان۔

مُزاحَمَتْ ع تنگی کرنا اور ناچار کرنا کسی کو۔

مُزاوِلَتْ ع ہمیشگی کرنا مداومت کرنا۔

میم با سین

مُسْتَودِعَاتْ ع امانتین جسکے پاس رکھی جائین

مُسامِحَتْ ع آسان پکڑنا آسان کرنا کسی مشکل بات کو

مُسَالَتْ ع مانگنا سوال کرنا کسی چیز کے احصال کے لیے

مُساہَمَتْ ع شریک ہونا شارکت کرنا ساجھی ہونا حصہ لینا

مُسَالَمَتْ ع صلح کرنا صفائی کرنا عداوت سے باز آنا

مُسْتَعْلِیَاتْ ع وہ حروف جنکے پڑھنے سے زبان تالو کو

لگجائے چنانچہ ص ض ط ظ ح غ ق۔

مُساہَلَتْ ع آسان جاننا اور آسان پکڑنا کسی چیز کا

مَسْتْ ف بیہوش سبب خود شرابی ہو یا دیوانہ۔

مُسْتْ ع غم و اندوہ و اندیشہ اور گلہ گریون وغیرہ کا

مُسْکِرَاتْ ع نشہ دینے والی چیزین جو مست کرین۔

مُسْتَلَذّاتْ ع لذت دار چیزین مزے دار چیزین۔

مَسافَتْ ع فاصلہ و دوری درمیان منازل اما خود سے ہو

مِساحَتْ ع ناپنا پیمائش کرنا زمین کا جریب وغیرہ سے

مُساعِدَتْ ع یاری کرنا مدد دینا مددگار ہونا۔

مُسَخّنَاتْ ع گرم کرنے والی چیزین جو گرم ہون۔

مِسْوَاتْ ع پنجہ چوبی جس سے زمین زمیندار درست کرتے ہین

مُسارِقَتْ ع چوری کرنا کسی کا مال چورانا۔

مَسَافَاتْ ع جمع مسافت دوریان اور فاصلے منزل کے

مُسافِرَتْ ع سفر کرنا راستہ چلنا مسافر بننا۔

مِسْحَاتْ ع مٹی کھودنے کا بیلچہ جسکو کدال یا پھاوڑا کہتے ہین

مسارعت ع تیزی سے کرنا جلدی کرنا سرعت کرنا کام مین
مساومت ع غلہ ارزان لیکر بامید گرانی رکھہ چھوڑنا۔
مساوات ع برابری کرنا ہمدوشی کرنا برابر ہونا۔
مسکنت ع مفلسی و ناداری مسکینی و عاجزی
مسئولات ع موجودہ چیزین جنکی اطلاع نہو۔
مسکت ع چپ رہنے والا زبان سے نہ بولنے والا
مستنبطات ع نکالنے کے مقام اور نکلی ہوئی چیزین

میم با شین

مشاورت ع مشورہ کرنا کسی سے کام کی نسبت
مشایعت ع یاری کرنا پیروی کرنا متابعت کرنا۔
مشاکلت ع ہمشکل ہونا مانند ہونا مثال ہونا۔
مشتہات ع مرغوب چیزین دلپسند چیزین اچھی چیزین
مشکات و مشکوٰۃ روشندان و قندیلین روشنی کی
مشرقات ع روشن چیزین جنسے روشنی ظاہر ہو۔
مشتوت ع سوت کپڑا بننے کا اور پراگندہ و پریشان
مشمومات ع خوشبویان مثل عطر و عبیر و کستوری وغیرہ کے
مشاتمت ع گالیان دینا برا کہنا بدگوئی کرنا۔
مشاربت ع آپسمین ملکر پانی پینا یا شراب وغیرہ۔
مشتت ع مٹھی بنیچہ بند کرکے کسیکو مارنا۔
مشقت ع رنج و تکلیف و محنت و مزدوری ۔
مشابہت ع تشبیہ ہونا مثل ہونا کسیکے مانند ہونا
مشارکت ع آپسمین شریک ہونا ساجھی ہونا کسی کام مین
مشکوٰۃ ع وہ طاق جسمین چراغ ہو یعنے چراغدان

مشتت ع پریشان و پراگندہ جدا جدا و بیابان
مشیت ع خواہش و مرضی و ارادہ ایزدی خدا کی تقدیر
مشرکات ع کافرہ عورتین یعنے وہ عورتین جو مسلمان نہین

میم با صاد

مصیبت ع سختی و دکھ تکلیف سختی رنج و آزار۔
مصافات ع دوستی و اخلاص آپسمین دوستی کرنا
مصادقت ع راستی و دوستی و اخلاص حق گوئی و حق شناسی
مصابرت ع صبر کرنا ٹھہرے رہنا برقرار ہونا کسی سختی مین
مصفات ع جس سے کوئی چیز صاف کریں یعنے صاف کرنے کا آلہ
مصمت ع وہ چیز جو پولی نہو و زخم جو بھر آیا او سر چیز پولی نکلی
مصمت ع خاموش کیا گیا چپ کرایا گیا بے زبان کیا گیا
مصارعت ع کشتی کرنا اور ایک دوسرے کو زمین پر پٹک مارنا
مصلحت ع نیکی و صلاح کار جس سے وہ کام آسان ہو جاوے
مصاہرت ع داماد بنانا سسر بنانا نسبت و رشتہ اچھی پیدا کرنا
مصادمت ع صدمہ پہنچانا آسیب پہنچانا ضرر پہونچانا

میم با ضاد

مضاربت ع نفع کی شراکت پر مال کسیکو دینا تجارت مین
شریک ہونا۔
مضاجعت ع ایک جگہ ہونا اور ایک جگہ سونا۔
مضادت ع دشمنی کرنا ضد کرنا مخالفت رکھنا کسی سے
مضحکات ع ہنسی کی باتین مسخرگی کی باتین۔
مضافات ع متعلقات و منسوبات یعنے زمین گرد و نواح شہر کی
مضاہات ع مانند ہونا ہمشکل ہونا مثل ہونا کسی سے

مُضِلَّت - جائے گمراہی اور وہ کام جس میں آدمی رستہ بھول جائے۔

میم با طاء

مَطوِیات - پیچیدہ چیزیں اور پیچیدہ مضامین کاغذ آنت
مُطایَبات - خوش طبعیاں۔
مَطعُومات کھانیکی چیزیں اور طعام قسم قسم کے۔
مَطَرات - بارشیں اور بہت سے مینہ وقطرے مطر آئے
مُطاوَعَت - متابعت وفرمانبرداری واطاعت کسی کی
مُطایَبات - خوشامد کی باتیں جس سے دوسرا شخص نام میں آجائے
مُطابَقَت - برابری مطابق ہونا ہمسر ہونا۔

میم با ظاء

مُظاہَرَت - حمایت وپشتبانی کرنا امداد کرنا پشت پناہ

میم با عین

مَعذِرَت - عذر کرنا بہانہ کرنا کسی کام میں۔
مُعانَدَت - عناد ودشمنی کرنا خصومت وعداوت کرنا۔
مُعاشَرَت - باہم زندگانی کرنا وگذارہ کرنا۔
مَعدِلَت - عدل کرنا انصاف کرنا برابر تولنا۔
مُعَوَّضَت - بدلکی چیز جو کسی چیز سے بدل لیجائے۔
مَعِیَّت - ہمراہی کرنا کسیکے ساتھ رہنا ہر کام میں۔
مُعاطِفَت - مہربانی کرنا مہربان ہونا نرم دل ہونا۔
مُعاقَدَت - عقد یعنی نکاح کرنا شادی کرنا۔
مُعاوَضَت - عوض لینا بدلہ لینا کسی دشمن سے
مُعَلَّقات - لٹکی ہوئی چیزیں جو ہوا میں لٹکتی ہوں

مَعصِیَت - گناہ تقصیر جو کسی انسان سے سرزد ہو
مَعرِفَت - پہچاننا شناخت کرنا خدا یا کسی اور کو۔
مُعجِزات - معجزے پیغمبروں کے جو ان سے سرزد ہوں
مَعِیشَت - گزران کرنا وقت گذارنا ہر طرح سے
مُعاوَنَت - یاری و مدد کرنا حمایت کرنا کسی مشکل کام میں
مُعاوَدَت - عود کرنا پھر آنا بازگشت کرنا اگلے مکان کو
مُعاقَبَت - عذاب کرنا تنگی میں رکھنا ناچار کرنا۔
مُعاتَبَت - جھڑکنا عتاب کرنا غضب کرنا۔
مُعَظَّمات - بڑی چیزیں صاحب عظمت چیزیں
مُعضِلات - وہ مشکلیں جنکا حل ہونا مشکل ہو۔
مُعاضَدَت - مددگار ہونا بازو ہونا قوت بخشنا کسیکو۔
مَعُونَت - یاری دینا مددگاری کرنا اعانت کرنا۔
مُعاداۃ - عداوت کرنا خصومت و بیر کرنا۔

میم با غین

مُغادَرَت - بیوفائی کرنا دغا کرنا کسی سے۔
مَغفِرَت - بخشش کرنا گناہ بخشنا گنہگار کا۔

میم با فاء

مُفارَقَت - جدائی اور فرق میں پڑنا الگ ہونا۔
مُفاجات - اچانک ہونا یکایک ہونا کسی بات کا
مُفاخَرَت - فخر کرنا تکبر وغرور کرنا بڑائی کرنا۔
مُفاوَضَت - مشورہ کرنا صلاح و تجویز آپس میں۔
مُفاوَضات - وہ مکتوب جو خط دے کیطرف سے جو لکھے ہوں مراد خط و غیرہ
مُفرَدات - حروف تہجی جیسے الف بے تے وغیرہ

مُسْتَقرِضَاتْ ۔ قرض کی ہوئی چیزیں مانگی ہوئی چیزیں

میم با قاف

مُقیتْ ۔ توانا روزی دہندہ نگہبان گواہ حاضر جو خدا تعالیٰ

مُقارَبَتْ ۔ نزدیکی و رشتہ داری و نسبت آبائی جدی

مُقارِنَتْ ۔ قرین ہونا نزدیک ہونا پاس پاس ہونا

مُقاوَمَتْ ۔ برابری کرنا ہمسری کرنا مقابلہ کرنا۔

مُقدِرَتْ ۔ قدرت و توانائی و قوت و زور بازو۔

مَقتْ ۔ خصومت دشمنی عداوت بیر کسی سے رکھنا

مُقتنیات ۔ سرمایہ و اسباب دنیاوی و جائداد و سامان

مَقامَاتْ ۔ مراتب و پایہ و رتبہ و درجہ ہائے بلند۔

مُقاسَاتْ ۔ رنج پانا دکھ پانا عذاب پانا کسی سے۔

مَقالَتْ ۔ گفتگو اور باتیں جو آپس میں کی جائیں۔

میم با کاف

مُکوِّنات ۔ مخلوقات جو عالم کون میں پیدا ہوئے ہیں

مُکنَتْ ۔ قدرت و تونگری و توانائی و دولت و حشمت۔

مُکاوِحَتْ ۔ کوشش و دشمنی اور گالی دینا برا کہنا۔

مُکاتَبَتْ ۔ لکھنا تحریر کرنا خط و کتابت وغیرہ کا۔

مُکاہَنَتْ ۔ غیب کی خبر بتلانا کاہن بننا۔

مَکرُمَتْ ۔ عزت و بزرگی و نوازش و مہربانی جو کسی پر کیجائے

مُکاشَحَتْ ۔ دشمنی عداوت خصومت جو کسی سے کیجائے

مَکیدَتْ ۔ بداندیشی یعنے کسیکے حق میں برا جاننا۔

مَکانَتْ ۔ عزت مرتبہ و عزت دار ہونا صاحب منزلت ہونا

مُکافَاتْ ۔ برابر ہونا بدلا لینا عوض لینا کسی سے۔

میم با لام

مُلازِمَتْ ۔ پیوستہ رہنا کسی شخص یا کسی مقام کو ہوکر ہمیشہ چسپاں ہونا

مَلاحَتْ ۔ نمکینی اور سانولا رنگ ہونا نمک دار ہونا کلام میں

مَلکَتْ ۔ بادشاہی فرمان روائی کرنا صاحب ملک ہونا

مَلکَاتْ ۔ جمع ملکہ جو قوت حصول انسان کے جسم میں ہوتی ہے

مُلایَمَتْ ۔ نرمی و صافی و ہمواری و خوبی و نیکی جو کسی سے کیجائے

مُلابَسَتْ ۔ دوسرے کے لباس میں آنا مشابہت کرنا مانند قبول کرنا

مُلامَسَتْ ۔ لمس کرنا بدن سے بدن ملانا جماع کرنا ہم بغل ہونا کسی سے

مَلبُوسَاتْ ۔ بہت سے لباس اور پوشاک جو پہنی جائیں

مُلایَمَتْ ۔ نرمی و سازواری کرنا دوستی و محبت کرنا

مُلتَفِتْ ۔ رغبت کرنے والا میل رکھنے والا مائل ہونیوالا

مِلَّتْ ۔ دین و کیش و شریعت جسپر کسیکا اعتقاد ہو

مُلاعَبَتْ ۔ کھیلنا کسی سے بازی کرنا لعب بازی کرنا۔

مُلاقَاتْ ۔ باہم ملنا کسی دوست سے ایکدوسرے کو دیکھنا

مَلالَتْ ۔ دلگیری غمناکی اندوہگینی پریشانی۔

مَلامَتْ ۔ جھڑکنا برا کہنا کسے کو گناہ پر۔

مَلَکُ الْمَوتْ ۔ موت کا فرشتہ جو جان لیجاتا ہے۔

مَلَکُوتْ ۔ عالم فرشتگان و عالم ارواح و بادشاہی پروردگار کی

میم با میم

مَملَکَتْ ۔ سلطنت و حکمرانی و بادشاہی و فرمانروائی

مَماتْ ۔ مرگ موت اجل جس سے کوئی مرجائے

مُماثِلَتْ ۔ مانند ہونا مثل ہونا تشبیہ ہونا کسی سے

مُمازَجَتْ ۔ آمیختگی و ہم مزاجی و التفات محبت

مُمَانِعَت ع منع کرنا باز رکنا کسیکو کسی کام سے۔

مُمَارَضَت ع غلطی کنا بیمار ہونا ناچار ہونا۔

مَمقُوت ع دشمن پکڑا گیا دشمن بنایا گیا۔

مُمَایَزَت ع علیحدہ کرنا جدا کرنا تمیز کرنا فرق کرنا۔

مُمَارَات ع گذشتہ باتین و ماجرا اسے سلف۔

مُمَارَات ع کسیکے ساتھ چلنا و مساوت کرنا و خصومت کرنا

مُمَاشَات ع ہمراہی کرنا ساتھ چلنا کسی راستہ مین۔

مُمَاطِلَت ع دفع الوقتی کرنا اور کام کو پیچھے ڈالنا اور تعویق

مُمَارَسَت ع کوشش تجسس و تجربہ و علاج و درستی کرنا

میم با نون

مُنَاسِبَت ع باہم نسبت رکنا پیوند رکہنا کسی سے

مُنَاجَات ع دعا و ندا بجناب الٰہی نجات مانگنا۔

مُنَاعَمَت ع استوار کرنا مضبوط کرنا قوی کرنا۔

مُنَاهَدَت ع انگلیو نپر فال لینا۔

مِنحَات ع ترکھانو نکا رندہ جس سے لکڑی صاف کرتے ہین

مَنبَت ع جائے روئیدگی سبزے کے اُگنے کی جگہ۔

مُنَادَمَت ع ندیم ہونا ہمنشین ہونا جلیس مع تاسحبۃ ہونا

مُنَافَرَت ع حاکم کے پاس جانا اثبات حسب نسب کیلیے

مَنعُوت ع تعریف کیا گیا نعت کیا گیا صفت کیا گیا۔

مُنَافَات ع نقیض او بضد بودن و دن اور آگ
اور پانیکے درمیان واقع ہے۔

مُنشَآت ع مسودات و عبارات و تصنیفات انشا و کتابین

مُنیَت ع آرزو و مقصود و مراد جو کسیکے دل مین ہو۔

مَنِیَّت ع موت و مرگ و اجل جس سے انسان جاتا ہے

مَنقَصَت ع نقصان و عیب و زیان جو کسیکو واقع ہو

مُنقَضَت ع نقیض و تنگی و خرابی و بگاڑ کام مین

مَنحُوت ع تراشیدہ چھیلی ہوئی چیز رندہ کی ہوئی چیز

مَنَامَات ع خوابہا یعنے بہت سی نیندین جو آدمیکو آتین

مَنبَت ع اُگایا گیا اور وہ نقش جو اپنی زمین سے بلند ہو بلند کیا گیا

مَنهِیَّات ع وہ چیزین جو شرعاً منع ہین مثل شراب زنا و چوری وغیرہ

مَنَات ع ایک بت کا نام ہے جسکو کفار عرب پوجتے تھے

مَنفَعَت ع سود و مندی حاصل کرنا نفع پانا کسی سے

مَنزِلَت ع رتبہ و درجہ عالی مکانی عزت و حرمت
و دولت مندی و امارت جو کسیکو حاصل ہو۔

مَنقَبَت ع ستودگی تعریف سراہنا بیان اُسکے اوصاف کے

مِنَّت ع نکوئی و احسان و خوبی جو کسی سے کیجائے

مُنَاکِحَت ع نکاح کرنا شادی کرنا کسی سے۔

مُنَازَعَت ع کشاکش و خصومت و عداوت و دشمنی

مَنقَبَت ع محامد و ثنای اہل بیت اصحاب کبار و بزرگان دین اہل اسلام

مُنَاظَرَات ع آپسمین بحث کرنا مسایل مذہبی پر۔

میم با واو

مُوَاظَبَت ع ایک کام پر ہمیشہ رہنا ضبط رکہنا۔

مُوَالَات ع محبت و دوستی و پیوستگی و التفات۔

مُوَاسَات ع یاری و غمخواری و دلداری و دلاسا۔

مُوَاصَلَت ع ملنا پیوند پانا وصل ہونا کسی سے۔

مَوَات ع جو بیجان ہو مری ہوی چیز فوت ہوئی ہوئی

مُوَاخَاتْ ع برادری کرنا کسیکا بھائی بننا۔

مُوَدَّتْ ع دوست رکھنا پیار کرنا یار بنانا۔

مَوہِبَتْ ع بخشش کرنا ہبہ کرنا کسی چیز کا۔

مُوَاطَاتْ ع موافقت کرنا اتفاق کرنا متفق ہونا۔

مَوْعِظَتْ ع پند و نصایح کرنا نصیحت دینا کسیکو۔

مُوَازَاتْ ع برابری کرنا ہمسری کرنا برابر ہونا۔

مُوَافِقَتْ ع دوستی رکھنا اتفاق رکھنا کسی سے۔

مُوَالِفَتْ ع الفت کرنا محبت کرنا پیار رکھنا کسی سے۔

مُوَہِدَتْ ع وعدہ کرنا اقرار کرنا کسی سے بات مین۔

مُوَقَّتْ ع وقت ٹھہرا ہوا کام موقوف بوقت جو مرہو۔

مُؤَلَّفَاتْ ع تالیف کی ہوئی کتابین جمع کیے ہوئے۔

مَوْتْ ع مرجانا فوت ہونا فیست نابود ہونا ذی جان کا۔

مُوَاہَنَتْ ع سستی کرنا کاہل ہونا کسی ضروری کام مین۔

مُوَانَسَتْ ع آپسمین انس کرنا صحبت رکھنا ہمنشینی کرنا۔

مَوْنَتْ ع بار و گرانی و تعب و رنج و ایذا جو کسی کام مین حاصل ہو۔

مُؤْنَتْ ع احتیاج سپیشت خرچ جو انسان پر ضروری ہے۔

مُوَازَرَتْ ع وزیری کرنا بادشاہ کا وزیر ہونا۔

مُوَادَعَتْ ع وداع کرنا رخصت کرنا کسیکا اپنے پاس سے۔

مُؤَثِّرَاتْ ع تاثیر کرنیوالی چیزین جنکے کھانے سے تاثیر ہو۔

مُوَامَرَتْ ع مشورہ کرنا تجویز و صلاح کرنا کسی امر مین۔

مَوْجُودَاتْ ع جمع موجودگی بہت سی پیدایش۔

میم باہا

مَہَارَتْ ع اوستادی و لیاقت و اصل تجربہ۔

مَہَابَتْ ع بیم و ترس و شکوہ و شان و رعب۔

مُہْلَتْ ع آہستگی و فرصت و وقت جو چھوڑ دیا جاوے۔

مُہَاجِرَتْ ع جدائی و علیحدگی۔

مُہِمَّاتْ ع مہمین یعنے بہت مشکل کام۔

میم بایا ی

مَیِّتْ ع مردہ جو مرچکا ہو فیست و نابود ہو چکا ہو۔

مَیْمَنَتْ ع برکت و سعادت و یمن و نیکی و خوبی۔

مِیْقَاتْ ع وقت و ہنگام کار و وعدہ ہر ایک کام کا۔

ستائیسوین فصل

اُن لغات کے بیانمین جنکے اول حرف نون اور آخر مین تا ہے

نون باالف

نَاسُوتْ ع عالم اجسام و جہان دنیا و عالم شریعت عبادت ظاہری۔

نَاراست ف ٹیڑھا اور کج جو سیدھا نہو۔

نَادرست ف جو درست نہو نہایت خراب۔

نَاشِلَاتْ ع خوش کرنیوالی باتین اچھے گروہ۔

نَاشِرَاتْ ع بادہاے تند سخت و تند ہوائین۔

نَابِتْ ع روییدہ و دمیدہ اُگانیوالا اور اُگنے والا۔

نَاخواست ف بے طلب و بے تلاش و بے سوال چیز۔

نَاداشت ف مفلس و نادار و محتاج جسکے پاس کچھ نہ ہو۔

نَاشناخت ف ناواقف و ناپہچانا ہوا انجان بغیر شناخت۔

نَاگرفت ف اچانک ناگاہ یکایک واقعہ ہونیوالا۔

نون با باء

نبات ع سبزہ و مصری و قند سپید و روئیدگی سبزی کی
نباہت ع چمک شان عزت فخر اقتدار۔
نبت ع گھاس سبزہ اور سبزہ ہر ایک قسم کا۔
نبالت ع بزرگواری و عزت و بڑائی۔
نبوت ع خبر دینا نبی ہونا پیغمبر ہونا۔

نون با جیم

نجابت ع بڑا آدمی ہونا بزرگوار ہونا گرامی ہونا امیر ہو
نجاست ع پلیدی بخلاف پاکیزگی کے۔
نجدت ع شجاعت و دلیری جوانمردی بہادری دلاوری
نجات ع خلاصی پانا رہائی پانا عذاب سے۔

نون با حاء

نحوست ع بد نصیب ہونا نحس ہونا خراب و ابتر ہونا
نحافت ع ناتوانی کمزوری و ناطاقتی۔
نحت ع تراشنا چھیلنا کسی چیز کا۔
نحلت ع عورت کا حق مہر دینا پیدا کرنا دعوے کرنا و بخشش بے عوض و مذہب باطل۔

نون با خاء

نخل تابوت ع ماری جو ہندوستان کے مردہ کا جنازہ سجا ہوتا
نخوت ع بزرگی و تکبر و غرور و بڑائی۔
نخست ف اول سب سے پہلے۔

نون با دال

ندرت ع تنہائی و کمی و عجیب ہونا۔
نداوت ع تری و نمناکی اور گیلا ہونا۔
ندبت ع ماتم کرنا کسی مردہ کا نوحہ کرنا رونا چلانا۔
ندامت ع شرمندگی۔

نون با ذال

نذارت ع خوف ڈرانا اور رعب دکھلانا۔

نون با زاء

نزاکت ع نازک ہونا خلاف قیاس یہ مصدر ہے۔
نزہت ع بے عیبی و پاکیزگی و خوبی و خوبصورتی۔
نزاہت ع بدی و عیب سے پاک ہونا اچھا ہونا خوبصورت ہونا

نون با سین

نسبت ع لگاؤ سروکار پیوند کسی سے رکھنا۔
نسمات ع خوشبوئیں مثل عطر و عبیر و کستوری وغیرہ
نسمت ع آدمی اور روح و جان انسانی۔
نسوت ع زنان یہ جمع خلاف قیاس ہے۔

نون با شین

نشدت ع کم ہوئی ہوئی چیز کو ڈھونڈھنا تلاش کرنا۔
نشات ع پیدائش عالم موجودات پیدائش ہر ایک قسم کی

نون با صاد

نصفت ع داد و انصاف و عدل و مقدمات میں۔
نصرت ع یاری و مدد و فتح جو جنگ میں حاصل ہو
نصیحت ع پند اور وعظ جو کسی کی نکوئی کے لیے کریں۔

نون با ضاد

نضارت ع رونق و تازگی و آبداری و سرسبزی و خوبی

نون با طاء

نَطَاۃ ع نام قلعہ خیبر کا جو ایک منجملہ چند قلعوں کے ہے

نون با ظاء

نَظَافَت ع پاکیزگی و پاک جسمی و نیکی و خوبی۔

نَظَارَت ع نظر کرنا اور دیکھنا اور دیکھتے رہنا۔

نِظَامَت ع پرونا انتظام کرنا بندوبست کرنا۔

نون با عین

نِعْمَت ع دسترس و مال و روزی و آسایش عطا و جود [illegible]

نَعْت ع وصف و تعریف آنحضرت صلعم کی نظم [illegible]

نُعُوت ع جمع نعت یعنے بہت سی تعریفیں جناب پیغمبر علیہ السلام کی

نون با غین

نَغَمَات ع آوازہ ہائے خوش و سرود جو ساز کے ساتھ گایا جائے

نون با فاء

نِفَاسَت ع زچہ ہونا عورت کا حمد بچہ [illegible] خون نفاس

نُفْرَت ع رمیدگی و دوری چاہنا و ناپسند رکھنا

نَفْت ع ایک قسم کا تیل ہے جو زمین سے نکلتا ہے جلایا جاتا ہے

نَفَحَات ع خوشبوئیاں جو سونگھی جائیں مثل عطر و مشک وغیرہ

نَفَخَات ع دم پھونکنا پھونک مارنا دم چڑھانا کسی کو

نَفْسَانِیَت ع خود غرضی و تکبر و غرور یا عجب

نَفْتَت ع چیچک و آبلہ جو ایک مشہور بیماری ہے۔

نَفَّاثَات ع جادوگر عورتیں سحر ساز عورتیں۔

نون با قاف

نَقِمَت ع عقوبت و کینہ و عذاب و رنج و ضرر پہونچانا

نِقَابَت ع تعریف کرنا اچھا گننا بزرگ جاننا۔

نَقَاہَت ع ضعیفی و ناتوانی و کمزوری و لاغر جسمی

نَقِیصَت ع نقصان اوٹھانا خسارہ کھانا کمی میں پڑنا

نَقَاوَت ع پاکیزگی۔

نون با کاف

نَکْبَت ع خواری و رنج و نحوست و مفلسی و ناداری

نِگَاہداشت ف حفاظت و پاسبانی و نگاہبانی و لحاظ

نَکْہَت ع خوشبو جو سونگھی جائے مثل عطر وغیرہ۔

نِکَات ع جمع نکتہ یعنے وہ بات جو مرمز ہو اور اچھا کلام

نِکَایَت ع دشمن کو دکھ دینا رنج پہونچانا۔

نُکْت ع نکتہ جسکی تعریف تحریر ہو چکی ہے۔

نَکْت ع زمین کو کھودنا اور گرانا کسی جگہ کا۔

نون با واؤ

نَوَات ع خستہ خرما استخوان خرما کھجور کی گٹھلی۔

نَوَاخْت ف موافق و مطابق و برابر و لایق و ہمسر

نَوَابِت ع اوگنے والی چیزیں یعنے درخت و سبزہ وغیرہ

نَوْبَت ع وقت و مرتبہ و نقارہ و خیمہ و پاس محافظت

نُوِشْت ف لکھنا اور لپیٹنا لکھا اور لپیٹا۔

نون با ہاء

نَہْمَت ع ہمت باندھنا ارادہ کرنا مضبوط قصد کرنا

نِہَایَت ع انتہا و انجام و اخیر و خاتمہ و کمال ہر چیز کا

نُہْضَت ع اوٹھنا کوچ کرنا لشکر کا خرد گاہ سے

نُہُفْت ع پوشیدگی اور نام شعبہ موسیقی کا اور پوشیدہ [illegible]

نون بایاء

نیابت ع کسیکی جگہہ کہڑے ہونا قایم مقام ہونا مختار ہونا
نیست ف نافی یہ ایک کلمہ انکاری فارسی مین ہے
نیارست ف نتوانست نہ اسکا۔
نی لبست ف چپر جہونپڑا وغیرہ جو سرکنڈے سے بنا
نیمدست ف مسند کوچک جو چہوٹا فرش ہو۔
نیمراست ف نام پردہ موسیقی اور قسم ایک راگ کا
نیت ع عزم و ارادہ قصد جو کیا جاوے۔
نیم سفت ف ناتمام چیز جو ابہی بن نہ چکی ہو۔

اٹھائیسوین فصل

ان لغات کے بیانمین جنکے اول

حرف واو اور اخیر مین تا ہے

واو باالف

واسوخت ف ایک قسم و طریق و طرح اشعار کا نام ہے
واخواست ف محاسبہ و مطالبہ کسی چیز کا کسی سے
واجبات ع جمع ہے واجب کی جو احکام انسان پر
ضرور ہین۔
واردات ع وہ حال جو آدمی پر گذرے یعنے سرگذشت
یہ جمع وارد کی ہے
واقعات ع جمع واقعہ کی یعنے جو مین آئی ہوئی باتین
واقفیت ع واقف ہونا اطلاع پانا محرم حال ہونا
واہیات ناکارہ چیزین بیفایدہ چیزین بے اصل باتین

واو باجیم

وجنات ع رخسارے آدمی کے انسان کی گالین
وجاہت ع خوبروئی و درشناسی خوبصورتی و حسن جمال

واو باحاء

وحدت ع یکتا ہونا ایک ہونا فرد ہونا خدا کو ایک جاننا۔
وحدانیت ع ایک ہونا یکتا ہونا فرد ہونا۔
وحشت ع وحشی ہونا دیوانہ ہونا۔

واو باخاء

وخامت ع ناسازگاری ناموافقت کم الفتی۔

واو بادال

ودیعت ع امانت وہ چیز جو کسیکے پاس رکہی جاوے

واو باراے

وراثت ع وارث ہونا کسی مردہ کی جایداد کا۔

واو بازاے

وزارت ع وزیر ہونا بار اٹہانا بادشاہ کا مشیر ہونا

واو باسین

وسعت ع کشادگی و فراخی چوڑاپن زیادتی۔
وساطت ع وسیلہ ہونا درمیان آنا ذریعہ ہونا۔
وسامت ع خوبی زیبائی۔
وسمت ع داغ کرنا تہمت کرنا بدنامی لگانا۔
وسیقت ع نزدیکی و دست آویز و تمسک جو تحریر ہو

واو باشین

وشات ع جمع واشی و نمام و سخن چین یعنے وہ لوگ جو جہوٹے لگانے

وَشَت ء خوب وخوش طبع ومطبوع و دلپسند چیز

واو با صاد

وَصْمَت ء عیب ونقصان وزیانکاری۔

وَصِیَّت ء وہ بات جو مرنے کے وقت کہی جائے۔

وَصْلَت ء ملنا پیوند ہونا بخلاف مفارقت کے۔

واو با فاء

وَفَات ء مرنا نیست ونابود ہونا۔

وِفَاقَت ء دوستی موافقت وسازگاری محبت

وَفَاوَت ء ایلچی ہونا پیغامبر ہونا پیام رسان ہونا

واو با قاف

وَقْت ء زمانہ عرصہ جو گذرتا یا گذر چکا ہو۔

وَقْرَت ء پتھر مین گڑھا جسمین پانی جمع ہو جاسے

وَقَاحَت ء بیحیائی وبے شرمی و بے ادبی گستاخی و بزرگ

وَقَایَت ء کتاب کے مقوے اور پٹھا بنیا اور نام کتاب فقہ جو مشہور

وَقِیْعَت ء ملامت کرنا عیب گوئی کرنا غمازی کرنا کسیکے حق مین

وَقْعَت ء سختی وآسیب وکارزار وجنگ ومعرکہ

واو با کاف

وَکَالَت ء وکیل ہونا کسکی طرف سے مختار کار ہونا نائب ہونا

واو با لام

وُلَات ء جمع والی حاکمان و دوستان ونیقان وناکمان

وَلِیدَات ء ہمزاد لڑکیان ہم عمر لڑکیان بسن لڑکیان

ولی نعمت ء صاحب نعمت آقا جسکا کوئی نوکر ہو۔

وِلَادت ء زائیدن یعنے جننا پیدا ہونا بچہ کا۔

وَلَایَت ء پارسی دینداراستبازی وراست گفتاری

وِلَایَت ء ولی ہونا دوستی وتصرف حکومت بادشاہ ملک

واو با ہائی

وَہْدَت ء زمین پست نشیب۔

اٹھتیوین فصل

ان لغات کے بیانمین جنکے اول حرف ہا اور اخیر مین تا ہے

ہا با الف

ہَاذِمُ اللَّذَات ء وہ رکرنیوالا لذتونکا یعنے ملک الموت جو جہان کی

ہَات ء اسم فعل بمعنے امر یعنے بخش اور لا۔

ہَارُوت ء نام ایک فرشتہ کا دو فرشتو نسے جو چاہ بابل مین ہین اور دوسرے کا نام ماروت ہے۔

ہَاجِرَت ء دوپہر سے عصر تک کا وقت مجازاً ظہر کا وقت

ہا با باء

ہِبَت ء بخشش کرنا ہبہ کرنا کسی چیز یا جایداد کا۔

ہا با جیم

ہِجْرَت ء چھوڑنا اور جدا ہونا وطن سے اور خویشوں سے

ہَجْعَت ء خواب کرنا نیند کرنا سو رہنا۔

ہا با دال

ہُدَات ء جمع ہادی ہدایت کرنیوالے مرشد واستاد وغیرہ

ہِدَایَت ء رہنمائی کرنا سیدھا راستہ دکھلانا۔

ہا با راے

ہَرات ف نام شہر دار الملک خراسان جو مشہور شہر ہے
ہَر ہفت ف عورت کے سات سنگار مثل مشاک زیور شانہ وغیرہ

ہا با زاد

ہَزَّتْ ع عیش و عشرت و آرام و خوشی و خار غبالی۔
ہَزِیمت ع شکست کھانا و فرار کرنا بھاگنا جنگ سے۔

ہا با شین

ہشت بہشت ف آٹھ بہشت خلد دار السلام دار القرار
جنت عدن جنت الماوی جنت النعیم علیین۔ فردوس
ہشتت ف چھوڑا اور ترک کیا دست بردار ہوا۔
ہشت صفات ف آٹھ صفتین معرفت علم شکر رضا
صبر تسلیم عبادت۔ شفقت۔

ہا با ضاد

ہضیمت ع ستم خشمگینی ظلم و زبردستی و غضب و غصہ

ہا با فاء

ہفت ف سات عدد ہین جسکو عربی مین سبعہ کہتے ہین
ہفت ف جرعہ آب و شراب وغیرہ یعنی گھونٹ شربت پانی
ہفت ہشت ف باتین خصومت آمیز و عتاب کلام غضب
ہفوت ع لغزش و خطا و بیہودہ گوئی و کلام بیفایدہ
ہفتاد و دو ملت ع بہتر فرقہ اہل اسلام جنکی تفصیل طول ہے

ہا با میم

ہمت ف ارادہ بلند و قصد مصمم و عزم مضبوط انسان کی
ہم پشت ف ہم جد و ہم نسب دو شخص ایک باپ کی اولاد
ہمدست ف شریک و متفق و ہمزور۔

ہمدات ف ایک قوم۔

ہا با نون

ہنلفت ف سطبر و گندہ و غلیظ و ناہموار و نامطبوع

ہاء با واو

ہویت ع مرتبہ وحدت و ذات باری و وجود حقانی لہ
ہوا پرست ف عیاش آدمی اپنے دلکی خواہش کرنیوالا

ہاء با یاء

ہیہات ع یہ کلمہ افسوس و تحیر و تعجب کے مقام پر بولا جاتا ہے
ہیئت ع نام علم اشکال افلاک و صورت و شکل و مثل و مانند
ہیبت ع خوف و رعب اور ڈرنا کسی زبردست سے

تیسوین فصل

اُن لغات کے بیانمین جنکے اول حرف یا اور آخیر مین تا ہے

یا با الف

یاقوت ع نام جواہر و نام خوشنویس غلام خلیفہ معتصم باللہ کا ہے
یادداشت ف نشان یاد رکھنے کا جس سے وہ بھول نجائے
یالیت ع اے کاشکے ای افسوس یہ لفظ افسوس کے مقام پر آتا ہے

یا با باء

یبوست ع خشکی جو بدن مین پیدا ہو بخلاف تری کے

یا با خاء

یخ در بہشت ف ایک قسم کے حلوے کا نام ہے جو لذیذ ہوتا

یا با راء

یَزدَت ت منزل مقام جہان قیام کیا جاسکے۔

یا با سین

یَسارَت ع تونگری و دولت و فراخی بیفکری و آرام وچین ح

یا با کاف

یَکدَست ف یکسان و فی الفور یعنے ایکسلہ و تیز چہات

یَک جہت ف متفق ہرایک کام مین یکطرفہ آدمی

یَکزات ف یکدل و یکجان و یک سخن و یکسرخ آدمی

یَکصدی ذات ف نام عہدہ کا ہے جو بادشاہون سے امیرونکو ملتا ہے۔

یا با واو

یَواقیت ع جمع یاقوت۔

چوتھا باب

اُن لغات کے بیانمین جنکے اخیرمین حرف تا ہی ہے اور اول کے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اس مین اُنیس فصل ہین

پہلی فصل

اُن لغات کے ذکر مین جنکے اول حرف الف اور اخیرمین تا ہے

الف با تا

اَمات ع بہت ہونا انبوہ ہونا جمع ہونا زیادہ ہونا

الف با حا

اِحداث ع نو پیدا ہونا نوجوان نوخاستہ ہونا نئے ہونا

الف با را

اِرث ع ورثہ و ترکہ باپ کا جو بیٹے کو پہنچے اسکے عوض

الف با شین

اَشخَث ع نام ایک شخص کا ہے۔

الف با عین

اِعزَیرث ع نام بادشاہ جو بہادر افراسیاب بادشاہ کا

الف با لام

اَلغیاث ع فریاد و زاری و داد خواہی حاکم سے۔

الف با میم

اُم الخبائث ع شراب جسکے پینے سے بیشمار نقصان ہین

الف با نون

اِناث ع جمع انثے مادہ یعنے عورتین بخلاف مردونکے

اَنبَث ع نرم لوہا جو بہت سخت نہ ہو فولاد کے بر

اِنبعاث ع برانگیختہ ہونا کسی کام کے لیے مستعد ہونا

الف با یا

اِیراث ع میراث پہونچانا متوفی کا ترکہ اُسکے وارث کو دینا۔

دوسری فصل

ان لغات کے ذکر مین جنکے اول حرف با اور اخیر مین ثا ہے

با با الف

بَاعِث ع برانگیختہ کرنیوالا سوجب و سبب کسی چیز کا

بَاحِث ع زمین کھودنیوالا بحث کرنیوالا کسی سے

با یا ثاء

بَثّ ع ظاہر کرنا واضح کرنا آشکارا کرنا کسی چیز کا

با با حاء

بَحْث ع کھودنا زمین کا اور ڈھونڈھنا اور جھگڑنا کسی بات مین۔

با با راء

بُرْغُوث ع ایک یعنے پسو جو مشہور جانور ہے۔

با با عین

بَعْث ع اُٹھانا اور یوم البعث قیامت کا روز۔

با با غین

بُغَاث ع کرگس جو ایک جانور پرند مشہور ہے۔

تیسری فصل

اُن لغات کے ذکر مین جنکے اول حرف تاء اور اخیر مین تاء ہے

تا با الف

تَانِیث ع مؤنث یعنے عورت ہونا۔

تا با ثاء

تَثْلِیث ع تین حصہ کرنا ایک کو تین بنانا۔

تا با حاء

تَحَدُّث ع بات بنانا قصہ بنانا حدیث کا ذکر کرنا

تا با شین

تَشَبُّث ع پنجہ مارنا کسی سے پناہ مانگنا بھروسا کرنا

تا با فاء

تَفَث ع سر و بغل و ریش و بروت کے بال منڈانا اور غسل کرنا حج کے روز۔

چوتھی فصل

اُن لغات کے ذکر مین جنکے اول حرف ثا اور اخیر مین ثا ہے

ثا با الف

ثَالِث ع تیسرا عدد تین فارسی مین سوم۔

ثا با لام

ثُلُث ع تیسرا حصہ اور نام ایک خط کا خطوط هفتگانہ سے مثل خط نسخ ریحان و رقاع و ثلث و نستعلیق وغیرہ۔

ثُلَاثَا ع تین اور منگل کا دن جسکو فارسی مین سہ شنبہ کہتے ہین

پانچوین فصل

ان لغات کے ذکر مین جنکے اول حرف جیم اور اخیر مین ثا ہے

جیم با ثاء

جبث = پیچ سے اوکھاڑنا خراب کرنا دور کردینا نکالنا

چھٹی فصل

اُن لغات کے ذکر مین جنکے اول حرف حا اور اخیر مین ثا ہے

حا با الف

حارث = شیر درندہ اور زمیندار جو کھیتی کرتا ہو۔

حانث = وہ مجرم جسنے بخلاف عہد قسم کے کیا ہو خلاف [illegible] آدمی

حا با تار

حثّ = برانگیخت کرنا کسی کو کسی کام کی درستگی پر آمادہ کرنا

حا با دال

حدث = طفل امرد نوجوان لڑکا نو عمر لڑکا۔

حدث = پلید ہونا بے وضو ہونا۔

حدیث = نیا سخن اور نئی چیز عادات پیغمبر علیہ السلام

حدوث = نیا پیدا ہونا جو صفت عالم مخلوقات ہو۔

حا با راے

حرث = بونا کھیتی کرنا زمینداری کرنا۔

حا با واو

حوادث = جمع حادثہ مصیبتین رنج و غم و اندوہ و نقصان

ساتوین فصل

اُن لغات کے بیانین جنکے اول حرف خا اور اخیر مین ثا ہے

خا با یاء

خبیث = پلیدی اور پلید ہونا ناکارہ ہونا۔

خبیث = پلید و ناخوش و بدکار و بدخصلت و ناکارہ

آٹھوین فصل

اُن لغات کے بیانین جنکے اول حرف دال اور اخیر مین حرف ثا ہے

دال با راے

دریاے ثالث = تیسرا دریا یعنی باران اور وہ دریا انہار و بہشت بحر محیط ہین۔

دال با لام

دلباث = اسیہ شیر جو مشہور جانور چارپایہ درندہ ہے

دال با یار

دیوث = بے غیرت جو اپنی عورت سے زنا کرائے [illegible]

نوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جنکے

اول حرف راے اور اخیر مین ثا ہے

راے با لامے

رَثّ ۔ پرانا ہونا بدحال ہونا خراب ہونا بیکار ہونا

رای با ئین

رِ ئاث ۔ گوشوارہ و گلوبند جو دو زیور مشہور ہین۔

راے با فا

رَفَث و رُفُث ۔ باتین یہ لفظ جمع ہے سکے معنی بتیلاہے جیسی گنگی ہچکی

راے با واو

رَوْث ۔ سرگین یہ لفظ جمع ہے واحد اسکا روثہ ہے

دسوین فصل

اُن لغات کے بیانمین جنکے اول

حرف شین اور اخیر مین ثا ہے

شین با یا

شِیث ۔ نام پیغمبر جو پسر آدم علیہ السلام کا تھا۔

گیارھوین فصل

اُن لغات کے ذکر مین جنکے اول

حرف طا اور اخیر مین ثا ہے

طا با میم

طَمْث ۔ طمون حیض دحائیض ہونا جماع کرنا جمع ہونا

طا با ہا

طَہْمُورَث ۔ نام پسر ہوشنگ بادشاہ جسنے شیطان کو گھوڑا بنایا۔

بارھوین فصل

اُن لغات کے بیانمین جنکے اول

حرف عین اور اخیر مین ثا ہے

عین با الف

عَابِث ۔ بازی کرنیوالا کھیلنے والا تفت بازی کرنیوالا

عین با با

عَبَث ۔ بیفایدہ بیہودہ بیکار بے سود۔

عین با میم

عَمْرُو لَیْث ۔ نام شاہ سیستان جسنے شیراز آباد کیا تھا عمرو اوسکا اصلی نام اور لیث خطاب تھا۔

تیرھوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول

حرف غین اور اخیر مین ثا ہے

غین با تا

غَثّ ۔ لاغر ہونا اور گوشت گندہ وریم وخون جو جسم سے نکلے

غین با را

غَرَث ۔ گرسنگی و شہوت طعام اور بھوک۔

عین با واو

غوث = فریادرس و فریاد اور ایک ادن دو نون سے جو قطب کے دو طرف ہون۔

عین با یاء

غیث = باران یعنے مینہ جو برستا ہے۔

غیاث = فریادرسی اور فریادرس و ہر چیز باعث خلاصی ہو رہائی۔

چودھوین فصل

اُن لغات کے بیانمین جنکے اول
حرف فا اور اخیر مین ثا ہے

فا با راے

فرث = سرگین جانوران و حیوانات جانورونکا گوبر

پندرھوین فصل

اُن لغات کے بیانمین جنکے اول
کاف اور اخیر مین ثا ہے

کاف با باے

کبث = بدبو ہو جانا گوشت کا سڑ جانا۔

کاف با راے

کراث = گندنا جو ایک سبزی کا نام ہے۔

کاف با شین

کشوث = نام دوا جسکو دنیا کہتے ہیں [illegible]

سولھوین فصل

اُن لغات کے بیانمین جنکے اول
لام اور اخیر مین ثا ہے

لام با باء

لبث = دیر کرنا توقف کرنا ٹھہرنا کسی مقام پر

لام با واؤ

لوث = آلودگی کسی پلیدی یا گناہ و تہمت وغیرہ سے

لام با یاء

لیث = شیر درندہ اور خطاب خاندان [illegible]

سترھوین فصل

اُن لغات کے بیانمین جنکے اول
میم اور اخیر مین ثا ہے

میم با باء

مبعوث = برانگیختہ ہو پیدا کیا ہوا اوٹھایا گیا

میم با ثاء

مثلث = تین حصہ کیا گیا سہ گوشہ کیا گیا۔

مثالث = سہ تار جو ایک ساز مشہور و معروف ہے

میم با جیم

مجتث = بیخ سے اوکھاڑنا اور نام ایک بحر کا بحور نظم سے ہے

میم با حاء

محدث = نیا پیدا کرنیوالا سے جو ذکر نیوالا ظاہر کرنیوالا

محدث = نیا پیدا کیا گیا یعنے جو چیز پیدا ہو چکی ہو۔

حروف ہجی اپنے اپنے موقع پر پیسے لئے جاتے ہین اسمین چھبیس فصل ہین

پہلی فصل

اُن لغات کے ذکر مین جنکے اول حرف الف اور اخیر مین جیم ہے

الف با بای

اَلُوج ۔ قند و شکر سفید جسکو چینی و کھانڈ کہتے ہین۔

اِبتہاج ۔ فرحت و خوشی و دلجمعی و بہجت و خوشحالی

الف با تای

اُترُنج ۔ ترنج جو ایک مشہور میوہ خوشگوار ہے

الف با جیم

اُجاج ۔ نمک تلخ و آب شور کڑوا نمک اور شور پانی

الف با حای

اِحتِیاج ۔ حاجت و ضرورت جو انسان کو پڑتی ہے

الف با خای

اَخشِیج ۔ ضد و مخالف یکدیگر مجازاً چار عنصر کہ ایک دوسرے کے ضد ہین

اِخراج ۔ نکالنا کسی چیز کو کسی سے باہر نکالنا اندر سے

اِختِلاج ۔ پھڑکنا عضو پھڑکنا عضو کا ہلنا اعضا کا

الف با دال

اِدماج ۔ لپیٹنا اور نام ایک صنعت شعری کا جو ایک مضمون مین دوسرا مطلب لپٹا ہوا ہو۔

الف با رائے

اَرَج ۔ قیمت و قدر و منزلت و درجہ و مرتبہ ہر ایک چیز کا

اِرتِجاج ۔ ہلنا اور کانپنا جنبش کرنا لرزہ کہانا۔

اَرگَنج ۔ خراسان ملک ماورالنہر کی حد پر ایک شہر ہے

الف با زائے

اِزدِواج ۔ جفت کرنا اور نکاح کرنا مرد و عورت کا جفت ہونا

اِزعاج ۔ ہلانا اور اُٹھانا جنبش دینا و بلند کرنا باہر نکالنا

الف با سین

اِستِعلاج ۔ علاج کا طالب ہونا معالجہ چاہنا بیمار کا

اِستِدراج ۔ وہ باتین جو خلاف قیاس کسی سے ظاہر ہون اگر کسی ولی خدا پرست سے ظاہر ہون تو اسکو کرامت کہینگے اور اگر کسی کافر سے ظاہر ہون تو استدراج کہینگے

اِستِمزاج ۔ مزاجدانی کرنا مزاج کا حال پوچھنا دریافت کرنا

اِسفیدباج ۔ شوربا گوشت جو مصالح ہو یعنی صرف شوربا

اِستِخراج ۔ خواہش نکالنے کی کرنا اور باہر نکالنا باہر لانا

اَسفَنج ۔ ابر مردہ مول بادل جو پانی اُٹھا لیتا ہے۔

اِسفیداج ۔ سفیدا جو مشہور چیز ہے اور سفید رنگ اور ادویات مین مستعمل ہے۔

الف با شین

اَشَج ۔ شکستہ سر یعنے وہ جسکا سر پھٹا ہو۔

الف با عین

اِعوِجاج ۔ ٹیڑھا ہونا کج ہونا خم دار ہونا بخلاف راستی کے

اَعرَج ۔ لنگ یعنے وہ شخص جو ایک پاؤن رکھتا ہو۔

الف با فا

اِفلاج ۔ فالج ہونا بے حس وحرکت ہونا بیکار ہونا [illegible]

افواج ۔ جمع فوج یعنے بہت سے لشکر انبوہ فوج سوار پیادہ

الف با لام

اِلتجاج ۔ ستیزہ کرنا دشمن سے لڑنا جنگ کرنا معرکہ کرنا

الف با میم

اِمتزاج ۔ کسی چیز کا ملنا دوسرے کے ساتھ اکیزاج ہونا

اماج ۔ نشانہ تیر کا جہاں تیر لگایا جاوے ۔

الف با نون

اِندِراج ۔ داخل ہونا اندر آنا اور بیٹھا جانا اور درج ہونا

انموذج ۔ نمونہ نمودار ونشان کسی چیز کا ۔

اِندِماج ۔ ملنا واستوار ہونا پیوست ہونا اور شیر ہونا

اِنضاج ۔ پختہ کرنا خلط ومادہ وزخم ومیوہ کا کمال پر پہنچانا

انگشت پیچ ف ۔ عہد وپیمان کرنا بیعت کرنا کسی قول وقرار پر

انبج ۔ معرب انبہ جو میوہ مشہور ہے اور ہندوستان میں ہوتا ہے

الف با واو

اَوج ف ۔ بلندی وابندترین جگہ کا کب کی عروج اور بلندی ایسا چیز کی ۔

اَوداج ۔ جمع ودج گردن کی رگیں جنکے کٹ جانے سے انسان مرجاتا ہے

الف با ہا

اَہوج ۔ احمق شتاب کار فربہ جسم دراز قد جو قوت لے

اِہلاج ۔ معرب ہلیلہ یعنے ہڑہ جو ایک مشہور دوا ہے

الف با یا

اِیارج ۔ ایک مرکب دوا کا نام ہے جو مسہل ومنقی دماغ ہے

اِیرج ۔ نام پسر فریدون بادشاہ کا ۔

ایچ ف ۔ معنے اسکے کچھ نہ اور ناکارہ وخراب ۔

اِیلاج ۔ کسی چیز کو کسی چیز میں لانا دو چیز کا ملانا

دوسری فصل

اُن لغات کے بیان میں جنکے اول حرف با اور اخیر میں جیم ہے

با با الف

باج ۔ محصول جو بادشاہ زمیندار ون یا دریا سے لیتے ہیں

بادنج ۔ معرب بادلش جسکے معنی توپ کے ہیں ۔

بادسنج ف ۔ خام طمع وبیہودہ گو بیہودہ باتین کرنیوالا ۔

با با خا

بخچ ف ۔ کوتہ وپست اور چوڑا ہوا جسکو گوشت پچکو کہیں

با با رائے

برنج ۔ معرب برنگ پیتل اور چانول جو غلہ مشہور ہے

بُرج ۔ گنبد برج اسکی جمع ہے وہ عمارت جو گول ہو

با با سین

بسیج ف ۔ قصد ارادہ تیاری آمادگی جو کسی کام میں کریں

بسفایج ۔ نام دوا کا جو ایک درخت کی لکڑی ہوتی ہے

با با لام

بلج ۔ نام جزیرہ جو بے گوشت کے ہے اور نہایت لذیذ ہوتا ہے

با با نون

بنج ع معرب بنگ اجوائن خراسانی کہ بھنگ جسکو قنب کہتے ہین۔

پنج ف پانچ بحساب شمار جسکو عربی مین خمس کہتے ہین

پنج گنج ف پنج حواس انسانی و نماز پنجگانہ جو مسلمانون پر فرض ہے

پنہان تشنج ف وہ شخص جو دلمین کینہ رکھے اور دلمین دشمن ہو

با با واو

پوچ ف خالی و بے مغز و ناکارہ و بیہودہ و خراب۔

با با ہا

بہیج ع خوش و خورسند آدمی بیغم بے اندیشہ انسان

بہراج ع نام بادشاہ جو بڑا بادشاہ عظیم الشان تھا۔

بہرنج ع کھوٹا درم اور ہر چیز زبون و بد ناپسند۔

با با یا

بیلیتہ پیچ ف کشتی کے فنون سے ایک فن کا نام ہے

تیسری فصل

اُن لغات کے بیانمین جنکے اول حرف تا اور اخیر مین جیم ہے

تا با الف

تاج ع کلاہ یعنے ٹوپی جو سر پر پہنتے ہین مجازاً بادشاہی تاج

تاجیج ع شعلہ مارنا آگ کا بلند ہونا اور بھڑکنا آگ کا۔

تاراج ف لوٹ فارسی مین بلفظ دادن و کردن مستعمل

تا با تا

تتماج ت ایک قسم کی آش کا نام ہے جو ترک لوگ پکاتے ہین

تا با خاء

تخالج ع وسواس و شک و شبہ جو کسیکے نسبت عائد ہو

تخریج ع نکالنا خارج کرنا کسی چیز کو کسی جگہ سے۔

تا با دال

تدریج ع درجہ بدرجہ و پایہ بپایہ پہونچانا و آہستگی کلام کرنا

تا با را

ترویج ع مشہور کرنا رواج دینا جاری کرنا کسی چیز کو

ترنج ع چین و شکنج۔

ترنج ع نقش و نگار جو کپڑونپر کرتے ہین اور ایک قسم کا میوہ

تا با زا

تزویج ع جفت کرنا نکاح کرنا ایک کا دوسرا جوڑا ہونا۔

تا با شین

تشنج ع کھینچا جانا عضو کا حرکت سے رہ جانا کسی عضو کا کام

تا با عین

تعرج ع عروج کرنا بلند چڑھنا اوپر کو جانا صاحب تنبیہ

تا با فا

تفرج ع خوشی کرنا سیر و تماشا مین مشغول ہونا۔

تا با کاف

تکرج ع خراب ہوجانا سڑجانا بدبو ہوجانا طعام وغیرہ کا

تکرج ع پھپھوندی وہ سبزی جو پانی و اچار پر آجاتی ہے اور باسی روٹی پر بھی یہ سبزی ظاہر ہوتی ہے۔

تا با لام

تلاج ۔ شور وغوغا آدمیون کا جو کسی ہجوم کے وقت اٹھے
تلیج ۔ تشنگی وحرص وہواے بیہودہ جس سے کچھ حاصل نہو

تا با میم

تموج ۔ موج مارنا پانی کا اور طغیانی آب دریا وغیرہ

تا با نون

تنضیج ۔ پکانا کسی مادہ کا بذریعہ دوا کے تیار کرنا جوش دینا

تا با ہا

تہیج ۔ سوج جانا پھول جانا زیادہ ہونا بڑھنا۔
تہییج ۔ گرد وغبار کا ظاہر ہونا خاک کا اڑنا۔

تا با یا

تیہوج ۔ معرب تیہو جو ایک جانور ہے لوا اسکو کہتے ہین
تیماج ۔ بلغار ادیم جو ایک قسم کا خوشبودار چمڑہ ہے

چوتھی فصل

اُن لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ثا اور اخیر مین جیم ہے

ثا با جیم

ثجیج ۔ گرانا پانی اور خون کا بہنا کثیر بہانا پانی وخون کا

پانچوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جنکے اول حرف جیم اور اخیر مین بھی جیم ہے

جیم با الف

جاج ۔ ف توران مین شہر ہے جسکو تاشکند او شاش کہتے ہین

چھٹی فصل

اُن لغات کے بیان مین جنکے اول حرف حا اور اخیر مین جیم ہے

حا با الف

حاج ۔ حج کرنیوالا زیارت اور بہت سے حاجی بھی حاج
دونو پر آتا ہے۔
حائج ۔ حیج دینے نقصان دینے والا زیان
پہونچانیوالا کسی کام مین۔
حجاج ۔ ولید خلیفہ کے دربار مین یہ ایک ظالم امیر تھا جسنے
ستر ہزار علما وفضلا وسادات ناحق قتل کیے۔
حجج ۔ جمع حجت حجتین بہت سی دلیلین اور سندین
حج ۔ زیارت وطواف کعبہ۔
حجج ۔ جمع حجہ جسکے معنی سال کے ہین۔

حا با دال

حدائج ۔ پردہ دار کجاوے جو اونٹوں پر لادتے ہین

حا با را

حرج ۔ تنگی وسختی ونقصان وزیان جو کسی کام مین پہونچے

حا با لام

حلاج ۔ آدمی سے پنبہ دانہ نکالنے والا اور دھنیا اور لقب
حسین بن منصور حلاج کا جو موحد ولی تھا اور کلمہ انا الحق

بر ملا کرنے کے سبب سے علماے شرع نے اُسکی نسبت قتل کا فتویٰ لکھا اور وہ بغداد مین خلیفہ بغداد کے حکم سے دار پر کھینچا گیا۔

حا با واو

حَوائج جمع حاجت خلاف قیاس یہ جمع ہے۔

حُجّاج جمع حاجہ و حاج حج کرنیوالے لوگ جو حج کر چکے ہون

ساتوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جنکے اول

حرف خا اور اخیر مین جیم ہے

خا با الف

خارِج باہر الگ نکلا ہوا ایک جگہ سے بیدخل ہوا ہوا

خاتِج چلیپا و صلیب نصارا کا جو نصارا تبرکا اپنے پاس رکھتے ہین

خا با جیم

خَجِ مخفف خجالت شرمندگی و شرمساری و ننگ و عار

خا با دال

خِدَاج ناقص ہونا تمام اور نکلنا حمل خام کا عورت کے پیٹ سے

خا با راے

خُرُوج نکلنا باہر آنا خرچ ہونا الگ ہونا چلے جانا۔

خُرُوج نکلنا باغی ہونا ہنگامہ برپا کرنا لڑائی کیواسطے۔

خَراج محصول و مالگذاری جو زمیندار بادشاہ کو دیتے ہین

خا با زاے

خَزْرَج نام ایک قبیلہ عرب کا ہے۔

خا با شین

خَشیج عنصر ضد مخالف یعنے آگ ہوا خاک پانی۔

خا با لام

خَلیج نہر یا شاخ جو دریا سے نکلی ہوا جوا پانی کا۔

خَلْج باہر کھینچنا کھینچکر باہر نکالنا۔

خا با واو

خَوارِج جمع خارج اور خارجی ایک فرقہ منکر سے علی مرتضیٰ کا

تختہ نرد ف وہ تختہ جس پر نرد کھیلیں اور نرد نام ایک کھیل کا جو بساط نرد کے ذریعہ سے کھیلتے ہیں۔

تا با راء

تربُد ع نام دوائے مسہل جس کو نسوت کہتے ہیں اس کے کھانے سے دست آتے ہیں۔
تردید ع رد کرنا پھر لانا پھیر دینا اور کرنا ردی کا۔
تردّد ع پھرنا سپنا آنا جانا محنت کرنا زراعت کرنا۔
ترصّد ع امیدوار ہونا کسی سے امید رکھنا طمع رکھنا۔
ترکی تمام شد ع لاجواب ہوا بات ختم ہوئی تقریر کر چکا۔
ترجیع بند ف یہ ایک قسم کی نظم ہے جو چند مصرعوں کے بعد بار بار وہی دو مصرع لاتے ہیں۔
ترکیب بند ف یہ ایک قسم کی نظم ہے جو چند مصرعے ایک قافیہ و ردیف کے لکھ کر دو مصرعے اور مختلف قافیہ و ردیف کے لاتے ہیں۔

تا با زاء

تزاید ع بڑھنا زیادہ ہونا ترقی پانا پہلی حالت سے۔
تزاوید ع بہت سے چین اور شکن جو کسی چیز میں ہوں۔

تا با سین

تساعُد ع مدد کرنا یار ہونا کا جفتی ہونا نر کا مادہ سے

تسدید ع راست و درست و مضبوط کرنا قائم کرنا کسی چیز کو۔
تسوید ع سیاہ کرنا اور لکھنا مسودہ کرنا۔

تا با شین

تشدید ع سختی کرنا و استوار کرنا مضبوط کرنا سخت پکڑنا کسی کو۔
تشدد ع سخت کرنا سختی سے پیش آنا سخت گیری کرنا۔
تشہد ع گواہی دینا کلمہ شہادت پڑھنا۔
تشاہد ع باہم گواہی کرنا کسی کاغذ یا سند پر۔
تشئید ع بلند کرنا مضبوط کرنا دیوار کا چونا اور گچ سے
تشحید ع تیز کرنا چھری و تلوار کا پتھر وغیرہ پر۔

تا با صاد

تصعید ع اونچے مکان پر چڑھنا بلند ہونا صعود کرنا۔
تصاعد ع اونچے جانا بلند مکان پر چڑھنا دولتمند ہونا۔
تصید ع شکار کرنا شکار کھیلنا۔

تا با عین

تعداد ع شمار کرنا گننا حساب کرنا کسی چیز کا۔
تعقید ع پوشیدہ سخن کہنا آہستہ بولنا کانا پھوسی کرنا۔
تعدید ع شمار کرنا گننا حساب کرنا۔
تعند ع عناد و دشمنی کرنا عداوت رکھنا کسی سے۔
تعہد ع ذمہ دار ہونا ضامن ہونا عہد کرنا کسی سے۔
تعبد ع بندگی کرنا عبادت کرنا تابعداری کرنا۔
تعود ع عادت کرنا خوگیر ہونا کسی بات پر۔

تا با فاء

تفقد ع دلجوئی کرنا گم شدہ چیز کو ڈھونڈھنا مہربانی کرنا۔

تفرد ع یگانہ ہونا الگ ہونا اکیلا ہونا فرد ہونا۔
تفرید ع یگانہ کرنا اکیلا کرنا فرد کرنا کسی کو۔
تفنید ع نسبت دینا کسی کو ساتھ ضعف رائے اور دروغ کے

تا با قاف

تقیید ع قید کرنا بند میں رکھنا محبوس رکھنا کسی کو۔
تقید ع پابند کرنا قائم و استوار کرنا کسی کو کسی بات پر
تقلد ع پیروی کرنا متابعت کرنا حلقہ گلے میں ڈالنا۔
تقاعد ع باز رہنا کسی کام سے ہٹ جانا۔
تقلید ع پیروی کرنا گلوبند گلے میں ڈالنا متابعت کرنا۔

تا با میم

تمجید ع بزرگ جاننا بزرگی کے ساتھ نسبت دینا کسی کو
تمہید ع بچھانا ہموار کرنا درست کرنا آراستہ کرنا۔
تمرد ع سرکشی کرنا سر پھیرنا نافرمانی کرنا۔
تمدد ع درازی و کشیدگی جو کسی چیز میں ہو۔

تا با نون

تند ت تیز اور سخت لو اور ہوا وغیرہ۔
تنومند ت قوی جسم فربہ جسم زورآور پہلوان آدمی۔
تناد ع ندا کرنا اور یوم التناد روز قیامت کا نام ہے
کہ اس روز ہر ایک شخص حساب کتاب کے لیے بلایا جائیگا۔

تا با واو

توکید ع پکے و استواری و مضبوطی و استحکام و پائداری
تولد ع پیدا ہونا اولاد یعنی پسر و دختر کا۔
تولید ع جننا کسی لڑکی یا لڑکے کا۔

تَوَالُدْ ع اولاد پیدا کرنا لڑکی لڑکا جننا۔
تَوَحُّدْ ع اکیلا ہونا تنہا ہونا فرد ہونا یگانہ ہونا۔
تَوحِید ع اکیلا ہونا تنہا ہونا خدا کو ایک جاننا۔
تَوَقُّد ع روشن ہونا آگ کا بسبب ٹیڑھے ایدھن کے۔
تَوَدُّد ع دوستی پیدا کرنا باہم دوست ہونا پیار کرنا۔
تَوَارُد ع دو شخصوں کا ایک جگہ پر اترنا اور نکلنا ایک مصرع کا دو شاعروں کی طبیعت سے سرزد ہونا۔

تا با ہا

تَہَجُّد ع رات کو بیدار ہونا نماز پڑھنا رات کا۔
تَہدِید ع ڈرانا خوف دلانا دہشت دلانا۔

پانچوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ثا اور اخیر مین دال ہو

ثا با را

ثَرِید ع ٹکڑے روٹی کے شوربا مین بھیگے ہوئے۔

ثا با میم

ثَمَد ع آب اندک تھوڑا پانی جو کسی تالاب یا حوض مین ہو۔
ثَمُود ع صالح پیغمبر کی قوم کا نام ہو جو خدا کے قہر سے ہلاک ہوئی صالح نے انکے کہنے سے دعا کی اور ایک اونٹنی مع بچے کے پہاڑ سے بحکم الٰہی نکل آئی تسپر بھی وہ منکر ہے اور اونٹنی کو مار ڈالا اسپر آخر عذاب نازل ہوا اور وہ سب اُس عذاب سے مارے گئے۔

چھٹی فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف جیم اور اخیر مین دال ہو

جیم با الف

جَادَاد ف اسباب مکان وغیرہ سامان خانہ داری
جَامِد ع جما ہوا اور وہ لفظ جو مصدر و اسم جامد اُسکو کہتے ہین
جَاوِید ف ہمیشہ علی الدوام جو بات ہوتی ہو۔
جَاحِد ع وہ شخص جو جان بوجھ کر منکر ہو۔

جیم با حا

جَحَدْ ع عمداً انکار کرنا جان بوجھ کر منکر ہونا۔
جُحُود ع دیدہ و دانستہ انکار کرنا سچ بات سے منکر ہونا۔

جیم با دال

جَدِید ع نئی بات نئی چیز جو نئے سر سے ہو۔
جَدَد ع زمین ہموار اور صاف میدان کھلا صحن۔
جُدُد ع جمع جدد یعنی بہت سے راستے و طریق۔
جَد ع بخت و نصیب و بزرگی و تونگری و پدر پدر و پدر مادر یعنی دادا اور نانا۔
جُہد ع کوشش و بیدماغی اور محنت جس سے کار برآری ہو۔

جیم با را

جَرِید ع شاخ یعنی ٹہنی جو ایک مشہور پرند ہو۔
جَرِیدَہ ع قاصد جاسوس و پیک ایستہ چلنے والا۔
جَرَائِد ع بہت سے دفتر اور بہت سے کاغذات۔
جَرْد ع قبض و بسط کھلا اور بند۔

جیم با سین

جَسَد ع تن و جسم خاص آدمی کا انسان کا وجود۔

جیم با عین

جَعْد ع موے مرغول مجازاً زلفین انسان کی۔

جیم با کاف

جگر بند ف مجموع جگر و شش و دل وغیرہ مجازاً فرزند بیٹی بیٹا۔

جیم با لام

جَلِید ع برف جو آسمان سے گرتی ہی برفستان مین۔

جَلَد ع تازیانہ لگانا چست چالاک تیز و شتاب۔

جِلد ع پوست انسان یا حیوان کے بدن کی کھال۔

جُلُود ع حیوانوں کے چمڑے بدن کی کھالین جمع جلد ہی۔

جَلْمَد ع سخت پتھر جو اور پتھرون سے سخت ہی۔

جَلّاد ع درّہ مارنیوالا پوست کھینچنے والا قتل کرنے والا بموجب حکم بادشاہ کے۔

جُلْمُود ع سخت پتھر جو نہایت سخت ہو۔

جیم با میم

جَمَاد ع جو چیز ذی جان نہو اور زمین بلند جسپر پانی نہ ٹھہرے۔

جُمُود ع جم جانا پانی کا اور افسردہ ہونا۔

جُمُود ع جما ہوا اور بندھا ہوا پانی یا کوئی اور چیز

جَمَد ع یخ و برف جو پہاڑ پر گرتی ہی۔

جَمْشِید ف نام ایک بادشاہ عظیم الشان کا ہی۔

جیم با نون

جُنْد ع لشکر سپاہ و نام دوا کا جو خایہ سگ آبی ہوتا ہی

جُنُود ع بہت سے لشکر اور بہت سی فوجین۔

جُنَید ع نام ایک ولی بغدادی کا جو نہایت کامل بزرگ تھے۔

جیم با واو

جود ع نیک چیزین اچھی اشیاء مطبوع طبع۔

جُود ع بخشش و سخاوت جو سخی کرتے ہین۔

جَوَانمرد ف بہادر سخی پہلوان نیکوکار آدمی۔

جَوْہَر فَرْد ع جز و لا یتجزے جو قابل قسمت نہو

جَوَّاد ع بہت بخشش کرنیوالا اور نام خدا تعالے جل شانہ

جیم با ہاے

جَہْد ع طاقت و کوشش و جستجو و تلاش انسانی۔

جُہْد ع رنج و مشقت و تکلیف جو کسی کام مین ہو۔

جَہد جَہید ع بہت کوشش نہایت سعی کمال جستجو۔

جِہَاد ع کفار کے ساتھ لڑنا دین کی ترقی کے لیے لڑنا۔

جیم با یاد

جَیِّد ع خوب نیک اور بہت اچھا و پسند و مضبوط۔

جِید ع گردن و عنق انسان کی۔

جِیَاد ع جمع جیّد خوب و نیک اور اگر جمع جود تصور کیا جائے تو اسپان تیز رفتار و جمع جید گردنین۔

ساتوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول جیم فارسی اور اخیر مین دال ہی

جیم باالف

چپار بندف قیدخانہ محبس مچانا دینا یا عتبا چار طرف کے

جیم باراے

چرند ف چوپایہ حیوان جو پانون سے چلتا ہو بخلاف پرند کے

جیم باشین

چشم زد ف طرفۃ العین آنکھ کا اشارہ ایک لمحہ اور ذرا سا
چشم بند ف وہ منتر جسسے نیند باندھ دیتے ہین اور
جسپر وہ منتر کیا جاتا ہو اسکو نیند نہین آتی -
چشم بد ف کسی کی بدنظر جو دوسرے کو اثر کر جاتی ہو -

جیم باغین

چغند ف بوم یعنی الو یا ایک جانور منحوس جو الو سے
چھوٹا ہوتا ہو -

جیم باقاف

چقندر ف ایک ترکاری کا نام ہو جو پکا کر کھاتے ہین -

جیم باکاف

چکاد ف پیشانی آدمی کی

جیم بالام

چلاقد ت حلقہ انسانی پہننے کا جو جنگ مین پہنتے ہین -

جیم بانون

چنند ف یہ لفظ کبھی استفہام کے لیے آتا ہو اور کبھی واسطے
خبر دینے کے -

جیم بایا

چیرہ بند ف وہ شخص جو دستار رنگین باندھتا اور لڑائی جو کرتا ہو

آٹھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف حا اور اخیر مین دال ہو

حا باالف

حاد ع تیز و تند چاہے کچھ چیز ہو -
حاسد ع حسد کرنے والا دوسرے شخص کا زوال
نعمت چاہنے والا -
حامد ع تعریف کرنیوالا خدا کی حمد پڑھنے والا شخص -
حافد ع یار دوست خادم رفیق نیکخواہ پیارا -

حا باجیم

حجر الاسود ع سنگ سیاہ جو کعبہ مین رکھا ہو اور
حاجی چومتے ہین -

حا بادال

حد ع کنارہ ہر چیز کا اور مارنا گنہگار کو شریعت کے حکم
کے موجب -
حدود ع جمع حد کی بہت سے کنارے اور بہت سی سزا شریعت کی
حداد ع آہنگر یعنی لوہار لوہے کا کام بنانے والا -
حدید ع لوہا اور وہ چیز جسکو تیز کیا گیا ہو مثل چھری
وغیرہ کے -

حا باسین

حسد ع کسی کی نعمت کا زوال چاہنا دیکھکر جلنا -
حسن مقید ع حسن مخلوقات کا اور حسن عالم ایجاد کا -
حسود ع بدخواہ اور بہت حسد کرنے والا -

حُسَّود ع جمع حاسد یعنی بہت سے حسد کرنیوالے لوگ

حا با صاد

حَصد ع کاٹنا زراعت اور خشک گھاس کا اور محکم کرنا

حَصاد ع زراعت کاٹنا خشک گھاس کا کاٹنا ۔

حا با فاء

حَفد ع خدمت کرنا شتاب کرنا جلدی کرنا ۔

حُفِد ع خدمت کیا گیا شتاب کیا گیا جلدی کیا گیا ۔

حا با قاف

حِقد ع کینہ و عناد و بغض جو دل مین ہووے ۔

حا با لام

حل عقد ع کھولنا باندھنا انتظام کرنا بند و بست کرنا

حلواے بیدف میوہ ہاے شیرین اور لذیذ مجازاً رطب

حا با میم

مُحَمَّد ع تعریف کیا گیا سراہا گیا صفت کیا گیا ۔

حمد ع ستائش کرنا جناب باری کا تعریف کرنا خدا کی ۔

مَحامِد ع نیک خصلتین اور نیک خاصیتین نیک خوئین ۔

نوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف خا اور اخیر مین دال ہے

خا با الف

خاوند ف مخفف خداوند صاحب و مالک شوہر عورت کا ۔

خارسند ف کھیتی کی باڑ جو چار طرف بنائی جاے ۔

خالد ع ہمیشہ رہنے والا اور نام اصحاب محمد صلعم کا ۔

خانہ خورشید ف برج اسد جو سورج کا گھر ہے ۔

خاکزاد ف آدمی انسان جو خاک سے پیدا ہوا

خانہ زاد ف گھر جم یعنی اپنے غلام کا فرزند ۔

خا با باء

خُبث الحدید ع لوہے کا میل جو مشہور چیز ہے ۔

خا با جیم

خُجستہ بنیاد ف لقب شہر اورنگ آباد کا جو دکن مین ہے

خُجند ف ماوراء النہر مین ایک شہر ہے جسکا یہ نام ہے ۔

خا با دال

خُداوند ف صاحب و مالک و آقا و ولی نعمت

خَد ع رخسارہ انسان کے گال ۔

خا با راے

خردمند ف دانا و ہوشیار عقلمند لئیق ۔

خَرد ف عقل ہوش دانائی انسان کی ۔

خُرداد ف اساڑھ کا مہینا اور چھٹا روز ہر ماہ کا

خُرسند ف خوش و رضامند صاحب فرحت و آرام ۔

خَراد ع لکڑی کو چرخ پر چڑھا کر درست کرنا ۔

خَرائد ع زنان بکر و شرمگین اور موتی ناسفتہ ۔

خُرد مُرد ف ریزہ ریزہ پارہ پارہ ٹکڑے ٹکڑے

خُرد ف چھوٹا ضد بزرگ و ریزہ ہر چیز کا ۔

خُرشید ف سورج روشن یعنی خر سورج اور شید روشن

خا با شین

خُشنود ف خوش و خورسند و خاطر جمع و رضامند و خوشحال

خا با لام

خُلد ع بقا ہمیشگی و نام بہشت اور ایک قسم موش کور کا۔

خُلُود ع ہمیشگی اور بقا یعنی ہمیشہ رہنا ہمیشہ جینا۔

خا با میم

خُمُود ع آگ کا بجھنا بیہوش ہونا آرام پکڑنا سو جانا۔

خا با واو

خوردادف نام ایک ماہ شمسی کا منجملہ بارہ مہینوں کے۔

خویشاوندف رشتہ دار قریبی یک جدی لوگ۔

خُورْدف طعام و چھوٹا و لائق اور کھایا اور متصل ہونا۔

خُشیدف خشک ہوا بے آب ہوا۔

خودف لوہے کی ٹوپی جو جنگ میں سر پر رکھتے ہیں۔

خودبخودف آپ ہی آپ بلا دخل کسی دوسرے کے۔

خواب صیادف غفلت و مکر و فریب اور دغا۔

خوشنودف خوش و خرم و خوشدل بخلاف غمگین کے۔

خورشیدف سورج روشن یعنی خور سورج اور شید روشن۔

خوید و خیدف سبز چارہ اور سبز گھاس ہویشی کی۔

خا با یا

خیربادف کلمہ رخصت بوقت رخصت کرنے کسی دوست کے بولا جاتا ہے۔

دسویں فصل

اُن لغات کے بیان میں جن کے اول حرف دال اور آخر میں بھی دال ہے

دال با الف

دادف عدل و انصاف و عطا و بخشش و مہربانی۔

داؤد ع ایک پیغمبر کا نام ہے جو سلیمان پیغمبر کا باپ تھا۔

دارالجہاد ع وہ شہر جہاں جہاد کرنا جائز ہو کفار کا شہر۔

داماد ف شوہر دختر کہ خدا وہیجا و رہ ہند شوہر دختر یعنی جوائی۔

دارالاسد ع مرض خزام کوڑھ کی بیماری جو مہلک ہے۔

ذال با دال

ذُودف ہر چہار پایہ جو درندہ ہو مثل سگ و گرگ و شیر وغیرہ

دال با راے

دَرْبندف نام شہر و نام قلعہ و گذرگاہ دریا و فاصلہ درمیان دو ولایت کے۔

دردمندف صاحب تکلیف و بیمار و مریض۔

دَرُوبَندف نام شہر و بند در و قفل دروازہ۔

دُرْدف شراب و پانی کا میل جو نیچے بیٹھ جائے۔

دَرْخوردف لائق و سزاوار۔

دَرودف رحمت و استغفار و دعا و تسبیح اور کاشنا لکڑی کا

دَرْدف تکلیف و رنج و دکھ و آزار و بیماری اور ایک قسم کی

دال با زاے

دُزدف چور جو کسی کی کوئی چیز چھپا کر لیجائے۔

دال با سین

دست بُردف غلبہ و فیروزی و چالاکی جو دشمن پر حاصل ہے۔

دست بندف پہونچی جو ایک قسم کا زیور ہے۔

دست مزدف اجرت و مزدوری جو مزدور کو ملے۔

دال با لام

دلبندف مجازاً فرزند پیارا اور دوست۔

دلپسند ف مطبوع چیز جسکو دلپسند کرے۔

دال با نون

دندان سفید ف ہنستا ہوا کھلتا ہوا خوش آدمی۔
دندان کُلند ف ضعیف و پیر جسکے دانت ہلتے ہون۔

دال با واو

دُوُد ع جمع دودہ بہت کرم اور فارسی مین دھوان جو آگ سے نکلے۔
دُوُ چند ف دوگنا یعنی حصہ ایک حصہ زیادہ یعنی پہلے دو چار

دال با ہا

دہان بند ف زبان بندی کا تعویذ جسکے عمل سے زبان اُس شخص کی بند ہو جاتی جسپر وہ کیا جاے۔

دال با یا

دیوزاد ف اسپ قوی ہیکل جو فربہ اور اونچا اور لمبا ہو۔
دیوزدہ ف آسیب زدہ جسکو جن یا دیو کا سایہ ہو۔
دیوار بلند ف کنایۃً دولتمند و صاحب جاہ و والا آدمی۔
دیو سپید ف وہ دیو جسکو رستم نے قتل کیا۔

گیارھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ذال اور اخیر مین دال ہو

ذال با الف

ذات العماد ع مکان ستوندار مضبوط و مستحکم اور اونچا محل

بارھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف راے اور اخیر مین دال ہو

راے با الف

راد ع سخی و بہادر و جوانمرد و مرد میدان۔
رآد ع رد کرنیوالا دور کرنے والا۔
رَاوند ع ایک نبات زرد رنگ جسکو ریوند کہتے ہین۔
راصد ع منجم یعنی نجومی ستارہ شناس فال بین۔
راعی العباد ع پاسبان بندونکا یعنی بادشاہ وقت
راکد ع بند پانی جو جاری نہو یعنی ٹھہرا ہوا پانی۔

راے با باے

ربع شداد ع باغ ارم جو شداد نے بنایا تھا خدا نے اُسکو لوگون کی آنکھون سے پوشیدہ کر دیا۔

راے با دال

رَدّ ع موڑنا اور ٹھرنا اور پوٹلانا اور رَدّہ دیوار کا جو ...
رَدّ ع یار دوست رفیق آشنا مینت پیارا۔
رَدُّ و بَدل ع مج باتین جو بوقت بحث و مناظرہ کہتے ہین

راے با شین

رُشد و رَشَد ع راہ راست پر آنا مرشد کے ارشاد پر عمل کرنا
رشید ع راہ راست دکھلانیوالا و تدبیر راست و نام سپہر خاقانی۔
رشاد ع راہ پر ہونا و خردل و تخم تروتیزک یعنی ہالون۔

راے با صاد

رَصَد ع بلند چبوترہ اور امید رکھنا اور امیدوار ہونا کسی

راے با عین

رَعد ع نام فرشتہ موکل ابر جو گرجتا ہے اور اسکی آواز

رائے با غین

رَغَدۂ عیش خوش و نعمت و مال و جاہ و آرام دنیا کا۔

رائے با فاء

رَفَدۂ کاسہ بزرگ بڑا پیالہ لکڑی کا یا کسی اور چیز کا

رائے با قاف

رُقودۂ خواب کرنا اور خواب کرنے والے جمع
راقد جسکے معنی خواب کرنے والا ہین۔

رائے با کاف

رکناباد ف نام تفرج گاہ مقام شیراز اور سبزہ زار شیراز۔
رگ بند ف ٹپی جو زخم پر باندھتے ہین۔

رائے با میم

رمادۂ خاکستر جسکو ہندی مین راکھ کہتے ہین۔
رمدۂ سرخ ہونا آنکھونکا آشوب آنکھون کا۔

رائے با نون

رِند ف وہ منکر جو احکام شرع سے عمداً انکار
کرے اور آدمی بے قید و بدمست۔
رندہ ف تیما ناچیرانا و خوشبو و گرد و خاک و تراشہ لکڑی کا
رنودۂ تتبع رند فارسیان عربی دان جمع رند بہت سے بے قید لوگ

رائے با واو

روح مجرد ۂ روح مطلق و جبرئیل یعنی فرشتگان مقرب
رود مند ف معزز و دولتمند مالدار غنی اور شرمندہ۔
رود ف نہر جاری نام ساز و رودہ گوسپند و رودہ کمان
روکش ف برقعہ و برقعہ پوش یعنی وہ عورت جسنے برقعہ پہنا ہو

روئیداد ف ماجرا و احوال و ماہیت و کیفیت ہر چیز کی

رائے با ہاء

رَہ آورد ف تحفہ و سوغات جو کوئی سفر سے لاوے
اور دوستون اور رفیقون کو دے

رائے با یاء

ریش خند ف استہزا و تمسخر ہنسی جو کسی سے کیجاوے۔
ریش بر باد ف غرور و تکبر اور ہوا و ہوس۔
ریوند ف نام ایک دوا کا جسکو ریوند بھی کہتے ہین

تیرھوین فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف زا اور آخیر مین دال ہے

زائے با الف

زاد ۂ عربی مین توشہ اور فارسی مین فرزند و سن و سال۔
زاہد ۂ زہد کرنیوالا عبادت کرنیوالا محنت کرنیوالا۔
زامیاد ف ستائیسوین روز ماہ شمسی کا نام ہے
زائد ۂ بڑھا ہوا زیادہ ہوا ہوا اپنے اندازہ سے۔

زائے با باء

زبان بند ف خاموش و تعویذ زبان بندی
جو عامل لکھتے ہین۔
زبادۂ گربہ صحرائی یعنی مشک بلائی کے خصیون
کا عرق جو نہایت خوشبودار ہوتا ہے۔
زبدۂ پانی اور دودھ اور چاندی سونے کی جھاگ۔
زبرجدۂ زمرد سبزہ جسکو پنا بھی کہتے ہین اور قیمتی پتھر

ہوتا ہے کان کی تیزی ہے۔

زاے با راے

زرآوہ زرہ گر اور نام ایک فاضل کا جو اجل فاضل تھا
زرسفیدہ چاندی و نقرہ جسکا رنگ سفید ہوتا ہے۔
زراوندف۔ دوا دو قسم کی ایک طویل دوسری مدحرج ہوتی ہے
زرنباد ع نرکچور جو ایک دوا کا نام ہے۔
زرہ گلیمین لقمہ اُتارنا اور زرہ بنانا جو جنگ مین پہنتے ہین اسواسطے کہ جسم کو اُسکے گزند نہ پہونچے۔
زرو ع زرہ اور بہت کھانا و پیٹ بھر کے کھانا۔
زرد ع قسم غلہ جسکو جوار کہتے ہین زرت بھی صحیح ہے۔
زرد ف بہت کھانا پیٹ بھر کے کھانا۔
زرود ع مکہ کے راہ مین ایک مقام ہے آبکا نام ہے۔

زاے با غین

زغندف جست کود پھاند جو کشتی مین کرتے ہین۔

زاے با لام

زلہ بندف جو شخص باسی کھانا کھاے ایک وقت کا کھانا دوسرے وقت کھاے۔

زاے با میم

زمردف مشہور جوہر ہے جسکو پنا کہتے ہین سبزہ بھی اسکا نام ہے
زمیادف ستائیسوان دن ہر ماہ شمسی کا۔

زاے با نون

زندف نام کتاب مجوس زرگمہ یعنی استخوان بیا عدنی بازی کی
زندہ رود ف نام نہر جو اصفہان مین ہے۔

زندہ پیل احمدف خطاب شیخ احمد جام جسکی دعا سے ہاتھی زندہ ہوا تھا
زنگانہ زود ف نام ساز جو زنگی بجاتے ہین اور نام نہر

زاے با واو

زود ف جلد و شتاب اور وہ کام جو بلا توقف کیا جاے
زور مندف صاحب قوت پہلوان و صاحب طاقت۔

زاے با ہا

زہرخندف وہ ہنسی جو غصے شرمندگی کی ہو یعنی بے حضور دل ہنسنا۔
زہدع ف کوشش و سعی جو عبادت مین بجا لاوے اور محنت شاقہ۔
زہاد ع جمع زاہد زہد کرنیوالے عبادت مین محنت کرنیوالے
زہ و زاد ف بچہ و فرزند و اہل و عیال اور گھر کے لوگ۔

زاے با یاے

زیاد ع زیادہ ہونا اور نام کافر جسنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پیرو روغ گواہی زنا کی دی تھی و نام بازی۔
زیر خورد ف نام پردہ موسیقی جو اول صبح سے گاتے ہین

چودھوین فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف سین اور اخیر مین دال ہے

سین با الف

سالخوردف پیر و ضعیف اور بڑی عمر کا آدمی بزرگ
ساز مندف ساختہ و آراستہ و تیار و بے عیب چیز۔
ساعد ع دست و ابتداے بازو یعنی ہاتھ کہنی اور بازو تک

سین با باء

سبع شداد۔ سات آسمان اور سات طبقے افلاک کے
سبد ۔ لکڑی کا ٹوکرا جسمین سبزی ڈالکر بیچتے ہین۔
سپید یت ۔ بعض سفید رنگ نام قلعہ و نام دیو و نام رود۔
سپید رود ف۔ نام رود جو شروان اور گیلان مین جاری ہے۔
سپند ف۔ نام کوہ و ہرمل جو ایک سیاہ تخم ہے اور
جلانے کے کام آتا ہے۔
سپہبد ف۔ سپہ سالار بادشاہ کا کمان افسر فوج کا۔

سین با تاے

ستد ف۔ گرفت یعنی پکڑا اور لیا کوئی اسباب یا سامان۔

سین با جیم

سجاد ۔ سجدہ کرنیوالا نماز پڑھنے والا جھکنے جانے والا۔

سین با دال

سداد ۔ راستی و درستی کردار و گفتار مین و صدق بیانی
سداد ۔ ایک بیماری کا نام ہے جس سے ناک بند
ہو جاتی ہے اور سینہ بھاری معلوم ہوتا ہے۔
سد ۔ جو چیز خلل کی مانع ہو مجازاً دیوار یا کوئی اور چیز
جس سے راہ بند ہو۔
سدید ۔ درست و محکم و استوار و مضبوط دیوار وغیرہ۔

سین با راے

سرمد ۔ ہمیشہ و دایم اور نام ایک مجذوب شخص کا جسکو
عالمگیر اورنگ زیب نے شرع کے فتوی سے قتل کیا تھا۔
سرود ف۔ نغمہ و سماع جو گاتے ہین۔
سرآمد ف۔ سردار و افسر و تمام شدہ و خاتمہ ہر چیز کا۔

سر شتہ ف۔ کوچہ بند و اختیار و آگاہی و خبرداری۔
سروآزاد ف۔ درخت سرو جسکو خزان سے نقصان نہین پہونچتا
سرخ بید ف۔ ایک قسم کی بید کا درخت ہے۔
سربلند ف۔ اونچا سردار امیر و دولتمند غنی آدمی۔
سرود ف۔ کلام منظوم و افسانہ و قصہ و کہانی۔
سرونید ف۔ عہد و عصر و زمانہ اور وقت وغیرہ۔
سرکند ف۔ جاے پناہ جسجگہ کوئی پناہ لے۔
سرخ اسود ف۔ نام ایک بزرگ کا۔

سین با عین

سعد ۔ نیکی و نیکبختی اور بائیسوین منزل منازل قمر سے
سعد ۔ ناگر موتھا جو ایک بوٹی کی جڑ ہے۔
سعد السعود ۔ ستارہ مشتری اور چوبیسوین منزل قمر۔
سعود ۔ ستارے سعد مثل زہرہ و مشتری و قمر۔
سعید ۔ نیک آدمی بہت اچھا آدمی سعادتمند۔
سعود ۔ نام چوبیسوین منزل قمر کا۔
سعاد ۔ نام زن محبوبہ جو نہایت خوبصورت عرب مین تھی

سین با غین

سغد ۔ زمین نشیب جسمین بارش کا پانی جمع رہے و نام قصبہ

سین با فا

سفاد ۔ جفت ہونا حیوان نر کا مادہ سے جماع کرنا اُنکا
سفید ۔ ابیض و روشن چٹا رنگ جو مشہور رنگ ہے۔
سفود ۔ سیخ جسکو بازن کہتے ہین کباب بھوننے کی سیخ۔

سین با میم

سمرقند نام شہر ملک ماوراء النہر میں جو دار السلطنت
اُس ملک کا ہی۔

سین با نون

سنجاب ع نام میوہ جو عناب کی طرح سرخ رنگ ہوتا ہی۔
سند ع تکیہ گاہ اور وہ چیز جسپر بھروسا ہو مثلاً تمسک و قبالہ وغیرہ
سند ع حرامزادہ بدگوہر سیاہ و نام ہندوستان خطہ ریتلی زمین ہے جسکے
سند ع سرگین آدمی جو سخت و سطبر و گندہ ہو۔
سندباد ع نام کتاب جسکو حکیم ازرقی نے نصائح میں
لکھا تھا و نام پسر گشتاسپ بادشاہ کا۔
سناد ع عیوب قوافی میں سے ایک کا نام ہی۔

سین با واو

سواد ع سیاہی و حوالی شہر و نواحی و ملکہ و ذہن و
مسودہ جو لکھا ہوا ہو۔
سودد ع سرداری و امارت و پیشوائی و عزت و حرمت
سود ع جمع اسود سیاہ رنگ فارسی میں نفع و فائدہ
جو تجارت وغیرہ سے ملے۔

سین با ہا

سہاد ع بیخوابی یعنی بیدار رہنا و نام بیماری کا۔
سہرند ع نام شہر ہند میں جو بادشاہی چغتائی میں صوبہ کا
مقام تھا۔
سہ بعد ف طول عرض عمق تینوں مدارج کا نام ہی۔

سین با یا

سید ع گرگ و درندہ یعنی بھیڑیا جو مشہور درندہ ہی۔

سید ع سردار مہتر و وہ شخص جسکی صلبی نسبت پیغمبر خدا تک پہنچے
سیاہ و سفید ف دن و رات نیکی بدی شرق و غرب۔

پندرھوین فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے
اول حرف شین اور اخیر مین دال ہی

شین با الف

شاہد ع گواہ و حاضر و معشوق و محبوب و مرغوب۔
شادمند ف خوش اصل مین شادی مند ہی۔
شاگرد ف خادم و نوکر و تلمیذ اصل مین شاہ گرد تھا۔
شاد ف خوش و خرم جسکو کوئی غم کسیطرح کا نہو۔
شارد ع چلنے والا پریشان و پشیمان و پراگندہ دل۔
شاد باد ف خوش و آسودہ ہو یہ کلمہ دعائیہ ہی۔
شاید ف ہو یا نہو یا نہین یہ کلمہ شبہہ و شک کا ہی۔

شین با بے

شب گرد ف چور اور کوتوال و چوکیدار جو رات کو پھرتا ہی

شین با دال

شد ف ہوا گیا گذرا۔
شدائد ع تکلیفین اور غم و اندوہ اور سختیان و رنج۔
شدید ع سخت و محکم و مضبوط جس چیز مین نرمی نہو۔
شد ع نام اعراب اور استوار کرنا سخت کرنا۔
شدود ع مال و دولت و شان و شوکت نام و نشان و عزت و آبرو

شین با عین

شعاد ف نام شہر اور رستم جسنے رستم کو فریب سے قتل کیا تھا

شین با کاف

شکرخند ف خوشی کا ہنسنا جو انسان دل کی خوشی سے ہنسے

شین با میم

شنبلید ع نام ترہ جسکو میتھی کہتے ہیں میتھی کا ساگ۔

شمشاد ف نام درخت جو بلند ہوتا ہی اور شعرا قد کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں۔

شین با واو

شوارد ع رمندگان و پیتابیہا جمع شاردہ شیر مادہ رمیدہ

شواہد ع جمع شاہد بہت سے گواہ اور بہت سے معشوق۔

شین با ہا

شہربند ف حصار و محبوس و مقید جو کہین جا نسکے۔

شہید ع گواہ اور جو شخص براہ خدا مارا جا وے نام شاعر کا۔

شہود ع حاضر ہونا اور حاضر ہونیوالا اور گواہان اور وہ حالت جو مراتب کثرات و موہومات سے گذر کر مقام توحید عیانی پہونچ جاے اور تمام خلق میں صورت خالق نظر آئے۔

شہرود ف عراق میں ایک رود ہی و نام ساز جسکو بجاتے ہیں۔

شین با یاے

شید ع مکر و فریب و دغا جو کسی سے کیا جاے۔

شید ع بیاے مجہول روشنی و بیاے معروف آہک و چونہ و گچ۔

شیاد ع مکار و فریبی و دغا باز آدمی۔

سولھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف صاد اور اخیر مین دال ہی

صاد با الف

صاعد ع اوپر چڑھنے والا بلند جانیوالا صعود کرنیوالا

صاد با دال

صدد ع نزدیکی و مقابلہ و برابری و ارادہ و درپے ہونا کسی شخص کا

صدر نجند ف امیر بالانشین و بلند چبوترہ جسپر امیر بیٹھے

صدید ع زرد آب جو دنبل یا زخم سے نکلتا ہی یعنی ریم۔

صدف ایک سیپ جس میں موتی ہوتا ہی

صاد با راے

صرد ع جانور کالا جسکو لٹورا کہتے ہین۔

صرح ممرد ع قصر درخشان و سادہ و ہموار او دیباب

صاد با عین

صعید ع خاک روے زمین اور ایک شہر مصر ملک مین ہی۔

صعود ع اوپر چڑھنا اوپر کو جانا بلند ہونا عروج کرنا۔

صعود ع اوپر چڑھنے والا بلند جانیوالا عروج کرنیوالا

صاد با لام

صلد ع سخت و صاف یعنی وہ چیز جو سخت و صاف ہو۔

صاد با میم

صمد ع مستغنی و بے نیاز جو کبھی گرسنہ و تشنہ نہو کسی سے حاجت نہ رکھے

صماد ع جاہاے بلند و زمین سخت کوہستانی زمین۔

صمد ع جو چیز اندر سے پولی نہو سخت ہو۔

صاد با نون

صنادید ع مہتران و بزرگان و گذشتگان زماد سلف

صَنَادِید ۔ مہتر و بزرگ و سرگروہ و امیر سالار قوم۔

صاد با واو

صَوَابدِید ۔ صلاح و تجویز جو کسی کے حق مین نیک ہو۔

صاد با یاے

صَید ۔ شکار و شکار کرنا و شکار کھیلنا۔

صَیَّاد ۔ شکاری یعنی وہ شخص جو شکار کھیلے۔

سترھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ضاد اور اخیر مین دال ہو

ضاد با دال

ضِدّ ۔ خلاف یکدیگر چنانچہ دن و رات و عدم و وجود و نیک و بد۔

ضاد با میم

ضِمَاد ۔ دوا رقیق جو کسی زخم پر لگائین یعنی لیپ کرین۔

اٹھارھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف طا اور آخر مین دال ہو

طا با راے

طَرْد و طَرَد ۔ چلانا مکھیون و موش و پشہ وغیرہ کا۔

طا با واو

طَود ۔ بڑا پہاڑ اور بلند گھاٹی پہاڑ کی و قلہ کوہ۔

انیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف عین اور آخر مین دال ہو

عین با الف

عَاد ۔ ہود پیغمبر کی قوم جو بسبب نافرمانی ہوا کے طوفان سے ہلاک ہوئی۔

عَاقِد ۔ عہد کرنیوالا گرہ دینے والا باندھنے والا کسی چیز کو۔

عَائِد ۔ عود کرنیوالا واپس آنے والا جہان گیا تھا۔

عَابِد ۔ عبادت کرنیوالا بندگی کرنے والا آدمی۔

عَانِد ۔ دشمن عداوت کرنیوالا دشمنی رکھنے والا۔

عین با باے

عبید اللہ بن زیاد ۔ یہ ایک امیر لشکر یزید لعین سے تھا جسکے حکم سے امام حسینؑ شہید ہوئے تھے۔

عَبْد ۔ بندہ و غلام تابعدار خدمتگار خدا کا بندہ۔

عَبِید ۔ بہت بندے اور غلام یہ اسم جمع ہو بہت بندگی کرنے والے۔

عُبَید ۔ تصغیر عبد یعنی کمتر بندہ غریب آدمی عاجز بندہ۔

عِبَاد ۔ جمع عبد بہت بندے بہت سے بندگی کرنیوالے

عُبَّاد ۔ جمع عابد بہت سے عبادت کرنیوالے بندگی کرنیوالے

عین با تاے

عَتَاد ۔ تیاری اسباب سفر کی اور باندھنا و لادنا اسباب کا

عَتِید ۔ حاضر و مہیا و موجود و تیار و آمادہ۔

عین با دال

عَدّ ۔ شمار کرنا گنتی کرنا کسی چیز کا۔

عَدَد ۔ شمار گنتی کسی چیز کی جو کیجائے۔

عین با سین

عَسجد ع زر و طلا و جواہر اور ہر چیز قیمتی و گران بہا۔

عین با ضاد

عَضُد ع بازو و زور و قوت و پناہ۔

عَضَعَد ع یاری دینا مدد دینا اور نام بادشاہ شیراز کا۔

عین با طاء

عُطارِد ع نام ستارہ جو دوسرے آسمان پر دبیر فلک ہی و نام وہ جسکو سنبل رومی کہتے ہین اور جست کا بھی نام ہی۔

عین با قاف

عَقد ع گرہ دینا عہد و پیمان و نکاح و بیع و شرا جو آپسمین ہو۔

عُقدہ ع گرفتگی زبان سخن مین یعنی لکنت کرنا بات مین۔

عِقد ع سلک مروارید و گلوبند یعنی ہار جو گلے مین پہنتے ہین۔

عُقَد ع جمع عقدہ یعنی بہت سے عقدے اور مشکلین جو پڑ جائین۔

عَقائِد ع جمع عقیدہ کسی باتکو دل مین درست جاننا اور اسپر ثابت رہنا۔

عین با کاف

عکس و طرد صنعت شعری کا نام ہی کہ نصف مصرع کو اگر الٹا کر پڑھین تو وزن و قافیہ و ردیف درست نکلتا ہی۔

عین با میم

عَمید ع پیشوائے قوم سرگروہ و قافلہ سالار و حاکم و فرمانروا۔

عُمود ع ستون و چوب خیمہ گزشتہ مین تیراز دو سرگروہ و مہتر قوم۔

عِماد ع بہت سے ستون اور بنائین بلند اور اونچی دیوارین۔

عَمد ع جان بوجھ کر کام کرنا اور دانستہ مرتکب جرم کے ہونا۔

عُمُد و عَمَد ع جمع عمود بہت سے ستون جو مکان مین ہون۔

عین با نون

عِند ع نزدیک قریب پاس پاس۔

عُنُود ع ستیزہ کرنا حق کے برخلاف کرنا ناحق کے مرتکب ہونا۔

عَنُود ع ستیزہ کرنیوالا و گمراہ و ناحق شناس۔

عَنید ع لڑنیوالا سرکش و عداوتی و جنگ آور۔

عِناد ع ستیزہ و سرکشی و عداوت ناحق و لڑائی۔

عُنقُود ع خوشہ انگور جو ایک مشہور میوہ ہی۔

عَناقِید ع جمع عنقود یعنی بہت سے خوشے انگور کے۔

عین با واو

عَوائِد ع پھر آنیوالے و سود و منافع و صلہ او مہربانیہا۔

عَوْد ع پھر آنا اور شتر نر یعنی نر اونٹ۔

عُود ع مطلق لکڑی اور ایک قسم کی سیاہ لکڑی جو آگ مین جلانے سے خوشبو دیتی ہی اگر بھی اسکو کہتے ہین۔

عین با ہاء

عَہد ع زمانہ و قول و قرار عہود اسکی جمع ہی یعنی بہت سے زمانے۔

عین با یاء

عِید ع ہر چیز پھر بار بار آنیوالی اور نام تیوہار مسلمانون کا جو سال مین دو مرتبہ آتا ہی ایک عید فطر جو بعد گزرنے ماہ رمضان کے پہلی شوال کو اور دوسری عید اضحی بعد حج کعبہ کے دسوین تاریخ ذی الحجہ کو جسمین اہل اسلام قربانی بکرے وغیرہ کی کرتے ہین۔

بیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف غین اور اخیر مین دال ہو

غین با دال

غُدَدْ ع جمع غدہ جو غدود گوشت و چربی سے نکلتا ہو۔
غَدْ ع صبح آینده یعنی جو روز کل آئے گا۔

غین با میم

غِمْدْ ع تلوار اور چھری کا میان جو مشہور چیز ہو۔

غین با نون

غُنْدْ ع چیده جمع ہوا ہوا اکٹھا ہوا ہوا فراہم ہوا ہوا۔

اکیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف فا اور اخیر مین دال ہو

فا با دال

فَاسِدْ ع بگڑا ہوا اور بگاڑنے والا فساد ڈالنے والا۔
فَارِدْ ع یگانہ زمان وجدا اور فرد آدمی اکیلا۔
فَاقِدْ ع گم کرنیوالا مفقود کرنیوالا نابود کرنے والا۔

فا با دال

فَدْفَدْ ع صحرا اور زمین ہموار اور لق ودق جنگل جسکو صفا زمین

فا با رائے

فُرُودْ ف زیر و تحت نیچے اور آگے اور پائین۔
فَرْکَنْدْ ف زمین جسمین گڑھے ہون زیر و بالا زمین
ناہموار اور جس زمین مین پانی بھرا ہوا ہو۔
فَرْیَادْ ف دُعائی دینا ظلم کی داد مانگنا۔

فَرْہَادْ ف نام عاشق شیرین جسنے تیشہ کے ساتھ
اپنی جان دے دی۔
فَرْخَدْ ع بد۔ وجد باپ دادا نانا بزرگ لوگ۔
فَرَحْ آبَادْ ف ایک شہر ایران مین ہو
فَرُخْ آبَادْ ف ایک شہر ہند مین ہو۔
فَرْغَنْدْ ع اکاس بیل جو خاردار درخت پر پیدا ہوتی ہو
فِرْصَادْ ع توت جو میوه و درخت مشہور ہو۔
فَرْقَدْ ع گوسالہ اور دو ستارے جو قطب کے پاس ہین
فِرِنْدْ معرب پرند شمشیر و جوہر شمشیر اور نام پارچہ۔
فَرَسْتَنْدْ ف صحیح فرسند غلط ہو۔
فَرْزِینْ بَنْدْ ف ایک چال شطرنج کی ہو۔
فَرْزَدْ ع ایک گھاس کا نام ہو جو نہایت سرد ہو۔
فَرْزَنْدْ ف پسر و دختر دونون کو کہتے ہین یعنی اولاد۔
فَرِیْدْ ع یگانہ اور نام ایک کامل ولی کا جسکا مزار پاکپٹن
پنجاب مین ہو خاندان چشت کا یہ بزرگ تھا۔
فَرْدْ ع یگانہ اکیلا لاثانی اور یکتا شخص۔
فَرَائِدْ ع جمع فریده جسکے معنی مفرد اور تنہا کے ہین

فا با صاد

فَصْدْ ع رگ سے خون نکلوانا خون لینا۔
فَصَّادْ ع خون نکالنے والا جو شخص اپنے نشتر سے خون نکالے

فا با قاف

فَقْدْ ع گم کرنا اور گم ہونا جیسے جاتا آنکھوں سے نابود ہونا

فا با نون

فَنَد ۶ دروغ وخطا وسستی راے ومکروحیلہ وفریب۔

فا با واو

فُواد ۶ بوزن مراد دل ودردل اور دل کا ارادہ۔
فُولاد ۶ معرب پولاد جو ایک قیمتی لوہا مشہور ہے۔

فا بایاء

فَیْد ۶ مکہ کی راہ مین ایک قلعہ کا نام ہے۔
رفیل شُد ۶ بازی شطرنج کی ایک چال ہے۔

بائیسوین فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف قاف اور اخیر مین دال ہے

قاف باالف

قاعِدہ ۶ بیٹھا ہوا اور بیٹھنے والا اور جو عورت حیض اور جننے سے رہ چکی ہو
قائِد ۶ اندھے کی لکڑی پکڑنیوالا اور سردار ولشکر کش۔
قاصِد ۶ ارادہ کرنیوالا رستے چلنے والا مستعد وصاحب ارادہ۔

قاف بابا

قُباد ۶ معرب کواد نام پدر نوشیروان وہ ہر بادشاہ عظیم الشان وبڑا امیر۔

قاف باتا

قِند ۶ خوردن خیار یعنی ککڑی کھانا جو ایک نبر ہے۔
رقِند ۶ شتر بزرگ بڑا اونٹ جو بار کش اونٹ ہو۔
قثد ۶ باورنگ جو خیار سے چھوٹا ہوتا ہے ہند مین اسکو کھیرا کہتے ہین۔

قاف بادال

قَدّ ۶ چیخ سے نکالنا چیز کو تاہ کرنا سخن کا جنگل کاٹنا قدو قامت و تقطیع اعتدال و پوست بزغالہ جسمین برتن بناتے ہین۔
قَدِید ۶ وہ گوشت جو دھوپ مین سکھا کر رکھین خشک گوشت

قاف باراے

قِرد ۶ بوزنہ یعنی بندر جو ایک چارپایہ مشہور ہے۔
قُراد ۶ چیچڑ جو کتون اور گائے وغیرہ کے جسم پر اکثر ہوتی ہین

قاف بازاے

قزاگند ف یہ ایک جامہ کچے ابریشم کا بنا کر جنگ مین پہنتے ہین اور تلوار اسپر کارگر نہین ہوتی۔

قاف باصاد

قَصْد ۶ ارادہ و اعتدال اور چلنا راہ راست پر اور مستعد ہونا کسی کام پر۔

قاف باطاء

قطرہ دُزدوف کنایۃً ابر و آفتاب یعنی سورج و بادل۔

قاف باعین

قُعُود ۶ بیٹھنا اور بیٹھنا بعد سونے کے اور جوان اونٹ

قاف بافاء

قفل ابجد ف ایک قسم کا قفل ہوتا ہے جو بعد ستی حروف ابجد کھولا جاتا ہے۔

قاف بالام

قلائد ۶ جمع قلادہ گلوبند اور جو پٹے کتے کے گلے مین ڈالتے ہین
قلم بُند ف قلم بنانیوالا اور جو مضمون تحریر ہوا ہو۔
قلعہ بغداد ف بولیونکی اصطلاح مین شکم کو کہتے ہین۔

قاف با نون

قَنْدہ ع معرب کند ماخوذ کندٗ سے یعنی کھانڈ و مصری۔

قَنَّاد ع قندساز و حلوائی جو شیرینی بناتا ہے۔

قاف با واو

قَوَّاد ع دلال و بےغیرت و قلتبان و قرمساق جسکو اپنی عورت کی غیرت نہو ہندی مین اُسکو بھڑوا کہتے ہین۔

قَوَد ع قصاص لینا بدلہ لینا کسی سے کسی بات کا۔

قَوَاعِد ع جمع قاعدہ و نام کتاب جسے قواعد کہے علم مین ہو۔

قاف با یاء

قَیْد ع مشہور لفظ ہے یعنی کسی کو بند کرنا بےبس کرنا۔

قَیْد ہندی ف قلعہ بند و حصار اور وہ مکان جسمین قیدیون کو رکھا جاے۔

تیئیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف کاف اور اخیر مین ذال ہے

کاف با الف

کاسِد ع بےرواج اور وہ چیز جسکی طرف کوئی رغبت نہ کرے ارزان مال۔

کاربند ف عمل کرنیوالا اطاعت کرنیوالا فرمانبردار مطیع۔

کارْد ع چھری لوہے کی جس سے کوئی چیز چیرین۔

کالْبُد ف قالب ہر چیز کا و تن بدن انسان یا حیون کا۔

کاغذباد ف پتنگ جو ہوا مین اُڑاتے ہین یہ ایک لڑکون کا کھیل ہے۔

کاد ع حرص و ہوا اور شہوت و خواہش نفس کی۔

کائد ع مکار یعنی مکر کرنیوالا و فریب دینے والا فریبی آدمی۔

کارمند ف صنعتگار کام کرنیوالا کام کا آدمی۔

گاد ف صیغہ ماضی گادن سے جسکے معنی گائیدن جماع کرد جو

کاف با باء

کَبِد ع جگر جو عضو پہلو سے رست مین ہے اکباد اسکی جمع ہے۔

کُباد ع درد جگر یعنی وہ درد جو جگر کے مقام پر ہو۔

کَبُود ع رنگ نیلگون یعنی آسمانی رنگ۔

کاف با دال

گَدُود ف کھوا چاہ جسکو عربی مین بیر کہتے ہین۔

کاف با راے

کَرْد ف کار و عمل اور کیا یعنی فلان کار کرد صیغہ ماضی کردن سے۔

کُرْد ف نام قوم صحرائی اور وہ زمین جو کنارے بلند بیچ مین زراعت ہو دیمی انگیبر و شبان جو مواشی چراتا ہے۔

گرہ تاگشاد ف بچہ اسپ جسپر سواری نہوئی ہو اور نہ زین پڑا ہو۔

گُرْد ف پہلوان و دلاور و جوانمرد و بہادر و جنگ آور آدمی۔

گَرْد ف شہر اور ایکقسم کا ابریشم و آفتاب و غم و لقح و غبار۔

گُربہ بید ف قسم درخت بید۔

گرگ بند ف گرفتار گرگان و زبون و اسیر و قیدی آدمی۔

گِردباد ف ہوا کا بگولہ جو پھرتا ہوا جاتا ہے۔

کاف با زاے

گزید ف باج و خراج و جزیہ جو مسلمان بادشاہ کافر

رعیت سے لیتے ہین۔

گزند ف آفت و آسیب رنج و دکھ جو کسی کو پہونچے۔

کاف با سین

کساد ف بے رواجی و عدم خریداری و ارزانی کسی چیز کی۔

کاف با شین

گشاد ف خوشی و فتح و فراخ اور چھوڑنا تیر کا کمان سے اور کھولا ہوا اور کھلا ہوا۔

کاف با لام

کلنگ ف زمین کھودنے کا آلہ جسکو کسی کہتے ہین اور پھاوڑا اسکا نام ہے

کلید ف جس سے قفل کھولا جاتا ہے ہندی مین اسکو تالی کہتے ہین

کلہ قند ف کوزہ قند جو مشہور چیز ہے۔

گلقند ف معروف چیز ہے اور کنایۃً لب معشوق۔

گلگشت ف نام جائے رنگین جسکو باغ و گلزار کہتے ہین۔

کاف با میم

گمند ف اصل مین خمند تھا کہ خم و پیچ اسمین ہوتے ہین۔

کمربند ف جس سے کمر باندھین اور غلام و چاکر جو ہر وقت حاضر رہے

گمارد ف کوئی چیز جو آگ سے گرم ہو کے عضو کو گرم کرنا اور سینکنا۔

کاف با نون

کنجد ف تل جن سے تیل نکالتے ہین نام ایک غلہ کا ہے۔

گند ت گالو و جراحت و ریش اور بکا گنا و قند و شکر۔

کنود ع ناسپاس آدمی و زمین شور جسمین کچھ پیدا نہو

کنود ع ناسپاسی کرنا ناشکری کرنا کافر نعمت ہونا۔

گنج باد آورد ف خسرو پرویز کے خزائن سے ایک خزانہ کا

نام ہے وجہ تسمیہ اسکا یہ تھا کہ بادشاہ روم نے اپنا خزانہ جہاز مین لادکر روانہ کیا تھا ہوا ایسی مخالف ہوئی کہ جہاز خزانے کا لادا ہوا ایران کے علاقہ مین آگیا امرا کارپردازان ایران نے وہ خزانہ لے کر بادشاہ کے پاس بھیجدیا چونکہ وہ خزانہ ہوا کے ذریعہ سے آیا تھا بادشاہ نے اسکا نام گنج باد آورد رکھا۔

گنبد ف عمارت مدور اور چاروں طرف سے کو ونا مرتفع اور گول گنبد سا

کند ف بیکار تلوار وغیرہ جسکی تیزی جاتی رہی ہو۔

گنبد چار بند ف بلحاظ اربع عناصر و چار طرف کے دنیا یا آسمان۔

گندیدہ بوے بد و بوے سڑا ہوا جو خراب ہو چکا ہے۔

کاف با واو

گود ف خرمن غلہ جو جمع ہو بعد کپ جانے کھیتی کے۔

گون ع فساد ف ہونا ہونا عالم و دنیا ہست و نیست۔

کوہ زمرد ف کنایۃً شے محال جو کسی کو مل نسکے۔

کوچ بند ف محفوظ و مامون چیز جسکو کوئی لے نسکے۔

گوگرد ف گندھک جو مشہور معدنی چیز ہے۔

گوسپند ف دنبہ جو مشہور جانور ہے۔

کاف با ہا

کہبد ف زاہد گوشہ نشین و خلوت نشین عبادت کرنے والا۔

کہبد ف صراف و خزانہ دار خزانچی جسکے پاس روپیہ رہے

کاف با یا

کیقباد ف شاہ عادل و نام بادشاہ۔

کید ف مکر و فریب و دغا کرنا داؤ دینا کسی کو۔

لَبِیدُ ہ نام ایک شاعر ہے جو حضرت سکندر کا تھا و نام ستارہ جسکو کیت کہتے ہین-
لَبَّادُ ؔ مکار و حیلہ گر جس شخص کو بہت فریب آتا ہون-

چوبیسوین فصل
ان لغات کے بیان مین جن کے
اول لام اور اخیر مین دال ہے

لام با الف

لَابُدَّ ؔ ضروری مرکب لا اور بد سے لا بمعنی نفی و بد بمعنی چارہ-
لَادَ ؔ رده دیوار اور ایک قسم دیبا کا اور ایک قسم کا عطر و قلعہ
لَاتُعَدُّ ؔ بے شمار اور بہت بے اندازہ بے تعداد-

لام با باء

لُبَادَہ ؔ لکڑی جو بیل کی گردن پہ رکھکر قلبہ رانی کرتے ہین یعنی جوا
لَبَّادُ ؔ بامیزانی جو نمد بناتے ہین اور بارش مین پہنتے ہین-
لُبَدٌ ؔ بہت مال جمع رکھا ہوا اور خزانہ جمع رکھا ہوا-
لَبِیدُ ؔ جوال خوردہ و نام شاعر کا جو عرب مین رہتا تھا-

لام با حاء

لَحَدْ ؔ قبر جسمین مردہ دفناتے ہین اور وہ جگہ جہان
مردہ کو غسل دیتے ہین-

لام با دال

لُدٌّ ؔ جمع اَلَدّ بمعنی گمراہ تر اور ستیزندہ تر اور جنگجو آدمی-

لام با واو

لُورْکَندہ ؔ لواو مجہول وہ مغاک جو سیلاب سے زمین مین
پڑ جاتی ہین-
لُوَنْدْ ؔ لواو مجہول و گاف بتیلہ کشادہ جو قسم دیگ کا ہے-

پچیسوین فصل
ان لغات کے بیان مین جن کے
اول حرف میم اور اخیر مین دال ہے

میم با الف

مانند ؔ حرف تشبیہ اور مثال کا ہے-
مارخند ؔ نام روز بست و نہم ہر ایک مہینے شمسی سے-
ماست بند ؔ پنیر ساز جو پنیر بنا کر بیچتے ہین-
ماوَرْدْ ؔ عرق گلاب جو پھولون سے نکالتے ہین-
ماجِدْ ؔ مرد بزرگوار اور بڑا باپ دادا اور استاد وغیرہ

میم با باء

مَبادْ ؔ سنو یعنی خدا کرے یہ بات نہو-
مِبْرَدْ ؔ سوہان آہنی اوزار لوہار و نگار-
مُبَرِّدْ ؔ سرد کرنیوالا جو کسی چیز کو سرد کرے-
مُبَرَّدْ ؔ نام ایک نجومی کا ہے جو علم نجوم مین فاضل تھا-

میم با تاء

مُتَعَوِّدْ ؔ خوگیر اور عادت کرنے والا-
مُتَضَادْ ؔ مخالفت کرنیوالا ضد کرنیوالا دشمنی کرنیوالا-
مُتَرَدِّدْ ؔ فکر کرنیوالا اور چلنے والا زراعت کرنیوالا-
مُتَعَنِّدْ ؔ دشمن و بدخواہ اور عناد کرنے والا-
مُتَعَبِّدْ ؔ بہت عبادت کرنیوالا بندگی کرنیوالا-
مُتَصَاعِدْ ؔ اوپر چڑھنے والا بلند جانیوالا-
مُتَمَرِّدْ ؔ سرکش و نافرمان و مغرور و متکبر-
مُتَبَلِّدْ ؔ کند ذہن و احمق و کم فہم-

مُسْتَرْصِدْ ۶ امیدوار طمع رکھنے والا۔
مُتَّحِدْ ۶ اتحاد کیا گیا ایک کیا گیا یگانہ کیا گیا۔
مُتَزَایِدْ ۶ زیادہ ہونیوالا ترقی کرنیوالا۔
مُتَعَدَّدْ ۶ شمار کیا گیا گنا گیا حساب کیا گیا۔
مُتَعَهَّدْ ۶ ذمہ دار آدمی یعنی جسکا ذمہ کیا گیا ہو۔
مُتَقَاعِدْ ۶ پست ہونے والا سستی کرنیوالا۔
مُتَوَلِّدْ ۶ پیدا ہونیوالا موجود ہونیوالا۔

میم با جیم

مُجْتَهِدْ ۶ جہد و اجتہاد کرنیوالا راہ صواب ڈھونڈھنے والا
مَجِیدْ ۶ بزرگوار و گرامی اور پاک و نیک کردار آدمی۔
مُجَلَّدْ ۶ جلد کیا ہوا یعنی کوئی کتاب جسکی جلد ہو چکی ہو۔
مُجَمَّدْ ۶ چیز رقیق جو سردی سے جم جا جسطرح پانی جم جاتا ہے
مَجْهُودْ ۶ کوشش کیا گیا جہد کیا گیا سعی کیا گیا۔
مُجَعَّدْ ۶ لچھے دار بال پیچدار زلفین۔
مُجَدِّدْ ۶ نئے سر سے پیدا کرنیوالا تازہ کرنیوالا۔
مُجَدَّدْ ۶ نئے سر سے پیدا کیا گیا دوبارہ کیا گیا۔
مَجْدُودْ ۶ صاحب بخت و روزی و نام حکیم سنائی جو مشہور ہے
مُجَاهِدْ ۶ کافروں کے ساتھ لڑنے والا جہاد کرنیوالا۔
مَجْدْ ۶ بزرگی و بزرگواری و نیکی و خوبی۔
مُجِدّ ۶ کوشش کرنیوالے لوگ سعی کرنیوالے۔
مُجَرَّدْ ۶ تنہا و فرد بے زن و بے تعلق و ملایک و ارواح وغیرہ

میم با حاء

مَحْسُودْ ۶ حسد کیا گیا جسکو دیکھ کر حاسد حسد کرے

مَحْصُودْ ۶ کھیتی کٹی ہوئی غلہ کاٹا ہوا۔
مَحَامِدْ ۶ جمع محمدت تعریفین نیک خصلتین خوبیان
مَحْمُودْ ۶ تعریف کیا گیا اور نام بادشاہ غزنین کا۔
مُحَمَّدْ ۶ بہت صفت کیا گیا اور نام پیغمبر صلعم کا۔
مَحْدُودْ ۶ حد کیا گیا کنارہ بنایا گیا۔ واحد ڈالا گیا۔

میم با خاء

مَخْضُودْ ۶ درخت پاک کیا گیا یعنی اسکے کانٹے اتارے گئے
مُخَلَّدْ ۶ ہمیشہ رہنے والا نہ مرنے والا

میم با دال

مَدَدْ ۶ کمک حمایت کرنا بوقت کسی مشکل کے۔
مِدَادْ ۶ لکھنے کی سیاہی جس سے کتاب لکھین۔
مَدِیدْ ۶ دراز اور نام ایک بحر کا بحور نظم سے۔
مَدّ ۶ کشش و درازی اور کشش جو الف پر لکھتے ہین۔
مُدّ ۶ نام پیمانہ مقدار دو رطل یعنی دو رطل کا مقدار۔

میم با راے

مُرْدَادْ ۶ نام ماہ شمسی تقریبا ماہ بھادون جو مشہور ہے
مُرْتَدّ ۶ اسلام سے پھرا ہوا آدمی جس نے اسلام چھوڑ دیا ہو
مُرْمَدْ ۶ جسکی آنکھیں دکھتی ہوں رمد کی بیماری اور سرخ
ہونا آنکھوں کا۔
مَرْدُودْ ۶ پھیرا گیا رد کیا گیا بیکار گیا مرتد کیا گیا۔
مَرِیدْ ۶ متمرد سرکش و نافرمان و مردود و کافر۔
مُرِیدْ ۶ ارادہ کرنے والا صاحب ارادت فرمانبردار تابع
مَرْقَدْ ۶ خوابگاہ یعنی جس جگہ پر انسان سوتا ہے۔

مَرقَد ۔ خوابگاہ صیغہ اسم ظرف رقود سے مجازاً گور یعنی قبر
مَربَد ۔ اونٹ کے بٹھلانے کی جگہ یعنی جسجگہ اونٹ بیٹھے
مُرفَد ۔ کاسہ بزرگ بڑا پیالہ پانی کا یا شراب پینے کا۔
مَردُود ۔ رد کیا گیا دور پھینکا گیا منکر خدا و رسول کا۔
مُراد ۔ ارادہ کیا گیا مطلب مقصد دل کی خواہش۔
مُروارید ۔ موتی جو مشہور جواہر ہے۔
مَرد ۔ بے ریش ہونا حد سے گذرنا اپنے مقام سے بڑھنا
مُرد ۔ جمع امرد اور فارسی میں مرا اور فوت ہوا۔
مَرد ۔ ہاتھ سے ملنا اور پانی میں تر کرنا میوہ درخت اراک
مِرصاد ۔ راہ فراخ جسمیں کسی طرح کی بندش نہو۔
مَرصَد ۔ جائے امید و جائے طمع اور جگہ حصول نفع کی۔
مَراصِد ۔ جمع مرصد یعنی بہت سے مقام امید کے۔
مُرشِد ۔ راہ راست دکھلانیوالا ارشاد دینیوالا پیر و گرو۔
مَرصُود ۔ امید رکھا گیا طمع رکھا گیا۔
مَریَاد ۔ لغزش میں نہو خدا کرے نہ گرے۔
مَرکِد ۔ نوبہار کیاہ وہ نقشہ نادہ دریا ہو نکلے وقت کہتے ہیں

میم با زا ے

مَزِید ۔ زیادتی و افزونی اور بڑھنا اور ترقی کسی چیز کی۔
مُزَرَّد ۔ زرہ پوش یعنی جس شخص نے زرہ پہنی ہو۔
مَزاد ۔ توشہ دان جسمیں راہ کا خرچ رکھیں۔
مُزاد ۔ زیادہ کیا گیا افزون کیا گیا ترقی دیا گیا۔
مُزد ۔ مزدوری۔

میم با سین

مُستَمَند ۔ غمگین و حاجتمند اور سست غم کے معنی گھٹنا ہے۔
مُستَبعَد ۔ دور و دشوار یعنی جو بات ناممکن الوجود ہو
مَسَد ۔ ریشہ درخت و ریسمان پشم شتر۔
مُستَسعِد ۔ سعادت ڈھونڈھنیوالا یاری مانگنے والا۔
مُستَزاد ۔ زیادہ کیا گیا بڑھایا گیا ترقی کیا گیا۔
مُستَرَد ۔ واپس دیا گیا پھیر دیا گیا موڑا گیا۔
مُساعِد ۔ یاری دہندہ مدد دینے والا حمایتی۔
مُسَہَّد ۔ بیدار کیا گیا جگایا گیا نیند سے۔
مُستَنَد ۔ تکیہ گاہ اور جائے قیام و جائے پناہ۔
مُسنَد ۔ روزگار و زمانہ و پسر خواندہ و حرامزادہ و دیا گیا سے
مُستَبِد ۔ تنہا کسی کام پر بکڑا ہونیوالا اکیلے کام کرنیوالا۔
مُستَجَد ۔ ماخوذ جدید سے نیا بنایا گیا تازہ کیا گیا۔
مُستَنَد ۔ جس چیز پر پشت کیجائے تکیہ و پشت پناہ۔
مُستَنِد ۔ پشت دینے والا حمایت کرنے والا۔
مُستَعِد ۔ ساختگی و آمادگی رکھنے والا کام پر مضبوط۔
مُستَفاد ۔ نفع لیا گیا اسم مفعول استفادہ سے اور ماخوذ فائدہ
مُستَفاد ۔ فائدہ لیا گیا نفع لیا گیا کسی سے۔
مُستَرشِد ۔ رہنمائی طلب کرنیوالا ارشاد مانگنے والا۔
مَسجِد ۔ جا سجدہ جمع اسکی مساجد ہے سجدے کا مقام۔
مُستَفِید ۔ فائدہ پایا گیا نفع پایا گیا کسی سے۔
مُستَوقِد ۔ آگ بھڑکانیوالا آگ روشن کرنیوالا۔
مَسدُود ۔ بند کیا گیا دیوار بنایا گیا کسی مقام پر۔
مَسعُود ۔ صاحب سعادت نیک بخت نیکوکار آدمی۔

مِسْرَدْ آلہ آہنی جس سے چمڑے میں سوراخ کرتے ہیں ہندی میں آر نام ہے

میم با شین

مُشَاہِدْ ع دیکھنے والا نظر کرنے والا۔

مُشَدَّدْ ع تشدید دیا گیا سخت کیا گیا۔

مَشْہُوْدْ ع حاضر کیا گیا گواہی دیا گیا دیکھا گیا۔

مَشْہَدْ ع حاضری کا مقام اور قبرستان شہیدونکا اور نام شہر ایران میں جسکو پہلے طوس کہتے تھے چونکہ روضہ علی بن موسی رضا امام کا وہاں ہے اسلیے مشہد اسکا نام ہے۔

مُشَیَّدْ ع گچ کیا گیا مضبوط کیا گیا قائم کیا گیا۔

مُشَیَّدْ ع گچ اور چونہ سے بنایا گیا۔

مُشَیِّدْ ع گچ اور چونہ سے بنانیوالا ورشید یعنی گچ و چونہ۔

مُشک بید ف ایک قسم کا بید ہے جسکے پھول خوشبودار ہوتے ہیں۔

مُشک را کافور کرد ف سیاہ کو سفید کیا بد کو اچھا کیا جاہل کو عالم بنایا کافر کو مسلمان کیا۔

میم با صاد

مَصَاعِدْ ع جا اے بلند او نچے مقام بہت سے بلند محل۔

مَصْعَدْ ع اوپر جانے کی جگہ او نچا مقام بلند محل۔

مُصَعِّدْ ع بلندی پر چڑھنے والا اوپر جانے والا۔

مَصَایِدْ ع جمع صید شکار اندازیان خلاف قیاس۔

مصرع تند ف وہ اچھا مصرع جو بے تلاش حاصل ہو۔

میم با طاء

مَطْرُوْدْ ع مردود ہوا راندہ ہوا کیا گیا نامنظور کیا گیا۔

مُطَّرِدْ ع ایک شیوہ پر ہونیوالا ایک طریق پر چلنے والا۔

مِطْرَدْ ع چھوٹا نیزہ اور کپڑا جو اور کپڑوں کے نیچے پہنیں۔

میم با عین

مَعَابِدْ ع جمع معبد عبادت خانے جسجگہ خدا کی بندگی کریں۔

مُعِیْدْ ع بار بار کام کرنیوالا ایک کام پر اعادہ کرتا۔

مُعِدّ ع تیار کرنیوالا درست کرنیوالا مضبوط کرنیوالا۔

مُعَدّ ع تیار کیا گیا درست کیا گیا قائم کیا گیا۔

مَعْدُوْدْ ع تیار کیا گیا اور تھوڑی چیز دتعداد جو کم ہے۔

مُعْتَضِدْ ع یاری پکڑنیوالا و نام خلیفہ عباسی جو قربان قتل ہوا

مُعَاقِدْ ع گرہ باندھنے عہد کرنے ضامنی کرنیکے مقام قول و قرار

مَعْبَدْ ع جاے عبادت بندگی کا گھر مسجد وغیرہ۔

مُعَبَّدْ ع عبادت کیا گیا یعنی وہ شخص جسکی عبادت کی گئی ہو

مَعْدُوْدْ ع گنا گیا ساز و سامان دیا گیا شمار کیا گیا۔

مُعَرْبِدْ ع جنگجو و بد خوار آدمی بد خود بد مزاج۔

مَعَادْ ع جاے بازگشت و عالم آخرت ور و ز قیامت

مُعْتَمِدْ ع اعتماد کرنے والا صاحب اعتبار۔

مُعَاضِدْ ع مددگار حمایتی یاری دینے والا۔

مُعَاقِدْ ع عقد کرنیوالا گرہ باندھنے والا۔

مُعَاوِدْ ع عود کرنے والا پھر آنے والا۔

مُعَاہِدْ ع عہد کرنے والا اقرار کرنے والا۔

مَعْبُوْدْ ع عبادت کیا گیا یعنی جسکی عبادت کیجاے خداوند تعالے کا یہ نام ہے۔

مُعْتَقِدْ ع صاحب اعتقاد یعنی وہ شخص جو اخلاص رکھتا ہو اور دل سے کسی کی نسبت صاف ہو۔

مُنْعَقِدْ ع جگہ باندھنے کی یعنی جسجگہ گرہ باندھین۔
مُنْعَقُود ع باندھا گیا یعنی جسکو گرہ مین باندھ لیا ہو۔
مُعْتَمَدْ ع اعتبار کیا گیا یعنی جسپر اعتماد کیا گیا ہو۔
مُعَانِدْ ع دشمن عناد کرنیوالا خصومت وعداوت کرنیوالا۔
مَعْهُودْ ع قدیم وکہنہ وعہد کیا گیا قول واقرار کیا گیا۔
مُعْتَادْ ع عادت پکڑا گیا اور عادت پکڑنیوالا انسان۔
مُعْتَدِّ ع حد سے بڑھنے والا ستمگار اندازے سے نکلنے والا۔

میم با غین

مُغْمَدْ ع پوشیدہ اور تلوار غلاف مین کی گئی اور پوشیدہ راز۔

میم با فاء

مُفْسِدْ ع فساد کرنیوالا فتنہ وشور برپا کرنیوالا۔
مَفْصَدْ ع خون نکالنے کی جگہ فصد وفصد لینے والا۔
مُفِیدْ ع فائدہ مند چیز یعنی ایسی چیز جسسے فائدہ ملے۔
مَفْقُودْ ع گم کیا گیا نیست ونابود کیا گیا دور کیا گیا۔
مُفْتَقَدْ ع گم کیا گیا بازپرس کیا گیا نابود کیا گیا۔
مُفْرَدْ ع فرد کیا گیا اکیلا فرمانبردار مطیع وتابع حکم۔
مَفَاسِدْ ع جمع فساد کی بہت سی خرابیان۔

میم با قاف

مَقْصَدْ ع جائے قصد وبفتح صاد درست نہین ہے یعنی جائے ارادہ
مَقَاصِدْ ع نام کتاب علم کلام مین جو معتبر کتاب ہے۔
مَقَامِ مَحْمُودْ ع بڑا درجہ ونام مقام جو مختص بمقامات محمدی ہے
مُقَلِّدْ ع بغیر دلیل کے عمل کرنیوالا اور نقال وپیروی کرنیوالا
مَقْعَدْ ع بیٹھنے کی جگہ مجازاً مقعد جسپر انسان بیٹھتا ہو۔

مَقْصُودْ ع ارادہ کیا گیا عزم کیا گیا خواہش کیا گیا۔
مُقَیَّدْ ع قید کیا گیا بند مین دیا گیا اور وہ قیدی
جو قید خانہ مین ہو۔
مَقَاعِدْ ع جمع مقعد یعنی بہت سے بیٹھنے کے مقام۔
مَعْقُودْ ع رسیان وپالنگ جو چارپایہ پر باندھتے ہین۔
مَقَالِیدْ ع جمع مقلید معرب کلید یعنی قفل کی تالی اور تالیان

میم با کاف

مَکَایِدْ ع جمع مکید یعنی بدسگالی وبداندیشی ومکر ودغا وفریب
مُکِیدْ ع کید کنندہ یعنی مکار ودغاباز وفریب باز۔

میم با لام

مُلْحِدْ ع فاسق وبیدین اسکی جمع ملاحدہ ہے یعنی بہت سے بدکار۔
مُلْتَذِّ ف یعنی لاف مزن کیونکہ لند یعنی لاف کہتے ہین
مُلْتَحَدْ ع جائے پناہ امان کی جگہ جہان پناہ پائین۔

میم با میم

مُمْتَدْ ع کھینچا گیا دراز ہوا ہوا لمبا ہوا ہوا مدڈالا گیا۔
مُمَهَّدْ ع بچھایا گیا نیک کیا گیا تمہید اٹھایا گیا۔
مُمَهِّدْ ع بچھانے والا نیک ودرست کرنیوالا۔
مُمَرَّدْ ع بوزن منور بنا سادہ وہموار جسمین نشیب وفراز نہو۔
مُمِدّ ع مدد کرنیوالا حمایت کرنیوالا دستگیری کرنیوالا۔
مُمَدِّدْ ع ایک دوا کا نام ہے جسسے اعضا بدن کے کھینچے جاتے ہین
مَمْدُودْ ع دراز کیا گیا لمبا کیا گیا کھینچا گیا۔
مُمْکِنُ الْوُجُودْ ع مخلوقات اور پیدایش عالم موجودات کی

میم با نون

مُنقاد ع مطیع و فرمانبردار جسکو حکم سے عدول نہو۔

مُنعقِد ع گرہ پایا ہوا باندھا ہوا منسوب متعلق۔

مُنسَد ع بند ہونے والا۔

مُسترید ع نوع بیع کہ جو کوئی زیادہ قیمت دیکر جنس خریدے مجازاً نیلام۔

مُنشِد ع شعر پڑھنے والا جو شایق شعر خوانی کا ہو۔

مُنتقَد ع چنا ہوا انتخاب کیا ہوا بہت عمدہ۔

مُنجمِد ع پانی یا روغن سردی سے جم جاوے اور وہ چیز جو جم گئی ہو۔

مُنتقِد ع نقد لینے والا جو شخص اودھار نہ کرے۔

مُنتقَد ع سرد کیا گیا اور پاک کیا گیا نقد کیا گیا۔

مُنفرِد ع تنہا اکیلا جسکے ساتھ کوئی دوسرا نہو۔

مُنہتِک ع پردہ پھاڑنے والا راز افشا کرنے والا۔

میم با واو

مَولِد ع جاے ولادت و وطن یعنی جاے ولادت جہاں کوئی پیدا ہوا ہو۔

مُولِّد ع جننے والا پیدا کرنیوالا جس سے بچہ پیدا ہو۔

مُولَّد ع شخص عجمی جسنے عرب میں پرورش پائی ہو۔

مَورُود ع ورد کیا گیا وظیفہ کیا گیا ہر روز پڑھا گیا۔

مَولُود ع پسر و دختر اور پیدا ہونے کا وقت یعنی جو جنا گیا ہو۔

مَوالید ع جمع مولود فرزندان و موالید ثلاثہ یعنی نباتات و جمادات و حیوانات۔

مَوعِد ع وعدہ کا وقت و مقام وعدہ جس وقت کا اقرار ہو۔

مَواعِید ع جمع میعاد وعدہ کرنا جاے وعدہ زمان وعدہ۔

مَوعُود ع وعدہ کیا گیا اقرار کیا گیا کسی کے ساتھ۔

مَودُود ع دوست رکھا گیا رفیق بنایا گیا یار بنایا گیا۔

مَواجِید ع حالتہا و قصہا جو مستی فقرا کو آتی ہے۔

مُوجِد ع پیدا کرنیوالا ایجاد کرنیوالا خداوند تعالےٰ۔

مُوبَد ف حکیم و دانشمند و فقیہ و مرشد آتش پرستان جو سبکا پیشوا ہو۔

مُویَد ف پیر مغ و مئے فروش کیونکہ مو بمعنی انگور اور بد بمعنی صاحب۔

مَواد ع جمع مادہ بمعنی اصل ہر چیز کا اور مادہ ہر چیز کا۔

مَوائِد ع جمع مائدہ بمعنی خوانچہ طعام۔

مُوکِّد ع تاکید کرنے والا مضبوط کرنیوالا کسی بات پر۔

مَورِد ع اترنے کی جگہ آدمیوں اور جانوروں کی پانی پینے کی جگہ۔

مُورَّد ع گلگون و سرخ رنگ مشابہ گل یعنی جو چیز گلاب کے پھول کی طرح ہو۔

مَوجُود ع ایجاد کیا گیا بنایا گیا ظاہر کیا گیا واضح ہو کہ اطلاق اس لفظ کا ہر ایک چیز پر ہے جو عالم ایجاد میں خالق حقیقی خداوند تعالےٰ کے حکم سے پیدا ہوئی ہے۔

مُورد ف نام درخت جسکو عربی میں آس کہتے ہیں۔

میم با ہا

مُہنّد ع جو تلوار ساخت ہند کی ہو یعنی تلوار ہندی۔

مَہد ع گہوارہ اور جھولنا اور بچھانا اور فرش و بستر۔

مِہاد ع بستر و بساط و فرش جو بچھاے جایئں۔

مُہرۂ سفید ف ناقوس یعنی سنکھ جو ہنود بجاتے ہیں۔

میم با یا

مِیلاد ع زمان ولادت و نام شہر و نام پہلوان جو بڑا زور آور تھا۔

مِیعاد ع وعدہ کرنا و جاے وعدہ و مدت وعدہ جو مقرر ہو۔

مَیمَنَد ع نام قصبہ نواح غزنین مین جو مشہور قصبہ ہے۔

پچیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور اخیر مین دال ہے

نون با الف

نَاوَرْدُ ف جنگ وجدل ولڑائی ومعرکہ جو آپسمین ہو۔

نَامَحْدُوْدُ ف جس چیز کی حد نہو یعنی بے انتہا وبیحد۔

نَامْزَدْ ف مشہور ومعروف اور جس نام سے موسوم ہو۔

نَاگُزِیْرْ ف ضروری وناگزیر بات جسکا کرنا ضرور ہو۔

نَاقِدْ ع سرہ کرنیوالا درہم ودینار کا پرکھنے والا۔

نَامُرَادْ ف بے مراد صحیح ہے مگر رائج ہے۔

نَاپَدِیْدْ ف پوشیدہ اور چھپا ہوا نظر سے جو ظاہر نہو۔

نَابُوْدْ ف گم جو پیدا نہو جسکی ہستی وقوع مین نہ آئی ہو۔

نَاشَادْ ف غمناک دلگیر جو خوش نہو۔

نَامَرْدْ ف جو مرد نہو یعنی مردون کے کام نہ کرسکتا ہو۔

نَااُمِیْدْ ف جو امید نرکھتا ہو بے طمع وبے آس۔

نَامْسَعِیْدْ ف نیکوکار آدمی جو اچھے کام کرتا ہو۔

نَارْدُ ہ چیچڑ جو جانور مشہور ہے اور گائے بیل وغیرہ کو چمٹ جاتے ہین۔

نَاہِدْ ع نوجوان عورت جسکے پستان چھوٹے چھوٹے ہون یا گرد عورت۔

نَاہِیْدْ ف ستارہ زہرہ جو تیسرے آسمان پر ہے مطربۂ فلک۔

نون با با

نَبَرْدُ ف جنگ وجدل ولڑائی ومعرکہ جو آپسمین ہو۔

نون با جیم

نِجَادْ ع وہ تلوار جو گردن مین حمائل ہو۔

نَجْدْ ع بالگر زمین جو ملک عرب مین ہے۔

نون با خاء

نَخَابِیْحِ مَحمُودْ ع مکہ اور طائف کے درمیان ایک مقام مشہور ہے

نَخُوْدْ ف غلہ چنا جو ایک غلہ مشہور ہے۔

نَخْلْبَنْدْ ف باغبان جو باغ کی پرورش کرے اور درخت لگائے

نون با دال

نِدْنِدْ ف ہمتا ونظیر ومثال وشبیہ۔

نون با راے

نَرْدْ ف نام بازی وتن درخت۔

نون با زاے

نَزْدْ ف مخفف نزدیک یعنی پاس اور قریب۔

نُژَادْ ف اصل ونسب انسان کا وذات وقوم وغیرہ

نَژَنْدْ ف سرنگون وپست وخوار واندوہگین وغمناک

نون با سین

نَسَقْ بَنْدْ ف عامل ملک مثل کاردار وتحصیلدار وغیرہ

نون با شین

نَشِیْدْ ع شعر پڑھنا آواز بلند کرنا بلند آوازی سے پڑھنا۔

نون با عین

نَعْلْبَنْدْ ف گھوڑونکی نعل باندھنے والا لوہار۔

نون با فاء

نَفَادْ ع سونپا جانا سپرد ہونا حوالہ ہونا۔

نون با قاف

نقاد ع درہم و دینار کو پرکھنے والا جسکو صراف کہتے ہین
نقد ع آمادہ کرنا و دینا و پرکھنا درہم و دینار کا و زر و سیم مسکوک روپیہ و پیسہ و اشرفی۔
نقش باز نام دوسری بازی کا ہفت بازی نرد سے
نقود ع جمع نقد کی جسکی تشریح تحریر ہو چکی ہے۔

نون با میم

نمرود ع نام بادشاہ کافر جسنے ابراہیم نبی کو آگ مین ڈالا تھا۔
نمود ع علامت و نشان و رونق و خوبی ظاہری۔
نمد ن ایک قسم کا فرش جو اون سے بناتے ہین۔

نون با واو

نوند ف اسپ تیز رفتار یعنی وہ گھوڑا جو تیز چلتا ہو۔
نود ف نوے عدد ۹۰ عربی مین تسعین کہتے ہین۔
نومید ف ناامید وہ شخص جسکو کچھ امید و طمع نہو۔
نوشاد نام ایک شہر کا ہے۔
نوید ف خبر خوش اور بشارت خوشی کی جو کسی کو پہونچے۔
نورد ف پیچ و تاب و بساط و فرش و برابر و جنگ و خصومت و لڑائی و گوشہ و سوراخ روباہ اور لکڑی جولاہون کی جسپر کپڑا لپیٹتے ہین

نون با ہاء

نہود ع ابھرنا اٹھنا عورت کی چھاتیون کا۔
نہاد ف بنیاد و خلقت و اصلیت و مزاج و طبیعت۔
نہاوند ف نام شہر جو عراق مین ہے نام پردۂ موسیقی۔

چھبیسوین فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف واو اور آخیر مین دال ہے

واو با الف

واسطۃ العقد ع گوہر کلان جو وسط مین سلک مروارید کے ہو اور دونون طرف اُسکے چھوٹے موتی ہون۔
وافد ع ایلچی بننے والا اور وہ شخص جو نجیب گھوڑے پر سوار ہون
واجب الوجود ع باریتعالےٰ جسکی ذات مقتضی اُسکے وجود کی ہے
وامانده ف باقی رہنا و پیچھے رہنا کسی سے کسی کام مین۔
واجد ع وجود دینے والا یہ نام خدا تعالےٰ کا ہے۔
واحد ع ایک تنہا یگانہ اور نام خدا تعالےٰ کا۔
واعد ع وعدہ کرنے والا اقرار کرنے والا۔
والد ع باپ جسکے لطف سے کوئی ہو فارسی مین پدر کہتے ہین اور عربی مین اب کہتے ہین۔

واو با تاء

وتد ع میخ چوبین یعنی لکڑی کی کھیلا و لکڑی کی میخ۔

واو با جیم

وجد ع حالت و رقص جو صوفیون کو سماع مین پیدا ہوتی ہے اور اندوہگین ہونا شیفتہ ہونا ایک حال سے دوسرے حال مین آنا۔
وجد ع توانا و تونگر ہونا اور پانا اور حاصل کرنا۔
وجود ع جسم و بدن اور موجود ہونا عالم ایجاد مین۔

واو با حاء

وَحِید ۔ یگانہ و یکتا اور ایسا شخص جسکا ثانی نہو۔

وَحْدَتُ الوُجُود ۔ تمام موجودات کو ایک وجود خدا کا جاننا فقرے صوفیہ مین یہ ایک مقام ہے جب سالک اس مقام پر پہونچتا ہے نہ ماند کا وجود اسکو خدا کا وجود نظر آتا ہے بلکہ اپنے آپ کو بھی خدا کا وجود تصور کرتا ہے چنانچہ حسین بن منصور حلاج اسی مقام پر پہونچ کر کلمہ انا الحق زبان پر لاتا تھا اور اسی علت مین دار پر کھینچا گیا۔

واو با دال

وَدُود ۔ دوست مہربان اور نام خداوند تعالی جل شانہ۔

وُدّ ۔ دوستی و دانائی محبت و پیار و یکجہتی۔

وِداد ۔ دوستی۔

وَدّ ۔ نام بت جسکو قوم نوح علیہ السلام کی پوجتی تھی۔

واو با راے

وَرْد ۔ گل سرخ جسکے عرق کو گلاب کہتے ہین اور وہ بھی گلاب کہلاتا ہے۔

وِرْد ۔ وظیفہ روزمرہ کا او مقام پانی پینے اور اٹھانے کا۔

وُرُود ۔ آنا یا اترنا کسی منزل یا مقام پر سے۔

وَرِید ۔ رگ گردن کی جسکو شاہ رگ کہتے ہین۔

واو با سین

وَسَائِد ۔ جمع وسادہ بالشہا یعنی بہت سی بالشین اور تکیے جسپر پشت لگا کر بیٹھین۔

واو با عین

وَعِید ۔ وعدہ بد یعنی عذاب کا وعدہ جو کفار کو قیامت پر دیا گیا ہے۔

وُعُود ۔ جمع وعدہ یعنی بہت سے وعدے و اقرار۔

واو با غین

وَغْد ۔ کمینہ و فرومایہ و ناکس آدمی زیانکار آدمی۔

واو با فاء

وَفْد ۔ جمع وافد رسول ہونا ایلچی ہونا پیغامبر ہونا کسی کا

وُفُود ۔ جمع وفد و فرود خدا اسم جمع وافد و وافد یعنی ایلچی ہونا پیغامبر ہونا۔

واو با قاف

وَقَّاد ۔ روشن ہونیوالا بھڑکنے والا مشتعل ہونیوالا آگ سے

وَقُود ۔ ہیزم وغیرہ جس سے آگ روشن کرین یعنی ایندھن آگ کا

وُقُود ۔ آگ جلانا مصدر ہے آگ روشن کرنا بھڑکانا۔

وَقِید ۔ سامان آگ جلانے کا یعنی ہیمہ خشک وغیرہ۔

واو با لام

وَلِید ۔ حاکم وقت اور جسکو بادشاہ یعنی حیات مالک کر دیا

وَلُود ۔ وہ عورت جسکی اولاد بہت ہو صاحب اولاد عورت

وَلِید ۔ کودک اور نام ضید تھنو تکا اور نام خلیفہ کا جو بنی امیہ تھا

وَلَد ۔ بیٹا جو اپنے تخم سے ہو۔

واو با ہاء

وَہْد و وَہْدَہ ۔ پست زمین اور نشیب زمین۔

ستائیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے

اول حرف ہا اور اخیر مین دال ہو

ہا با جیم

ہجود ع بیدار رہنا رات کو اور نماز پڑھنا رات کو۔

ہا با دال

ہدہد ع س پرندہ مشہور ہو جسکی چونچ بہت لمبی ہوتی ہو۔

ہا با رای

ہزر ف ع جانور آبی جسکو اود کہتے مین۔

ہا با فا

ہفتاد ف ستر عدد ہی جسکو سبعین کہتے مین۔

ہفت صد ف سات سو عدد حساب مین۔

ہا با میم

ہم آورد ف حریف جنگ یعنی وہ شخص جو جنگ مین حریف ہو

ہا با نون

ہند نام ولایت و نام زوجہ ابو سفیان و مادر معاویہ جسنے امیر حمزہ عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مثلہ کیا اور جگر نکالکر دانتون مین چبایا تھا یہ عورت بڑی ظالمہ تھی

ہندو ف ہندو لوگ ہند کے ولایت کے رہنے والے لوگ۔

ہا با واو

ہود ع نام پیغمبر جنکی بد دعا سے قوم عاد کی ہوا کے طوفان سے ہلاک ہوئی و نام سورۂ قرآن قرآن کی سورتون سے اور توبہ کرنا۔

ہور مزد ف ستارۂ مشتری۔

ہا با یای

ہیربد ع خادم آتشکدہ کیونکہ ہیر کے معنی آگ ور بدکے معنی صاحب

اٹھائیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف یا اور اخیر مین دال ہو

یا با الف

یاد ف یاد کرنا اور دل مین خطور خیال کسی چیز کا جو لیسن ہو

یادبود ف یادگار اور نشان جسسے انسان یاد کیا جاوے

یا با دال

یَد ع ہاتھ و لغمت و دولت و نیکی و ملک و منت و قدرت۔

یا با واو

یزدجرد ف نام پادشاہ نادزہ نوشیروان عادل۔

یا با واو

یوم التناد ع روز ندا کردن یعنی روز قیامت جو سب کو بلایا جائیگا۔

نوان باب

اُن لغات کے بیان مین جن کے اخیر مین حرف ذال اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی کے اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اسمین گیارہ فصل مین

پہلی فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے

اول حرف الف اور اخیر مین ذال ہی

الف با تا

اِتِّخَاذ ع پکڑنا ہاتھ مین لانا قبضہ کرنا کسی چیز پر۔

الف با جیم

اِجْلِوَّاذ ع دوڑنا تیز رفتاری کرنا چلنا جلدی سے۔

الف با خا

آخِذ ع پکڑنا لینا کسی چیز کا کسی سے۔

اِخَاذ ع پکڑنا اور تالاب جو ویرانہ مین ہو اور زمین جو بادشاہ کے قبضہ مین ہو۔

اَخَّاذ ع سخت پکڑنے والا اور بہت پکڑنے والا۔

آخِذ ع گیرندہ یعنی پکڑنے والا قبضہ کرنے والا۔

الف با سین

اِسْتِلْذَاذ ع لذت لینا مزہ پانا ذوق پانا۔

اَسْفَنْدَارمُذ ف بارھوین ماہ شمسی کا نام ہی۔

الف با عین

اَعُوْذ ع پناہ مانگتا ہون امان چاہتا ہون۔

الف با فا

اَفْخَاذ ع رانا یعنی رانین بہت سی گوشت کی رانین۔

الف با لام

اِلْتِذَاذ ع لذت پانا مزہ پانا شیرینی حاصل کرنا ذوق پانا

اَلَذّ ع نہایت لذیذ چیز اور مزہ دار کھانا۔

الف با نون

اِنْفَاذ ع جلدی کرنا روان کرنا بھیجنا ظاہر کرنا ظاہر ہونا۔

دوسری فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور اخیر مین ذال ہی

تا با عین

تَعْوِیْذ ع پناہ دینا اور پناہ مین لانا مجازاً وہ کاغذ جسپر کوئی عہد لکھا جاوے۔

تا با لام

تِلْمِیْذ ع شاگرد جسنے علم پڑھا یا کوئی ہنر سیکھا ہو۔

تَلَامِیْذ ع شاگردان بالفظ جمع تلمیذ کی ہی۔

تَلَمُّذ ع شاگردی کرنا کسی سے علم پڑھنا یا ہنر سیکھنا۔

تَلَذُّذ ع لذت لینا مزہ پانا شیرینی حاصل کرنا۔

تا با نون

تَنْفِیْذ ع روان کرنا جاری کرنا کسی حکم وغیرہ کو۔

تیسری فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف حا اور اخیر مین ذال ہی

حا با نون

حَنِیْذ ع نہایت لاغر بریان کیا ہوا بکری کا بچہ۔

چوتھی فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف شین اور اخیر مین ذال ہی

شین با الف

شَاذ ع جدا رہا ہوا اکیلا اور جو لفظ خلاف قیاس ہو

پانچوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف عین اور اخیر مین ذال ہے

عین با واو

عُوذ ع پناہ پکڑنا یعنی پناہ مانگنا امان چاہنا۔

عین با یا

عِیاذ ع پناہ اور پناہ لینا امان چاہنا کسی سے۔

چھٹی فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف فا اور اخیر مین ذال ہے

فا با الف

فانیذ ع شکر سفید یعنی کھانڈ جسکو چینی بھی کہتے ہین۔

فا با خا

فَخِذ و فَخذ ع ران جو ایک عضو اعضاے جسمی سے ہے۔

ساتوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف قاف اور اخیر مین ذال ہے

قاف با نون

قُنفُذ ع خار پشت جو ایک جانور مشہور ہے ہندی مین اسکا سیہی نام ہے۔

آٹھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف کاف اور اخیر مین ذال ہے

کاف با الف

کاغذ ف مشہور چیز ہے جسپر کوئی کتاب یا خط لکھین۔

نوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف لام اور اخیر مین ذال ہے

لام با ذال

لَذائذ ع جمع لذت یعنی لذتین جو کسی طعام وغیرہ سے حاصل ہون۔

لَذِیذ ع لذت دار چیز مزیدار طعام وذائقہ دار حلوا وغیرہ۔

لام با یا

لِیاذ ع پناہ مانگنا کسی سے امان چاہنا حمایت مین آنا و استحکام چاہنا۔

دسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف میم اور اخیر مین ذال ہے

میم با الف

مَأخَذ ع جس مقام سے کوئی چیز لین یعنی اُس چیز کے لینے کی جگہ۔

مَأخُوذ ع پکڑا گیا لیا گیا اپنے شہر مین لایا گیا۔

میم با سین

مُستَلِذ ع لذت لینے والا مزا پانیوالا و فائدہ حاصل کرنیوالا

میم با عین

مَعَاذ ع جاے پناہ اور پناہ دینا کسی کو حمایت مین لانا

میم باللام

مَلَاذ ع جائے پناہ اور جگہ امان وحمایت کی۔
مَلَاذّ ع جمع ملذ چیز ہا لذیذ مزیدار و ذائقہ دار چیزین۔
مُلَذّ ع لذت دینے والی چیز یعنی وہ چیز جو ذائقہ دار ہو۔
مَلَّاذ ع دروغگو جو زبان سے کہکر عمل نکرے بدعہد آدمی۔

میم بالنون

مَنفَذ ع راستہ اور جاری ہونیکی جگہ روان ہونے کا مقام۔

گیارھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جنکے اول حرف نون اور اخیر مین ذال ہی

نون باالف

نَافِذ ع جاری ہونیوالا روان ہونیوالا ظاہر ہونیوالا۔

نون باباء

نُبَذ ع تھوڑی چیز اور بقیہ وہ نبذی بزیادت با کے بھی لکھا جاتا ہی
نَبِیذ ع وہ شراب جو درخت خرما سے نکالتے ہین یعنی بوزہ۔

نون بافاء

نَفَاذ ع جاری ہونا حکم و فرمان نامہ وغیرہ احکام شاہی کا۔
نُفُوذ ع جاری ہونا روان ہونا اجرا پانا۔

دسوان باب

اُن لغات کے بیان مین جنکے اخیر مین حرف راے ہی اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی کے اپنے موقع پر دیئے جاتے ہین

اسمین اُنتیس فصل ہین

پہلی فصل

اُن لغات کے ذکر مین جنکے اول حرف الف اور اخیر مین را ہی

الف باباء

آب گو ہر ف بیماری نزول الما جبسے انسان اندھا ہو جاتا ہی
آبخور ف نصیب قسمت و رود خانہ و تالاب و نہر وغیرہ
آبار ع جمع بیر یعنی چاہ اور فارسی مین اسر سبز خستہ۔
آبلار کشمیر مین ایک رود کا نام اور نام چشمہ کا۔
آبشخور ف روزی قسمت و محل اقامت و جاے آبخوردن
آبشار ف ریگذر آب جہان پانی بلندی سے پستی کو گرے
آب انگور ف شراب انگوری جو انگور سے نکالی جاتی ہی۔
آب انار ف شراب سرخ باعتبار اُسکی رنگت کے۔
آب خضر ف آبحیات جسمین سے خضر نے پانی پیا تھا۔
آبگیر ف تالاب و حوض و جھیل جسمین پانی رہتا ہو۔
اَبُو البَشَر ع حضرت آدم علیہ السلام جو سب کا باپ ہی۔
اَبکَار ع جمع بکر کنواری عورتین و جمع بکرہ بمعنی بامداد صبح کا وقت
اَبَر ف مزید علیہ بر بمعنی بالا۔
اَبر ف بادل جسکو عربی مین سحاب کہتے ہین۔
اَبتَر ع دم بریدہ ناتمام و بے فرزند و پراگندہ خاطر و پریشان
اَبِی جَعفَر ع کنیت امام محمد باقر کی اور نام ایک امام کا۔
اَبحَار ع جمع بحر بمعنی دریا اور ندیان پانی کی۔
اَبرَار ع نیکوکاران یعنی نیک کام کرنیوالے اچھے لوگ۔

اَلْقَر ع شورہ ایک مشہور چیز ہی جس سے بارود بناتے ہین۔
اَبْخَاز ع نام ایک ولایت کا گرجستان کی ولایت کی طرف
آبدار ف تر و تازہ و بارونق و سرسبز
آبکار ف شراب فروش جو شراب بیچتا ہی۔

الف با تاء

آتش تر ف شراب باعتبار اسکی سرخ رنگت کے۔
آتشکار ف آگ دینا اور گرم کرنا کسی چیز کو آگ سے
آتش خوار ف نام مرغ جو آگ لیتا ہی بعض چکور کو کہتے ہین کہ وہ بھی آگ کھاتا ہی۔
آتشگیر ف دست پناہ آلۂ آہنی جسکے ساتھ آگ پکڑتے ہین
اتجار ع تجارت کرنا سوداگری کرنا آپسمین خرید و فروخت کرنا

الف با ثاء

اَثِیر ع عالی و بلند مجازاً آسمان و طبقہ عالم بالا۔
اثر ع نشان ج علامت و حدیث محمدی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم
اثرہ ع جوہر شمشیر و نقل سخن و حدیث نبوی علیہ الصلوۃ والسلام
اثر ع نشان کسی چیز کا جو باقی رہجاے اُسکے مرنے کے بعد
آثار ع نشانہاے قدم جمع اثر یعنی یادگار اور نشان۔
اثمار ع جمع ثمر کی بہت میوے درختونکے جو کھاے جاتے ہین۔

الف با جیم

آجُر ع وہ اینٹ جو آگ مین پک کر پختہ ہو جاے۔
آجار ف زمین ہموار اور وہ زمین جسمین نشیب و فراز نہو۔
اَجِیر ع مزدور جو کسی کا کام اجرت پر کرے۔
اِجبار ع جبر و زبردستی کرنا کسی پر جبر کرنا ظلم کرنا۔
اجہار ع ظاہر کرنا بلند آواز سے پڑھنا کسی کتاب وغیرہ کا۔
اُجُور ع جمع اجر بمعنی مزدوریان اور اجرتین۔
اَجْہَر ع وہ کہ جسکو دن مین نظر نہ آوے اور رات کو بینا ہو جاے۔

الف با حاء

اَحْوَر ع نام ستارہ مشتری و مرد سفید پوست و سیاہ چشم و خوبصورت۔
اِحضار ع حاضر ہونا کسی کے حضور مین جانا روبرو ہونا
اَحجار ع جمع حجر یعنی سنگ جسکو پتھر کہتے ہین۔
اَحبار ع دانایان یعنی بہت سے دانا و عقلمند لوگ۔
اَحمر ع سرخ و سخت و درشت و مقتول۔
احرار ع جمع حُر یعنی آزاد و لقب خواجہ احرار نقشبند رح کا۔
اِحتکار ع وہ غلہ جو بامید گرانی و حصول نفع خریدا جاے اور رکھ چھوڑین۔

الف با خاء

آخر ع ضد اول یعنی جو بات اخیر و انتہا مین ہو۔
آخر ع بمعنی دیگر ہندی مین اور بعد ازان۔
آخُر ف مخفف آخور علف آسیان اور وہ ہڈی جو انسان کی گردن کے نیچے اور سینہ کے اوپر ہے یعنی ہنسلی۔
آخور ف گھوڑون کے چرنے کی جگہ مخفف آبخور۔
آخور سالار ف طویلہ کا داروغہ جسکی حکومت طویلہ پر ہو
اَخِیر ع پچھلا آخر کا انتہا کا۔
اَخْتَر ف ستارہ و فال و شگون و طالع و علم و رایت و نامہ و تمغہ
اَخضر ف سبز رنگ یعنی وہ چیز جسکا رنگ سبز ہو۔
اَخبار ع جمع خبر و احادیث نبوی و تواریخ جہان و حالات مختلف۔

اِخبار ۔ ع خبر دینا کسی کو اطلاع پہونچانا واقف کرنا۔
اِختبار ۔ ع خبر لینا آزمانا کسی کو کسی بات پر۔
اَختیار ۔ ع برگزیدن اور مختار کرنا کسی کو کسی کام پر۔
اِختصار ۔ ع مختصر کرنا تھوڑا کرنا بڑے کو چھوٹا کرنا۔
اَخگر ۔ ف ٹکڑا آگ کا تھوڑی سی آگ انگار آگ کا۔

الف با دال

اِدبار ۔ ع پشت دینا دولت کا مجازاً کم بختی و کم قسمتی و بے نصیبی۔
اَدوار ۔ ع گردشیں آسمانی اور زمانے اور وقت جو گذرے ہوں۔
اِدرار ۔ ع روان ہونا بہنا بادل کا بار بار بول آنا بار بار پیشاب کرنا یومیہ وظیفہ و تنخواہ رکھنا اور جاری کرنا کسی چیز کا۔
اِدبیر ۔ ع امالہ ادبار بضرورت قافیہ وغیرہ بمعنی بدبختی و کم نصیبی و کم قسمتی۔

الف با ذال

آذر ۔ ف آتش و در علم ماہ تقریباً ماہ پوس جو سردی کا موسم ہے۔
آذار ۔ ع نام ماہ رومی تقریباً ماہ چیت جو پہلا مہینہ شمسی ہے۔
اِذخر ۔ ع ایک خوشبودار گھاس کا نام جو حرم میں [illegible]
اِذخار ۔ ع ذخیرہ رکھنا اور ذخیرہ کا جمع رکھنا کسی چیز کا۔
اِذکار ۔ ع یاد کرنا ذکر کرنا کسی کو اسکے پیچھے۔
اَذکار ۔ ع جمع ذکر بمعنی مرثیہ یاد کرنا کسی کو۔
اَذفر ۔ ع تیز بو یعنی وہ چیز جسکی بو تیز ہو۔

الف با رے

اردشیر ۔ ف لقب بہمن بن اسفندیار معنی اسکے مانند شیر ہیں۔

الف با زاے

آزر ۔ ع نام پدر ابراہیم ع جو بت تراش تھا۔
آزور ۔ ف صاحب حرص آز یعنی جو شخص صاحب حرص ہو۔
اَزہر ۔ ع روشن تر یعنی زیادہ روشن و ظاہر۔
اَزبر ۔ ع حفظ و یاد جو علم بزبان کسی کو یاد ہو۔
اژدر ۔ ف مار بزرگ یعنی بڑا سانپ اور اژدہا۔
اِزار شلوار ۔ ع تنبان کمر کا دستار جو سر پر باندھیں۔
اَزاہیر ۔ ع جمع ازہار شگوفہ ہاے بہار اور تازہ سبزیاں۔
اَزہار ۔ ع جمع زہرہ شگوفہ ہاے تازہ اور سبزیاں اور دونوں کی سفیدیاں اور بڑی کتابیں اور بڑے نسخے
اِزہار ۔ ع شگوفہ ہا اور روشن کرنا چراغ کا۔

الف با سین

اِستفسار ۔ ع پوچھنا دریافت کرنا کسی سے۔
اِستقصار ۔ ع کم کرنا چھوٹا کرنا اس چیز کو جو بڑی تھی۔
اَستخر ۔ ف تالاب و نام قلعہ فارس جسمیں بڑا تالاب ہے۔
اسفندیار ۔ ف نام بادشاہ پسر گشتاسپ جسکو رستم نے تیر دو شاخہ سے اندھا کیا تھا۔
اسکدار ۔ ف ڈاک چوکی و قاصد جو ڈاک لیجاے۔
اَسیر ۔ ع محبوس قیدی و شخص جو بسبب قیدی رہتا ہو۔
اِستغفار ۔ ع مغفرت مانگنا بخشش چاہنا خدا سے۔
اُستوار ۔ ف مضبوط و محکم و پایدار چیز و محکم بنیاد۔
اِستبشار ۔ ع خبر خوش پوچھنا بشارت چاہنا کسی سے
اَسمار ۔ ع جمع سمر افسانہاے شب حکایات یعنی کہانیاں فرضی
اِستقرار ۔ ع قرار پکڑنا ثابت ہونا مضبوطی و قیام پانا

استمرار ۔ع۔ رواں ہونا ہمیشہ ہونا جاری ہونا قائم ہونا۔
استظہار ۔ع۔ یاری چاہنا پشت و پناہ ہونا قوی پشت ہونا۔
استحقار ۔ع۔ خوار کرنا حقیر رکھنا بے قدر رکھنا کسی کو۔
استخوان ۔ف۔ محکم و مضبوط یعنی جیسے بدن میں ہڈی ہو۔
اسفار ۔ع۔ جمع سفر مسافران و جمع سفر یعنی بہت سے
سفر و مسافت۔
اسود و احمر ۔ع۔ حبش و روم و عرب و عجم و نیکی و بدی۔
اساطیر ۔ع۔ جمع اسطورہ افسانہا دروغ و خطوط و سطور۔
استکثار ۔ع۔ بہت مانگنا کثرت کے ساتھ سوال کرنا۔
اسمر ۔ع۔ گندم گون و افسانہ گو و قصہ خوان او کہانیاں کہنیوالا۔
استکبار ۔ع۔ تکبر کرنا غرور کرنا فخر کرنا بڑائی کرنا۔
استبصار ۔ع۔ دانائی و بینائی و دانش و یقین و نور قلبی۔
استجبار ۔ع۔ جبر گردن کشی و تکبر و غرور و ظلم و ستم۔
اسحار ۔ع۔ جمع سحر و سحر فجر کے وقت اور بہت سے جادو و جادوگر۔
استحضار ۔ع۔ یاد رکھنا اور کسیکی حاضری چاہنا و برور رکھنا۔
استرف ۔ع۔ جار پایہ مشہور ہے۔
استار ۔ع۔ جمع ستر بہت سے پردے و نقاب جو منھ پر ڈالیں۔
استار ۔ع۔ وہ وزن جو ساڑھے چار مثقال ہو اور پوشیدہ کرنا۔
استتار ۔ع۔ چھپ جانا پوشیدہ ہونا پردہ میں ہونا پوشیدہ کرنا۔
استر ۔ع۔ بہت خوش اور بہت آسودہ و خوشحال۔
استثمار ۔ع۔ میوہ چکھنا اور میوہ مانگنا کسی سے۔
استشعار ۔ع۔ دل میں ڈرنا خوف کرنا رعب میں لانا۔
اسفر ۔ع۔ خارپشت جو ایک جانور مشہور ہے۔

اسرار ۔ع۔ جمع سر بمعنی راز دل کے بھید اور ارادے۔
استکرار ۔ع۔ تکرار کرنا بار بار کہنا کسی بات کو کسی سے۔
استظہار ۔ع۔ یاری مانگنا مدد مانگنا حمایت چاہنا کسی سے۔
استفسار ۔ع۔ پوچھنا دریافت کرنا کسی طرح کا حال کسی سے۔
استرف ۔ع۔ ابرہ یعنی دو تہ کپڑے کی دوسری تہ۔

الف با شین

اشعار ۔ع۔ خبر دینا اطلاع پہونچانا آگاہ کرنا کسی کو۔
اشعار ۔ع۔ جمع شعر ابیات اور سر اور بدن کے بال۔
اشقر ۔ع۔ ہر چیز سرخ رنگ مائل بزردی و سیاہی اسپ سرخ
سرنگ گھوڑا۔
اشتر ۔ع۔ خود پسند و ستیزہ کار و شریر و خود مطلب۔
اشجار ۔ع۔ جمع شجر بمعنی درختان۔
اشتہار ۔ع۔ مشہور کرنا کسی بات کو۔
اشرار ۔ع۔ جمع شریر یعنی بہت سے لوگ صاحب شرارت۔
اشتر ۔ف۔ شتر اونٹ جو ایک چارپایہ بار بردار مشہور ہے۔

الف با صاد

اصطخر ۔ معرب استخر نام قلعہ جو فارس کے ملک میں ہے۔
اصرار ۔ع۔ ضد کرنا ایک کام پر قائم رہنا ہٹ کرنا۔
اصطبار ۔ع۔ صبر کرنا ٹھہرے رہنا کسی مشکل بات پر۔
اصاغر ۔ع۔ خوردان یعنی چھوٹی عمر کے بچے اور لڑکے۔
اصفار ۔ع۔ جمع صفر بمعنی خالی اور نقطے جو دہائی اور
سینکڑوں کے درجوں پر ہوں۔
اصفر ۔ع۔ زرد رنگ یعنی وہ چیز جسکا رنگ زرد ہو۔

الف با ضاد

اِضرار ع ضرر پہونچانا تکلیف دینا دکھ دینا نقصان پہونچانا
اِضطرار ع حالت بے اختیاری و بیچارگی کی اور بیقراری کی
اِضمار ع ضمیر لانا کسی اسم مین کلام کے وقت اشارہ کرنا۔

الف با طاء

اَطوار ع جمع ہے طور کی بہت سے طور و طریق و طرز۔
اَطہر ع بہت پاک و راچھا جمع اسکی اطہار ہے۔

الف با ظاء

اَظہر ع بہت ظاہر و ہویدا اور سب کے روبرو۔
اِظہار ع ظاہر کرنا روبرو لانا اور حقیقت حال جو زبانی کہین

الف با عین

اِعذار ع عذر کرنا ختنہ کرنا و طعام و ضیافت ختنہ کی۔
اِعصار ع گرد باد ہندی بگولا جو گرد لیکر اڑ جاتا ہے۔
اَعصار ع جمع عصر یعنی بہت سے زمانے اور بہت وقت۔
اِعتبار ع عبرت پکڑنا اور کسی چیز کو اچھا جاننا۔
اَعوَر ع وہ شخص یکچشم اور نام ایک بودہ کا جو پروردہ شکم سے
اِعتذار ع عذر چاہنا عذر کرنا کسی بابت پر۔
اَعمار ع جمع عمر عمرہا و زندگانیہائے انسان۔
اَعشار ع جمع عشر کسی چیز کا دسوان حصہ۔

الف با غین

اَغبر ع خاک رنگ و گرد آلودہ و مکدر چیز۔
اِغتفار ع مغفرت چاہنا بخشش مانگنا کسی سے۔
اَغار ع نم و زمین نمناک اور ہلنا او ہلانا۔

اَغمار ع نادان و ناآزمودہ کاران اور جو لوگ لیاقت نہ رکھتے ہون۔

الف با فاء

اِفتقار ع فقیری و درویشی و عاجزی و افلاس و ناداری و محتاجی۔
اَفکار ع جمع فکر بہت سی فکر و اندیشے جو آدمیونکو لاحق ہون
اِفگار ف زخمی و زخم دونون معانی اسکے حاصل ہوتے ہین
اِفطار ع روزہ کھولنا بعد فاقہ کے کھانا کھانا۔
اَفدر ع برادرزادہ و خواہرزادہ و برادر پدر یعنی چچا۔
اَفشار ف نام قوم قزلباش جس قوم سے نادرشاہ بادشاہ ایران تھا
اَفسار ف باگ ڈور گھوڑے کی جو گھوڑے کو باندھتے ہین۔
آفتاب سوار ف کنایہ ہے مرد صبح خیز جو شخص صبح کو اٹھے۔
آفتاب گیر ف سائبان و اترہین آفتاب چھپ جاتا ہے
اِفتخار ع فخر کرنا بڑائی کرنا اظہار شوکت و شان کرنا۔
اَفقر ع جو شخص نہایت محتاج اور نادار و فقیر ہو۔

الف با قاف

آق سنقر ت کمین کثر غلامونکے نام ہوتے ہین معنی اسکے سفید مرغ
اَقطار ع کنارہا و قطرہا و طرفہا و جانبہا۔
اِقتصار ع قصور کرنا کوتاہی کرنا چھوٹا کرنا۔
اِقتدار ع طاقت و رہونا صاحب قدر و منزلت ہونا۔

الف با کاف

اَکابر ع عزت دار لوگ امیر لوگ بڑے آدمی۔
اَکبر ع بہت بڑا اور بڑی عزت والا خدا تعالی

اَکثَر ع بہت اور زیادہ کثرت کے ساتھ۔

اَکدَر ع بہت مکدر و تیرہ تر و صاحب کدورت و خراب

اَکَّار ع زمیندار کاشتکار جو آدمی کھیتی کرتا ہو۔

اِکثار ع بہت لینا بہت کھانا بہت کام کرنا ہر ایک بات میں کثرت

اِکسِیر ع کیمیا جس سے تانبے کا سونا اور قلعی کی چاندی بنائیں

الف با لام

اَلَّنْدَکبر نام ایک پہاڑ کا جو قریب شیراز کے ہے اور بہت بڑا ہے

اُولُو الاَمر ع حاکم و بادشاہ و امیر جسکا حکم جاری ہو۔

الف با میم

اَمصَار ع جمع مصر بہت سے شہر و آبادیاں و قصبے۔

اَمطَار ع جمع مطر بارشیں اور ٹپکنا پانی کا۔

اِمرار ع گذارنا لنگھانا کسی چیز کو کسی مقام سے۔

اَموَات اَحمَر ع مقتولان و شہیدان جو قتل ہو چکے ہوں۔

اَمر ع حکم و کار اگر حکم سے مراد ہو تو جمع اسکی اوامر ہے

اور اگر کام سے مراد ہو تو جمع اسکی امور ہے۔

آمیزگار ف خلیق و سازگار اور شخص ملنے والا۔

آموزگار ف استاد و شاگرد دونوں معنی رکھتا ہے۔

آمرزگار ف بخشنے والا بخشش کرنیوالا قصور معاف کرنیوالا۔

اُمُور ع امر کی جمع ہے بہت سے کام اور معاملات۔

آمِر ع حکم دینے والا فرمان فرما حاکم کسی ملک کا۔

امیدوار ف امید رکھنے والا طمع رکھنے والا۔

اَمِیر ع حکم دینے والا مالک و حاکم و فرمان فرما۔

الف با نون

اَنصَار ع یاری دینے والے اور نام گروہ اصحاب رسول جو مدینہ میں رہتے تھے

اِنتشار ع پراگندہ ہونا اور قائم ہونا عضو تناسل کا بسبب شہوت کے

اَنظَار ع جمع نظر یعنی بہت سے نظریں اور بینائیاں

اِنفِجَار ع جاری ہونا پانی یا ریم کا دنبل سے اور رواں ہونا

اَنگار ف خیال کر امر ہے انگاریدن سے۔

اِنتظار ع انتظار کرنا کسی کا راستہ دیکھنا۔

اِنکسار ع شکستگی و عجز جو کسی کی طبیعت میں ہو۔

اِنحصار ع کوتاہ ہونا اور سمانا کسی چیز میں و دخل پانا

اَنوار ع جمع نور شگوفہ ہا و جمع نور شعاعیں دونوں لفظوں کی جمع ہے

اَنمار ع پلنگان و نام قوم از بنی سبا جو عرب کے رہنے والے تھے

اِنذار ع ڈرانا اور نصیحت دینا اور دھمکانا کسی کو۔

اِندار ع افسانہ و حکایت و کہانی جو کہتے ہیں۔

اَنبرت سنڈاسی جس سے گرم لوہا پکڑتے ہیں چمٹا بھی اسکو کہتے ہیں

اَنبار ع جمع انبر تودہ ہا غلہ و پر کردن و ذخیرہ کردن۔

اِنفطار ع پارہ پارہ ہونا اور پیدا کرنا ظاہر کرنا۔

اِنشار ع زندہ کرنا ظاہر کرنا نشر کرنا۔

اِنکار ع کسی کا کہنا نہ ماننا منکر ہونا کسی بات سے۔

اَنگور ف مشہور میوہ ہے جسکی شراب بھی بناتے ہیں۔

انار مشہور درخت اور میوہ ہے جو شیریں و ترش ہوتا ہے۔

الف با واو

اَوتَار ع جمع وتر تارہائے ساز یعنی سرود کے ساز کا تار۔

اَوطَار ع حاجات یعنی حاجتیں اور دلی خواہشیں۔

اَوبَار ع پراد بار یعنی مقصد جسکے حکمی سے اُتارنے کے ہیں

آوُورُ ف برادر پدر یعنی چچا باپ کا بھائی۔
آوُزار ف کاریگروں کے ہتھیار دمصالح طعام اور عربی میں بمعنی گناہ اور ہتھیار اور بوجھ جو پشت پر اٹھائیں۔
آوُلی ترف بہت بہتر اسمیں کا لفظ زاید ہے یعنی بہت اچھا۔
آوَامِر ع جمع امر کی ہے بہت سے امر او حکم۔

الف با ہا

آہار ہ وہ نشاستہ جو پکا کر کاغذ پر لگاتے ہیں۔

الف با یا

آلیسر ع بہت آسان جانب چپ یعنی بایاں طرف انسان کا۔
ایدرت ف ابھی اور اب اور اسوقت اور اسوقت۔
اِیثَارع اپنا نقصان و غیر کا نفع روا رکھنا سخاوت دینا مفت دینا۔
آیرت ذکر و قضیب یعنی عضو تناسل انسان کا۔
الیغارت ترکی بلفظ ابصرت دشمن پر جا پڑنا حملہ کرنا۔
آیار رزبان روم جیٹھ کے مہینے کا نام ہے جو گرمی کا مہینہ ہے۔

دوسری فصل
اُن لغات کے بیان میں جن کے اول حرف با اور اخیر میں را ہے

با با الف

باقر ع مرد فاضل و دولتمند و لقب امام پنجم پسر امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
بادفر ف پھرکی جسے لڑکے چرخی بناکر اور رشتہ ڈالکر کھیلتے ہیں۔
بار ف نام خدا تعالیٰ و پشتہ خروار و انبار و بزرگی و گرانی و بزرگ و نیک نعمت و رخصت و دخل و بیخ و بن و کرت و رتبہ و بارگاہ و کثرت و انبوہ و ثمرہ و میوہ و حمل زنان و ساز مطربان اور برسنے والا و لعربی نیکوکار۔
باحور ع گرمی کا پڑنا گرمی کے موسم میں اور یہ ایام انیسوین تموز سے چھبیسوین تک آٹھ روز مقرر ہیں اور یہ آٹھ روز اگر بنہایت گرمی میں گذر جائیں تو علامت نزول باران۔ اور نشان ارزانی کا ہے اور اگر یہ دن سرد ہو جائیں تو قحط کا خوف ہے گویا یہ آٹھ روز عالم میں آٹھ ماہ کے احوال پر اول امرداد کے مہینے سے آخر اسفند یار تک
بارگیر ف اسپ و شتر و گاو وغیرہ چارپا جو بار اٹھاتے ہیں۔
بادگیر ف دریچہ و روزن گھر کا جسطرف سے ہوا آتی ہو۔
باغ زعفران ف کرمان میں ایک باغ ہے جسکا یہ نام ہے۔
باہر ہ روشن و آشکارا و ظاہر جو سب کے روبرو ہو۔
باخترف ملک خراسان و نواحی قندھار و جنوبی آفتاب و ماہ
پارف سال گذشتہ یعنی پارسال یہ لفظ ہندی میں مستعمل ہے
پارارف سال گذشتہ میں برس تک جو سال گذر چکے ہوں
باور ف اعتبار استعمال اسکا بلفظ کردن اور داشتن کے ہے
بازار ف جائے خرید و فروخت اور مقام تجارت۔
بابر نام بادشاہ جد اکبر بادشاہ جو ہندوستان تخت پر بیٹھا تھا۔
باگیر ف کشتی کے داؤ کا نام ہے جس سے حریف کو لات پکڑ کر گراتے ہیں۔
باجدار ف محصول مقرر کرنیوالا یا محصول دینے والا

باجگذار ف جو سرکاری محصول دیتا ہو زمیندار وغیرہ
باجگیر ف محصول لینے والا حاکم و بادشاہ وغیرہ -
باخبر ف حال کا واقف راز کا محرم اور مرد صاحب علم و فضل -
باربردار ف بوجھ اٹھانیوالا حمال جو بوجھ کو اٹھا کر لیجاے -
بارگیر ف شریک سفر و رفیق راہ و بار اٹھانیوالا -
بادپا ف شتابندہ یعنی دوڑنیوالا چالاک -
بادامہ زنجیر ف تکمہ و حلقۂ زنجیر جو گلے مین پہنتے ہین -
بالعشی والابکار ع صبح و شام دن رات -

بابا بار

ببر ع ایک درندہ جانور کا نام ہی جو شیر پر غالب آتا ہی شبیہ اسکی شیر و گربہ سے ملتی ہی مگر دم نہین ہوتی -

بابا تاء

بتر ف مخفف بدتر اور عربی بیفرزند ہونا بے اولاد ہو
بتر ع کاٹنا اور بیخ سے نکالنا خراب و ابتر کرنا -

بابا ثاء

بثر ع آبلہ یا سے خرد و دانہ سرخ و زرد جو بدن پر نکلین
بثور ع جمع بثرہ آبلہ ہا خرد جو انسان کے بدن پر نکلتے ہین

بابا جاء

بحر ع دریاے شور و بڑا بزرگ اور وزن شعر اور بحر نظم کی جو انیس ہین طویل مدید بسیط وافر کامل ہزج رجز رمل منسرح مضارع مقتضب مجتث سریع جدید قریب خفیف مشاکل متقارب متدارک -
بحور ع جمع بحر خواہ بمعنی دریا کے خواہ بحر نظم کے معنی -

بحار ع جمع بحر دریا ہا -
بحر اخضر ع نام دریا جسکے جانب شرق چین شمال کو ہند اور غرب مین یمن جنوب مین دریاے محیط طول دو ہزار فرسنگ اور عرض پانسو فرسنگ ہی -

بابا خاء

بخور ع وہ خوشبوئین جو کسی چیز کے جلانے سے حاصل ہون
بخت نصر ع نام بادشاہ کافر جنے بیت المقدس گرایا تھا -
بخر ع بد بوے دہان یعنی بدبو جو منھ سے آوے -
بخار ع دھوان جو آگ یا گرم پانی وغیرہ سے نکلے مجازاً اشتہا -
بختاور ف صاحب نصیب صاحب قسمت و دولتمند -
بختیار ف قسمت والا طالعمند آدمی امیر آدمی -

بابا دال

بدر ع ماہ تمام و نام مقام متصل مدینہ جہان مکے کے کفار پیغمبر صاحب سے لڑتے تھے -
بدور ع جمع بدر یعنی سے چاند جو پورے ہون -

بابا راے

برخوردار ف بہرہ مند یہ لفظ اپنے فرزند کی نسبت بولتے ہین
برنغار ف وہ فوج جو بوقت جنگ بائین کی طرف راست ہو -
برفور ف جلد و شتاب اور اسی وقت اسی دم -
برج ف قلعہ و برج اور سرو خانہ گھر کا اونچا مقام
برقرار ف قایم و پائدار مستحکم و مضبوط -
بردبار ف متحمل بار اٹھانے والا قائم مزاج -
بر ف ثمرہ میوہ و درخت و سینہ و بغل و زبان و بستان

برادر ف بھائی حقیقی باپ کا بیٹا۔

برّ ع نام حق تعالی و زمین خشک و بیابان و نیکوکار و مہربان۔

بِرّ ع نیکی و بخشش و خوشنودی و رضامندی و زندگانی۔

بُرّ ع گندم گیہوں جو ایک غلہ مشہور ہے۔

بِر ث ایک جو پہلا عدد اعداد مین سے ہے۔

با با زاے

بذر ع تخم ہر ایک چیز کا جس سے وہ چیز پیدا ہو۔

بذور ع جمع بذر بہت سے تخم اور بہت سے بیج۔

بزہ کار ف گنہگار فاسق فاجر عاصی بدکار۔

بزرگر ف تخم بونے والا زمیندار۔

بزرجمہر نام وزیر اعظم نوشیروان کا جو آخر معزول کیا گیا تھا۔

بزرگوار ف بزرگ اور بڑے مرتبے اور بڑی عمر کا آدمی۔

بزگیر ف جو شخص شاعدار کو لڑاے جانور لڑانے والا۔

بزدل جگر ف ضد سبا در کم حوصلہ کم ہمت آدمی کمزور شخص۔

با با سین

بستہ نگار ف ایک راگنی کا نام ہے جو گائی جاتی ہے۔

بُسر ع خرماے خام یعنی میوہ کھجور کا جو کچا ہو۔

بسطر نام وزیر نصرانی جو بڑا مدبر و عقیل تھا۔

بستر ف بچھونا جو زمین یا تخت وغیرہ پر بچھایا جاے۔

با با شین

بشیر ع خوشخبری دینے والا نیک خبر پہونچانے والا اور نام رسول کریم۔

بشرہ ع چہرہ مونھ یعنی انسان کا چہرہ جو نظر آئے۔

بشر ع انسان و صاحب بشرہ یعنی جسکا چہرہ دیکھا جاے۔

با با صاد

بصیر ع صاحب بینائی و دانا و عقلمند و صاحب دانش و بینش۔

بصایر ع بینا بینا و حجتہاے روشن اور سند ہاے مضبوط۔

بصر ع بینائی دیکھنا اور آنکھ جس سے آدمی دیکھتا ہے۔

با با طاء

بطر ع زخم کو چیرنا اور ریم و خون اس سے نکالنا۔

بطر ع وحشت حیرانی و غفلت و نافرمانی شادی و تونگری مین شگفتگی

با با عین

بعث و نشر ع روز قیامت یعنی دن اٹھنے اور پھیل جانے کا۔

بعیر ع اونٹ جسکو فارسی مین شتر کہتے ہین۔

بعر ع سرگین شتر و گوسپند وغیرہ یعنی لینڈی جسکو مینگن کہتے ہین

با با قاف

بقر ع گاو نر ہو یا مادہ بخلاف ثور کے کہ نر گاو کا نام ہے

با با کاف

بکتر ف ایک آہنین کپڑا ہے جو جنگ مین پہنتے ہین اور

تلوار اسپر کارگر نہین ہوتی۔

بکلر بیگ ت امیر و سردار و سپہ سالار و حاکم و فرمان فرما جو حاکم وقت ہو۔

بکر ف زن دوشیزہ و نا کتخدا یعنی جو ابھی کسی مرد کے ساتھ ہم صحبت نہ ہوئی ہو

بکر ع شتر جوان و نام قبیلہ و نام ملک و نام علاقہ۔

بکرہ ع وقت بامداد یعنی صبح کا وقت فجر کا موقع۔

بکور ع صبح کو اٹھنا اور فجر کو کام کرنا علی الصباح بیدار ہونا۔

با با لام

بلجار ت قول و وعدہ و اقرار جو کسی سے کیا جاوے۔

بلغورت دلیا جو پکا کر کھاتے ہین گندم و جو کا دلیا۔
بلغار ر نام شہر جو ظلمات کے پاس سکندر کا آباد کیا ہوا ہے اور ایک قسم کا چمڑا جسکو ادیم کہتے ہین۔
بلادر ع نام ثمر جسکو بھلاوان کہتے ہین اور نام زیور۔
بلور ع نام سنگ جو صاف روشن ہوتا ہے۔
بلعم باعور ع نام ایک زاہد کا بنی اسرائیل سے جسنے موسی پیغمبر پر بدعا کی جس سے موسی چالیس برس تک جنگل مین سرگردان رہا آخر یوشع نبی کی دعا سے اُسکا ایمان سلب ہوا اور وہ کافر ہو کر مر گیا۔

با با نون

بندر ع کنارہ دریا جہان کشتیان جمع ہین جہاز ونکے قیام کا موقع ہو۔
بنجر ف غیر آباد زمین جسمین کھیتی زراعت نہوئی ہو۔
بنابر ف اسلیے اسواسطے اس کام کے لیے اس غرض کے لیے
بنادر ع جمع بندر یعنی بہت سے مقام کشتیون کے ٹھہرنے کے۔
بنصر ع وہ اُنگلی جو وسطی اور خنصر کے درمیان ہے۔
بنی نوع بشر فرزندان جنس انسان یعنی تمام آدمی جو آدم کی اولاد ہین۔
بنی عامر ع عرب مین ایک قوم کا نام ہے جو عامر کی اولاد مین۔
بنیر کوہستان شمالی پنجاب مین ایک پہاڑ کا نام ہے۔
پنیر ف دودھ پھاڑ کر بناتے ہین اور جو دہی خشک کر کے بناتے ہین وہ قروت کہلاتا ہے۔

با با واو

بوتیمار ف نام مرغ ماہی خور یعنی بگلا جو مشہور جانور ہے۔
بواسیر ع نام مرض جو مقعد یا ناک مین پیدا ہوتی ہے۔

بور ف بواو مجہول سرنگ گھوڑا جو ایک قسم کا گھوڑا ہوتا ہے۔
بو عمرو سات کس فضلا سے علم قرات سے ایک کا نام ہے۔
بوذر ع محمد صلعم کے ایک اصحاب کا نام ہے جو مہاجرین سے تھا۔

با با ہا

بہار عنبر ف خوشبوے عنبر جو ایک قسم کی خوشبو ہے۔
بہادر ت مرد چالاک آزمودہ کار دلیر و جوانمرد۔
بہار ف ابتدا فصل بہار و موسم گل و نام آتشخانہ و بتخانہ۔
بہار ہ ایک ملک کا نام ہے ہندوستان مین جو مشہور ہے۔
بہیر ہ ہندی مستعمل بفارسی بازاری لوگ جو لشکر کے پیچھے رہتے ہین۔
بہتر ف بہت اچھا بہت خوب بہت مناسب۔
بہر ف واسطے یعنی فلان بات کے واسطے۔

با با یا

بیطار ع معالج چارپایون کا یعنی جو طبیب کہ چارپایون کا علاج کرے
بیروزگار ف جو شخص کوئی کام نہ کرتا ہو محض بیکار۔
بیمار ف روگی یعنی وہ شخص جسکو کوئی بیماری ہو۔
بیدار ف ہوشیار و خبردار اور جو شخص رات کو کم سوئے۔
بیت المعمور ع نام مسجد جو آسمان پر مقابل کعبہ کے ہے۔
بید انجیر ع درخت ارنڈ جو مشہور و معروف درخت ہے۔
بیدر ہ ایک شہر دکن کے ملک مین ہے۔
بیر ع چاہ یعنی کنوان جس سے پانی بھرا جاتا ہے۔
بئس المصیر ع بہت برا مقام بازگشت کا یعنی دوزخ۔
بیت القرار ع خانہ عاقبت مجازاً وہ گھر جسمین سکونت ہو
بیلدور ت خوردہ فروش جو شخص چھوٹے چھوٹے اسباب کی تجارت کرے۔

بے لوکر ف یہ لفظ غلط ہی نالوکر صحیح ہی مگر مشہور ہی۔

تیسری فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے اول باے فارسی اور اخیر مین رے آہی

باب الف

پالکیر ف دکن مین ایک قوم ہی۔

پاکار ف پیادہ تحصیلی خادم و مزدور و خاکروب خدمتگار وغیرہ

پارہ کار ف شوخ لچا سرکش نافرمان آدمی۔

پاسخاطر ف کسی کی خاطر سے کسی کی رعایت سے۔

پاسدار ف طرفدار کسی کا حمایتی و مددگار۔

پایدار ف محکم و مضبوط اور برقرار رہنے والی چیز۔

پایکار ف وہ جگہ جہان مصالح عمارت کار کیا جائے۔

پازہر ف زہرمہرہ جو مشہور پتھر ہی مخفف پادزہر دوا مین مستعمل ہی

باب تا

پتر ہندی اور فارسی مین مشترک ہی جوڑا کیا ہوا لوہا یا پھیلا ہوا لوہا

باب خا

پخته خوار ف آرام طلب یعنی کم محنت پکی پکائی کھانے والا

باب دال

پدیدار ف ظاہر و آشکار جو چیز سب کے روبرو ہو۔

پدر ف باپ جسکے نطفہ سے یہ شخص ہو۔

باب ذال

پذیر ف قبول کرنا یا ماننے والا اور قبول کرنیوالا۔

باب را

پرستار ف خدمتگار مرد ہو یا عورت حکم ماننے والا تابعدار۔

پردہ دار ف دربان یعنی محافظ دروازہ کا ہو اور پردہ نشین شخص

پرخوار ف سر و مکان اور فربہ جانور جسکے بدن پر گوشت ہو۔

پرگار ف قلم دو شاخہ جس سے دائرہ کھینچین اور دائرہ بنائین۔

پروردگار ف پرورش کرنیوالا نام خدا تعالیٰ کا ہی جو سب کو پالتا ہی

پُر ف بھرا ہوا لبالب ہوا ہوا پیالہ یا کوئی اور برتن۔

پرکار ف دانا و عیار و عقلمند جو ہر ایک کام کرسکتا ہو۔

پرور ف پالنے والا پرورش کرنیوالا شخص۔

پرہیزگار ف بچنے والا گناہ سے اور نیک کام کرنیوالا۔

پری پیکر ف خوبصورت آدمی اور معشوق جو صاحب حسن و جمال۔

پر ف بال و بازو جس سے جانور پرند اُڑتے ہین۔

پردہ زنبور ف برقعہ جالی دار جو عورتین پہنتی ہین۔

پریر ف مخفف پریروز یعنی وہ پرسون کا دن جو گذر چکا ہی۔

باب سین

پسر ف بیٹا جو اپنے نطفہ سے پیدا ہوا ہو اور لڑکا کا بھی

باب نون

پندار ف تصور و تکبر و خیال اور وہم جو طبیعت مین ہو

پنجر ف جو چیز مشبک ہو اور پنجرہ یعنی جالی۔

باب واو

پوطدار ف خزانچی جسکی تحویل مین زر نقد رہتا ہو۔

پور ف بیٹا جو اپنے نطفہ سے پیدا ہوا ہو۔

پور ہاجر کنایہ اسماعیل ع جو نبی مشہور ہین۔

باب یا

پیکار ف جنگ لڑائی معرکہ جو دشمن سے کیا جاوے۔
پیداوار ف آمدنی اور کمائی جو کسی کام سے حاصل ہو۔
پیر ف بزرگ بڑی عمر کا آدمی اور مرشد اور پیشوا۔
پیزار ف جوتا جو پانؤن مین پہنتے ہین۔
پیغمبر ف ایلچی پیغام لیجانیوالا اور جو خدا کا پیام لایا ہو۔
پیکر ف شکل و صورت ظاہری ہر چیز کی۔
پیشکار گماشتہ نوکر اور کام کرنے والا۔
پیرانہ سر ف حالت پیری و ضعیفی و پیرانہ سالی۔
پیلہ ور ف شیشہ گر و عطار و ابریشم فروش۔
پے سپر ف پامال و پریشان و خراب حالتین۔

چوتھی فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور اخیر مین راے ہو

تا با الف

تار ف ریسمان جامہ یعنی تانا و تاریک و میانہ سر مخفف تارو کہ نام درخت اور ترکی مین تنگ۔
تاجر ع سوداگر۔
تارمار ف زیر و زبر کج مج و پریشان۔
تالار ف ماٹھ جو زمیندار چار ستون زمین مین گاڑ کر اور اسپر تختہ ڈالکر زراعت مین بناتے ہین اور اوپر بیٹھکر پاسبانی کرتے ہین۔
تابعدار ف یہ لفظ محض غلط ہے بلکہ تبع دار کہنا چاہئے تو بجا ہے۔
تاتار ف نام ایک ولایت کا ہے جو مشہور ہے۔
تاثر ع اثر قبول کرنا کسی کا دباؤ اپنے اوپر لینا۔
تاثیر ع اثر کرنا کسی چیز پر حاوی ہونا دباؤ ڈالنا۔
تاجدار ف بادشاہ صاحب تاج مالک ملک۔
تاجور ف بادشاہ صاحب کلاہ فرمان فرما۔
تاخر ع پیچھے ڈالنا توقف کرنا ٹھہر جانا درنگ کرنا۔
تاخیر ع پیچھے ڈالنا توقف کرنا ٹھہر جانا درنگ کرنا۔

تا با باء

تبر ف ایک قسم کا ہتھیار ہے تلوار کا کام دیتا ہے۔
تبر ع طلا یعنی سونا جسکو زر کہتے ہین۔
تبار ف خاندان و اولاد اور عربی مین ہلاکی۔
تبختر ع ناز اور غرور سے چلنا مور کی چال چلنا۔
تبور ع خسران و ہلاکت کاہلی و سستی و بدبختی وغیرہ۔
تبذیر ع پراگندہ کرنا فضول خرچ کرنا بکھیرنا گھانس کا بیج۔
تبحر ع بہت صاحب علم ہونا مثل دریا کے ہونا صاحب فیض ہونا۔
تبادر ع باہم دوڑنا آگے نکلنا تیز رفتاری کرنا۔
تبخیر ع دھوان اٹھانا بخار اٹھانا کسی چیز سے۔
تبصر ع دیکھنا نظر کرنا نگاہ ڈالنا کسی پر۔
تباشیر ف سفیدہ کا نام ہے طباشیر اسکا معرب ہے۔

تا با تا

تتر ف مخفف تاتار جو ایک مشہور ملک ہے۔

تا با ثا

تثمیر ع میوہ چکنا اور نفع پانا فائدہ حاصل کرنا

تا با جیم

تجبّر ۔ جبر کرنا زبردستی کرنا ظلم و ستم کرنا کسی پر۔
تجاسُر ۔ دلیری کرنا شوخی کرنا گستاخی و نافرمانی کرنا۔
تجّار ۔ جمع تاجر سوداگران یعنی بیوپاری لوگ۔
تجربہ کار ۔ آزمایا ہوا یعنی جس شخص نے بہت سے تجربے کیے ہوں

تا با حاء

تحذیر ۔ ڈرانا دہشت دلانا دھمکانا خوفناک کرنا۔
تحریر ۔ لکھنا اور باریک خطوط جو کتاب کے چار و نطرف ہوں و نام کتاب علم اشکال مین اقلیدس حکیم سے اور نغمہ گٹکری جو گانے والا اپنے گلے سے لمبی آواز نکالتا ہی اور آزاد کرنا غلام کو قید غلامی سے ۔
تحشّم ۔ ملک رکھنا نفقہ اہل و عیال اور نوکر چاکر پر۔
تحجّر ۔ پتھر کی طرح سخت ہونا نہایت سخت دل ہونا۔
تحسّر ۔ حسرت کرنا افسوس کرنا رنج و اندیشہ مین ہونا
تحقّر ۔ حقیر ہونا بےعزت ہونا بےآبرو و خراب ہونا۔
تحیّر ۔ حیرت مین آنا حیران و پریشان ہونا غمناک ہونا۔
تحویلدار ۔ وہ شخص جس کی سپرد کوئی خزانہ ہو جیسا کہ خزانچی

تا با خاء

تخمیر ۔ گوندھنا خمیر اٹھانا کسی چیز کا۔
تخسیر ۔ کم کرنا ہلاک کرنا نقصان دار کرنا زیان پہنچانا۔

تا با دال

تدبّر ۔ پیچھا کام کا دیکھنا مآل کار پر غور کرنا تدبیر کرنا
تدبیر ۔ کسی کام کے اخیر پر غور کرنا تدبیر کرنا۔
تدمیر ۔ ہلاک کرنا ہلاکت مین ڈالنا خراب کرنا۔
تدویر ۔ گرد کرنا اور دور مین لانا مدور بنانا۔

تا با ذال

تذکیر ۔ مرد ہونا مرد بنانا یہ لفظ ضد تانیث کی ہی۔

تا با راے

تر ۔ بہت اور تازہ و آبدار و شاداب و پاکیزہ جیون گل تر وغیرہ
تریاق کبیر ۔ ایک معجون کا نام ہی جو نہایت مفید ہی۔

تا با زاے

تزویر ۔ مکر و فریب کرنا جھوٹھ کو رونق دینا جھوٹھ کو سچ بنانا۔

تا با سین

تسخیر ۔ فرمانبردار کرنا تابع کرنا اپنی متابعت مین لانا۔
تسطیر ۔ لکھنا تحریر کرنا کسی کتاب یا خط وغیرہ کا۔
تستیر ۔ چھپانا پردہ مین رکھنا پوشیدہ رکھنا۔
تسییر ۔ سیر کرنا جابجا پھرنا ملکون مین پھرنا۔
تسییر ۔ سیر دینا روان کرنا شہر سے نکالنا بدر کرنا کسی کو۔
تساکر ۔ بغیر مستی اپنے آپ کو مست ظاہر کرنا فریب سے مست بننا۔

تا با شین

تشہیر ۔ مشہور کرنا رسوا کرنا بےآبرو کرنا کسی کو۔
تشمیر ۔ چستی و چالاکی و دلیری کرنا۔
تشویر ۔ شرمساری و خجالت اور اشارہ کرنا کسی کو۔
تُشتَر ۔ نام ایک شہر کا ہی۔

تا با صاد

تصغیر ۔ چھوٹا کرنا کم کرنا مختصر کرنا کسی چیز کو۔

تصوّر ع اپنے دلمین کسی چیز کی تصویر کو قائم کرنا۔

تصویر ع صورت شکل کا بنانا نقشا و اُسکی جمع ہے یعنی صورتین

تصدیر ع دیباچہ لکھنا اور مقدم کرنا کسی کو کسی پر

تصویر پاپیہ دار ف بت جو مٹی یا پتھر سے بنا ہو۔

تا با ضاد

تضجّر ع دل تنگ ہونا بے آرام ہونا پریشان و غمگین ہونا

تا با طاء

تطہیر ع پاک کرنا پلیدی دور کرنا صاف کرنا کسی چیز کو

تا با ظاء

تظاہر ع پشتی دینا مددگاری کرنا حمایت مین لینا۔

تا با عین

تعزیر ع سیاست کرنا کسی کو بعض جرم کے جو اقل درجہ چالیس درہ شرعی ہین۔

تعسّر ع تنگی و دشواری کرنا عسرت کی حالتمین ہونا۔

تعطیر ع خوشبودار کرنا عطر لگانا کسی چیز کو۔

تعییر ع سرزنش و طعنہ دینا ملامت کرنا۔

تعطّر ع خوشبو ہونا خوشبوئی لگانا عطر لگانا۔

تعبیر ع بیان کرنا اور خواب کا مطلب کہنا اترنا عبور کرنا

تعذّر ع دشوار ہونا اور حجت لانا کسی بات مین۔

تعمیر ع عمارت کرنا کوئی مکان بنانا۔

تا با غین

تغییر ع بوزن تشریف بدلنا پلٹنا کسی چیز کو۔

تغیّر ع بدلنا ایک حالت سے دوسری حالتمین ہونا

تغار ع طشت گلی یعنی مٹی کا طشت مٹی کا رکاب۔

تغایر ع فرق باہمی مغائر ہونا غیر بننا غیرت بین۔

تا با فاء

تنفّر ع بھاگنا نفرت کرنا الگ ہونا اور بچنا۔

تفسیر ع قرآن کی شرح کا علم و علم معانی قرآن۔

تفاسیر ع جمع تفسیر کی بہت سی تفسیرین قرآن کی

تفاخر ع فخر کرنا بڑائی کرنا بڑا آدمی بنا۔

تفکّر ع فکر کرنا اندیشہ کرنا غور کرنا کسی بات پر۔

تا با قاف

تقذیر ع پلید رکھنا ناصاف رکھنا خراب رکھنا۔

تقتیر ع تنگی کرنا تنگ رکھنا کسی کو کسی بات پر۔

تقدیر ع اندازہ اور وہ اندازہ جو خدا کے حکم سے ہو چکا

تقصیروار ف صاحب تقصیر یعنی جس شخص سے کوئی گناہ صادر ہو

تقصیر ع کوتاہ کرنا سستی کرنا نافرمانی کرنا۔

تقریر ع سخن کہنا قرار دینا اقرار مین لانا کسی کو۔

تقرّر ع قرار پکڑنا ٹھہرجانا کسی مقام پر مقرر ہونا۔

تقشیر ع پوست اتارنا حبوب و میوہ وغیرہ سے

تقاطر ع پے در پے گرنا قطرہ نکالنا پانی یا کسی اور چیز سے

تا با کاف

تکبّر ع بڑائی کرنا اپنے آپ کو بزرگ جاننا غرور کرنا۔

تکبیر ع بزرگ کہنا خدا کو بزرگ کہکر پکارنا اور تکبیر نماز کی

تکدّر ع کبیدہ خاطر ہونا و رنجیدہ ہونا کسی کی طرف سے [illegible] آلودہ

تکرار ع دوبارہ ذکر کرنا تکرار کرنا کسی بات پر۔

تکرار ع بار بار کہنا اور بار بار ذکر کرنا کسی بات کا۔
تکاثر ع بڑھنا بہت ہونا یا زیادہ ہونا کثرت کے ساتھ ہونا
تکثیر ع بڑھانا زیادہ کرنا کثرت میں لانا کسی چیز کو۔
تکسّر ع بہت ہونا ٹوٹ جانا اپنے اندر آپ سے کسی چیز کا۔
تکسیر ع بہت توڑنا اور تقسیم کرنا کسی اسم کے عددوں کو توڑنے کے قانون پر۔
تکسّر ع شکستہ ہونا ٹوٹا ہوا ہونا کسی چیز کا۔
تکریر ع بار بار کرنا اور بار بار کہنا کسی بات کا۔
تکفیر ع کفارت دینا کسی کو کافر کہنا کسی سبب سے۔
تکاور ف اسپ تیز رو اصل اسکا تک آور تھا۔

تا با میم

تمر ع خرمای خشک یعنی خشک کھجوریں جو مشہور میوہ ہے۔
تمر ع نام بیماری چشم یعنی آنکھ کی ایک بیماری کا نام ہے۔
تمسخر ع ہنسی کرنا مسخری کرنا کسی سے۔
تمر ت بواو نام بادشاہ مغل جسکو تیمور کہتے ہیں۔
تمام عیار ع کامل عیار یعنی وہ شخص جو سخت عیار ہو۔

تا با نون

تندر ف رعد کی آواز اور بلبل جو ایک پرند مشہور ہے۔
تناور ف فربہ و سطبر و قوی جثہ و قوی زور آدمی۔
تنکار ف ایک معدنی دوا ہے جسکو سہاگا کہتے ہیں۔
تہدید ع ڈرانا دھمکانا خوف دلانا کسی کو کسی چیز سے
کسی خوفناک چیز سے۔
تنگ شکر ف کنایۃً لب معشوق اور نام ایک فن کشتی کا۔
تنافر ع نفرت کرنا متنفر کے بھی معنی ہیں یعنی بھاگنا
تنویر ع روشنی اور چاندنی چاند وغیرہ کی۔
تنور و تنورہ ع مشہور لفظ ہے جسمیں روٹی پکاتے ہیں
تنگنا ف وہ جگہ جہاں کسی کا دخل نہو اور راستہ تنگ جہاں کسی کا گذر نہو۔
تنصّر ع نصارا ہونا عیسائی ہونا۔
تنظیر ع مثال بنانا شکل بنانا تشبیہ بنانا کسی کا۔

تا با واو

توریر ع ناحق کسی کو گنہگار بنانا فریب میں پھانسنا۔
توفیر و توافر ع بہت ہونا اور بہت کرنا اور ترقی دینا کسی چیز کو۔
توقّد و توقد ع حرکت و حرارت و فروغ و فروزش کسی چیز کا کسی کا
تور ف پسر کلان فریدون جسکے نام سے توران کا ملک و ولایت مشہور ہے و بمعنی پہلوان و بہادر اور نام گیاہ ترش مزہ و بمعنی رم و رمیدگی۔
تور ف بواو مجہول جالی و دام ماہی یعنی مچھلی پکڑنیکا جال۔
تور ع تغار و کوزہ و آب طبق اور انوار اسکی جمع ہے۔
تونگر ف زبردست و دولتمند اصل لفظ توانگر تھا۔
تواتر ف پے در پے اور بار بار ہونا کسی بات کا۔
تواتر ف تنہا تنہا و یک یک اور فرد فرد۔

تا با ہا

تہوّر ع مردانگی و پہلوانی و جوانمردی و دلیری۔

تا با یا

تیسیر ع بوزن تحریر آسان کرنا کسی مشکل کام کو۔

تیمار ف غمخواری کرنا خدمت کرنا کسی بیمار و علیل کا۔

تیمور ت فولاد اور نام بادشاہ مغل کا جو مشہور ہے۔

تیر ف تیر چلانے کا و ستارہ عطارد و نام ماہ شمسی تقریباً بہا و ...

تیار ع جلد رفتار و جہندہ و مواج و درست و مہیا کو امل

بعض اسکو طیار لکھتے ہین وہ قریب بصحت ہے۔

تیہ آ در ف مکار و حیلہ گر و فریبی آدمی و دغاباز۔

پانچوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ثاے اور اخیر مین راے ہے

ثا با بای

ثبور ع ہلاک ہونا مرجانا فوت ہونا نیست و نابود ہونا۔

ثا با غین

ثغر ع دانت اور اگلے دانت اور سرحد درمیان

ملک کفر و اسلام کے جو واقع ہو۔

ثغور ع جمع ثغر و ندانہا و سرحدہا مالک کفر و اسلام۔

ثا با فا

ثفر ع پاسے دم یعنی دمچی جو مشہور ہندی لفظ ہے۔

ثا با میم

ثمر ع میوہ و بار اور پھل درختونکا و مال و زر و فرزند و اولاد۔

ثمار ع جمع ثمر میوہ ہا یعنی بہت سے میوے اور پھل اور اولاد۔

ثمیر ع میوہ ہر ایک قسم کا اور درخت میوہ دار۔

ثا با واو

ثور ع گاو نر نہ مادہ بخلاف بقر کہ معنی نر اور مادہ کے ہے

چھٹی فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف جیم اور اخیر مین راے ہے

جیم با الف

جار ع ہمسایہ نگہبان شریک اور بنیاد دیا گیا اور

ترکی مین ندا کرنا اور منادی و جیت۔

جانور ف جو صاحب جان ہو یعنی زندہ ہو مجازاً

وحش و طیور سواے انسان کے۔

چاکر ف جو شخص کسی کا نوکر یا خدمتگار ہو۔

جائر ع جور کرنے والا ظلم کرنے والا راہ حق سے پھرنے والا

جار بلجار ت اندک طلب بسیار طلب آدمی۔

جاندار و جانہ دار ف سلاح دار و دوست و

مددگار و حامی کسی کا۔

جاگیر و جاگیر ف وہ زمین جو بادشاہ کسی منصب دار کو دے

جاغر ت چینہ دانہ مرغان جو مرغ کھاتے ہین۔

جاج نگر م ہند مین ایک شہر مشہور ہے۔

جابر ع جبر کرنے والا زبردستی کرنے والا۔

چار ف اربع و مخفف چہارہ جسکے معنی علاج کے ہین

چار یار ف حضرت ابوبکر و عمر و عثمان و علی جو محمد صلعم کے جانشین تھے

چار تکبیر ف نماز جنازہ اور مجازاً ترک کرنا۔

جیم با با

جبابر ع جمع جبر و چھوٹی لڑکیان شکستہ عضو پر باندھتے ہین

امام جعفر صادق جیسے احوال غیب معلوم ہوتا ہے۔

جیم با کاف

جگر۔ ب۔ با وتشدد جسکو ہندی مین جہانگ کہتے ہین۔

جگر۔ ف۔ باہضو یعنی کلیجا یعنی ہیج وغم وغصہ و آزردگی و بیتاب طاقت

جیم با لام

جلنار۔ معرب گلنار یعنی انار کا پھول یا کوئی سرخ پھول

جیم با میم

جمہور۔ ع۔ گروہ آدمیون کا اور ہجوم وانبوہ خلقت کا

جمعدار۔ ف۔ سرگروہ اور جمعدار جو مشہور ہے غلط ہے۔

جم غفیر۔ ع۔ ہجوم عام یعنی جم یعنی گروہ و غفیر یعنی چھپانیوالا یعنی کہ ہجوم سے زمین چھپ جاتی ہے اسلیے جم غفیر کہا۔

جماہیر۔ ع۔ جمع جمہور آدمیون کے گروہ اور ہجوم خلقت کا۔

جمار۔ ع۔ ڈالنا سنگریزہ حاجیون کا آداب مناسک حج مین۔

جمدھر۔ ھ۔ ایک قسم کے خنجر کا نام ہے۔

جیم با نون

جنتر۔ ھ۔ نام باز جسکو مین کہتے ہین۔

جنار۔ ف۔ نام درخت کلان جسکے پتے پنجے کی طرح ہوتا۔

جنبر۔ ف۔ دائرہ دف و حلقہ و طوق کمند و قید اور چرخ بازیگر

جیم با واو

جوع البقر۔ ع۔ ایک بیماری کا نام ہے جس بیمار ہر وقت گرسنہ رہتا ہے یعنی بھوکھ بیل کی۔

جوی شیر۔ ف۔ نام نہر شیرین جسکو فرہاد نے بنایا تھا اور نام دریاے کابل جو کوہ کابل سے نکلکر دریاے سندھ مین آملتا ہے

جویبار۔ ف۔ جس زمین مین بہت نہرین ہون۔

جوار۔ ع۔ ہمسائگی اور بفتح جیم غلط ہے۔

جوہر۔ ع۔ معرب گوہر یعنی قیمتی و اصل خلاصہ ہر چیز اور ضد عرض یعنی وہ چیز جو بذات خود قائم ہو اور عرض وہ چیز جو قائم بذات خود نہو بلکہ قیام عرض کا بوسیلہ جوہر کے ہو چنانچہ لوح و نقش لوح جوہر ہے اور نقش عرض۔

جوزہ۔ ع۔ بچہ کا دوشتی معرب گوزہ جسکے معنی بچہ گاوکے ہین

جو دو۔ ع۔ وہ گھاس جو گندم مین پیدا ہوتی ہے دانہ اسکا باریک ہوتا ہے

جور۔ ف۔ ظلم و ستم اور جام بھرا ہوا پانی یا شراب کا۔

جیم با ہا

جہر۔ ع۔ ظاہر ہونا آواز بلند کرنا بلند آوازی سے پڑھنا۔

جہار۔ ع۔ ظاہر ہونا کسیکے روبرو ہونا پردہ سے نکلنا۔

جہاد اکبر۔ ع۔ ریاضت عبادت و نفس کشی کی ریاضت۔

جہاد اصغر۔ ع۔ کفار سے لڑنا دین کی ترقی کے لیے۔

جہار پیر و جہار یار۔ ف۔ چہار اصحاب پیغمبر ابوبکر و عمر و عثمان و علی جو محمد کے جانشین تھے۔

ساتوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف حا اور اخیر مین را آیا ہے

حا با الف

حار۔ ع۔ گرم اور گرمی کرنے والا ضد بارد کی۔

حاسر۔ ع۔ جو شخص بات کرتے کرتے رک جاے۔

حاصر۔ ع۔ حصر کرنیوالا روکنے والا اٹھرا کرنیوالا کسی بات پر

حاضر ۔ آگاہ و خبردار و موجود و روبرو۔

حافِر ۔ سُم اسپ اور پاؤن کو کھودنے والا حوافر اسکی جمع ہے۔

حا با باء

حبر ۔ سیاہی دوات کی و دانشمند و نیکوکار اور اچھا آدمی۔

حبور ۔ خوش کرنا اور خوش ہونا و حبیر بمعنی خوش کی نیکی۔

حا با جیم

حجر ۔ تینون حرکت سے حرام اور باز رکھنا کسی شیے کا کام اور خراب چیز سے۔

حجر ۔ سنگ یعنی پتھر جو مشہور و معروف چیز ہے۔

حِجر ۔ عقل و خرد و لیاقت و ہوشیاری جو انسان کو حاصل ہو۔

حُجَر ۔ جمع حجرہ یعنی بہت سی کوٹھریان اور مقام۔

حُجَر ۔ بغل و کنارہ ہر چیز کا اور گوشہ۔

حا با دال

حَدَر ۔ نیچے اترنا بلندی سے تنزل کرنا عروج سے۔

حِدار ۔ سیاہ کپڑے ماتم کے۔

حا با ذال

حَذَر ۔ پرہیز کرنا اور بچنا کسی نقصان رسان چیز سے۔

حَذِر ۔ خائف و ترسان ڈرتا ہوا اور خوف کرتا ہوا آدمی۔

حِذار ۔ ڈرنا اور خوف کرنا وحشت میں آنا۔

حَذُور ۔ حذیر ۔ پر خوف و خوفناک اور ڈرتا ہوا آدمی۔

حا با راے

حُر ۔ مرد آزاد اور برگزیدہ و بچہ کبوتر کا۔

حَر ۔ گرمی اور گرم اور سنگین میں جو نہایت سخت ہو۔

حِر ۔ فرج زن و اندام نہانی عورت کا۔

حَرُور ۔ گرمی اور موسم تابستان جو گرمی کا وقت ہو۔

حَرُور ۔ گرم ہوا جو رات کو چلے اور سموم وہ گرم ہوا جو دن کو چلے اور گرمی آفتاب و آگ کی تابش و گرمی۔

حروف چشمہ دار ۔ دائرہ دار حروف جو ایک قسم کا خط ہو۔

حروف بازگیرت ۔ وہ حروف جو کسی کے تکیہ کلام ہوں۔

حریر ۔ جامہ ابریشمی اور وہ شخص جو غصہ میں گرم ہو۔

حرف گیر ۔ عیب گیر آدمی جو نکتہ چین اور عیب پکڑنے والا ہو۔

حرف جو سر ۔ اچھے حرف جو خوش خط لکھے ہوں

حا با سین

حُسور ۔ ماندہ ہونا اور رہ جانا بینائی کا اندھا ہونا معذور ہونا

حَسیر ۔ درماندہ اور رنجیدہ شخص اور بیمار آدمی۔

حا با شین

حشر ۔ اٹھانا مجازاً قیامت کا دن جس میں سب اٹھائے جائینگے۔

حشر ۔ گروہ و انبوہ و ہجوم۔

حا با صاد

حِصار ۔ قلعہ احاطہ جسکے چار طرف دیوار ہو و نام شعبہ موسیقی

حَصر ۔ گھیر لینا اور احاطہ کرنا اور چار دیواری بنانا۔

حَصُور ۔ وہ مرد جو باوجود مردمی کے عورت کا مائل ہو۔

حَصیر ۔ بوریا سے خرما کھجور کے پتون کا بوریا۔

حا با ضاد

حُضَر ع موجود رہنا بخلاف سفر اور نام ایک ولایت مین ہی

حُضَّار ع جمع حاضر بمعنی حاضران یعنی جو لوگ حاضر ہون۔

حُضُور ع حاضر ہونا بخلاف غیبت اور کلمہ تعظیم نسبت بزرگان۔

حَضَاجِر ع کفتار جو ایک درندہ چار پایہ ہی اگرچہ لفظ حضجر کے جمع ہی اور حضجر بڑے پیٹ والے کو کہتے مین مگر بسبب اسکے کہ وہ درندہ بھی بزرگ شکم ہی اس جمع کو واحد پر اطلاق کیا۔

حا با ظا

حَظَائِر ع جمع حظیرہ بمعنی گورستان و احاطہ گرد چوب۔

حا با فا

حَفْر ع زمین کو کھودنا قبر کھودنا مثل کرنا زمین مین۔

حَفِیْر ع گور کھودی ہوئی اور خاک جو زمین مین کھودا ہو

حا با قاف

حَقْ دار ف جسکا حق ہو صاحب حق و صاحب استحقاق۔

حَقِیْر ف عاجز بیعزت ناتوان غریب مفلس و خوار۔

حا با میم

حِمْیَر ع نام قبیلہ ہر قبایل بنی سبا سے اور نام ایک جنگل کا عرب مین۔

حَمِیْر او حُمُر ع جمع حمار یعنی بہت سے گدھے۔

حُمَا ع گدھا جو ایک مشہور چار پایہ ہی۔

حا با نون

حِنْجَر ع حلق و گلو یعنی گلا آدمی کا۔

حا با واو

حَوَافِر ع جمع حافرہ گھوڑونکے سم اور گھوڑونکے پانون۔

حُور ع ہونا غور نقصان و زیان۔

حُوْر ع جمع حورا بمعنی زن سفید رنگ و سیاہ چشم و دراز مو او معشوق جو بہشت مین ہونگے۔

حَوَارِ ع انصار و اصحاب عیسے ع کے۔

حا با یاے

حَیْدَر ف اسد و شیر و نام لقب مرتضی علی کرم اللہ وجہہ کا۔

آٹھوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف خا اور اخیر مین را ہے

خا با الف

خَاپُور ت ترکستان مین ایک گانون کا نام ہی۔

خَارخار ف تردد و فکر و اندیشہ و غم جو کسی کو لاحق ہو

خَارشتر و شتر خوار ف ایک گھاس کا نام ہی جسکو اونٹ کھاتا ہی۔

خَانہ گیر ف بازی نرد کے ایک قسم کا کھیل ہی جو کھیلتے ہین

خانہ تیر ف خانہ عطارد یعنی جوزا جو عطارد کا گھر ہی۔

خَاوَر ف سمت مشرق و مغرب۔

خَاسِر ع صاحب نقصان صاحب زیان [illegible]

خاطر ع دل اور دل کا خیال جو [illegible]

خاکستر ف راکھ جو آگ سے نکلتی ہے۔

خار چگر ف چیز غیر مطبوع جسکا دل نہ چاہتا ہو۔
خاک جگر گیر ف جس مین سے اٹھنے کو دل نہ چاہے مقام آرام۔
خانہ دار ف مالک اور پاسبان گھر کا محافظ۔
خاکسار ف مانند خاک مجازاً ذلیل و خوار و عاجز۔
خاک خوردن تیر ف تیر کا نشانہ پر نہ پہونچنا خطا پڑنا۔

خا با با

خبار ع نرم زمین اور سوراخ ناک کا یعنی نتھنے۔
خبر ع آگاہی و خبرداری و حدیث نبوی۔
خبرگیر ف جاسوس اور خبر لینے والا۔
خبیر ع خبردار یہ نام خدا تعالیٰ کا ہے جو ہر ایک کی خبر رکھتا ہے۔
خبردار ف صاحب خبر و آگاہی و صاحب علم و فضل۔

خا با تا

ختار ع پاک و صاف کرنا کھیتی کا خودرو گھاس سے

خا با جیم

خجیر و خجیر ع خوب و پسندیدہ و مطبوع و دل پسند
[illegible]
خجیرہ [illegible] دو نوح کسی خط یا زمین کے۔

خا با دال

خداوندگار ف صاحب و مالک خدا [illegible] جسکا مالک ہو۔
خدیو [illegible] پردہ و نقاب حجاب جو کسی پر ڈالا ہو۔
خدر [illegible] سست و کسی و بیکار و بے جنبش۔
[illegible] سست و کاہل و بیکار جو کام میں سست ہو

خا با را

خرواری ف تودہ کسی چیز کا جو بقدر قد گدھے کے ہو
یا اسقدر کہ گدھا اسکو اٹھا سکے یعنی خربار۔
خر ف گدھا ولایتی شراب و بیخبر و مزنگ و کلان جیسا کہ
خرسنگ وغیرہ اور وہ چھوٹی لکڑی جو رباب و ستار
و چنگ پر لگاکر اسپر تار باندھتے ہین۔
خرطنبور وہ لکڑی جو چنگ وغیرہ کے تارون کے
نیچے لگاتے ہین ہندی مین اسکو گھوڑچ کہتے ہین۔
خریدار ف خرید کرنے والا مشتری جو کوئی چیز خریدے

خا با زا

خزر ترکستان کے شمالی زمین مین ایک ملک کا نام ہے۔

خاے با سین

خسر ع عربی مین نقصان اور فارسی مین پدر شوہر یا پدر زن
خسور ع وہ شخص جسکا نقصان ہوا ہو اور نقصان
اٹھا چکا ہو۔
خسیر ع زیان کار و صاحب نقصان خرابی ڈالنے والا۔

خا با شین

خشک زر ف زر خالص کنایۃً آفتاب یعنی سورج۔
خشت زر ف کنایۃً آفتاب یعنی سورج۔
خشت قمار ف جس خشت پر قمار کھیلتے ہین۔

خا با صاد

خصر ع میان یعنی کمر اور درمیانی موقع ہر ایک چیز کا۔
خصر ع سرما اور سرد ہونا اور سردی کا موسم۔
خصر ع ابر یعنی سرد و تربت سرد چیز نہایت سرد۔

خا با ضاد

خِضر ع نام پیغمبر اور اصلی نام اسکا ارمیا تھا۔ اور خضر اسواسطے نام رکھا گیا کہ جس راستے سے وہ جاتا تھا سبز گھاس پیدا ہو جاتا تھا۔ آخر یہ سکندر رومی کے ہمراہ ظلمات کو گیا اور آبحیات پیکر لوگون کی نظرون سے غائب ہوگیا اگرچہ وہ زندہ جاوید ہے۔ مگر ہر کسی کو نظر نہین آتا سوائے حکم خدا تعالی جلشانہٗ کے کسی کو نہین ملتا۔

خَضر ع شاخ سبز اور سبز کھیتی اور ترہ سبز یعنی سبز ساگ۔

خَضَر ع تازگی و سبزی و رونق و خوبی اور سبز رنگ

خضور ع سبز ہونے والا درخت تازہ ہونے والا بارونق ہونے والا۔

خا با طاء

خطر ع قدر و جاہ و عظمت و بزرگی و آفت و اندیشہ و ضرر و درد و رنج۔

خطیر ع بزرگ و صاحب عظمت و صاحب عزت و وزن دار

خط جواز ف اجازت نامہ جو کسی مسافر کے گذرنے کے لئے گذربان کو لکھا جائے۔

خا با فاء

خفر ع شرم و حیا و نگہبانی و حفاظت پاسداری و خلا

خفیر ع شرمناک و فریادرس و نگہبانی کرنے والا محافظ لحاظ کرنے والا و پاسبان۔

خا با لام

خلار ع شیراز کے پاس ایک موضع ہے جسکا یہ نام ہے۔

خلیع العذار ع بے لگام و شتر بے مہار و انسان بے قید

خا با میم

خمار ع اوڑھنی عورتونکی اور ڈھپنے کی جو سر پر اوڑھتی ہین

خمار ع شراب یا رادمیفروش جو شراب بناتا اور بیچتا ہو

خمار ع لقیہ نشہ شراب کا و بقیہ مستی شراب کی۔

خمر ع شراب جس سے مستی و نشہ حاصل ہو۔

خمیر ع وہ چیز جو دوسری چیز کی زیادتی کا باعث ہو۔ چنانچہ مٹی مین پانی ڈالین تو وہ بڑھ جاتی ہے۔

خا با نون

خنیاگر ف مطرب سرود کرنے والا گانے والا آدمی۔

خنزیر ع خوک سور خنازیر اسکی جمع ہے یعنی بہت سے خوک۔

خنجر ع وہ بدبو جو ہڈی اور چمڑے کے جلنے سے چھوٹے

خنصر ع چھوٹی انگلی جو پانچوین انگلی اور چارون سے چھوٹی ہے۔

خنور ع خزف و کاسہ و آوند یعنی برتن ہر ایک قسم کا۔

خندگار ف مخفف خداوندگار صاحب حاکم مالک۔

خا با واو

خون کبوتر ف کنایۃً شراب جو پی جاتی ہے۔

خوبعدہ کار ف دانا و باریک بین جو ہر ایک بات مین غور کرے

خور ع سستی و کاہلی و کم توجہی کام مین۔

خور ف خوراک و طعام خوردنی و آفتاب یعنی سورج

خوار ع آواز گاؤ یعنی گائے بیل کی آواز۔

خوار ف ذلیل وخراب اور نام مقام عراق مین۔
خواستگار وخواستار ف طلبگار خواہشمند کسی چیز کا۔
خورشید سوار ف سحرخیز و بیدار دل اور عابد شخص۔
خویش دار ف اپنے آپ کو بچانے والا ہر ایک کام بد سے۔
خوازہ گر ف خواہندہ و خواہشمند و طلبگار و سوالی۔
خوالگر و خوالیگر ف طباخ و باورچی کھانا پکانے والا۔
خوشگوار ف لذیذ و شیرین طعام یا شربت وغیرہ۔
خودسر و خودسوار ف جو شخص کسی کا کہنا نہ مانے اپنی مرضی سے کام کرے۔
خوندگار ف بادشاہ و صاحب ملک و حاکم و فرمان فرمائے۔
خوگر و خوگیر ف عادت یافتہ جس بات کی کسی کو عادت ہو۔
خواجہ عبد القادر ع نام ایک استاد کا جو علم موسیقی مین صاحب کمال آدمی تھا۔

خا با یا ء

خیّر ع بہت نیکوکار نہایت اچھا آدمی بہت خوب آدمی۔
خیر ع نیکی و بھلائی و نیکوکاری و اعمال حسنہ۔
خیرہ سر ف بیہودہ و خودپسند و سرکش و متکبر و مغرور۔
خیار ع ککڑی اور کھیرا جو ترکاریاں مشہور ہین۔
خیر خیر ف بیہودہ و بیفائدہ و بیکار و کم رتبہ۔

نوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور آخیر مین ر آ ہے

دال با الف

داور ف حاکم عادل اصل مین یہ لفظ دادور تھا کثرت استعمال سے ایک دال گر گئی۔
دار ع بی مین محلہ و سرا ہے اور فارسی مین چوب و درخت اور سولی یعنی صلیب۔
دار العیار ع چاندی سونے پرکھنے کا مقام صرافونکی دوکان۔
دار السرور ع لقب شہر بیجاپور و خانہ فرحت و خانہ عیش و عشرت۔
داور ف بہر دو دال دوست و برادر وغیرہ جس سے محبت ہو۔
دار البوار ع خانہ ہلاکت یعنی دوزخ جسمین عذاب ہوتا ہے۔
دار القرار ع لقب شہر قندہار و بہشت اور یعنی تختگاہ ہے۔
داروگیر ف حکومت و سیاست و جنگ پیکار و مقدمات مرجوعہ۔
دابر ع پیسر و پیچھے چلنے والا تابعدار و فرمانبردار۔
دادار ف حاکم عادل اور نام خدا تعالے کا۔
دادگر ف عادل صاحب انصاف حاکم منصف۔
دائر ع پھرنے والا دورہ کرنے والا مجازاً آسمان۔
دار مدار ف لیت ولعل اقرار آجکل کا رکھنا رکھے۔
دائرۂ نصف النہار ع ایک دائرہ آسمانی کا نام ہے جسکو اہل نجوم نے درستی کار کے لئے فرض کر لیا ہووے۔

دال با با ء

دبور ع وہ ہوا جو مغرب کی طرف سے چلے یعنی پشت کعبہ سے چلے یعنی پچھوا ہوا۔
دبّ اکبر و دبّ اصغر ع بنات النعش صغرے و کبرے نام ستارون کے۔

دُبُر و دُبْرع ہر چیز کی پشت مجازاً مقعد بیٹھنے کا مقام۔
دَبیرع نویسندہ و منشی جو کوئی کتاب با خط لکھے۔

دال با ثاء

دِثارع چادر و رضائی جو اوپر اوڑھنے کا کپڑا ہو۔

دال با خاء

دُختر رف لڑکی دخت اسکا اختصار ہے۔
دُختندر رف دوسرے ماں کی لڑکی یا دوسرے باپ کی۔

دال با راء

دُرَرع جمع درہ یعنی مروارید بزرگ جو بڑا موتی ہو۔
دَرّع گائے اور بکری کا دودھ غنیمت و نیکو و خوبی و بھلائی۔
دُرّ مروارید مشترک فارسی و عربی میں یعنی دونوں زبان میں۔
دریای اخضرع کنایۃً آسمان و نام ایک سمندر کا سات سمندر سے۔
دُرُورع روان ہونا دودھ اور عرق کا اور جاری ہونا۔
دَرخور رف لائق و سزاوار کسی نیکی یا بدی یا جزا یا سزا کے۔
دریابار رف بڑا دریا اور وہ ملک جو دریا کے کنارے پر ہو۔
دَربار رف حکومت کا مکان کسی بادشاہ و امیر کی کچہری۔
دَربدر رف خراب و خستہ و خوار و آوارہ و پریشان حال۔
دَرکار رف کار آمد جو چیز کسی بات کے کار آمد ہو ضرورت
کی چیز خواہش کی چیز۔
دَرودگر رف نجار یعنی ترکھان جو لکڑی کا کام کرتا ہے۔
دَر رف اندر بیچ میں درمیان کسی چیز کے اور دروازہ
وزیر و امیر و صاحب مسند۔
دَستار رف پگڑی یعنی کپڑا جو سر پر باندھتے ہیں۔
دستیار رف مددگار و ہتھیار و ایک قسم زیور جسکو کڑا کہتے ہیں۔
دساتیر رف جمع دستور یعنی بہت سے قاعدے و قانون و وزرا و امرا
دستکار رف صنعت و صانع و استاد و ہنرمند و صاحب فن آدمی۔
دست بسر رف متحیر و تاسف یعنی وہ شخص جو کسی افسوس میں ہو۔
دست پرور رف پرورش یافتہ یعنی وہ شخص جو
اپنے ہاتھ کا پالا ہوا ہو۔
دستگیر رف ہاتھ پکڑنے والا مددگار و قیدی و گرفتار و صفت خدائی۔
دستہ شمشیر رف ایک آلہ کا نام ہے جس سے تیر چلاتے ہیں
یعنی پانک۔

دال با سین

دستور رف قاعدہ و قانون و رخصت و اجازت و

دال با شین

دُشخوار رف مشکل و دشوار وہ جو کام نہایت مشکل و کٹھن ہو
دُشوار رف سخت مشکل کام جسکا کرنا آسان نہو۔

دال با فاء

دَفتر رف مجموعہ حساب اور کاغذات ہر ایک قسم
کے جو کسی کام کے متعلق ہوں۔
دَفاتر رف بلفظ جمع دفتر کے لفظ کی ہے یعنی بہت سے دفتر۔

دال با قاف

دق الحصیر عتنے مکان کی تقریب جیسا کہ مکان بنایا جائے
اسکو دق الحصیر کہتے ہیں اور فارسی میں بوریا کوب
بے محبت و شفقت۔

دال با کاف

دُگرُ ع آذربائجان مین ایک رود کا نام ہی۔
دِگر ف اور یا دیگر چیز اور یا دیگر شخص دوسری چیز اور دوسرا شخص۔

دال با لام

دِلاَور ف صاحب دل و جوانمرد و چالاک و بہادر۔
دِلاَور ف صاحب دل دل چلا آدمی جوانمرد۔
دلپذیر ف دلپسند اور وہ چیز جو اپنے دل کو اچھی معلوم ہو۔
دِلبر ف معشوق دل والا جس سے محبت و پیار ہو۔
دِلدار ف معشوق دل کی تسلی دینے والا دوست۔

دال با میم

دمار ع ہلاک اور یہ جو بمعنی دماغ کے مشہور ہی غلط ہی اور
جس چیز کی آدمی کو ضرورت ہو اور دھوان و دم و سانس۔

دال با نون

دنانیر ع جمع دینار کی جو ایک مقدار کا وزن ہی اور
نیز بمعنی سکہ مسکوک و نام ایک دوا کا۔

دال با واو

دُوار ف گردش سر جو بسبب کسی بیماری کے سر پھرتا ہو۔
دَوّار ف بہت گردش کرنے والا چکر والا دورہ کرنے والا۔
دو پیکر ف تیسرا برج آسمانی جسکو جوزا کہتے ہین۔
دَوَائر ع جمع دائرے کی یعنی بہت سے دائرے اور وہ
برج جو دو برہنہ لڑکون کی صورت پر ہی تو امان بھی اسکو
کہتے ہین۔
دوتار ف نام ساز مثل سکہ تار جو صرف دو تار کے ساتھ
بجایا جاتا ہی۔

دَور ف گرد پھرنا چار و نظرف جانا طواف کرنا۔
دورگیر ف بادشاہ عظیم الشان جسکے حکم مین زمانہ ہو۔
دور قمر ف ہر ایک ستارہ کا دور سات ہزار سال ہی
ابتدا دور زحل سے ہوتی ہی اور آدم علیہ السلام ابتدا دور قمر
مین پیدا ہوئے تھے جواب وہ دور اختتام پر ہی۔
دوچار ف بروزن خمار مقابل و روبرو اور بالمعارہ واو غلط ہی۔
دُور ف جو چیز بہت سے فاصلہ پر ہو۔

دال با ہا

دَہُور ع زمانہ جمع اسکی دہور ہی یعنی بہت سے زمانے۔
دہر گیر ف بادشاہ سرزمین کا۔
دہ روز ف کنایہ مدت قلیل یعنی دس روز کے عرصہ مین

دال با یا

دیبا ذور ف نام روز ہشتم از ہر ماہ شمسی یعنی ہر شمسی
مہینے کی اٹھوین تاریخ۔
دیمہر ف پندرھوین تاریخ ہر ایک ماہ شمسی کی۔
دَیجور ف شب تاریک اٹھائیس تاریخ ہر ایک چاند کی
دیاجیر ع جمع دیجور یعنی بہت سی اندھیری راتین۔
دیوار ف مشہور لفظ ہی جسکو عربی مین سد اور
ہندی مین بھیت و بھیتی کہتے ہین۔
دیودار ف ایک پہاڑی درخت کا نام ہی جسکی لکڑی
عمارتون کے بہت کار آمد ہی۔
دیار ع جمع دار یعنی خانہ مجازاً ملک و ولایت چند زمین کا۔
دَیّار ع صاحب خانہ گھر کا مالک گھر کا آباد کرنے والا۔

دیومار ف اژدہا جو بڑے قسم کا سانپ ہے۔

دیوگیر ھ نام قدیم شہر دولت آباد جو دکن مین آباد ہے۔

دیر ف گنبد عبادتخانہ ترسایان و بتخانہ۔

دیریر لوتف ڈھیل اور وقفہ جو کسی کام مین ہو۔

دیدار ف رک چہرہ و بینائی اور دیکھنا آنکھ سے۔

دینار و دنار ع مشہور لفظ ہے اور نام ایک دوا کا اور نام ایک وزن و سکہ کا۔

دیوسار ف یعنی مانند دیو یعنی دیو و شیطان کی طرح۔

دیو ہفت سر ف کنایہ زمین باعتبار ہفت اقلیم۔

دیگر ف اور چیز دوسری چیز۔

دسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ذال اور اخیر مین راے ہے

ذال باالف

ازرق ع رنگ نیلگون وکبود اور صاف پانی اور وہ شخص جسکی آنکھین مائل بہ کبودی وسبزی ہون

الف با سین

استغراق ع محو ہونا غرق ہونا ڈوب جانا کسی چیز مین

اسبق ع سبسے اول سبسے پہلے۔

استیناق ع استواری مانگنا مضبوطی چاہنا۔

استراق ع چوری چوری کسی کی بات کا سننا۔

استنطاق ع کسی کو بلانا حال پوچھنا۔

استحقاق ع سزاوار ہونا حقدار ہونا۔

استنشاق ع پانی یا دوا یا ہوا ناک مین کھینچنا۔

اسحاق ع حضرت ابراہیم کے بیٹے کا نام ہے۔

استبرق ع نام پارچہ ریشمی جو مثل اطلس ہوتا ہے۔

الف باشین

اشلق ت تہمت کسی پر باندھنا بدنام کرنا۔
اشاق ت نام غلام و غلام سادہ بروبے ریش۔
اشق ع ایک قسم کی گوند کا نام ہے جو درخت سے اترتا ہے۔
اشق ع بہت سخت و مشکل و دشوار۔
اشفاق ع مہربانیاں جمع شفقت کے لفظ کی۔
اشفاق ع مہربانی کرنا پیار کرنا شفقت کرنا۔
اشراق ع روشن ہونا دن کا بعد طلوع آفتاب کے۔
اشتقاق ع نکالنا چیرنا پھاڑنا کسی چیز کو لینا کلمہ کا
دوسرے کلمہ سے لکڑیاں چیرنا۔
اشتیاق ع شوق کرنا شوق ظاہر کرنا۔

الف باصاد

اصداق ع راست کرنا کسی کے قول کا ور راستیہا یعنی بہت سی باتین۔

الف باطاء

اطلاق ع روان کرنا چھوڑنا بند کھولنا پیٹ چلانا۔

الف باعین

اعراق ع شراب مین پانی ملانا عرق مین عرق پلانا۔
اعتناق ع معانقہ کرنا بغلگیر ہونا دوسر شخص سے۔
اعتاق ع بندہ آزاد کرنا غلام کو غلامی سے نکالنا۔
اعناق ع گردنین اور بزرگ قوم کے سردار لوگ۔

الف باغین

اغلاق ع دروازہ باندھنا سخت پکڑنا مضبوط پکڑنا۔
اغراق ع غرق کرنا مبالغہ کرنا سخت کمان کھینچنا۔

الف بافاء

آفاق ع جمع افق کنارہا و عالم اجسام مجازاً زمانہ۔
افراق ع جدا کرنا علیحدہ کرنا الگ کرنا کسی کو۔
افق ع کنارہ آسمان کا مشرق یا مغرب یا جنوب یا شمال۔

الف بالام

الصاق ع چپکنا اور چپکانا جوڑنا یا جوڑانا۔
التزاق ع چپکنا کسی چیز کا دوسری چیز سے۔
التساق ع چپکنا کسی چیز کا دوسری چیز سے۔
التصاق ع چپکنا کسی چیز کا دوسری چیز سے۔
الاحق ت خانہ صحرائیان جنگلی لوگون کا گھر۔
الاق ت سواری و مرکب جو بیگار لیجایئن اور گھوڑا
ڈاک چوکی کا اور گدھا بار لادنے کا۔
الحاق ع ملانا لگانا پیوند کرنا جوڑنا۔
الدق ت مصدر بمعنی شدن یعنی ہونا۔
الخالق ع پوشاک جو جبا کے نیچے پہنتے ہین۔

الف بامیم

املاق ع مفلسی و درویشی و فقیری و ناداری۔
امام ناطق ع خطاب امام جعفر صادق علیہ السلام ہے۔

الف بانون

انیق ع خوب و عجیب چیز اور نادر جنس۔
انحلاق ع چاپلوسی و دوستی و تلطف کرنا ہموار ہونا خلاص ہونا۔
انفاق ع نفقہ یعنی خرچ دینا روزی دینا کسی کو۔
انتساق ع طریق و انتظام و روش و دستور و طرز۔

انساق ع روش و دستور و طریق و طرز و انتظام۔

انساق ع جمع نسق جسکے معنی انتظام کے ہین۔

انسرق ع نیست و ہلاک ہونا نابود ہونا۔

انخزاق ع پھٹ جانا پارہ پارہ ہونا۔

انغلاق ع بستہ ہونا جمع ہونا پیوند پانا۔

انطباق ع آپسمین ملنا مطابق ہونا موافق ہونا۔

الف با واو

اوراق ع جمع ورق کی بہت سے پتے درخت کے۔

اوفق ع بہت موافق اور نہایت مطابق۔

اوشاق ت طفل و امرد وہ لڑکا جو داڑھی نرکھتا ہو۔

اوثق ع بہت مضبوط نہایت مستحکم چیز۔

اوغشماق ت چوری کرنا چرانا مال کسی کا۔

الف با یاء

ایراق ع پتے نکلنے درخت کے شگوفہ یا نکلنا۔

ایاق ع عیال و تبار و قبیلہ گھر کے لوگ۔

ایتلاق ت چمکنا چمکارہ دینا روشن ہونا۔

ایاق ت پیالہ شراب پینے کا جس سے شراب پیتے ہین۔

دوسری فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف با اور اخیر مین قاف ہے

با با الف

بارق ع روشن و تابندہ یعنی وہ چیز جو چمکنے والی ہو۔

باسق ع پھل لینے والا بڑھنے والا ماخوذ بسوق سے جسکے معنی بڑھنے کے ہین۔

باشلق ت بادشاہ امیر سردار سپہ سالار فوج کا افسر

باسلیق ع ایک رگ کا نام ہے جسمین اگر اُسکی فصد لی جائے تو گلے سے کمر تک کا خون آتا ہے۔

بالاچاق ت غالب حاکم و زبردست و پہلوان و زور آور۔

بادفتق ف بیماری ہے جس سے ایک خایہ بڑا ہو جاتا ہے۔

با با جیم

بچاق ت کارد یعنی چھری جو مشہور چیز ہے۔

با با حاء

بحر معلق ع کنایۃً آسمان جو معلق بیستون نظر آتا ہے۔

با با خاء

بخت و اتفاق ف کسی کو ناگاہ خزانہ ملجانا۔

با با راے

براق ع چیز چمکتی ہوئی روشن چیز۔

بریق ع روشنی اور روشن چمکتی ہوئی چیز۔

برق و زرق ع روشنی و ساختگی و درستی۔

براق ع رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا گھوڑا جسپر بشب معراج سوار ہوئے تھے۔

برحق ع سچ درست جسبات مین شک نہو۔

برق ع بجلی کی چمک بادل کا چمکنا۔

با با زاے

بزاق ع لعاب دہن یعنی تھوک۔

با با سین

بُسَّذق ع نام ایک جوہر جسکو بکھراج کہتے ہین قسم قیمتی پتھر کا ہے۔

بَغلطاق و بَغلتاق ف قبا جو مشہور پوشاک ہے اکثر ایرانی پہنتے ہین۔

بَغلق ف ناطرمجا ناتیر جو اڑکر نشانہ پر جاتا ہے۔

با با قاف

بَقّ ع پشہ یعنی مچھر جو ایک مشہور نیش دار جانور ہے۔

با با کاف

بِکلیارق ت نام امیر اور چند غلام جو ایک صاحب کے ملوک ہون

با با لام

بَلّاق ت چشمۂ آب زیور یعنی زنان جو مشہور زیور ہے۔

با با نون

بُندُوق مشہور بُندُوق تفنگ جو ایک سلاح مشہور ہے پہلے اسکا بندق نام تھا جسکے معنی غلولہ کے ہین۔

بَنادِیق ع جمع بندوق کے لفظ کی ہے یعنی بہت سی بندوقین۔

بُندُق ع غلولہ گلی یا سنگی یعنی پتھر کے گولے۔

با با واو

بُو علی دقاق ع ایک شاعر کا نام ہے۔

بَوارِق ع بندرقہ روشن چیزین چمکتی ہوئی چیزین۔

بُوق ع شہنا کی کرنائی جو جنگ مین بجاتے ہین۔

بُورَق ع نام ایک قسم کے کھانے کا جو لذیذ ہوتا ہے۔

بُو اسحاق ع نام ایک بزرگ کا جو ولی اللہ تھا۔

با با ہای

بَہق ع نام ایک بیماری کا ہے جو انسان کو عارض ہوکر بدن پر داغ پڑجاتے ہین چھیپ اسکو کہتے ہین۔

با با یای

بَیتُ العتیق ع خانہ کعبہ قدیم جسکو طوفان نوح کے وقت فرشتے آسمان پر اٹھالے گئے تھے۔

بَیساق ع پورا کامل و تمام جسکی باقی نہو۔

بَیذق ف پیادہ شطرنج کا جو ایک مہرہ شطرنج کا ہے۔

بَیرَق ع علم و نشان اور جھنڈا لشکر کا۔

تیسری فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے حرف تا اور اخیر مین قاف ہے

تا با الف

تائِق ع شائق یعنی وہ شخص جو صاحب شوق ہو۔

تَأَنُّق ع آرزومند ہونا بدخو ہونا طامع ہونا۔

تا با تای

تَتُق ع سراپردہ خیمہ ستر کا مقام چھپنے کی جگہ۔

تا با حای

تَحقِیق ع دریافت کرنا کھوج لگانا راستے چلنا۔

تَحَقُّق ع ثابت ہونا دریافت ہونا کھوج لگنا۔

تا با خای

تَخماق ع میخ چوب یعنی کیلا جو لکڑی سے بنایا گیا ہو۔

تَخرِیق ع چیرنا پھاڑنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تَخَلُّق ع خلق کرنا خوگیر ہونا خوشخو ہونا۔

تا بادال

تدقیق ع باریک کرنا پتلا کرنا کسی چیز کو۔

تا باراے

ترفق ع مہربانی کرنا نرمی کرنا رحم دلی کرنا۔

تریاق ع معرب تریاک ہے وہ دوائی مرکب ہو اسکے کھانے سے نباتی وحیوانی زہر کا اثر دور ہو جاتا ہے۔

ترغاق ت پاسبانی ونگہبانی وحفاظت کرنا۔

تا بازاے

تزریق ع ریا و نفاق و دروغ سے نسبت کرنا۔

تا باشین

تشویق ع شوق دلانا چاہ مین لانا کسی کو۔

تشوق ع آرزومند کرنا طمع دلانا کسی کو کسی بات مین

تا باصاد

تصفیق ع ایک برتن سے دوسرے برتن مین شراب بدلنا

تصدیق ع کسی کو سچا جاننا اور اسکی راستی پر قائل ہونا

تصادق ع ایک دوسرے کے ساتھ راستی کرنا سچائی کرنا۔

تا باضاد

تضائق ع باہدیگر تنگ ہونا تنگی کرنا دشوار پکڑنا۔

تا باطاء

تطرق ع راہ کرنا راہ پانا لوٹنا راستی پر آنا۔

تطابق ع مطابق ہونا موافق ہونا۔

تطبیق ع مطابق کرنا موافق کرنا برابر کرنا۔

تا باعین

تعویق ع موڑنا قید کرنا منع کرنا دیر مین ڈالنا توقف مین لانا

تعلیق ع لٹکانا آویزان کرنا کسی چیز کو۔

تعمیق ع غور کرنا اندیشہ کرنا مغاک کرنا۔

تعمق ع غور کرنا کسی چیز کے کنہ کو پہونچنا دریافت کرنا۔

تعانق ع بغلگیر ہونا کسی بغل مین لینا۔

تعلق ع علاقہ رکھنا کسی سے کام یا خدمت لینا۔

تا باغین

تغلق ت سردار امیر سپہ سالار دولت مند۔

تا بافاء

تفوق ع بلندی چاہنا بلند ہونا صاحب رتبہ ہونا۔

تفریق ع جدا کرنا جدائی مین ڈالنا فرق کرنا۔

تفاریق ع جمع تفریق کے لفظ کی بہت سے فرق وجدائیان

تفتیق ع پھاڑنا کھولنا ظاہر کرنا باہر لانا۔

تا باقاف

تقماق ع میخ کوب چوبی جسکو موگلی کہتے ہین۔

تا بالام

تلفیق ع جمع کرنا ترتیب کرنا درستی مین لانا۔

تا بامیم

تملق ع نرم ہونا خوشامد کرنا نرمی مین آنا عجز کرنا۔

تا بانون

تنسیق ع انتظام کرنا ترتیب دینا بندوبست کرنا۔

تنمیق ع لکھنا نقش کرنا تحریر کرنا۔

تنسق ع مرتب ہونا تیار ہونا درست ہونا۔

تا با واو

توفیق ع موافق کرنا برابر کرنا کسی کو اور مقدار ہر چیز کی۔

توافق ع یکجا ہونا موافق ہونا درست ہونا۔

توفیق ع یکسان ہونا ایک سا ہونا۔

توثیق ع محکم و استوار کرنا مضبوط کرنا۔

توق ع آرزومندی و غلبۂ شہوت و ترقی حرص۔

تا با یاء

تیق ع بدخو و بدمزاج و بدگو و بدکلام آدمی۔

چوتھی فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف جیم اور اخیر مین قاف ہے

جیم با الف

جاثلیق ع رئیس ترسایان یعنی قوم نصاریٰ کا سرگروہ

جارطاق ف چھوٹا خیمہ اور چھوٹا سرا پردہ۔

چاق ت سالم و تندرست و صحیح الجسم۔

جیم با فاء

جفتہ طاق ف کنایۂ ابرو یعنی انسان کی بھوین۔

جیم با قاف

جق جق ع شور و غوغا و گفتگو لا حاصل یعنی بک بک۔

چقا چاق ف آواز تیغ یعنی تلوار کی آواز۔

چقماق ف وہ لوہا جو پتھر مار کر آگ نکالتے ہین۔

چق ف مدھانی دودھ بلونے کی جو چار گوشہ بنی ہوئی ہوتی ہے۔

جیم با لام

جلق ع مشت مارنا اور روغول سے اوّل انزال کرنا یہ لفظ زلق کے لفظ سے مبدل ہوا ہے۔

جیم با میم

چماق ف گرز آہنی شش پہلو و چوب دستی سطبر جسکا سر گرہ دار ہو کنایۂ آلہ تناسل۔

جیم با واو

جوزق ع دودھ کپاس کا جسمین روئی ہوتی ہے۔

جوق ع فوج و گروہ و مجمع و ہجوم لشکر کا۔

پانچوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف حا اور اخیر مین قاف ہے

حا با الف

حاق ع میانہ ہر چیز کا اور وسط ہر چیز کا۔

حاذق ع زیرک و دانا و عقیل و ہشیار و صاحب ہنر۔

حا با دال

حدق گرد کرنا اور دورہ اور گولائیش ہر چیز کی۔

حدق ع سیاہی آنکھون کی اور بادنجان یعنی بیگن جو ایک مشہور ترکاری ہے۔

حدائق ع باغہاے پر درخت جسکے گرد دیوار ہو یہ لفظ حدیقہ کی جمع ہے۔

حا با ذال

حذاق ع دانا زیرک عقلمند۔

حا با راے

حُراق ؛ سوختہ جسپر چقماق سے آگ جھاڑ لیتے ہین اور اسمین آگ سرایت کرتی ہی۔

حَرّاق ؛ بہت جلانے والا جسکی گرمی سے دوسری چیز جل اُٹھے۔

حَرِیق ؛ سوزش اور جلا ہوا اور آگ شعلہ زن مجازاً دوزخ

حُرُوق ؛ ایدہن یعنی سامان آگ جلانے کا۔

حَرَق ؛ جلنا آگ سے۔

حَرَق ؛ آگ جو شہور عنصر ہی فارسی مین آتش کہتے ہین۔

حا با صاد

حَصحَصَ الحَق ؛ ظاہر ہوا حق یہ کلمہ زلیخا نے بوقت تحقیقات مقدمہ یوسف کے روبرو بادشاہ کے کہا تھا۔

حا با طاء

حَطبُوق ؛ آشنا و یار و دوست و رفیق۔

حا با قاف

حَقِیق ؛ ثابت و سزاوار جسکے حق ہونے مین شک نہو۔

حَق ؛ ثابت و سزاوار و واجب و راستی و راست و درست اور ایک اسم اسماے الٰہی سے ہی۔

حَقائق ؛ جمع حقیقت یعنی ماہیت و کیفیت ہر ایک چیز کی

حُقُوق ؛ جمع حق یعنے حقوق مادری و پدری و فرزندی وغیرہ۔

حُق ؛ چابک اور وہ گنبد جو بندگاہ استخوان مین ہوتا ہی

حا با لام

حَلق ؛ گلا اور نا ے اور بال مونڈنا استرے سے۔

حَلّاق ؛ سر مونڈنے والا اور استرہ اور حجام یعنی نائی جو سر مونڈتا ہی۔

حا با میم

حُمق و حُمُق ؛ بیعقلی اور نادانی و بیوقوفی و جہل و بیخبری

حا با نون

حَنَق ؛ کینہ و غصہ و غضب جو انسان کے دل مین ہو

چھٹی فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف خا اور اخیر مین قاف ہی

خا با الف

خَالِق ؛ پیدا کرنے والا یہ لفظ خدا کا نام ہی۔

خَارِق ؛ پھاڑنے والا و کرامت ولی کی۔

خَانِق ؛ گلا گھونٹنے والا گلا دبانے والا۔

خَافِق دھڑکنے والا جسکا سر لبتار ہے۔

خا با راے

خَرق ؛ پھٹنا پارہ ہونا ٹکڑے ہونا کسی چیز کا۔

خُرق ؛ شرم و حیا کرنا ایسے موقع پر کہ مناسب نہو و حمق و بیوقوفی و شرمندگی۔

خَرِیق ؛ نام خط چہارم منجملہ ہفت خطوط جام جمشید کے۔

خا با طاء

خِفرِق ؛ زشت و بد و مکروہ و نامطبوع۔

خَفَرَّق ؛ بیغیرت دیوث معرب خفرگ و خفرک

مخفف خفتہ رگ یعنی بے عزت۔

خُفرِیق ع زشت وبد و شرم وندامت و عار وننگ۔

خَفِیق ع پانی اور ہوا کے چلنے کی آواز و صاحب خفقان اور نیند مین اونگنے والا اور نام بیماری کا۔

خُفچاق ت نام قوم ترکان صحرا نشین و نام مقام جہان وہ قوم رہتی ہے۔

خا بالام

خَلُوق ع بوے خوش و نوع بوئے خوش۔

خَلَائِق ع خلقت اور خدا کی پیدائش عام وخاص لوگ۔

خِلَاق ع بہرہ تمام اور پورا حصّہ۔

خَلَاق ع ایک قسم کی خوشبو جو نہایت تیز ہوتی ہے۔

خَلَّاق ع بہت پیدا کرنے والا و نام حق تعالے کا۔

خَلق ع پیدا کرنا اور پیدا ہوا ہوا اور پیدا ہوئی ہوئی چیز اور اندازہ کرنا جھونٹ بولنا۔

خُلق ع خوے و عادت و مروت و دین وطریق۔

خَلَق ع پرانا ہونا کپڑے کا اور پرانا کپڑا۔

خا بانون

خَندَق ع کھائی کسی قلعہ یا شہر کی۔

خَنَادِق ع جمع خندق کی بہت سی کھائیان۔

خُنَاق ع بیماری حلق کی مشہور ہے جس سے بیمار کا گلا کٹ جاتا ہے۔

خَنق ع گلا گھونٹنا اور جس کا گلا گھونٹا ہو

خا با واو

خَوَارِق ع خلاف عادت کام کرامت و معجزہ ولی یا نبی کا۔

خَوَرنَق ع نام کوشک کہ نعمان بن منذر بادشاہ کے وزیر نے بہرام گور کے لئے تعمیر کیا تھا۔

ساتوین فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور اخیر مین قاف ہے

دال باالف

دَانق ع معرب دانگ جو مشہور وزن ہے۔

دافق ع کودنے والا رقص کرنے والا۔

دال بابا

دَبق ع سریش مشہور چیز ہے جس سے لکڑی جوڑتے ہین۔

دال بارے

دَرَق ع سپر یعنی ڈھال جو ایک مشہور ہتھیار ہے۔

دال بافا

دَفق ع پانی ٹپکانا یا پانی نچوڑنا کسی چیز سے۔

دال باقاف

دَلق ع گدائی اور ایک قسم کا لباس پشمینہ کا جو نہایت خسیس ہوتا ہے اور اعتراض و مواخذہ کرنا۔

دَقّ ع کوٹنا آٹا بنانا دروازہ کھڑکانا۔

دِقّ ع باریک و اندک و ناچار و نام مرض بخار۔

دَقِیق ع باریک اور تھوڑی چیز اور عجیب و غریب چیز۔

دَقّ و دَقّ ع صحراے بے گیاہ و بے درخت۔

دُقَاق ع باریک و اندک و عجیب و غریب چیز۔

دقاق ع جمع ہے دقیق کے لفظ کی باریک چیزین۔
دقاق ع آرد فروش و قصار جو کپڑون کو کوٹتا ہی اور بیان کرنے والا کسی چیز کا۔

دال با لام

دلق ف فقیرون کی گودری و فرومایہ و ناقص و ناکارہ۔
دلق ع تیز زبان شخص اور بیدھڑک کلام کرنے والا۔
دلق ع گربہ صحرائی سو بدلہ جسکے معنی جنگلی بلی کے ہین۔

دال با میم

دمشق ف مشہور دمشق نام شہر شام مین بنا کیا ہوا دمشاق بن نمرود۔

دال با ہا

دہاق ع پُر و مالامال و بھرا ہوا و لبالب۔

آٹھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے حرف ذال اور اخیر مین قاف ہی

ذال با الف

ذات عرق ع نام مقام جس جگہ عراقی احرام باندھتے ہین
ذائق ع چکھنے والا مزہ پانے والا و صاحب ذوق۔

ذال با را

ذُرق ع سرگین مرغ یعنے مرغ کی بیچال۔

ذال با لام

ذَلق ع تیز زبان ہونا بے آرام ہونا بیچال ڈالنا مرغ کا تیزی ہر چیز کی۔
ذلیق ع تیز زبان و سنان تیز یعنی تیز برچھی۔

ذال با واو

ذوق ع مزہ چکھنا و لذت پانا و مزہ لینا و نشاط و عشرت حاصل کرنا۔

نوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف راے اور اخیر مین قاف ہی

راے با الف

راتق ع اسم فاعل رتق سے باندھنے والا گرہ دینے والا۔
راوق ع پالونہ شراب کا یعنے وہ کپڑا جس سے شراب صاف کرین اور شراب صاف کی ہوئی۔
رازق ع رزق دینے والا یہ نام خدا تعالے کا ہی۔
رائق ع آب صاف و جاری بہتا ہوا پانی دریا یا چشمہ کا۔

راے با تا

رتق ع باندھنا بند و بست کرنا پیوند کرنا۔
رتق و فتق ع باندھنا کھولنا یعنی بند و بست و انتظام کسی کام کا۔

راے با حا

رحیق ع شراب خالص صاف و خوش رنگ۔

راے با زا

رزق ع روزی جو آدمی کھاتا ہی
رزاق ع روزی دینے والا روزی پہونچانے والا یہ نام خدا تعالے کا ہی۔

راے با فاے

رِفق ع نرمی و ملاطفت و دوستی و رحم دلی و رفاقت

رَفیق ع دوست نرمی کرنے والا رحم دل۔

رِفاق ع جمع رفیق کی بہت سے دوست و نرمی کرنے والے

راے با قاف

رَقیق ع باریک اور پتلی چیز جیسے پانی و شراب وغیرہ۔

رَقائق ع چیزہاے باریک یہ لفظ رقیق کی جمع ہے۔

رُقاق ع پتلی روٹی جسکو ہندی میں چپاتی کہتے ہین۔

رِق ع بندگی و غلامی و تابعداری و خدمتگاری۔

رَق ع ہرن کا چمڑہ جسپر لکھتے ہین اور وہ چمڑہ کاغذ کی طرح بنایا جاتا ہی اکثر بادشاہی اسناد جنکو دیر تک رکھنا منظور ہوتا ہی اُسپر لکھے جاتے ہین۔

راے با میم

رَمق ع بقیہ جان یعنے کبھی ظاہر اور کبھی پوشیدہ۔

راے با واو

رَواق و رُواق ع مکان کا چھجہ ابر و سحاب۔

رونق ع چمک زیبایش زینت و حسن کسی چیز کا۔

راے با ہاے

رَہق ع نزدیک ہونا گمراہ ہونا جھونٹ بولنا تہمت باندھنا اور کسی چیز کے گرد بیٹھنا اور چھپانا اپنے آپ کو فسق و فجور و جھونٹ و حرام پر مستعد کرنا تکبر کرنا مغرور ہونا۔

مُراہَق ع ابتداے بلوغ یعنی عمر بلوغ کی ابتدا۔

راے با یاے

رِیق ع آب دہن اور ناشتا وہ حالت جب کچھ کھایا نہو۔

دسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف زاے اور اخیر مین قاف ہے

زاے با زاے

زَرق ع ورہ نیچ و مکر و ریا و نفاق اور سرگین ڈالنا ہگنا جھاڑے پھیرنا اور گردش آنکھون کی اور ڈالنا دارو کا کسی جگہ مین۔

زُرق بہت سے کبود چشم اور رانڈہے اور ریگ کے تودے اور پانی صاف جسمین کدورت نہو۔

زَرَق ع کبود چشم ہونا صاف ہونا پانی کا میل سے۔

زُرَّق ع مرغ شکاری جسکو چرعہ کہتے ہین اور نوحہ کرنا۔

زَرّاق ع صاحب نفاق و ریا و منافق و دغاباز۔

زاے با عین

زُعاق ع شور مزہ یعنے نمکین مزہ۔

زاے با قاف

زِقّ ع پانی کی مشک جو چمڑے کی بہشتی رکھتے ہین۔

زاے با لام

زَلَق ع پھسلنا اور زمین ہموار بے گیاہ اور ہاتھ سے انزال کرنا مشت مارنا جلق بھی اُسکو کہتے ہین۔

زاے با نون

زِندیق وہ شخص جو خدا اور قیامت کا قائل نہو اور

اعتقاد رکھے کہ زمانہ قدیم سے ایسا چلا آیا ہے اور ایسا ہی رہیگا اس مخلوق کا کوئی خالق نہین خود بخود سب چیز پیدا ہوتی ہے اور خود بخود فنا ہوتی ہے ہر ایک اہل مذہب کے نزدیک یہ شخص کافر ہے۔

زَنبق ع چنبہ کا پھول جو ایک مشہور پھول ہے۔

زاے با واو

زَوْرَق ع چھوٹی کشتی جو دریا مین چلاتے ہین۔

زاے با ہاے

زَہق ع زمین جنگل کی جسمین درخت اور پانی نہو۔

زُہق ع نیست و نابود ہونا فنا ہونا مرجانا۔

زُہُوق ع نابود ہونا ہلاک ہونا گذرنا تیر کا نشانہ سے۔

زاے با یاے

زِیرچاق ف مطیع و فرمانبردار وکوئی جسکو اغلام کرانے کی عادت ہو۔

زِیبق ع سیماب یعنی پارہ جو مشہور دھات ہے۔

گیارھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف سین اور آخر مین قاف ہے

سین با الف

سَاق ع پنڈلی جو مشہور عضو ہے۔

سارق ع چور جو کسی کی چیز چرائے۔

ساحق ع پیس ڈالنے والا رگڑنے والا پیس کر باریک کر ڈالنے والا۔

سَابِق ع پہلا اور سبق دینے والا علم و ہنر کا۔

سَاچِق ع وہ اسباب جو داماد عروس کے گھر عروس کے لئے شادی سے پہلے بھیجتا ہے ہندی مین اسکو بری کہتے ہین۔

سائق ع پیچھے سے ڈھکیلنے والا دھکا دینے والا۔

سین با با

سَبْق ع آگے چلنا اور اُنسے لنگ جانا رفتار یا کسی کام مین۔

سَبَق ع شرط باندھنا اور اندازہ پڑھنے کا جسقدر پڑھا جاوے۔

سِبَاق ع دوڑنے مین پیشی پکڑنا آگے لنگ جانا۔

سین با دال

سَدَق ت ترکش جسمین بہت سے تیر رکھے جاتے ہین۔

سین با راے

سَرمشق ف اُستاد کا لکھا ہوا قطعہ جسکو شاگرد دیکھکر مشق کرے اور خط درست کرے۔

سُرادق ع سراپردہ و شامیانہ و خیمہ وغیرہ۔

سَرُوق ع بہت چوری کرنے والا بھاری چور۔

سَرْمَق ع ایک قسم کا سبزہ ہے جسکو بتھوا کہتے ہین۔

سَرورق ف پہلا ورق کتاب کا جسپر کتاب کا نام لکھا ہو۔

سین با غین

سُغْراق ت قدح بزرگ یعنی بڑا پیالہ پانی کا۔

سَغْراق ت شراب اور شراب کا پیالہ اور کوزہ

تو ٹی دار یعنے آفتاب ۔

سین بالام

سلق ع چقندر جو ایک ترکاری مشہور ہی ۔

سلجوق ت نام جد بزرگوار شاہان سلجوق جو ایک بادشاہی خاندان مشہور ہی ۔

سلاق ت سرخ اور غلیظ ہونا اور پلک آنکھ کی ۔

سین بامیم

سماق ع نام ایک میوہ ترش کا ہی جو نہایت کھٹا ہوتا ہی ۔

سماق ع نام ایک قسم کے پتھر کا ہی جو قیمتی ہوتا ہی ۔

سین بالنون

سنجق ر ۔ رومی زبان مین علم فوج و نشان و کمربند کو کہتے ہین ۔

سنا برق ع بجلی روشن اور چمکنے والا بادل ۔

سنگ دمشق ف کنایۂ کسوٹی جسپر سونا پرکھتے ہین ۔

سین باواو

سوابق ع اگلی باتین گذشتہ قصے قدیمی تواریخ ۔

سوء طریق ع بدراہی و راہ بد و گمراہی خلاف شرع کے کام ۔

سوق ع بازار و جمع ساق پنڈلیان جو مشہور عضو ہی ۔

سویق ستو جو جو و گندم کے بنا کر کھاتے ہین ۔

سین بایاء

سیاق ع چلانا اور علم حساب کا جسکے متعلق حساب ہی ۔

سیّئ الخلق ع بدخلق آدمی ترش مزاج و بدخو ۔

بارھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف شین اور آخر مین قاف ہی

شین باالف

شاہق ع بلند اور بنا ے بلند و حالت نبض جو بلندی پر ہو ۔

شارق ع روشن کنایۂ آفتاب یعنی سورج ۔

شاق ع دشوار و کار دشوار سخت کام ۔

شائق ع صاحب شوق جسکو کسی چیز کی طرف رغبت ہو ۔

شین بابا

شلق ت طبانچہ مارنا پتھر مارنا ۔

شین بادال

شدق ع فراخ ہونا دونون لب کے گوشون کا ۔

شدق ع دونون لبون کے گوشے ۔

شین باراے

شرق ع آفتاب اور روشن اور جاے طلوع آفتاب ۔

شروق ع طلوع آفتاب و ظہور و روشنی ۔

شین بافاء

شفق ع سرخی شام کی جو آفتاب کے غروب کے بعد ظاہر ہوتی ہی ۔

شفیق ع مہربان دوست نرم دل صاحب شفقت کا ۔

شین باقاف

شَقَائِق ع گل لالا اور تمام پھول ہر قسم کے پھول۔

شَقّ ع شگاف اور شگاف کرنا اور دشوار و سخت کرنا اور نام ایک قلعہ کا قلاع خیبر سے جو مدینے کے نواح میں ہے۔

شِقّ ع نصف اور حصہ کسی چیز کا اور ٹکڑا اور کنارہ پہاڑ کا و برادر و دوست و رفیق و مہربان۔

شَقِیق ع برادر یعنی بھائی اور دوست و رفیق و مہربان۔

شِقَاق ع مخالفت و دشمنی کرنا عداوت کرنا۔

شین بالام

شَلَاق ت ہاتھ یا لکڑی سے مارنا و مرد شوخ و فتنہ گر و فساد انگیز۔

شَلتَاق ت جنگ و شر خشنہ لڑائی جھگڑا فساد۔

شین باواو

شَوَاہِق ع بلندیاں اور وہ چیزیں جو بلند ہوں ماخوذ لفظ شہیق سے جسکے معنی بلندگی کے ہیں۔

شَوَارِق ع روشنیاں اور چمکارے ستاروں کے۔

شَوق ع رغبت اور لگاؤ دل کا کسی چیز کی طرف۔

شین باہا

شَہِیق ع پہلا آواز گدھے کا جو بلند ہوتا ہے اور تغیر آواز باریک کو زفیر کہتے ہیں۔

شُہُوق ع بلند ہونا و پچے ہونا او پرکو چڑھنا۔

تیرھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف صاد اور اخیر مین قاف ہے

صاد باالف

صَادِق ع راست گو سچا آدمی سچ بولنے والا۔

صاد بادال

صِدق و صَدق ع راستی اور سچ جسکی ضد جھوٹ ہو۔

صُدُق ع جمع صدق کی سچی باتیں راست تقریرین۔

صِدَاق و صَدَاق ع حق مہر عورتوں کا جو نکاح مین باندھتے ہین۔

صِدِّیق ع بہت سچ بولنے والا اور لقب ابوبکر صدیق رضی خلیفہ اول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا۔

صَدِیق ع دوست و دوستان یعنی ایک دوست اور بہت سے دوست۔

صاد بافا

صَفِیق ع پوست درشت اور کپڑا سخت بنا ہوا اور وہ منھ جو حیا نہ رکھتا ہو بیحیا چہرہ۔

صِفَاق ع وہ پردہ جو امعا یعنی زہدان کے آنتون کے گرد ہوتا ہے۔

صاد بانون

صُندُوق ع صَندُوق ف مشہور لفظ ہے وہ ظرف لکڑی وغیرہ کا جسمین اسباب رکھین۔

صَنَادِیق ع جمع صندوق کے لفظ کی یعنی بہت

سے صندوق۔

صاد با واو

صَواعِق ع جمع صاعقہ بجلی کی آگ اور بجلی کے چنگارے

چودھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ضاد اور اخیر مین قاف ہی

ضاد با یا

ضِیق ع تنگی و دشواری و سختی و مشکل۔

ضَیِّق ع تنگ و دشوار و سخت و مشکل۔

پندرھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف طا اور اخیر مین قاف ہی

طا با الف

طاق ع دیوار خمدار و دستار اور اکیلا اور فرد ضد جفت کی۔

طابَق ع توا آہنی جسپر روٹی پکاتے ہین۔

طالِق ع رہائی دینے والا طلاق دینے والا عورت منکوحہ کو۔

طارِق ع حادثہ سخت اور ستارہ جو صبح کو چڑھتا ہی اور ہر چیز جو رات کو ظاہر ہو اور جادوگر۔

طا با با

طِباق ع موافق کرنا اور طبقے جو نیچے اوپر ہون۔

طَبَق ع موافق و برابر و ظرف جو معروف ہی اور نام بیماری جس سے گھوڑے کی ناف ورم کرجاتی ہی۔

طُبُق ع طریق و دستور و طرح و طرز و روش۔

طا با راے

طُرُق و طُرُق ع جمع طریق کی بہت راہ و رستے۔

طَرِیق ع راہ اور ایک شکل رمل کا نام ہی۔

طَرْق ع پانوٗن ٹھوکنا زمین پر لات مارنا۔

طَراق ع آواز تازیانہ کی جو مارنے کے وقت نکلے۔

طا با قاف

طَقْ طَقْ ع وہ آواز جو دو چیزون کے مارنے سے ظاہر ہو جیسے آواز دستک کی۔

طا با لام

طَلاق ع کشادگی و رہائی اور چھوٹنا عورت کا قید نکاح سے و عیش و عشرت۔

طَلْق ع جننے کا درد جو عورت کو پیدا ہوتا ہی اور ابرق یعنی ابرک و شراب۔

طا با میم

طُمطراق ع کر و فر و شان و تجمل اور بڑائی و شیخی۔

طا با واو

طَوق ع طاقت و توانائی و گردن بند و حلقہ گلے مین ڈالنے کا اور جو چیز گول ہو اور کسی چیز کے گرد۔

طَوارِق ع سختیان جو رات کو واقع ہون۔

سولہوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف عین اور اخیر مین قاف ہی

عین باالف

عَاشِق ع صاحب محبت محبت کرنے والا شیفتہ و شیدا و دیوانہ۔

عَاق ع ماں باپ کا نافرمان عاصی اپنے اُستاد و مرشد کا۔

عَائِق ع منع کرنے والا باز رکھنے والا ہٹانے والا۔

عین بابا

عَبِق ع خوشبو دار یعنی جس چیز سے خوشبو آوے۔

عین باتا

عِتق ع آزادی و رہائی کسی قید سے۔

عَتِیق ع دیرینہ و کہنہ و آزاد شدہ و گرامی و برگزیدہ۔

عِتَاق ع آزاد ہونا رہائی پانا خلاصی پانا۔

عین باراے

عُرُوق ع رگین بدن کی اور بیخ درخت کی۔

عَرَق ف پسینا جو انسان و حیوان کو آتا ہی۔

عِرق ع رگ اور بیخ درخت کی۔

عَرق ع گوشت استخوان سے الگ کرنا اور وہ استخوان جو گوشت سے الگ کی گئی ہو۔

عِرَاق ع نام ملک اور عراق دو ہین ایک عراق عجم دوم عراق عرب عراق عجم مین خراسان اور اصفہان اُسمین داخل ہی اور عراق عرب بغداد وغیرہ ملک ہی اور عراق بزبان عربی اس ملک کو کہتے ہین جو دریا کے کنارے ہو۔

عین باشین

عُشَّاق ع نہایت عاشق اور نام مقام موسیقی کا۔

عُشُوق ع بہت عشق کرنے والا بہت سا پیار کرنے والا۔

عَشَق ع بہت دوست رکھنا اور یہ ایک مرض جسمانی خلل دماغ سے ہی ماخوذ عشقہ سے جو ایک بیل کا نام ہی جس درخت پر پیدا ہوتی ہی اُسکو خشک کر دیتی ہی۔

عین باقاف

عَقعَق ع زاغ یعنی کوّا جو ایک مشہور جانور ہی۔

عُقُوق ع نافرمانی ماں باپ کی اور عاق ہونا ماں باپ سے۔

عَقِیق ع ایک قسم کے پتھر کا نام ہی جو سرخ و سپید و زرد ہوتا ہی۔

عین بالام

عَلَق ع خون بستہ و کرم سیاہ جسکو فارسی مین زاد اور ہندی مین جونک کہتے ہین اور ہر چیز جو کسی چیز کے ساتھ ملی ہو۔

عُلُوق ع ملنا اور دوست رکھنا جم جانا خون کا

عورت کے رحم مین یا نطفہ کا آغاز حمل مین۔

عَکّے لِلْاِطْلَاق ع بے قید خود مختار شخص۔

عَلَائِق ع جمع علاقہ کی بہت سے علاقے و لگاؤ۔

عین با میم

عُمُق ع گہرا پن چاہ و حوض و دریا کا۔

عَمِق ع گہرا ہونا پانی چاہ و تالاب وغیرہ کا۔

عَمِیق ع ژرف اور گہرا و دراز۔

عُمْعُق ع نام شاعر جو عرب کی ولایت مین رہتا تھا۔

عین با نون

عُنُق ع گردن عُنْق بھی درست ہے یعنے نون کے ضمہ یا نون کی جزم سے۔

عَنَاق ع بزغالہ مادہ ولادت سے چار ماہ تک

عین با واو

عَوْق ع پھیرنا موڑنا باز رکھنا کسی کو کسی کام سے۔

عَوَائِق ع سوانح و حوادث جمع عائقہ جیسکے معنی مانع کے ہین۔

عین با یاء

عَیُّوق ع نام ستارہ جو سرخ رنگ اور روشن ہوتا ہے کہکشان کے دہنے طرف اور ثریا کے پیچھے نکل کر آگے نکل جاتا ہے مشتق عوق سے۔

سترھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف غین اور اخیر مین قاف ہے

غین با الف

غاق ع آواز کوئے کی جو ایک مشہور جانور ہے۔

غین با باء

غَبُوق ع وہ شراب جو رات کو پیئین۔

غین با دال

غَدَق ع بہت پانی جو کبھی گھٹا نہ ہو۔

غین با راے

غَرِیق ع ڈوبا ہوا یعنے جو شخص پانی مین ڈوب چکا ہو۔

غَرَق ع مصدر ہے تمام و کمال پانی مین چلا جانا۔

غَرِق ع غرق ہوا ہوا آدمی ڈوبا ہوا پانی مین۔

غُرْنُوق ع جوان زیبا شکل خوبصورت جوان۔

غَرَانِیق ع جمع غرنوق کے لفظ کی بہت سے خوبصورت جوان۔

غین با سین

غَسَق ع تاریکی اول شب پہلی رات کا اندھیرا۔

غَسَّاق ع گندہ ریم و زرد آب وغیرہ جو زخم سے نکلے۔

غین با لام

غَلْق ع دروازہ بند کرنا و دروازہ لگانا۔

غَلَق ع وہ لکڑی جس سے دروازہ بند کرتے ہین فارسی مین اُسکو کلیدان کہتے ہین اور ہندی مین ہتوڑا۔

اٹھارھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف فا اور اخیر مین قاف ہو

فا با الف

فارُوق ۔ فرق کرنے والا حق و باطل مین اور جدا کرنے والا کفر و اسلام کو اور لقب عمر ابن خطاب خلیفہ ثانی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا۔

فائق ۔ بہتر و برگزیدہ و افزون و زیادہ۔

فارق ۔ فرق کرنے والا جدا کرنے والا علٰحدہ کرنے والا

فاسق ۔ بدکار یعنے شرابی و زانی و دزد وغیرہ بد اعمال کرنے والا۔

فالق ۔ نکالنے والا ظاہر کرنے والا روشن کرنے والا

فاتق ۔ شگاف دینے والا چیرنے والا سوراخ کرنے والا

فاق ۔ سوفار تیر کا اور چلہ کمان کا مجازاً تیر۔

فا با تا

فتق ۔ کشادگی و نام بیماری جسمین ایک خصیہ بڑا ہو جاتا ہے

فا با را

فرق ۔ جدا کرنا فرق کرنا مانگ نکالنا اور سر و میانہ سر

فرق ۔ گلہ بکریون کا اور بھیڑون کا۔

فراق ۔ جدائی جو درمیان دوستون کے عائد ہو۔

فِرَق ۔ جمع فرقہ جماعتین اور بہت سے گروہ۔

فرزدق ۔ نام ایک شاعر کا جو عرب مین رہتا تھا

فریق ۔ ایک حصہ گروہ کا یعنے ایک قوم اور ایک جماعت۔

فروق ۔ فرق کرنا جدائی ڈالنا دو چیزون مین۔

فروق ۔ فرق کرنے والا جدا کرنے والا۔

فا با سین

فستق ۔ معرب پستہ جو ایک مشہور میوہ ہے۔

فسوق ۔ فسق یعنی بدکاری اور بخلاف شرع کے کام کرنا۔

فسوق ۔ ہمیشہ فسق کرنے والا آدمی بدکار آدمی عیب دار آدمی۔

فسق ۔ بدکاری کرنا گنہ کرنا گنہگار ہونا۔

فا با لام

فلق ۔ شگافتن یعنی پھاڑنا چیرنا کسی چیز کو۔

فلق ۔ سپیدۂ صبح صادق صبح کی روشنی جو ابتدا مین

فا با نون

فندق ۔ نام میوہ سرخ رنگ جو نہایت سرخ ہوتا ہے۔

فا با واو

فواق ۔ ڈکار یا ہچکی نکلنا ہوا کا منہ سے۔

فوق ۔ اوپر بلندی عزت و آبرو اور اونچائی۔

انیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف قاف اور اخیر مین قاف ہو

قاف با الف

قاطع طریق ع راہزن یعنی وہ شخص جو راہ مین ڈاکہ مارے
قاتق و قتق ت ترشی یعنی کھٹا مزہ۔
قاشق ت چمچہ جو ایک مشہور چیز ہے۔
قادر علی الاطلاق ع صاحب قدرت ہر کار یعنی خداوند تعالی ہر چیز پر توفیق و قدرت رکھنے والا۔
قاق ت لاغر و نزار خشک کیا گیا بھونا گیا اور گذرا اور مرد دراز قد اور ایک قسم کی روٹی معرب کاک۔

قاف با با

قبچاق ت نام دشت درمیان توران و ترکستان اور قوم ترک خونخوار و مردم کش وہان رہتی ہے۔

قاف با رے

قرتاق و قرتق ت خدمتگار نوکر چاکر فرمانبردار۔
قرق ع آواز ماکیان اور ترکی مین دنبہ جو ایک مشہور جانور ہے۔
قرق ع ترکی مین نگہبانی اور عربی مین ضبط کرنا کسی چیز کا اور منع کرنا کسی چیز سے کسی کو باز رکھنا۔
قرق ع منع ہونا باز رہنا کسی چیز سے۔
قرطق ع پیراہن معرب کورتہ کے لفظ کا۔
قرمساق ت بے غیرت دیوث آدمی جسکو اپنی عورت کی غیرت نہو۔

قاف با زے

قزاق ت راہزن رستہ لوٹنے والا ڈاکہ مارنے والا۔

قاف با شین

قشلاق ع جائے گرم جسمین زمستان مین رہین۔

قاف با صاد

قصب السبق ع ایک نیزہ میدان مین گاڑ کر گھوڑے دوڑاتے ہین جو آگے نکل جاتا ہے جیت جاتا ہے یہ ایک سپاہیانہ بازی ہے اور ہار جیت بھی اسمین ہوتی ہے۔

قاف با طا

قطاع الطریق ع راہزنان یعنی راستہ لوٹنے والے اور ڈاکو۔
قطاریق ع فتنہ و شور و غوغا و فساد و بیفائدہ جھگڑا۔

قاف با لام

قلاق ت نام قوم ترک جو جوانمرد ہوتے ہین۔
قلپاق ت کلاہ یعنی ٹوپی جو آدمی سر پر رکھتے ہین۔
قلچاق ت دستانہ آہنی جو ہاتھ پر چڑھاتے ہین۔
قلاق ت گوش یعنی کان جس سے آدمی سنتا ہے۔
قلق ع بیقراری و بے آرامی و حالت اضطراب۔
قلق ع بیقرار و بے آرام اور مضطرب اور بیچین آدمی

قاف با نون

قنداق ت بندوق کا کندہ جو مشہور چیز ہے۔
قنق ت مہمان جو اپنے گھر کھانا کھانے کو آوے۔

قاف با واو

قوارق ت منع کیا گیا باز رکھا گیا ہٹایا گیا۔
قورق ت شکارگاہ و چراگاہ جس سے گھاس کاٹنے ندین اور سبزہ اسکا بڑھ جاے اور جانوران شکار کے لائق

آپسمین برتین۔

تنشیق ت ہمسائگی اور پڑوس پاس پاس رہنا۔

قاف با یاء

قیاق ت دودھ کی ملائی جو گرم دودھ کے اوپر آجاتی ہے

بیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف کاف اور اخیر مین قاف ہے

کاف با لام

کلمع البرق ع بقدر چمک بجلی کے مجازاً جو چیز نہایت چمکتی ہو۔

کاف با واو

کوہ محروق ف ایک پہاڑ کا نام ہے جو ہمیشہ جلتا رہتا ہے۔

کاف با یاء

کیفَ ما یتفق ع جسطرح اتفاق پڑتا ہے کسطرح اتفاق پڑتا ہے۔

کیفَ ما اتفق ع جسطرح اتفاق پڑا۔

اکیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف لام اور اخیر مین قاف ہے

لام با الف

لاحق ع وہ چیز جو پیچھے سے آکر دوسری چیز کے ساتھ ملحق ہو جائے یعنے ملجائے۔

لائق ع بہتر اچھا وصاحب لیاقت وصاحب علم وہنر۔

لام با باء

لبق ع زیرکی و دانائی و تملق و چرب زبانی و خوشامد۔

لبق ع مرد زیرک و ہوشیار و صاحب عقل و ہوش۔

لبق ع لائق ہونا اُستاد ہونا دانا ہونا۔

لام با تاء

لثق ع تر ہونا بھیگ جانا پانی یا عرق سے۔

لام با حاء

لحوق ع لاحق ہونا آپسمین ملنا دو چیزون کا۔

لام با صاد

لصوق ع چسپان ہونا چپٹ جانا ایک چیز کا دوسری کے ساتھ

لام با فاء

لفق ع دو کپڑون کا یکجا سینا۔

لام با عین

لعوق ع پتلی دوا جسکو چاٹ لین یا پی لین۔

لام با قاف

لق و دق ع ویران جنگل جسمین گھاس ہو درخت نہون۔

لق ع بے مو وصاف جسکے بدن پر بال نہون اور جس زمین پر گھاس نہو۔

لقلق ع معرب لکلک نام جانور جو سانپ مچھلی کو شکار کرتا ہے۔

لام با واو

لواحق ع لاحق کی جمع ہے یعنے وہ چیزین جو پیچھے سے آکر ملین۔

بائیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف میم اور اخیر مین قاف ہی

میم با الف

مافوق ع جو چیز بلند ہو یعنے سب سے اونچی نظر آتی ہو۔

ماسبق ع پہلی بات جو پہلے ہو چکی ہو۔

ماق ع آنکھ کا کونا جو ناک کی طرف ہو۔

مارق ع دین سے مرتد ہونے والا گمراہ بیدین کافر۔

ماصدق ع وہ بات جو سچ ہو۔

مالایطاق ع وہ شخص جو قدرت اور طاقت مین سب سے زیادہ ہو۔

میم با با

مُبدرق ع رہبر ساتھ چلنے والا رہنما و بدرقہ۔

میم با تا

مُتخرّق ع بہت جاننے والا اشگاف پانے والا۔

متعلق ع لگاؤ رکھنے والا علاقہ رکھنے والا۔

متفرق ع فرق کیا گیا جدا کیا گیا۔

مُتّفق ع ملا ہوا پیوستہ ہوا اتفاق کیا ہوا کسی ساتھ

متطرق ع راہ پانے والا راہ پیدا کرنے والا۔

متضایق ع باہم تنگی کرنے والا تنگ رکھنے والا۔

میم با حا

محترق ع جلا ہوا آگ سے خاکستر ہوا ہوا۔

محقق ع تحقیق کرنے والا راستی ڈھونڈنے والا۔

محقوق ع راست کیا گیا حق پہچانا گیا درست کیا گیا۔

محق ع باطل کرنا پاک کرنا گھٹنا گھٹانا۔

مُحقّق ع وہ شخص جسکے حق بجانب ہو وامر مقبول و دلیل ثابت۔

محاق ع گھٹنا اور ایام چاند کے گھٹنے کے۔

مُحرِق ع جلانے والا سوختہ کر دینے والا۔ اور نام ایک قسم کی تپ کا جس سے انسان کی سب خلطین جل جاتی ہین اور وہ بہت جلد مرجاتا ہی مہلک بیماریون سے یہ بیماری ہی۔

مُحرَق ع جلایا گیا یعنی وہ چیز جو جلائی گئی ہو۔

میم با خا

مِخراق ع دُرّہ جو کپڑے مین لپیٹ کر مارتے ہین۔

مُخرِق ع پھاڑنے والا جدا کرنے والا اور وہ شخص جو خرق عادت ظاہر کرے یعنے معجزہ یا کرامت دکھلائے پیغمبر ہو یا ولی جنسے خرق عادت سرزد ہوتی ہین۔

مُخنّق ع گلے سے پکڑا گیا گردن سے دبایا گیا۔

مخنُوق ع گلے سے گھونٹا گیا۔

مخلوق ع پیدا کیا گیا اور وہ چیز جو پیدا ہو چکی ہو۔

میم با دال

مدقوق ع بیمار تپ دق کا والاغر و کوفتہ و باریک و قریب المرگ۔

مُدَقِّق ع باریک کام کرنے والا اور مرد دقیقہ شناس۔

میم با ذال

مَذاق ع چکھنا مزا پانا کسی چیز طعام وغیرہ سے۔

میم با راے

مُرَوَّق ع صاف کیا گیا اور شراب صاف اور چھانا ہوا دودھ۔

مُرَوِّق ع پردہ ڈالنے والا چھت پر پٹینے معمار عمارت بنانے والا۔

مُرَوِّق ع تعجب مین لانا خوش کرنا راضی کردینا کسی کو

مَراق ع نام ایک پردہ کا ہے انسان کے شکم مین۔

مِرفَق ع آرنج یعنی کوہنی جو اندازہ پنجہ سے آرنج تک ہو

مَرَق ع شوربا یعنی جوش گوشت وغیرہ کا۔

مُراہِق ع وہ لڑکا جو بلوغ کے نزدیک پہونچا ہو۔

مُرافِق ع رفاقت کرنے والا ہمراہی ساتھی۔

مَرافِق ع آرنجا اور نافع چیزین مفید دوائین

میم با زاے

مَزالِق ع پھسلنے کے مقام جہان کیچڑ ہو۔

میم با سین

مُستَغرِق ع غرق ہونے والا اپنی توجہ سے کام کرنے والا اور کامل مصروف اپنے کام مین۔

مَسحُوق ع گھسا ہوا رگڑا ہوا باریک کیا ہوا پیسا ہوا

مَسرُوق ع چوری کا مال جسکو چور لے گیا ہو۔

مَساق ع جاے راندن چلانے کا مکان دوڑانے کی جگہ۔

مَسبُوق ع گذرا ہوا پہلا شخص جسکا ذکر ہو چکا ہو۔

مُستَرَق ع چورایا گیا سرقہ کیا گیا۔

مُستَرَق ع بندگی مین پکڑا گیا غلام بنایا گیا۔

مُستَشرِق ع روشن و چمکتا ہوا چاند و سورج وغیرہ

مُستَوثِق ع مضبوط و استوار و مستحکم و سخت۔

مُستَحِق ع حقدار شخص واجبی حق والا۔

میم با شین

مَشاق ع جمع مشقت سختیان آفتین بلائین۔

مُشتاق ع صاحب اشتیاق چاہت والا شخص

مَشرِق ع سورج نکلنے کا مقام جس جگہ سے سورج طلوع کرے۔

مَشّاق ع بہت مشق کرنے والا بہت سے استعمال رکھنے والا۔

مُشفِق ع مہربان شفقت کرنے والا دوست آدمی۔

مُشتَق ع ایک لفظ دوسرے لفظ سے نکالا گیا چیر کے نکالی ہوئی چیز۔

مُشَوِّق ع شوق مین لانے والا چاہ ظاہر کرنے والا

مُشَوَّق ع شوق مین لایا گیا یعنے جسکو شوق دلایا گیا ہو۔

مَشُوق ع شوق مند صاحب اشتیاق خواہشمند۔

میم با صاد

مِصداق ع گواہ و گواہی دینا کسی کی شہادت ادا کرنا

مُصَدَّوق ع سچا کیا گیا راست باز ٹھہرایا گیا

میم با ضاد

مُضَائِق ع جا ہاے تنگ یعنے گھر تنگ و مکان تنگ
مُضِیق ع جاے تنگ اور گوشہ جو تنگ ہو۔

میم با طاء

مُطَلَق ع بے قید آزاد جو کسی کا بند و نہو۔
مُطَابِق ع موافق یعنی ایک دوسرے کی ہمشکل۔
مُطَبِّق ع تہ بہ تہ کیا گیا سرپوش دار۔
مُطَوَّق ع طوق مین کیا گیا قید کیا گیا پھانس لیا گیا

میم با عین

مُعَلَّق ع لٹکایا ہوا اور لٹکتا ہوا یعنے وہ چیز جو ہوا مین لٹکتی ہو۔
مُعَرِّق ع عرق لانے والی چیز جسکے کہانے یا ملنے سے بدن پر عرق آجاے۔
مُعَوَّق ع باز رکھا گیا قید کیا گیا مشکل و دشوار۔
مُعَلَّاق ع وہ چیز جس سے کوئی چیز لٹکا دین اور قصابون کا کانٹا جس سے گوشت لٹکاتے ہین۔
مَعشُوق ع عشق کیا گیا پیارا دوست۔

میم با غین

مُغَرَّق ع جگمگا جگوں چمکنے والی چیز مجازاً جگنی۔
مَغرُوق ع ڈوبا ہوا غرق ہوا ہوا پانی مین۔
مِغلَاق ع قفل اور تالا اور زنجیر دروازے کی۔
مَغلُوق ع دروازہ بند کیا ہوا قفل لگا ہوا۔

میم با فاء

مُفَارِق ع فرق کرنے والا جدائی ڈالنے والا۔
مَفَارِق ع سر کی مانگ جو بالون کے درمیان ہوتی ہے۔
مُفَرِّق ع فرق کرنے والا جدا کرنے والا۔
مَفرُوق ع فرق کیا گیا جدا کیا گیا الگ الگ کیا گیا۔
مُفِیق ع افاقہ دینے والا ہوش مین لانے والا۔

میم با لام

مَلِق ع وہ شخص جو زبان سے چاپلوسی کرے اور دل سے دشمن ہو۔
مَلَق ع دوستی چاپلوسی محو کرنا کسی چیز کا۔
مَلَق ع زمین ہموار اور آواز پانی کی جو اینٹ ڈالنے سے نکلتی ہے۔
مُلصِق ع چپکنے والا ملاصق اسکی جمع ہے۔
مُلصَق ع چپکا ہوا پیوستہ ہوا ہوا۔
مُلحِق ع ملا ہوا پہونچا ہوا پانے والا پیوستہ۔
مُلتَصِق ع ملا ہوا لگا ہوا۔

میم با نون

مَنجَنِیق ع فلاخن بزرگ جسمین پتھر رکھکر کسی قلعہ یا فوج پر مارتے ہین مجازاً زنبورہ توپ۔
مَنجُوق ع وہ مچھلی جو کسی علم و نشان پر رکھتے ہین
مُنشَق ع پھٹنے والا پارہ پارہ ہونے والا

مُنفَاق ۶ بہت خرچ کرنے والا فضول خرچ آدمی۔
مُنفَلِق ۶ شگافتہ چرا ہوا وہ چیز جسمین شگاف ہو
مُنفِق ۶ نفقہ دینے والا خرچ دینے والا اہل و عیال کو
مُنخَرِق ۶ پھٹنے والا پارہ پارہ ہونے والا۔
مِنطِیق ۶ مرد فصیح الکلام و خوش کلام۔
مَنطِق ۶ سخن کہنا بولنا اور نام علم کا جو معروف و مشہور ہے۔
مِنطَق ۶ کمر بند جو انسان کمر پر باندھے۔
مُنطِق ۶ بولنے والا کلام کرنے والا۔
مَنطُوق ۶ سخن و کلام و مضمون و معانی و حسن عبارت۔
منطبق ۶ برابر و موافق و مطابق ایک دوسرے کے

میم با واو

مُوَفِّق ۶ توفیق دینے والا قوت بخشنے والا۔
مُوَثَّق ۶ استوار و مضبوط و مستحکم چیز۔
مَوَاثِیق ۶ جمع میثاق استوار یہا عہد و پیمان۔
مُوق ۶ گوشہ چشم یعنے آنکھ کا گوشہ۔
موافق ۶ مطابق و برابر۔

میم با یاء

مِیثَاق ۶ عہد و پیمان و استواری و مستحکمی۔
میق ۶ گریان یعنے روتا ہوا شخص۔

تیئسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے

اوّل حرف نون اور آخیر مین قاف ہے

نون با الف

نَاحَق ۶ بے سبب اور ناراست جھوٹھ۔
نَاطِق ۶ بولنے والا کلام کرنے والا شخص۔
نالائق ۶ ناکارہ آدمی جو بے علم و بے ہنر و جاہل ہو۔
نَاہِق ۶ نر گدھا جو مادہ ہو۔
نَاسِق ۶ انتظام و ترکیب کرنے والا۔
ناچاق ف بیمار و علیل و مریض جو تندرست ہو۔

نون با باء

نَبِق ۶ بیر کے درخت کا نام ہے جسکو سدرہ بھی کہتے ہین

نون با سین

نَسَق ۶ روش و دستور و طرز و طریق۔
نستعلیق ۶ نام ایک خط کا جو خوشخط لکھا جاتا ہے

نون با شین

نَشُوق ۶ رقیق دوا جو ناک مین ڈالین یعنے پتلی دوا۔
نَشَق ۶ سونگھنا جسکو فارسی مین شمیدن کہتے ہین

نون با طاء

نِطَاق ۶ کمر بند یعنی پٹکا جو کمر پر باندھتے ہین۔
نُطق ۶ بولنا کلام کرنا گفتگو کرنا۔
نُطُق ۶ جمع بہت سے کمر بند اور پٹکے۔

نون با عین

نعیق ع بروزن رفیق آواز زاغ کوّے کی آواز۔

نون با فاء

نفاق ع رواں ہونا رواج پانا جاری ہونا مشہور ہونا

نِفاق ع دو روئی یعنے منافق ہونا یعنے دل سے کچھ اور بظاہر کچھ۔

نون با قاف

نقیق ع بانگ غوک و آواز ماکیان یعنی مینڈک اور مرغیوں کی آواز۔

نفق ع باریک رستہ اور سوراخ باریک جس سے بمشکل گذر سکیں۔

نون با میم

نمائق ع جمع نمیقہ یعنی خطوط جو بہت سے ہوں۔

نمارق ع جمع نمرقہ بمعنی بالش و تکیہ۔

نون با واو

نوق ع جمع ناقہ کی اونٹنیاں جو بہت سی ہوں۔

نون با ہاء

نہیق ع بانگ خر گدھے کی آواز صوت الحمیر۔

نون با یاء

نیاق ع جمع ناقہ اونٹنیاں جو بہت سی ہوں۔

چوبیسویں فصل

اُن لغات کے بیان میں جن کے اوّل حرف واو اور آخیر میں قاف ہے

واو باالف

وامق ع نام عاشق جو عذرا پر عاشق تھا مشہور عاشقوں میں ہے۔

وَاق ع نام پرندہ و نگہدارندہ و شفیع و حامی و مشکل کشا۔

واثق ع مضبوط و مستحکم اور سخت چیز اور سخت کرنے والا قائم کرنے والا و درست کرنے والا۔

واو با ثاء

وَثاق ع بند و قید و حبس جس میں قیدی ڈالا جائے

وُثاق ع حرم و خانہ و سکونت کا مقام۔

وُثوق ع استواری و اعتماد و دلجمعی و مضبوطی۔

وثیق ع استوار و مضبوط و مستحکم و معتمد۔

واو با راء

وَرّاق ع کاغذ کاٹنے والا لکھنے والا کاتب و محرر اور وہ شخص جسکے پاس دینار بہت ہوں۔

وُراق ع سبزی زمین کی بسبب گھاس وغیرہ کے۔

وَرَق ع درخت کا پتّا اور کتاب کا ورق۔

واو با شین

وَسْق ع عربی میں ایک اونٹ کا بار جسقدر اُٹھا سکے اور ترکی میں نام جانور کا اور پوستین جو اسکے نام پر ہے۔

وُشق ف غلام و خدمتگار سادہ رو و بے ریش آدمی۔

وُشاق ت خدمتگار و غلام سادہ رو و امرد۔

واو با فاء

وِفاق ع دوستی و سازگاری و موافقت و محبت

و چیار و الفت جو آلیسین ہو۔

وَفق ع ساز وار و موافق و دل پسند و دوست و پیارا اور مطبوع و مطابق و برابر۔

واو با قاف

وَقواق ع نام جزیرہ جو بحر محیط مین واقع ہو۔

واو با ہا

وَہَق ع کمند جو دوسری چیز کو ڈال کر اپنی طرف کھینچ لیتے ہین۔

پچیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ہا اور اخیر مین قاف ہو

ہاے با الف

ہاے مُشفق ع دو چشمی ہا رینے ہو۔

ہاے با یا

ہَبنَق ع احمق کوتاہ قد بیوقوف نادان۔

چھبیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف یا اور اخیر مین قاف ہو

یاے با الف

یارِق ت روشن و سفید اور چمکدار چیز و خوبصورت۔

یا با تا

یَتاق ت پاسبانی جو کیداری حفاظت نگہبانی۔

یا با راے

یَراق ت ہتھیار فوج کے مثل تلوار و نیزہ و خنجر و بندوق وغیرہ جسکو انسان اٹھا سکے سواے توپ وغیرہ کے اسباب سامان جنگ کے۔

یا با سین

یَساق ع تیاری جنگ و دیوان و دربار اور کچہری کا مقام۔

یا با عین

یَعوق ع نام بت جسکو نوح کی قوم پوجتی تھی اور وہ گھوڑے کی شکل پر تھا۔

یا با لام

یَلمق ت قبا قسم جامہ جسکو لوگ پہنتے ہین۔

یَلاق ف نام بادشاہ جو ترکستان کا فرمان فرما تھا یہ بادشاہ قدیمی بادشاہون سے ہو۔

بائیسوان باب

اُن لغات کے بیان مین جن کے اخیر مین حرف کاف ہو اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اسمین چوبیس فصل ہین

پہلی فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف الف اور اخیر مین کاف ہو

الف با پاے

آب ورنگ ف گلگونہ غازہ جو منھ پہ ملتے ہین۔

آب خشک ف پیالہ بلور کا باعتبار اسکی صفائی کے۔

الف با تاے

اتراک ف جمع ترک کے لفظ کی یعنے بہت سے ترکی لوگ۔

اتابک ف اُستاد امیر وادب آموز واتالیق بادشاہ کا اور یہ خطاب سلجوقی خاندان مین اکثر امراؤ کو دیا جاتا ہے چنانچہ شیراز کے بادشاہ مثل اتابک ابوبکر وغیرہ بھی یہی خطاب رکھتے تھے جسکی مدح شیخ سعدی شیرازی نے گلستان مین کی ہے

اتمک ت نان یعنے روٹی۔

الف با حاے

اِحتکاک ع چھلنا کھرچنا پوست اُتارنا کسی چیز کا۔

الف با خاے

اخاک ع برادر تو یعنے تیرا بھائی۔

آخشیک ف ضد و مخالف اور ایک عنصر چار عنصر سے جو آپسمین ضد ہین اخشیج اسکا مبدل ہے۔

الف با دال

اِدراک ع پانا دریافت کرنا معلوم کرنا مجازاً عقل وہوش وفہم وفراست۔

الف با راے

اِراک ع قطعہ زمین و درخت پیلو کا جو مشہور درخت ہے

اَرک ع وہ قلعہ جسمین بادشاہ رہتا ہو یعنی بادشاہی محل۔

اَرایک ع جمع اریکہ تختہاے بادشاہی تخت جو بہت سے ہون۔

آرتوک ت مرغابی جو ایک جانور دریائی مشہور ہے۔

ارتکک ت برق یعنے بجلی۔

اَرتنگ ف نام ایک کتاب کا جسکو مانی نقاش نے تصنیف کیا اور نام ایک بت تنجانہ کا وصفہ و تختہ نقاشون کے نقش کرنے کا۔

ارژنگ ف نام نقاش جو چین مین تھا اور سر کتاب جسمین نقش ونگار ہون و نام نگارخانہ مانی بعض کے نزدیک یہ نام اصلی مانی کا تھا۔

الف با زاے

آژنگ ف چین شکنج جو بحالت پیری منھ پر پڑجاتے ہین اور ہر میوہ ہر درخت کا اور پھل ہر چیز کا۔

اژدہاے فلک ف یہ ایک شکل آسمانی کا نام ہے جسکو راس وذنب کہتے ہین۔

الف با سین

اِستمساک ع بند کرنا پنجہ مارنا مضبوط پکڑنا۔

آسیک ف بڑا خیمہ اور بڑا ڈیرہ۔

اِسپرک ف ایک زرد رنگ گھاس ہے جس سے کپڑے رنگتے ہین

اِسفرنگ ف سمرقند کے پاس ایک شہر ہے۔

الف با شین

اِشتباک ع پیچیدہ ہونا الجھنا اجتماع وانبوہ کرنا۔

اِشکاک ت حمار خرگورحا جو ایک جانور مشہور ہی۔

اَشک ف آنسو اور وہ پانی جو آنکھوں سے جاری ہو۔

اَشباک ع جمع شبکہ بمعنی دام یعنی بہت سے دام اور جالیاں شکاریوں کی۔

اِشتراک ع شراکت اور حصہ داری جو کسی چیز میں ہو۔

الف با صاد و ضاد

اِصطکاک ف وہ آواز جو دو چیزوں کے ٹھوکنے سے نکلے

اِضحاک ع ہنسی مسخری۔

الف با فاء

اِفک ع دروغ و بہتان جو کسی پر باندھا جاے۔

اَفلاک ع بلندیان اور آسمان۔

الف با کاف

آک ف عیب آفت و لفظ انسبت و تشبیہ چون مناک وغیرہ

آلنگ ت سبزہ زار و زمین جسمین گھاس ہو۔

آلنگ ت دیوار مورچال قلعہ یعنی وہ دیوار جسمین مورچال بنی ہون۔

الف با میم

اِملاک ع کسی چیز کا مالک کرنا مالک بنانا۔

اِمساک ع [illegible] کرنا روک لینا۔

اَملاک ع جمع ملک بہت سی جائداد منقولہ و غیر منقولہ۔

الف با نون

اِنسلاک ع پرونا موتیون وغیرہ کا تاگے مین۔

اِنہماک ع مبالغہ کرنا کوشش کرنا سعی کرنا کسی باب مین۔

اِنہاک ع لاغر و ضعیف کرنا کمزور کرنا ناقوت کرنا۔

اِنفکاک ع جدا ہونا آزاد ہونا الگ ہونا علیحدہ ہونا

اِنسباک ع گلجانا سونے چاندی کا کوٹھالی مین۔

اَنک ف آبلہ جو چشم پر نکلتا ہی و بمعنی اکنون یعنی اسی وقت

آنک ف سکہ جسکو سیسہ کہتے ہین اور گولہ بناتے ہین۔

الف با واو

اولنگ ت سبزہ زار اور زمین جسمین گھاس ہو۔

اوتنگ ت بمعنی آنہا یعنی وہ لوگ وہ شخص۔

آوشنگ ت ہندی الگنی او۔ وہ ایک ریسمان ہوتا ہی اور انگور وغیرہ خوشے اس سے لٹکاتے ہین آونگ بھی اسکو کہتے ہین۔

اورنگ ف بادشاہی تخت جسپر بادشاہ اجلاس کرتا ہی

الف با ہاء

آہنگ ف لشکر و تعجیل و طرز و روش و کشش و قصد و ارادہ و موافق و نام سرود و آواز و آغاز سرود یعنی الاپ

آہک ف چونا جو عمارت کے کام آتا ہی۔

الف با یاء

اَیبک ف بت و معشوق و غلام و قاصد و ہرکارہ

آیک ف انبوہ درختان و جنگل جسمین بہت سے درخت ہون

آینک ف اسی وقت اور یہی اور ابھی۔

دوسری فصل

الف لغات کے بیان مین جن سے کے

اوّل حرف با اور اخیر مین کاف ہے

با با الف

باربیک ف بڑا امیر جو ہر وقت بادشاہ کے پاس جا سکے و عرض بیگی جو کسی کی عرض بادشاہ تک پہونچا سکے۔

بابکت ف نام بادشاہ جو اردشیر کا نانا تھا وہ صاحب اعتبار و امین و استوار و پیر و صاحب ثروت و امیر و دولتمند۔

باسک ف جمائی و انگڑائی جو انسان کو آتی ہے۔

باک ف خوف اور ڈر و دہشت۔

بابیک ف پیادہ جو سوار نہو پاؤن سے چلنے والا۔

باریک ف پتلا نازک اور وہ چیز جو لپٹی ہو۔

پاک ف بے عیب ضد پلید کے لفظ کی۔

بادنگ ف بدال مہملہ چند رجس سے شالی کے چاول لگا لیتے ہین اور اُس سے کاغذ کوٹتے ہین۔

پالہنگ ف باگ ڈور گھوڑے کی جس سے گھوڑا باندھا جاتا ہے۔

پاسنگ ف وہ باٹ جو ترازو کے دونون پلڑون کے بوجھ برابر کرنے کے لئے ترازو مین رکھا جاتا ہے۔

پاچک ف اوپلہ سوکھا ہوا گوبر جو جلایا جاتا ہے۔

با با تا و

پتک ف لوہے کا گھن یعنی ہتوڑا جسکو عربی مین مطرقہ کہتے ہین لوہارون کا یہ ہتھیار ہے۔

با با جیم

بجشک ف طبیب یعنی معالج علاج کرنے والا بیمارون کا۔

با با را ے

برستک ف ابابیل مشہور جانور ہے۔

برگ ف تیّا توشہ خرچ ساز و نوا اور راستی کا خرچ و سامان و اسباب سرانجام و برده۔

برک ف قسم جامہ جو شتر کی بالون سے بناتے ہین۔

برید فلک ف چاند جو سریع السیر ہے یعنی آسمان کا قاصد۔

برمک نام ایک آتش پرست کا جو مسلمان ہوا اور بیٹا اُسکا خالد حکومت عباسیہ کا وزیر ہوا۔

با با زا ے

بزشک ف طبیب و معالج یعنے بیمارون کا علاج کرنے والا۔

بزرگ ف دوازدہ مقام موسیقی سے ایک کا نام ہے۔

بزرگ ف بڑا صاحب قدر امیر پیر مرشد باپ اُستاد۔

بزرگ ف کتان یعنی السی جو مشہور چیز ہے۔

با با سین

بسراک ت استر یعنی خچر جو مشہور جانور ہے۔

بس آہنگ ف پچھلی فوج جسکو ترکی مین چنداول کہتے ہین۔

با با شین

بشنک ت دوڑنا جھونٹ بولنا و عشوہ و غمزہ۔

بشنک ت زلف اور سر کے بال۔

پشک ف سرگین شتر و آہو جو گوسفند ہے مینگنی۔

پشنگ ف نام پدر مشہور جہر دید افراسیاب۔

پشنک ف ایک قسم کے حلوا کا نام ہے۔

بشک ت گریہ یعنے رونا اور زاری کرنا۔

با با طین

بعلبک شام مین ایک شہر کا نام جو قوم الیاس علیہ السلام کی انمین بعل بت کو پوجتی تھی۔

با با غین

بلغاک ف ایک ذبل کا نام ہر جو بغل مین ہوتا ہر۔

با با کاف

بک ف غوک جو جانور مشہور ہر۔

بکانک ف حیوان دم بریدہ جسکی پونچھ نہو۔

بگلربگ ت خان خانان و میر میران۔

با با لام

بلک تحفہ و چیز عجیب و غریب پیشکش۔

بلارک ف شمشیر و جوہر تیغ و فولاد اور عمدہ تلوار۔

پلک ف آنکھون کے گرداگرد چمڑا اور موے مژہ۔

پلنگ ف چیتا مشہور درندہ ہر مگر بعض کے نزدیک پلنگ اور جانور ہر جسکو عربی مین نمر کہتے ہین اور چیتا کو فارسی مین یوز کہتے ہین۔

با با نون

بنایان افلاک ع عقول عشرہ و فرشتگان مقرب۔

بنگ ف نام سبزہ معروف جس سے نشہ و مستی آتی ہر۔

بنکش بروزن فلک ایک کپڑے کا نام ہر جسکی زمین ریشمی اور پھول طلا کے ہوتے ہین۔

با با واو

بوسلیک ف ایک راگ کا نام ہر اور اس راگ پہ شیر عاشق ہر جب گایا جاتا ہر تو شیر خود بخود آجاتا ہر۔

بولوک بہر دو واو غیر ملفوظ ترکی مین شہر کو کہتے ہین مجازاً بمعنی آسمان۔

بوزک ت قسم طعام جسکو سنبوسہ کہتے ہین۔

پوزک ف وہ سبزی جو باسی روٹی یا اچار پر بیٹھ جاتی ہر۔

بونیک ف ایک ساگ کا نام ہر اور ایک قسم کا سبزہ ہر۔

پوشاک ف پوشش کپڑا پہننے کا اور لباس۔

با با یار

بیسراک ف شتر جوان و نجیب جو قوی و بارکش ہو۔

پیک ف قاصد ہرکارہ جو پیام لے جاوے۔

پیش آہنگ ف اگلی فوج ہر قافلہ جو او قافلون کے اول ہو۔

پیچاک ف پیچ و خم۔

بیدمشک ف نام ایک درخت کا ہر جسکا پھول زرد خوشبو مائل بسیاہی ہوتا ہر۔

بیلک ف ایک قسم کا تیر ہر جسکا پھول چوڑا ہوتا ہر۔

بیرنگ ف خاکہ تصویر کا اور نقشہ عمارت کا۔

بید برگ ف ایک قسم کا تیر ہر جو بید کے پتے کی طرح ہوتا ہر۔

بیگ ف امیر سردار افسر سرگروہ عزت دار آدمی۔

بیگلربیگ ت امیر الامرا بڑا سردار سپہ سالار۔

تیسری فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور اخیر مین کاف ہر

تا با الف

تاک ف درخت انگور کا جو مشہور درخت ہر۔

تاجیک وہ عرب جو عجم میں پرورش پائیں اور سوداگر کا نام کہتے ہیں۔
تابناک ف روشن اور چمکدار چیز۔
تارک ف سر آدمی کا و میانہ سر اور ترک کرنے والا۔
تاریک ف اندھیرا و سیاہ و سیاہی رات کی۔
تاجیک ف وہ عرب زادہ جسنے عجم میں پرورش پائی ہو اور وہ ملک جو عرب کے سوائے ہو۔

تا با بار

تبوراک چھوٹا نقارہ جس سے زمیندار جانور اپنی کھیتی سے اڑاتے ہیں اور تیر اُن دو لکڑیوں کو جنکے کھڑکانے سے جانور بھاگتے ہیں تبوراک کہتے ہیں و بمعنی غربال و کفچہ آہنی۔
تبوک ع نام مقام درمیان حجر و ناحیہ شام کہ غزوہ اُس مقام کا مشہور ہے۔
تبرک ع برکت رکھنا مبارک جاننا۔
تپاک ف گرم جوشی و خاطر و مدارات۔
تپنک ف بندوق جو مشہور ہتھیار ہے۔
تبت یدا ابی لہب ع ہلاک ہوں تیرے دونوں ہاتھ۔
تبارک ع مبارک کرنا بلند ہونا پاک ہونا بزرگ ہونا۔
تبارک ع بزرگ ہوا صیغہ معلوم باب تفاعل سے۔

تا با حاء

تحریک ع حرکت دینا رغبت کرنا متوجہ کرنا مائل کرنا۔
تحرک ع ہلنا جنبش کرنا حرکت میں آنا۔

تا با خاء

تختہ تلنگ ف نام ورزش کا جو کشتی گر کرتے ہیں۔

تا با دال

تدارک ع گم ہوئی چیز کو پانا اسکی تلاش میں مصروف ہونا۔

تا با زے

ترک ع چھوڑ دینا و کلاہ و گوشہ کلاہ و خود آہنی جو جنگ میں پہنتے ہیں۔
ترک ف نام قوم سپاہی و مجازاً معشوق خوبصورت۔
ترک فلک ف ستارہ مریخ جو آسمان کا سپاہی ہے۔
تریاک ف نام معجون قاطع زہر مجازاً افیون۔
ترسناک ف خوفناک ڈرپوک ڈرنے والا۔
ترغاک ت پاسبان چوکیدار محافظ نگہبان۔
ترنگ ت آواز کمان جو تیر چلانے کے وقت نکلتا ہے۔
ترنگا ترنگ ف تلوار کا آوازہ جو مارنے کے وقت نکلتا ہے۔

تا با زاے

تزک ت ترتیب و انتظام و ضابطہ لشکر و مجلس۔

تا با شین

تشکک ع شک میں پڑنا وہم میں پڑنا۔
تشارک ع شریک ہونا ساجھی سہیم ہونا۔
تشکیک ع شک میں ڈالنا وہم میں ڈالنا۔
تشابک ع آپس میں ملنا اور ملانا پنجہ میں پنجہ لینا۔
تشبک ع آپس میں ملانا انگلیوں کا۔

تا با ضاد

تضحیک ع ہنسنا ہنسانا مسخری کرانا۔

تا با فاء

تفنگ تفنگ ف بندوق دراصل مین یہ لفظ تپک تھا یعنے توپ خورد۔

تا با کاف

تکگ ت قر چیاہ و پائیہ ہر چیز یعنی ہر چیز و علو اور دوڑنا تیز چال پانی گھوڑے وغیرہ کا۔

تگرگ ف ژالہ و اولہ جو بادل سے برستا ہی۔

تا با لام

تلاک ت کیل و پیمانہ یعنی کسی مقدار کا ناپ۔

تلک ع اسم اشارت برائے قریب ترجمہ اسکا یہ جو۔

تلنگ ف دکن مین ایک علاقہ کا نام ہی۔

تلنگ ت مارنا انگلیون کا دف و دائرہ وغیرہ پر۔

تلنگ ف حاجت و خواہش اور تلنگے یعنی گدا۔

تا با میم

تمسک ع پنجہ مارنا اور سند کسی قرضہ وغیرہ کی۔

تماسک ع صبر و تحمل و وقار و نگاہداشت و ضبط نفس

تملک ع مالک ہونا کسی مالکیت کا۔

تملیک ع مالک کرنا مالک بنانا کسی کو۔

تمالک ع اپنے نفس کا مالک ہونا و اختیار و طاقت۔

تا با نون

تنبک ف دہل کو چک یعنی نقارہ چھوٹا ہند مین اسکو طبلہ کہتے ہین۔

تنسک ع خدا پرستی اور خدا کی بندگی۔

تنین فلک ع کہکشان جو مشہور باریک ستارے ہین۔

تنک ف باریک و کم و اندک و نازک و لطیف۔

تنگ ف خر بار یعنی وہ بوجھ جسکو گدھا اٹھاسے اور گھوڑے کا تنگ جس سے زین باندھتے ہین و کارنامہ نقاشان اور نام ایک ملک کا بدخشان مین و یعنی قریب و نزدیک۔

تناگ ف گون جسمین غلہ وغیرہ ڈالتے ہین اور وہ کوزہ جسکا پیٹ بڑا اور منہ چھوٹا ہو۔

تنگ ف منقار مرغان پرندون کی چونچ۔

تا با واو

توزک ت سامان و آرائش و انتظام و ترتیب لشکر۔

توبک ت خزانہ گنجینہ جسمین مال رکھا ہو۔

توشک ت فرش و نہالین جو بچھا کر سوئین۔

تورگ ف خرفہ جو تر مشہور ہی اور تخم اسکا دوائین مستعمل ہی۔

تا با ہاء

ہتک ع پردہ دری اور رسوائی و بیعزتی و ہتک و بدنامی

تہالک ع ہلاک ہونا مارا جانا قتل ہونا۔

چوتھی فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف جیم اور آخیر مین کاف ہی

جیم با الف

جاک ف پھٹا ہوا قبالہ کسی مکان کا۔

چالاک ف چست و تیز جو سست نہو۔

جامہ غوک ف کائی جو ایک قسم کی گھاس ہی اور پانی مین پیدا ہوتی ہی۔

چابک ف چست و چالاک و جلد و تازیانہ جو گھوڑے کو مارتے
چالیک نام بازی اطفال جسکو گلی ڈنڈا کہتے ہین۔
چاردانگ ف وہ چیز جو اپنے مثال کی بہ نسبت دو چند ہو
چنانچہ دانگ چھٹا حصہ دینار کا ہی یعنی چاردانگ بہ نسبت دودانگ
کے زیادہ ہوتے ہین اور کبھی یہ لفظ ہندوستانکی نسبت
بولتے ہین کہ عرض و طول اسکا اور اقالیم سے زیادہ ہے۔
چاربرگ ف لالہ کوہی جو پہاڑمی لالہ کہلاتا ہے۔

جیم با تا ء

چتوک و چغوک ت کنجشک یعنی چڑیا جو مشہور جانور ہے۔

جیم با راے

چرگ ع حلقہ معرکہ کشتی گران یعنی دنگل کا مقام۔
چرخ فلک ف عرش معلیٰ و عرش الٰہی۔
چرک ف میل یعنی سیم اور لوہے کا میل جو تاگنے اوپر سے اترتا ہے۔
چرنگ ف پوری جو ایک قسم کی روٹی گھی مین تلی جاتی ہے
اور بالائی جو دودھ سے اترتی ہے۔
چرپک ف دروغ و خوشامد و طنز و مسخری و خجالت۔
چرب و خشک ف نیک و بد بھلا برا اتھوڑا بہت۔
چردہ رنگ ف سیاہ رنگ سانولا رنگ۔

جیم با سین

جستہ رگ ف خبردار و ہوشیار و لئیق و آگاہ۔

جیم با شین

چشمک ف اشارہ آنکھ کا جو کسی سے کیا جائے۔

جیم با غین

چغوک ت کنجشک چڑیا جو مشہور جانور ہے۔

جیم با فاء

چغنگ ف سرخاب کا جوڑا یعنی چکوی چکوا جو مشہور جانور ہے

جیم با کاف

چکاوک نام مرغ چڑیا سے بڑا خوش آواز تاج سر پر رکھتا ہے
ہندی مین چنڈول کہتے ہین۔
چک ف قبالہ و صد چیر زمین و باغ و بنیاد اور لکڑی کا
پنجہ جس سے غلہ خرمن سے صاف کرتے ہین و برات و حصہ و
وظیفہ و مخفف چکیدن۔

جیم با نون

جنبک ف جست مارنا کودنا۔
جنگلی پایک ف نام ایک حیوان کا ہے جسکا چہرہ آدمی
کا اور پانوں ایک رکھتا ہے۔
جنگ ف لڑائی جو آپس میں دو دشمنوں کے درمیان واقع ہو
چنگلوک ف وہ شخص جسکے ہاتھ پانوں ٹھرے ہوں۔
چنگ ف پنجہ دست و نام ساز جو بجایا جاتا ہے۔

جیم با واو

جوسنگ ف مقدار جو اور جو کا قول۔
چوبک لکڑی نقارہ بجانے کی۔

جیم با یاء

چیک چیک ت آواز مرغان یعنی پرندوں کی آواز۔
چیچک ت آبلہ اور نام بیماری جس سے جسم پر چھالے نکل آتے ہین

پانچوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف حا اور اخیر مین کاف ہو

حا با الف

حایک ع سفید باف جولاہہ جو کپڑا بنتا ہو۔

حا با باء

حبک ع اچھا بننا کپڑے کا اور اچھی طرح سنوارنا اور کاٹنا اور طرز

حُبُک ع ستارون کے چلنے کے راستے اور بال پیچدار اور شکن پانی کی اور زرہ اور ریگ۔

حا با سین

حَسُوک ع زشت و شریر و خاردار چیز۔

حس مشترک ع یہ ایک حس جامع حواس ظاہری و باطنی مین بطور وکیل کے ہے

حَسَک ع معرب خسک نام تخم خار دار جسکو ہندی مین گوکھرو اور پنجابی مین جوانہہ کہتے ہین۔

حا با کاف

حک ع چھیلنا دور کرنا گھسانا رگڑنا۔

حَکّاک ع چھیلنے والا نگینہ ساز مہرکن اور نام ایک بیماری کا جسسے سوزش پیدا ہوتی ہو۔

حا با لام

حَلَک ع سیاہی سخت۔

حُلّاک ع حالک سخت۔

چھٹی فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف خا اور اخیر مین کاف ہو

خا با الف

خاشاک ف کوڑا کرکٹ کانٹے۔

خاک ف مٹی جسکو عربی مین طین کہتے ہین۔

خایسک ف ہتھوڑا لوہارون کا جس سے لوہا کوٹتے ہین۔

خا با جیم

خجلک ف سرداران مغل سے ایک کا نام ہو۔

خا با دال

خَدَنگ نام درخت جسکی لکڑی سیدھی ہوتی ہو چونکہ اسکی لکڑی کا تیر بناتے ہین اسلیے یہ لفظ تیر کے معانی سے مشہور ہوا

خُدُوک ف خشم و اشک و خجالت و اندوہ و پریشانی و وسواس و دغدغہ و اندیشہ و فکر۔

خا با راے

خرسنک ف لڑکون کی ایک بازی کا نام ہو۔

خرچنگ نام جانور جسکو عربی مین سرطان کہتے ہین اور ہندی مین کیکڑا نام ہو

خرسنگ ف بڑا پتھر۔

خا با سین

خسک ف نام تخم خار دار جسکو گوکھرو کہتے ہین اور خارہاے آہنی جو جنگ کے وقت دشمن کے گزرگاہ مین بچھا دیتے ہین۔

خا با شین

خشمناک ف غضبناک و پرغصہ آدمی۔

خشک ف معروف و خالص بیفائدہ و تنہا و بے آب و بے رونق

خشوک ف زشت و حرامزادہ و بے بیابان۔

خشتک پارچہ چار گوشہ جو قبا کے زیر بغل اور پاجامے کے

زیر شرمگاہ سیتے ہین۔

خا با غاء

خفتک ف مرض کابوس جو نیند مین غلبہ کرتی ہی اور آدمی سوتا سوتا ڈر اُٹھتا ہی۔

خا با میم

خمیازہ خشک ف آرزوے بے حاصل بیفائدہ طمع۔

خا بانون

خنگ ف اسپ سفید مائل بسبزی یعنی جو سفید گھوڑا مائل بسبزی ہو۔
خنک ف سرد خوش وخرم ومطبوع چیز۔
خنبک ف تالی بجانا وقسم جامہ فقرا مجازاً گوڈری۔

خا با واو

خودک ف خلجان خاطر و وسواس واندیشہ وپریشانی۔
خوفناک ف ڈرپوک آدمی جو کسی سے ڈرے۔
خوک ف سُور خنزیر مشہور چوپایہ ہی جو مسلمانون کو شرعاً از روے نص الٰہی اُسکا کھانا حرام ہی۔
خوراک ف کھانا و طعام جو آدمی کے کھانے مین آئے۔
خوشترک ف بہت خوش و دلپسند ومطبوع طبع۔

خا با یاء

خیک ع مشک پانی کی جو چمڑے کی بنائی جاتی ہی
خیارک ع قسم دُمّل جو بن ران مین ہوتا ہی۔

ساتوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف دال اور اخیر مین کاف ہی

دال باالف

دارالملک ع جس شہر مین بادشاہ رہتا ہو۔
دادک ف بوڑھا غلام بوڑھا خدمتگار جس سے کم خدمت لین۔
دانگ ف وزن کا نام ہی جو چھ رتی کا ہوتا ہی۔

دال با باء

دبیر فلک ف ستارہ عطارد جو منشی فلک ہی۔

دال باراے

درک ع پانا معلوم کرنا دریافت کرنا آگاہ ہونا۔
دَرَک ودَرْک ع طبقہ دوزخ آگ کا طبقہ۔
دَرّاک ع پانے والا دریافت کرنے والا دانا شخص۔
درنگ ف توقف فرصت آہستگی سہولت۔

دال باسین

دستک ف پروانہ سرکاری اور تالی مارنا۔
دستار بزرگ ف کنایۃً قلتبان بھڑوا دلال کسبیون کا۔

دال بالام

دَلک ع مالش بدن کی یعنی ملنا روغن وغیرہ کا بدن کو
دُلُک ع زوال آفتاب غروب دوپہر سے بعد کا وقت۔
دَلّاک ع بدن کا ملنے والا جو حمام مین ہوتا ہی۔
دُلُوک ع زوال کا وقت غروب ہونا آفتاب کا یعنی شام کا وقت۔
دَلُوک ع بدن پر ملنے والی چیز روغن وغیرہ چیزین۔
دُلقک ع نام مسخرہ کا اور چھوٹی گودڑی۔
دل تنگ ف بخیل وغمگین اندیشہ ناک و دلگیر و محزون۔

دال با میم

دم گرگ ف کنایہ صبح صادق جسکا نور طویل ہوتا ہو۔

دال با نون

دُنگ ف دیوانہ و حیران و احمق و نشان و نقطہ اور وہ آواز جو دو پتھرون کے کھڑکانے سے نکلتی ہو۔

دِنگ ف چندن کی لکڑی لمبی جس سے شالی کوٹتے ہین۔

دال با واو

دُوالک ف آلۂ قمار بازان اور نام ایک دوا کا۔

دُوک ف تکلا لوہے کا جس سے سوت کاتتے ہین۔

دَوَاءُ المِسک ع نام معجون مقوی قلب جسمین کستوری ڈالتے ہین۔

دُوْر تَرَک ف بہت دور اور بہت فاصلے پر۔

دود آہنگ ف دھوان نکلنے کا روزن۔

دورنگ ف منافق وریاکار و دغاباز آدمی۔

دال با یاء

دیگ ف ہنڈیا جسمین کھانا پکاتے ہین۔

دیمک ف مشہور کرم ہو جو لکڑی کو کھا جاتا۔

دِیک ع خروس یعنی مرغا۔

آٹھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف راے اور اخیر مین کاف ہو

راے با شین

رِشک ف حسد و غیرت جو کسی بات پر ہو۔

راے با کاف

رکیک ع سست و ضعیف و باریک حقیر و بیغیرت۔

رکوک ع لتہ و جامۂ کہنہ و مطلق جامہ اور ایک بالشت کی چادر۔

رَک ع ضعیف ہونا کمزور ہونا ناتوان ہونا۔

رگ ف مشہور لفظ ہو تاری النس جسم کی۔

راے با میم

رُمّاک ع جمع رمکہ یادبانا یعنی ٹیکھے جو بہت سے ہون۔

راے با نون

رنگ ف اسکے اکتیس معنی ہین اول لون و حصہ و نصیب عیب و عار رنج و محنت و قوت و توانائی۔ جان۔ شتر قوی۔ مال و زر۔ نفع و فائدہ۔ گوڑی۔ طرز و روش۔ بُز کوہی و گاو دشتی۔ مکر و حیلہ۔ اوگنا و جمنا۔ خوبی۔ خوشی و تندرستی۔ خجلت و شرم۔ خون۔ رونق و لطافت۔ مانجھ اندک۔ زر و سیم و دزدی۔ قمار و حاصل قمار۔ خداوند و والی۔ باپ۔ خال۔ لفظ۔ شیرین کار۔ جلاجل۔ خشم و غضب۔ ابر نیسم۔ خیانت۔ سوا اسکے مال و اسباب و مثل و نظیر کے بھی معنی رکھتا ہو۔

راے با واو

روباہ ترنگ ف مکو یعنی عنب الثعلب۔

رودنگ ف مجیٹھ جس سے کپڑے رنگتے ہین۔

راے با یاء

ریگ ف ریت جو مشہور چیز ہو۔

نوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے

اول حرف زاے اور اخیر مین کاف ہے

زاے با الف

زاک ع پھٹکری جو مشہور چیز ہے۔
زادہ خاک ف کنایہ زر و سیم جو خاک سے نکلتا ہے۔
زاہد خشک ف زاہد بے ذوق جسکو علم نہو۔

زاے با راے

زرشک ع نام دوا جو ایک میوہ سیہ ترش مزہ ہوتا ہے۔
زرک ف ریزہ ہاے زر سونے چاندی کے ٹکڑے۔
زرخشک ف زرخالص جسمین آمیزش نہو۔
زردک ف گاجر جو مشہور چیز ہے۔

زاے با فاے

زفک ف چرک چشم جو آنکھوں کے گوشوں مین جمع ہوجاتی ہے۔

زاے با لام

زلوک ف جوک مشہور کرم ہے۔

زاے با نون

زنبورک ف بندوق کلان جو اونٹ پر لادتے ہین۔
زنگ ف جرس گھنٹہ و نام ولایت اور وہ میل جو لوہے پر آجاتا ہے و پیکو ماہ و آفتاب و تند و تیز و آب و شراب۔
زیرک ف عقلمند دانا ہوشیار آدمی۔

دسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف سین اور اخیر مین کاف ہے

سین با الف

سارک ع ایک جانور سیاہ خوش آواز کا نام ہے۔
سالک ع راستہ چلنے والا و باصطلاح طالب جو خدا کی راہ چلے۔
سالوک ع بہت راستہ چلنے والا و سیاح و مسافر جو سفر مین ہون۔

سین با باے

سبک ع چاندی سونے کو گلانا اور ریخ دینا۔
سباک ع زرگر زیور بنانے والا چاندی سونا گلانے والا۔
سبک کم وزن و بیکار و چست و چالاک و بے تعلق و تعجیل و شتاب اور جلدی۔
سبرک ف نام طائر جسکو نیل کنٹھ کہتے ہین۔

سین با تاے

ستاک ع شاخ درخت نورستہ و نازک و سرسبز۔
سترگ ف بزرگ کلان یعنی بڑا اور جسیم و فربہ و معتبر۔

سین با راے

سرشک ف قطرہ آنسو کا جو آنکھ سے ٹپکے۔
سرہنگ ف سردار لشکر و نقیب و چوبدار و پہلوان و افسر و حاضر باش۔
سرہانک ف نام بازی کو و کان یعنی والی مجھونا۔
سرچنگ ف کسی کے سر پر طپانچہ مارنا۔

سین با فاے

سفک ع قتل کرنا مار دینا ہلاک کرنا کسی کو۔
سفاک ع قاتل و خونی و خونریز و بے رحم جلاد۔

سین با کاف

سکک ع حلقہ آہن او سکہ لگانے والا و نام قوم ترک۔
سکاک ع آہنگر لوہار لوہے کا کام کرنے والا۔

سناک ع جوت جو آسمان و زمین میں ہر لینے فاصلہ۔
سنکشک ع اسپ کم رفتار و نام ایک درخت کا جسکی لکڑی
کی آگ دیر تک رہتی ہی۔
سکات ع ایک قسم کی خوشبو کا نام ہی۔
سِکَنگ ع سرکہ جو ترش چیز مشہور ہی۔
سگ کتا جو مشہور جانور ہی عربی مین اسکو کلب کہتے ہین۔

سین بالام

سلہک نام پرند و سیقی۔
سِلک ع رشتہ مروارید موتیون کی لڑی۔
سَلک ع پرونا کسی چیز کو دوسری چیز مین لانا۔
سلاک ع شوشہ طلا و نقرہ یعنی سلاخ۔
سِلیک ع پروئی ہوئی چیز جو کسی رشتہ مین پروئی ہو۔
سُلوک ع نیک روی اور نیک رستے پر چلنا۔

سین بامیم

سِماک ع نام ایک ستارہ کا ہی۔
سَمک ع ماہی یعنی مچھلی جو زمین کے نیچے ہی۔
سَمک ع سقف و مقدار بلندی جسقدر ہو۔
سُموک ع مچھلیان یہ لفظ جمع سمک کی ہی۔

سین بانون

سَنگ ف مقدار و گرانی در وزن و وقر و قیمت و پتھر جسکو عربی
مین حجر کہتے ہین۔
سُنبک ع چھوٹی کشتی جو جہاز کے ساتھ ہو۔

سین باواو

سَواک ع رفتار نرم یعنی آہستہ چال۔
سِواک ع مسواک جس سے دانت صاف کرین ہندی مین اسکو داتون
کہتے ہین۔
سوگ ع بواو مجہول ماتم اور اندوہ و غم جو کسی میت کا کیا جاے۔
سُوواتمک ترکی مین یعنی آب و نان کیا معنی کہ سو یعنی پانی
اور اتمک روٹی اور واو دونون مین عاطفہ ہی۔

سین بایاء

سیر آہنگ ف بلند آواز یعنی اونچی آواز۔
سیف اسفرنگ سیف نام شاعر کا ہی اور اسفرنگ شہر کا نام ہی سمرقند پاس
سیگ ترکی مین عضو تناسل کو کہتے ہین۔
سیامک ف نام پسر کیومرث جو مشہور بادشاہ ہی۔
سیہک ف تیز ہوا آندھیری گرد و غبار۔
سیگنگ ف آہستہ اور نرم نرم۔

گیارھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف شین اور آخر مین کاف ہی

شین باالف

شادی مرگ ف وہ مرگ جو بسبب کثرت خوشی کے واقع ہو۔
شالنگ ف وہ چیز جو کوئی اپنی چیز کے بدلے کسی سے بزور
چھین لے ہندی اسکو ڈنڈ کہتے ہین۔
شالنگ ف مکر و حیلہ و گرو و رہن و ظلم و ستم و سرکش۔
شاک ف مرد ملحد اور سپاہی اور شک کرنے والا۔
شارک ف جانور طائر جسکو مینا کہتے ہین یہ جانور باتین کرتا ہی۔

شاہد لعرک ع رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب ہے۔

شین با باء

شباک ع سوراخ کرنے والا چھید کرنے والا پرونے والا۔
شب چک ف شب برات اور چک یعنی روشنی۔
شب آہنگ ف جو ستارہ شام کو سب سے اول ظاہر ہو۔
شبرنگ ف نام اسپ سیاوش جو مشکی تھا۔
شب کوک ف دریوزہ گر گدا گر فقیر محتاج۔
شبک ع دوک و بادریشہ دوک۔
شبک دام صیاد یعنی شکاری کی جالی۔

شین با تاء

شتالنگ ف ٹخنہ اور پنڈلی کی ہڈی جو مشہور عضو ہے۔

شین با راے

شرک ع جوشش خون وحلقہ ہاے دام وراہ وسیع۔
شراک ع دوال نعلین یعنی جوتی کا دوڑا۔
شرنگ ف حنظل جو نہایت تلخ ہوتا ہے ہندی مین اُسکو پھر پھندو کہتے ہین اور پنجابی مین تماً۔

شین با سین

شنسک ف حجاز اکیر وقضیب یعنی آلہ تناسل۔

شین با شین

ششدانگ ف وزن ایک دینار کا جو مشہور تول ہے۔

شین با فاء

شفشاہنگ ف تختہ لوہے کا جسمین فراخ و باریک سوراخ ہوتے ہین اور زرگر تار زر و نقرہ اسمین ڈال کر دراز کرتے ہین ہندی مین اُسکو جنتر کہتے ہین۔

شین با کاف

شکرلنگ تھوڑا لنگا یعنی جسکی ٹانگ مین ذرا سا لنگ ہو۔
شکرنگ ف ناخوش و غمناک و اندیشہ ناک۔
شکستہ رنگ زرد رنگ یعنی جسکے چہرہ کا رنگ زرد ہو۔

شین با لام

شلتوک ع شالی یعنی برنج جو ابھی پوست مین ہو۔
شلانگ ف کودنا جست مارنا کسی جگہ سے۔
شلک ت چند بند و قین ایک ہی مرتبہ سر کرنا۔

شین با واو

شوک ع خار جسکو کانٹا ہندی مین کہتے ہین۔

شین با یاء

شیشاک ت بکری کا بچہ جو یکسالہ ہو یعنی ایک برس کی عمر کا۔
شیشہ برسنگ ف شکستہ وخراب وابتر حال۔

بارھوین فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف صاد اور اخیر مین کاف ہے

صاد با حاء

صحنک ع چھوٹی رکابی تصغیر صحن جو بڑے رکابی کا نام ہے۔

صاد با دال

صدبرگ ف زرد رنگ پھول کا نام ہے یعنی گیندے کا پھول۔

صاد با غین

صعلوک ع فقیر و درویش و محتاج تارک دنیا۔

صاد باکاف

صکاک ع معرب چک ٹھوکنا مارنا و نامہ و قبالہ زمین یا مکان کا
صکاک ع جو شخص قبالہ ہاے شرعی لکھے یعنی قبالہ نویس

تیرھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ضاد اور اخیر مین کاف ہی

ضاد باالف

ضاحک ع خندہ رو و خوش مزاج اور ہنسنے والا آدمی۔

ضاد باحا

ضحک ع خندہ باآواز یعنی وہ ہنسی جو آواز سے ہو۔
ضحاک ع بہت ہنسنے والا اور نام بادشاہ کا۔

ضاد باراے

ضریک ع ایک قسم کی توپ کا نام ہی جسکا نشانہ دور پڑتا ہی

ضاد بانون

ضنک ع تنگی و تنگ حالی و افلاس و مقام تنگ۔

ضاد باواو

ضواحک ع اگلے چار دانت جو ہنسی مین نظر آتے ہین۔

چودھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف طا اور اخیر مین کاف ہی

طا باالف

طائحک ع درخت آزاد کا پھل۔

طا بابا

طنبلک ت چھوٹا نقارہ اور بند کا غذات دفتر کا۔

طا باواو

طوطک ت نام ساز جو گانے کے وقت بجاتے ہین۔

پندرھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف عین اور اخیر مین کاف ہی

عین بابا

عبد الملک نام خلیفہ خاندان بنی امیہ بن مروان جسکی سلطنت یزید پلید کی وفات کے بعد ہوئی تھی۔

عین باراے

عراک ع انبوہ کرنا ہجوم کرنا۔
عرّاک ع سخت ملنے والا گوشمالی دینے والا لڑنے والا۔
عروسک ع منجنیق خرد جو ایک جنگی ہتھیار ہی اور لعبت جس سے لڑکیاں کھیلتی ہین و نام میوہ۔

سولھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف غین اور اخیر مین کاف ہی

غین باراے

غرچک ف احمق و نادان و بیوقوف و جاہل آدمی۔

غین باسین

غسک ع کشمل جو ایک چھوٹا جانور ہوتا ہی اور چار پائی مین ہوتا ہی

غین بالام

غلطاک ف ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر پلٹا کھانا۔

غلک ف وہ برتن جسکا منہ چڑے سے بند کرکے واسطے روپیہ پیسے ڈالنے کے اُسمین چھید رکھا ہو۔

غین با واو

غوک ف مینڈک جو ایک آبی مشہور جانور ہے۔

سترھوین فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف فا اور اخیر مین کاف ہے

فا با الف

فاتک دلیر شجاع قاتل بہادر لڑنے والا آدمی۔

فا با تاء

فتراک ف کنجکا گھوڑے کا جو ایک رسی ہوتی ہے اور شکار وغیرہ اُسکے ساتھ باندھ لیتے ہین۔

فا با دال

فدک ع نام قریہ جہان پیغمبر صاحب کا ایک باغ تھا۔

فا با راے

فرسنگ ف مقدار سہ میل یعنی تین میل کا فاصلہ۔

فراستوک ف ابابیل جو ایک مشہور جانور ہے۔

فرنگ نام ملک و ولایت کا جسکے رہنے والے فرنگی کہلاتے ہین۔

فرہنگ ف عقل و ادب و اندازہ و خلق نیک و ہوش و دانش

فرنجک ف مرض کابوس جسمین انسان نیند مین ڈر اُٹھتا ہے

فا با غین

فغاک ف ابلہ و نادان و شریر و حرامزادہ و فرومایہ و احمق آدمی

فا با کاف

فکاک ع جدا کرنا خلاص کرنا آزاد کرنا علیحدہ کرنا الگ کرنا۔

فکاک ع جدا کرنا علیحدہ کرنا آزاد کرنا چھوڑانا۔

فا با لام

فلک ع کشتی جسپر سوار ہو کر دریا سے اُترین۔

فلک ع آسمان و بلندی یعنی اونچائی۔

افلاک ع بہت سے آسمان یہ لفظ فلک کی جمع ہے۔

فلک الافلاک ع عرش معلّے جو سب آسمانون سے بلند ہے۔

فلاسنگ ف فلاخن جسمین دشمن پر پتھر مارتے ہین ہندی مین گھمانی نام ہے۔

فا با نون

فنک ع نام جانور جسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہین۔

اٹھارھوین فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف کاف اور اخیر مین کاف ہے

کاف با الف

کاک ع پتلی روٹی یعنی پھلکا گیہون کے آٹے کا۔

کابک ع مرغون اور کبوترون کا گھر۔

کاچک ف سر کے اوپر کی ہڈی مغز کے اوپر کی ہڈی۔

کاواک ف خالی و بیمغز اور ہر چیز پولی جو اندر سے بھری ہوئی نہو۔

کاف با باء

کبک ف چکور مشہور جانور اور معروف پرند ہے۔

کپنک ف نمد جو پشم سے بناتے ہین اور فرش کے کام آتا ہے زین گھوڑے کا بھی اس سے بنتا ہے۔

کاف با جیم

کجک آلہ آہنی جو فیلبان وقت سواری ہاتھ مین رکھتے ہین اور ہاتھی کو اسسے چلاتے ہین اور لکڑی ڈھول بجانے کی اور سجاف گریبان کا جو قبا وغیرہ کو لگایا جاتا ہے۔

کاف با ذال

کذالک ع اسی طرح ایسے ہی اسی طور۔

کاف با راے

کرک ف نام ملک جو روس مین ہے اور نام ایک جانور کا جسکو گینڈا کہتے ہین اور اُسکا چمڑا سخت ہوتا ہے۔

کرک نام تادہ بنواحی بلغار و نام پرند دم دراز عربی مین اُسکو عقق کہتے ہین۔

کرنگ ف اسپ سُرخ رنگ یعنی سُرخا گھوڑا۔

کُرزوک ف قوی ہیکل قوی جسم صاحب زور پہلوان۔

کرزوک ف بیحیا و زبان دراز و بے شرم و یاوہ گو آدمی۔

کرناٹک ہ دکن مین ایک شہر ہے۔

گرگ ف بھیڑیا جو ایک مشہور درندہ ہے۔

گرزدک ف خیمہ و چیستان یعنی پہیلی۔

گرمک ف قسم خربوزہ ضد سردہ۔

گردن باریک ف ملائم و مطیع و فرمانبردار و نرم مزاج۔

گران سنگ ف مرد غیرت دار و صابر و قانع و قائم مزاج۔

گرگنگ ف نام ایک شہر کا ہے۔

کاف با زاے

گزلک ف چھوٹی چھری قلمتراش جس سے قلم بناتے ہین۔

گرزک ف آلہ فیلبانان جو بوقت سواری ہاتھ مین رکھتے ہین

کاف با شین

کشک ف دوغ خشک یعنی پنیر و جو مقشر و نام طعام جو مقشر جو سے بنایا جاتا ہے۔

کشاک ف محل و قصر و ایوان مخفف کوشک۔

کشک ف حفاظت و پاسبانی و ذمہ داری کسی چیز کی۔

کاف با عین

کعک ع قسم نان روغنی و شیرین جو گھی و کھانڈ و آٹا ملاکر پکاتے ہین۔

کاف با فا

کفک ف کف آب وغیرہ یعنی مقدار اندک اور کم اندازہ۔

کاف با لام

کلک ف نے جو اندر سے خالی ہو مجازاً قلم۔

کلک ع نشتر حجام یعنی پچھنہ و شوم و نامبارک و منحوس شخص و بلا و رنج و سختی و درد سر و خرابی و ابتری و پشیمانی۔

کلک ع بغل و آغوش یعنی آدمی کی کچھہ۔

کلک ع بغل و آغوش و چشم و دنبہ کی جو مشہور جانور ہے۔

کلنک ع بیل آہنی جس سے زمین کھودتے ہین یعنی پھاوڑا۔

کلنگ ف نام پرند و نام ساز جو گانے کے وقت بجاتے ہین

گل صد برگ ف گیندے کا پھول جو مشہور پھول ہے۔

گلبانگ ف خوشی کی آواز مبارکباد کی صدا۔

کاف با میم

کمک ف اعانت و مدد جو جنگ مین کیجاے۔

کاف با نون

کینزک ف باندی غلام جو زر خرید ہو مجازاً خدمتگار۔
گنجشک ف چڑیا جو مشہور پرندہ ہی۔
کنگ ف فربہ و قوی ہیکل و خوشہ خرما یعنی کھجور کا خوشہ۔
کنگ ف منگ تاتار مین ایک قلعہ کا نام ہی۔
کنگ ف بیحیا و زبان دراز و بیشرم و یاوہ گو آدمی۔
کنگ ف بال مرغ کے و بازوے انسان کا و شاخ درخت کی
گنگ ف مرد بے زبان جو بول نہ سکتا ہو۔
گنگ ف نام دریا جو ہند مین ہی اور ہندو اُسکو نہایت متبرک جانتے ہین۔

کاف با واو

کوک ف آواز بلند بیت و تخم کاہو بواو معروف۔
کوک ف بواو مجہول آواز برابر کرنا ایک ساز کو دوسرے ساز کے ساتھ ہم آواز کرنا اور کھانسی کی آواز اور ترکی مین رنگ نیلگون و بیخ و ریشہ درخت۔
کودک ف فضلہ و نجاست و میلا آدمی چونکہ بچہ خورد سال ہگ دیتے ہین خرد سال ہوتا ہی اُسکو کودک کہتے ہین۔
کوملاک ترکی مین پیراہن کو کہتے ہین جو پہنا جاتا ہی۔
کوچک ف چھوٹا اور نام مقام موسیقی کا۔
کوشک ف بلند محل بادشاہی مکان اونچا مکان۔
گوک ف مغاک و خندق اور گڈھا جو زمین مین ہو۔
گوگ ف بواو غیر ملفوظ آسمان و رنگ کبود یعنی نیلا رنگ۔

کاف با یاء

گیرنگ ف نام ایک قصبہ کا ہی۔
گیگ ف پشّو جو ایک بہت چھوٹا جانور گزندہ ہی۔

اونتیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف لام اور اخیر مین کاف ہی

لام با الف

لاگنگ ع زلہ و پس خوردہ جو طعام کھانے کے بعد بچے
لاشک ع بیشک جس بات مین شک نہو۔

لام با باء

لبیک ع حاضر ہون تیرے سامنے یہ لفظ تعظیم و تکریم کا عرب مین ہی

لام با جیم

لچک ت اوڑھنی و معجر جو عورتین سر پہ پہنتی ہین۔

لام با کاف

لک ف ابلہ و نادان و عدد صد ہزار کا جسکو لکھ کہتے ہین۔
لگ ت سطبر و گندہ یعنی موٹی چیز چنانچہ پارچہ لک یعنی موٹا کپڑا
لکلک ع نام طائر آبی یعنی آبی جانور کا نام ہی بعض کے نزدیک مرغابی

لام با نون

لنبک ف نام سقاے بہرام گور جو بہت سخی تھا اور بادشاہ شراب اُسی کے ہاتھ سے پیتا تھا۔
لنگ ف وہ شخص جسکا ایک پانون نہو یعنی لنگڑا ہو۔
لنگ ف عضو تناسل یہ لفظ ہندی مین بھی مستعمل ہی۔

لام با واو

لوک ف بواو مجہول شتر باردار اور وہ شخص جو گردن کی طرح زانو کے

بل چلیے۔
لولاک ع اشارت بحدیث قدسی یعنی لولاک لما خلقت الافلاک
جو شان مین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نازل ہوئی یہ حدیث قدسی ہے

بیسوین فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف میم اور اخیر مین کاف ہے

میم با الف

مالک صاحب ملک و نام اُس سوداگر کا جسنے یوسف علیہ السلام
کو چاہ سے نکالا تھا و نام فرشتہ موکل دوزخ یعنی داروغہ دوزخ کا۔
ماسک ع مرکز بیضوی شکل کا یعنی وہ شکل جو انڈے کی طرح ہو۔
مامک ت مادر و نام بازی اطفال جو لڑکے کھیلتے ہین
اور ہندی مین گلی ڈنڈا کہتے ہین۔

میم با باء

مُبارک ع برکت کیا گیا یہ لفظ کسی خوشی کیوقت بولا جاتا ہے

میم با تاء

مُتَعارِک ع کان ملنے والا گوشمالی دینے والا شخص۔
مُتَحَرِّک ع ہلنے والا حرکت کرنے والا۔
مَتْرُوک ع ترک کیا گیا جدا کیا گیا چھوڑا گیا۔

میم با ثاء

مثلثات افلاک ع تین برج آسمانی جو آتشی ہین یعنی حمل اسد
قوس اور تین برج بادی جوزی میزان دلو اور تین برج خاکی
ثور سنبلہ جدی اور تین برج آبی سرطان عقرب حوت۔

میم با حاء

مُحَک ع سنگ زرکش یعنی کسوٹی سونا پرکھنے کا پتھر۔
مِحْراک ع بہت حرکت دینے والا افسوس کرنے والا۔
مُحَرِّک ع تحریک کرنے والا حرکت دینے والا ہلانے والا

میم با دال

مُدْرِک ع سمجھنے والا پہونچنے والا درک دینے والا کسی بات مین

میم با راے

مُرغک ف نام سردا اور وہ پرند جو بہت چھوٹا ہو۔
مُردہ ریگ ف مرد ناچیز و فرومایہ و کمینہ و مفلس فنادار
و میراث مرد مُردہ جو وہ چھوڑکر مرجائے یعنے ترکہ۔
مُرغ زیرک ف طوطی کنایۃً ابلیس یعنی شیطان۔
مُرغ شب آہنگ ف بلبل جو مشہور پرند ہے۔
مرکز خاک مراد از زمین مشرق سے مغرب تک۔
مردمک ف آنکھ کی پتلی جس سے روشنی حاصل ہوتی ہے۔
مرگ ف موت یعنی مرجانا فوت ہوجانا۔

میم با زاے

مَزدَک ع نام مرد فصیح جو نوشیروان کے وقت تھا۔

میم با سین

مَسْلَک جاے رفتن چلنے کا مقام۔
مَسالِک ع راستے بہت سی راہین جمع مسلک کی۔
مُسْتَہْلَک ع ہلاک ہونے والا مرگ کا مقام۔
مِشْتاک ع نام ساز جو مُنہ سے بجاتے ہین۔
مَسْلُوک ع گیا ہوا راستہ پر چلا ہوا مسافر۔
مُسْتَمْسَک ع بند مارا گیا بند کیا گیا مسدود کیا گیا۔

مِشک معرب مُشک کستوری مشہور خوشبو ہے۔
مِسْوَاک ع وہ لکڑی جس سے دانت صاف کرین ہندی مین داتون کہتے ہین۔

میم باشین

مُشَبَّک ع چیز سوراخ دار یعنی جالی اور دام مُرغان۔
مُشک ع کستوری جو مشہور خوشبو ہے۔
مُشْنَگ بروزن تفنگ قسم غلہ کا اور چور و رہزن۔
مُشْتَرَک ف ایک چیز جسکے کئی لوگ مالک ہون اور ایک لفظ جسکے کئی ایک معنی ہون۔
مُشَارِک ع شریک ہونے والا ساجھی ہونے والا۔
مُشْرِک ع شرک کرنے والا کلمہ کفر کہنے والا۔
مَشْکُوک ع جسمین شک ہو شک و شبہہ والی چیز۔

میم باضاد

مَضْحَک ع ہنسی کی جگہ ہنسنے کا مقام خوشی کا موقع۔
مُضْحِک ع ہنسانے والا یعنی جو شخص ہنسا ہے مجازاً بھانڈ و مطرب و نقال وغیرہ۔

میم باعین

مَعَارِک ع لڑائی کے مقام یہ لفظ جمع معرکہ کی ہے۔
مُعَلِّمُ الْمَلَائِک ع فرشتون کا استاد یعنی شیطان جو مدت مدید تک فرشتون کو عبادت کی تعلیم دیتا رہا۔

میم باغین

مَغَاک ف گڑھا جو زمین یا پہاڑ مین ہو۔

میم بافاء

مَفْلُوک ع فلک زدہ مصیبت زدہ آفت کا مارا آدمی۔
مُنْفَلُوک ع جدا کیا گیا علاحدہ کیا گیا الگ کیا گیا۔
مِفْلَاک ع خالی ہاتھ مفلس و نادار۔

میم باقاف

مقراضک ف کشتی کی ایک داؤ کا نام ہے۔

میم باکاف

مَکُّوک ع جولاہون کی نال جسمین رکھکر تاگا چلاتے ہین۔

میم بالام

مَلَک ع فرشتہ جو نوری مخلوق خالق اکبر کی ہے۔
مَلِک ع بادشاہ و فرمان فرما کسی ولایت کا۔
تَمَلُّک ع مالک ہونا اور کسی کا حق لے لینا بذریعہ بیع وغیرہ کے۔
مُلْک ع ولایت و علاقہ و خطہ اور ایک حصہ زمین کا۔
مَلِیک ع مالک و نام حق تعالی کا جو سب کا مالک ہے۔
مُلُوک ع بادشاہان و فرمانان ملک و ولایت۔
مِلَاک ع اصل ہر چیز کا اور بنیاد و سرشت ہر ایک چیز کی۔

میم بامیم

مَمَالِک ع بادشاہی مقام جمع مملکت کی۔
مَمْلُوک ع غلام شدہ زر خرید ملک کیا گیا۔
مَمَالِیک ع جمع مملوک کی بہت سے غلام اور بندے۔
مُمْسِک ع بخیل بند رکھنے والا مال کا نہ خرچ کرنے والا مال کا۔

میم بانون

مُنْفَک ع جدا کرنے والا الگ کرنے والا علیحدہ کرنے والا۔
مُنْہَتِک پردہ دریدہ شوندہ جسکا پردہ پھٹ چکا ہو۔

مَناسِک ع حاجیون کی عبادت کے مقام اور طریق۔
منہک ع ایک کام مین کوشش کرنے والا۔
مَنسَک ع عبادتگاہ و جاے قربانی یعنی جس جگہ حاجی قربانی کرتے۔
مُندَک ع پارہ پارہ ٹکڑے ٹکڑے ذرہ ذرہ۔
مُنسَلِک ع پرویا ہوا گوندھا ہوا کسی رشتہ مین۔
مُنہلِک ع اپنے آپ کو ہلاکت مین ڈالنے والا۔
مُندَرِک ع خرچ۔

میم با واو

مُوتَفِک ع پھیرنے والا واپس کرنے بازگشت کرنے والا۔

میم با ہاے

مُہلِک ع جاے ہلاک اور ہلاک کرنے والی چیز۔
مَہالِک ع جمع مہلک کی بہت سی چیزین ہلاک کرنے والین۔

میم با یاے

مِیلَک نام پارچہ جو نیشاپور مین بنا جاتا ہی۔

اکیسوین فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور اخیر مین کاف ہی

نون با الف

نازک ف پتلی چیز اور مطبوع و دلپسند۔
ناوک ف قسم تیر کا ہی جو چھوٹا ہوتا ہی۔
ناسِک ع عبادت کرنے والا قربانی کرنے والا۔
ناروانگ ف آب انار انار کا پانی۔
نارنگ ف مشہور پھل ہی جسکو نارنگی کہتے ہین۔
نامبارک ف منحوس جو چیز نامبارک ہو۔
نائیک ف جمع کرنے والا اکٹھا کرنے والا۔
ناف خاک ف کنایۃً مکہ معظمہ۔
ناک ف آغشتہ و آلودہ چنانچہ غمناک و نمناک۔
ناپاک ف جو پلید ہو پاک نہو۔

نون با راے

نرک ف حلقہ کرنا لشکر کا شکار کے لیے اور مکان پہلوانون کے زور کرنے کا۔
نزدیک ف پاس اور قریب پڑوس مین۔

نون با سین

نسک ف نام غلہ جسکو عدس کہتے ہین ہندی مسور۔
نُسُک ع عبادت و قربانی و احکام اداے حج۔
نُسُک ع قربانیان جو عید اضحی کے روز کعبہ مین جو حاجی لوگ کرتے ہین اور مسلمان اپنے گھرون مین۔

نون با غین

نغمہای نیم رنگ ف ناتمام سرود۔
نغزک ف ہر چیز عجیب مجازاً میوہ آنب کا۔

نون با قاف

نقطۂ اشک ف باصطلاح صوفیہ عالم دنیا۔
نقرۂ خنگ ف بے اضافت سفید گھوڑا النقرہ گھوڑا۔

نون با کاف

نکک ف مخفف نگینہ اور نالوچہ کا جسکو فارسی مین کام کہتے ہین

نون با میم

نشطاے تنگ ف دقائق سرود یعنی راگ کی باریکیان۔
نمناک ف تر یعنی پانی ملا ہوا ہو بھیگی ہوئی چیز

نون با نون

ننگ ف شرم و عار و حیا و ناموس و آبرو۔

نون با واو

نوک ف مشہور لفظ ہے یعنی برچھی کی نوک یا چھری کی نوک
نوروز بزرگ ف نام نغمہ یعنی سرود جو گایا جاتا ہے۔

نون با ہاے

نہنگ ف مگر جو مشہور جانور آبی ہے بعض اُسکو سیسار کہتے ہین

نون با یاء

نیک ع جماع کرنا اصل نام جماع کا عربی مین یہی لفظ ہے۔
نیک ف اچھا بہت خوب اور بھلا و بہتر چیز۔
نیرنگ ف مکر و فریب طلسم و سحر و افسون و دُو و دغا و عجائبات و نقشہ تصویر کا یعنی خاکہ جو پہلے اُتارتے ہین۔
نیم لنگ ف قربان کمان کی۔
نیم رنگ ف رنگ باختہ و ناقص و ناتمام چیز ناتیار چیز۔
نیلک ف قسم جامہ جو سیاہ ہوتا ہے بسبب سیاہ ہونے کے اُسکو نیلک کہتے ہین۔

بائیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف واو اور اخیر مین کاف ہے۔

واو با راے

وَرک ع سرین و کفل یعنی انسان کے چوتڑ۔
وَرْدُوک ف چھوٹے چھوٹے سرکے کا بناکر کا نون پر ڈالتے ہین۔
وُرنَاک نام چشمہ کا کشمیر مین جو بہت لمبا چوڑا ہے۔

واو با شین

وَشیک ع چالاک و قاصد تیز گام و تیز رفتار۔

تیئسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ہا اور اخیر مین کاف ہے

ہاے با الف

ہالِک ع ہلاک ہونے والا مرجانے والا نابود ہونے والا

ہاے با تاء

ہتّاک ع پردہ دری کرنے والا بے آبرو کرنے والا بیغرت کرنے والا
ہتک ع پردہ دری و بے آبروئی و بدنامی و بے عزتی۔

ہاے با فاء

ہفت اورنگ ف سات ستارے یا سات آسمان جنکے نام یہ ہین قمر۔ عطارد۔ زہرہ۔ شمس۔ مریخ۔ مشتری۔ زحل۔
ہفت رنگ ف سفید۔ سرخ۔ سبز۔ زرد۔ سیاہ۔ کبود عباسی یہ سات رنگ ہین۔

ہاے با کاف

ہلہلک ف ہچکی جو ایک بیماری مشہور ہے۔

ہاے با لام

ہلک ع ہلاکی و نیستی و نابودگی و خرابی۔

ہاے با میم

ہمسنگ ف برابر وزن اور برابر تول کی چیز۔

ہمسلک ف ہمدمی مشہور رشتہ ہر
ہمتنگ ف موافق و برابر تیزی و تیز رفتاری مین۔
ہمرنگ ف موافق و برابر رنگ و صورت و شکل مین۔

ہاے با نون

ہنگ ف ارادہ وقار و ہوشیاری و زور و قوت و توفیق و شگاف و غار و قوم و سپاہ و ضربہ وصدمہ

ہاے با واو

ہوالک ف جمع ہالک ـ ل بہت سے ہلاک کرنے والے
ہوشنگ ف نام بادشاہ جو فارس مین تھا۔
ہولناک ف خوفناک یعنی جسسے خوف آوے یا جو شخص کسی سے ڈرتا ہو۔

چوبیسوین فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف یا اور اخیر مین کاف ہی

یا با الف

یارک ع رحم و بچہ دان عورت کا۔

یا با نون

ینک ف آئین و روش و نام جزیرہ و بحر محیط مین۔

تیئسوان باب

اُن لغات کے بیان مین جنکے اخیر مین حرف لام ہی اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع بدلتے جاتے ہین اسمین اٹھائیس فصل ہین

پہلی فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف الف اور اخیر مین لام ہی

الف با باے

آلبسال ف باغ و بوستان و سبزہ زار و گلزار۔
ابوالفضل اکبر بادشاہ کے حضور نویس کا نام ہی اور بادشاہ اُسکو بہت چاہتا تھا۔
آب و گل ف کنایۃ جسم انسانی و قالب حیوانی اور لیا ہرایک ذی جان کا۔
ابتہال ع تضرع و زاری و عجز و نیاز و خوشامد۔
ابل ع شتران اور یہ وہ جمع ہی جسکا واحد نہین ہی۔
ابہل ع تخم سرو کوہی جسکو ہاؤسیر کہتے ہین دوا مین مستعمل ہوتا ہی
ابطال ع باطل کرنا ضائع کرنا گنوا دینا کسی چیز کا۔
ابطال ع دلیران و زور آوران و پہلوانان جنگ آور۔
ابدال ع بدلنا کسی چیز کو کسی چیز کے ساتھ معاوضہ کرنا۔
ابدال ع گروہ اولیا اللہ جو تمام جہان مین ستر شخص ہین چالیس شام مین اور تیس تمام جہان مین رہتے ہین
ابتذال ع بے اعتباری و بیقدری و بیعزتی و بے توقیری
ابابیل ع قسم طائران جمع ابالہ یعنی گروہ مرغان۔
ابن السبیل ع مسافر راستہ چلنے والے لوگ راہی۔

الف با تا

آتش محلول ف آب گرم و روغن گرم و شراب و آبجوش۔
اتکال ع توکل کرنا بھروسا کرنا کسی پر۔

اِتّصَال ع ملنا پیوند ہونا وصل ہونا ایک جا ہونا۔

الف با ثاء

اَثقَال ع گرانیہا و بارہا یعنی بہت سے بوجھ جو اٹھاتے ہیں۔

اِثقَال گران بار ہونا بھاری ہونا مالدار ہونا۔

اَثل ع درخت گز جو مشہور درخت ہے ہند میں اسکو جھاؤ کہتے ہیں۔

الف با جیم

اَجَل ع مہلت و مدت مرگ و وقت و نہایت ہر ایک چیز کی۔

اَجَلّ ع بہت بزرگ بہت بڑا صاحب عزت و توقیر۔

اِجلَال ع بزرگی و عزت و توقیر و آبرو۔

اِجمَال ع مختصر بات کہنا بہت سے مضمونکو تھوڑی عبارت میں ختم کر دینا

اِجلَال ع بر انگیختہ کرنا مستعد کرنا تیار کرنا۔

اَجدَل ع جانور جسکا چرغ نام ہے۔

آجِل ع جو چیز مہلت اور دیر میں ہو جلدی میں میسر ہو۔

آجَال ع جمع اجل جسکے معنی مرگ کے ہیں۔

الف با حاء

اِحمَال ع بار اٹھانا بوجھ اٹھانا بھاری ہونا۔

اَحمَال ع بارہا و گرانیہا یعنی بہت سے بار اور بوجھ۔

اِحتِیَال ع حیلہ اٹھانا فریب کرنا داد دینا۔

اَحوَل ع جو شخص ایک کو دو دیکھے بھینگا آدمی۔

اَحوَال ع جمع حال و حالت یعنی بہت سی حالتیں۔

اِحلِیل ع سوراخ ذکر جس راستے سے پیشاب آتا ہے منی کا

اخراج بھی اسی راستے سے ہے۔

اِحتِمَال ع اٹھانا اور گمان کرنا وہم و شک کرنا کسی بات میں۔

الف با خاء

آخرین تحویل ف کنایہ روز قیامت یا وقت نزع۔

اِختِلَال ع خلل ڈالنا شگاف و نقصان ڈالنا۔

اَخطَل ع نام شاعر کا جو عرب کا رہنے والا تھا۔

اِختِیَال ع گردن کشی و غرور و خیال کرنا متوجہ کرنا۔

اَخوَال ع جمع خال جسکے معنی ماموں کے ہیں یعنی بہت سے ماموں۔

الف با دال

اَدَلّ ع نہایت راہ نما راستہ دکھلانے والا ہدایت کرنے والا۔

اِدلَال ع ناز کرنا معشوق کا عاشق کے ساتھ۔

الف با ذال

اَذیَال ع دامنہا یہ لفظ ذیل کے لفظ کی جمع ہے یعنی بہت سی جھولیاں

اَذَلّ ع بہت ذلیل نہایت خراب و آوارہ۔

اِذلَال ع ذلیل کرنا خراب کرنا پریشان کرنا۔

الف با راے

اِرتِجَال ع بے اندیشہ سخن کہنا فی البدیہہ شعر کہنا فی الفور جواب دینا۔

اِرتِحَال ع کوچ کرنا چل دینا کسی مقام سے سفر کو۔

اَرذَل ع زبون تر نہایت زبون و خراب۔

اَرَاذِل ع کمینے لوگ پاجی و کم ذات لوگ۔

اَرذَال ع کمینے لوگ پاجی و کم ذات لوگ۔

اَردُبِیل ع نام شہر جسکے رہنے والے حسن جوانمردی میں مشہور ہیں۔

اَرجَل ع وہ گھوڑا جسکا ایک پاؤں سفید ہو اور یہ گھوڑا منحوس گنا جاتا ہے

اَرَامِل ع زنان بیوہ و مرد بے زن یعنی عورت یا مرد جو مجرد ہوں

اِرسَال ع بھیجنا تحفہ و سوغات۔ و خط وغیرہ کا۔

الف بازاے

ازل ع وہ زمانہ جسکا ابتدا نہو یعنی زمانہ قدیم۔

ازمیل ع موچیون کی رانپی جس سے چمڑا کاٹتے ہین۔

الف باسین

اِستمال ع جاری ہونا شکم کا اور آسان کرنا مشکل کام کا۔

اسبال ع جاری کرنا اور کپڑا لٹکانا پردہ ڈالنا۔

اسبغول ت نام تخم جو مشہور ہے و گوش اسپ یعنی گھوڑے کے کان

استقبال ع پیشوائی کرنا کسی کے لینے کو جانا۔

استعجال ع جلدی کرنا شتاب ہونا۔

استہلال ع نیا چاند دیکھنا رونا بچہ کا تولد کے وقت روشن ہونا

ظاہر ہونا چہرہ دکھلانا جلوہ دکھلانا کسی کو۔

اسہل ع بہت آسان نہایت آسان بات۔

اسطبل ع گھوڑے باندھنے کا مقام یعنی طویلہ گھوڑون کا۔

اسفل ع بہت نیچے اور وہ جگہ جو سب کے نیچے ہو۔

استظلال ع سایہ پکڑنا پناہ لینا کسی کی حمایت مین آنا۔

استقلال ع مضبوطی پکڑنا محکم ہونا قائم ہونا۔

استدلال ع دلیل لانا و گواہی چاہنا راہ نمائی چاہنا۔

استافیل رومی زبان مین انگور کو کہتے ہین۔

اسرافیل ع نام فرشتہ کا جو قیامت کو صور پھونکے گا۔

اسرائیل ع نام یعقوب پیغمبر علیہ السلام کا ہے معنی اسکے عبرانی زبان

مین برگزیدۂ حق کے ہین۔

استعمال ع عمل کرنا عمل مین لانا کام مین لانا۔

اسافل ع جمع اسفل سب سے نچلے درجے اور زیرین مقام۔

استیصال ع بیخ سے نکالنا دور کرنا معدوم کرنا۔

الف باشین

اِشکال ع دشواری و سختی اور مشکل بات کٹھن معاملہ۔

اَشکال ع شکلین و صورتین یہ لفظ جمع شکل کی ہے۔

اشہل ع رنگ سیاہ زردی مائل و انسان میش چشم

جسکی آنکھین زردی مائل ہوتی ہین۔

اشعال ع افروختہ کرنا آگ کا روشن کرنا۔

اشتغال ع مشغول ہونا کسی کام مین مصروف ہونا۔

آشفتہ حال ع پراگندہ حال پریشان خاطر غمگین اندیشہ ناک۔

اشغال ع بہت شغل اور کام اور علاقے یہ لفظ شغل کے لفظ کی جمع ہے

اشکل ع وہ رسن جس سے اونٹ کا پالان باندھتے ہین سرخ چشم و

سرخی و سفیدی آمیختہ و خوشتر و پوشیدہ تر و دشوار تر اور

وہ گھوڑا جسکا دھنا ہاتھ و بایان پانون سفید ہو۔

اشکیل ع وہ گھوڑا جسکا دھنا ہاتھ یا پانون سفید ہو و مکر و حیلہ دھنا

اِشتعال ع روشن ہونا آگ کا بھڑکنا اور افروختہ ہونا آگ کا

اِشتمال ع شامل ہونا کسی کے ساتھ ہونا متفق ہونا۔

الف باصاد

اِصطبل ع گھوڑون کا باندھنا اور مقام گھوڑون کے باندھنے کا۔

اَصحاب الشمال ع کفار دوزخی گنہگار جنکی صفین قیامت کو بائین

طرف تخت رب العالمین کے ہونگی لغوی معانی اسکے بائین طرف والے

اَصل ع بیخ درخت اور سرشت اور بنیاد۔

اصول ع جمع اصل کی بہت بیخین اور بنیاد دین۔

اصول ثقیل ع ایک اصل شرہ اصول موسیقی سے اور اصول کو

ہندی مین تال کہتے ہین۔

اصیل ع رات کا وقت و صاحب اصل و صاحب نسب و شریف و نجیب ور جو باپ دادے سے نیک چلا آتا ہو۔

اصحاب منقل ع یاران ہم صحبت انیس و جلیس و ہم نشین۔

الف با ضاد

اضلال ع بے راہ کرنا بدکاری مین ڈالنا گمراہ کرنا۔

الف با طاء

اطریفل ع معجون مرکب جو ہلیلہ و بلیلہ و آملہ سے بناتے ہین ہندی مین اسکو ترپھلہ کہتے ہین۔

اطلال ع نشانہا سے کہنہ گرے ہوئے گھر کے نشان جو باقی ہون

الف با عین

اعتزال ع گوشہ پکڑنا خلوت نشین ہونا الگ رہنا۔

اعدل ع زیادہ تر عدل کرنے والا بڑا عادل۔

اعمال ع کام فرمانا و منصف و عدالتی۔

اعمال ع جمع عمل بہت سے کام اور کاروبار۔

اعزل ع مرد بے سلاح جسکے پاس کوئی ہتھیار نہو۔

اعجال ع شتابان اور جلد بازی کرنے والے۔

اعتدال ع برابر ہونا یکسان ہونا ایک وزن ہونا۔

اعتلال ع بیمار ہونا بہانہ لانا علت لانا۔

اعتقال ع بند کرنا مسدود کرنا۔

اعدل ع نہایت عدل کرنے والا۔

الف با غین

اغفال ع بیخبری و غفلت و جہل و نادانی۔

اغلال ع طوقہاے آہنی و آہباسے روان۔

اغلال ع خیانت و کینہ و غصہ و دغا و نفاق۔

اغال ع بکریون کے رہنے کی جگہ گرفتار کرتا جو۔ پرہیز کرنا۔

الف با فاء

افضل ع بڑا فاضل اور افضل الدین نام خاقانی شاعر کا تھا جو مشہور شاعر علامہ تھا۔

افاضل ع جمع افضل کی بہت سے لوگ۔

افتعال ع تہمت و بہتان جو کسی پر برپا کیا جائے۔

افضل الاشکال ع شکل مدور اور گول۔

افیال ع جمع فیل بہت سے ہاتھی جو مشہور جانور ہو۔

افیل ع شتر جوان یعنی جوان اونٹ۔

افعال ع جمع فعل کی بہت سے کام۔

افل ع نیچے جانے والا نیچے اترنے والا۔

الف با قاف

اقفال ع جمع قفل کی بہت سے تالے۔

اقبال ع قبول کرنا آگے لانا اور آگے آنا دولت کا مجازاً حکم و دولت و طالع۔

اقبیل ع امالہ اقبال کے لفظ کا۔

اقل ع بہت تھوڑا و غلام کم قیمت و ارزان۔

اقلال ع تھوڑا کرنا و درویشی و فقیری و محتاجی۔

الف با کاف

اکحل ع پلکون کے اگنے کا مقام اور سرمہ آنکھ مین کیا ہوا اور نام ایک رگ کا جسکو ہفت اندام کہتے ہین۔

اَکُول ع بہت کھانے والا جسکو پیٹ نہ بھرے۔

اَکَّال ع بہت کھانے والا جسکو بھوک بہت ہو۔

اَکِیل ع ہم پیالہ یعنی ہمراہ کھانے والا۔

اِکمَال ع کامل کرنا تمام کرنا پورا کرنا۔

اِکتِحَال ع سرمہ آنکھوں مین کرنا۔

اِکلِیل ع تاج اور نام سترھوین منزل قمر کا۔

اُکُل ع میوہ اور پھل کسی درخت کا۔

اَکل ع کھانا یعنی طعام جو کھایا جاے۔

اَکمَل ع بہت کامل اور پورا شخص۔

الف با لام

اَلحَاصِل ع آخر کلام خلاصہ کلام نتیجہ کلام۔

اَلعَجَل ع جلدی کر دیر مت کر۔

اَلحَال ع اکنون یعنی اب اسوقت اسدم۔

اِلّ ع پیمان وسوگند وقول وقرار مستحکم۔

آل ع فرزندان واہل خانہ ومتعلقان اور فارسی مین رنگ سرخ واسپ وقسم شراب وچوب وخیمہ ونام بیماری جو زچہ عورت کو ہوتی ہے اور نام بخیہ سے باریک جس سے کپڑا سرخ رنگتے ہین اور مہر بادشاہی اور بخشنا زمین وجاگیر کا جسکو آل تمغا کہتے ہین۔

الف با میم

اِمتِثَال ع فرمانبرداری متابعت واطاعت۔

اِملَال ع ملول کرنا دلگیر کرنا اندیشے مین ڈالنا۔

اِمہَال وتمہال ع فرصت دینا مہلت دینا کسی کو۔

اَمثَال ع داستانہاے مشہور اور صفتین اور قصے۔

امیر نحل ع لقب علی المرتضے کا۔

اَمَاثِل ع جمع امثل جسکے معنی مشابہ ونظیر کے ہین۔

اَمسَال ع اگلی برس یعنی سال جو گذر رہا ہے اور جمع امل یعنی امید کی جمع

اَمَل ع امید وآرزو وطمع جو کسی سے ہو۔

آمَال ع امیدین اور آرزوئین انسان کی۔

آمُل ع مازندران مین ایک شہر ہے۔

الف با نون

اَنفَال ع جمع نفل وہ غنیمت جو کفار سے لین۔

اِنحِلَال ع کشادہ ہونا نابود ہونا ناچیز ہونا۔

اِنجِیل ع کتاب جو عیسے علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

اَنجَل ع فراخ چشم جسکی آنکھین موٹی ہون۔

اِندِمَال ع بھر جانا اور اچھا ہونا زخم کا۔

اِنخِلَال ع تباہی وخرابی وبربادی۔

اَنَامِل ع جمع انملہ سرہاے انگشتان۔

اِنفِعَال ع شرمندہ ہونا شرمسار ہونا۔

اِنتِحَال ع کسی کا سخن یا شعر اپنا بیان کرنا۔

اِنزَال ع اترنا اتارنا اور اخراج منی کا بعد جماع کے ہونا۔

اِنفِصَال ع فیصلہ کرنا کسی مقدمہ کا اور ختم کرنا کسی فساد کا

اِنتِقَال ع ایک جگہ سے دوسری جگہ پر جانا۔

اِنتِسَال ع فرزند ہونا نسل پیدا ہونا۔

الف با واو

اَوَّل ع پہلے۔

اَوَائِل ع جمع اول کی۔

اوغول ت دو نون داد غیر ملفوظ لڑکا اور معشوق محبوب و پیارا
اَہجال ع بیم و خوف بہت سے ڈر او خوف -
اُوَل ع جمع اولے جو مونث اول کا ہی -

الف با ہا

اَہَل ع سزاواری او انس پکڑنا کدخدا ہونا اور صاحب دنیا وصاحب وصاحبان
اَہوال ع ہول یعنی دہشت و خوف و ڈر -
اِہمال ع چھوڑ دینا فرصت دینا توقف مین ڈالنا -

الف با یا

اِیصال ع پہونچانا وصول دینا ادا کرنا -
اِیل سریانی زبان مین خدا تعالیٰ کا نام ہی اور ترکی مین سال کو کہتے ہین
اُیَّل ع گوزن و بز کوہی یعنے پہاڑی گائے یا بکری -
اِیل ت بیاے مجہول مردان و قوم و گروہ -
ایلول رومی زبان مین نام مہینے کنوار کا ہی -
آئینہ پیل ف لوہے کا تو اصقل کیا ہوا جو ہاتھی کے ستون پر جنگ کے وقت باندھتے ہین اسلیے کہ ہاتھی کو زخم نہ آوے -

دوسری فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف با اور اخیر مین لام ہی

با با الف

بال ف آدمی کے بازو اور مرغوں کے پر اور ایک قسم کی بڑی مچھلی اور ام البلدان سے اور عربی مین دل و جان و عیش و عشرت و شان و عظمت اور ترکی مین شہد کو کہتے ہین -

بابِل ع کوفہ کے پاس ایک شہر ہی -
باقِل ع سبزی فروش او نام ایک شخص احمق کا اور لڑکا جسکے خط کا آغاز ہو یعنی نوجوان -
بازِل ع اونٹ نو برس کا -
باذِل ع بخشنے والا یعنی صاحب خرچ و صاحب بذل -
باسِل ع دلیر و بہادر و پہلوان و جوانمرد آدمی -
بای حال ع بہر حال یعنی ہر ایک حالت مین -
بالغُدُوِّ والآصال ع صبح کو او شام کو یعنی ہر روز -
بالاستقلال ع مضبوطی کے ساتھ نہایت مستحکمی کے ساتھ ثبات خود کسی کام مین مصروف ہونا اور مضبوط رہنا -
پاے در گِل ف گرفتار و حیران و پریشان کسی بد حالت مین -
پامال ف خراب و خستہ و پریشان و ابتر -
پاچال ف وہ مغاک جسمین جولاہہ پاؤن لٹکا کر کام کرتا ہی ہندی مین گاشہ جولاہے کا کہتے مین اور پنجابی مین کھڈی -

با با تا

بَتُول ع قاطع علائق دنیا و تارک و کنواری لڑکی وخطاب بی بی فاطمہؑ دختر پیغمبر علیہ السلام -
بَتَل ع قطع یعنی الگ اور علیحدہ اور جدا -

با با جیم

بِجُول ت استخوان شتالنگ اور با لفتح قمار بازی جیسے قمار یعنی جوا کھیلتے ہین -

با با حا

بِحِل ع گناہ بخشنا معاف کرنا اصل مین یہ لفظ بہل تھا ہو ...

صیغہ امر بلیدن سے یعنی معاف کر چھوڑ دے درگذر جانے دے

با با خاء

بخل ع بخیلی کنجوسی بخیل اسکا فاعل ہے۔

با با دال

بد دل ف ترس ناک ڈرپوک آدمی ڈرنے والا۔

بدل ف عوض اور باصطلاح گنجفہ گران وہ دانو جو حریف کے دانو کے جواب مین کیا جاے ہندی مین اسکو توڑ کہتے ہین۔

بدل ما تحلل ع عوض اس چیز کا جو تحلیل ہو بدن سے۔

بدسگال ف بداندیش و دشمن عداوتی بیری۔

بدیل ع بدلہ کسی چیز کا اور نام حکیم خاقانی کا۔

بدال ع غلہ فروش جیسے کہ بقال سبزی فروش۔

با با ذال

بذل ع بخشش اور دوڑ گھوڑے کی اور تیز رفتاری۔

با با راے

برشگال ف برسات کا موسم یہ ہندی لفظ اصل مین برس کال تھا یعنی وقت بارش۔

پرتگال نام قوم فرنگ و قسم شراب انگوری۔

با با زاے

بزل ع سختی شدت آفت رنج بلا و غم و اندیشہ۔

با با سین

بسمل ع ذبح کرنا اور ذبح کیا ہوا جانور۔

با با شین

پشکل ف سرگین شتر و گوسفند و موش جو خشک اور گولی کی صورت گنگے آپس سے نکلے بخلاف سرگین گاؤ و گاؤمیش وغیرہ۔

اشکل و شکال ف موسم برسات کا جب بارش ہوتی ہے۔

با با صاد

بصل ع پیاز جو ایک مشہور چیز ہے۔

با با طاء

بطل ع دلیر و شجاع و جوانمرد و بہادر آدمی۔

بطال ع بیکار و دروغگو جھوٹھا آدمی۔

با با عین

بعل ع نام بت جسکو الیاس نبی کی قوم پوجتی تھی و صاحب و شوہر عورت کا

بعال ع نر اور جماع کرنا و رجولیت اور بعل کی جمع ہے بمعنی شوہران اور زمین بلند بے آب خشک زمین۔

با با غین

بغل ع خچر یعنی استر جو ایک مشہور چارپایہ ہے۔

بغل ف مشہور لفظ ہے بازو کے نیچے کا حصہ جسکو کچھ کہتے ہین۔

با با قاف

بقل ع ترہ یعنی سبزی و ساگ فاعل اسکا بقال ہے۔

بقال ع سبزی فروش جسکو کونجڑا کہتے ہین مجازاً ہر ایک دوکاندار غلہ فروش۔

با با کاف

بکاول ف داروغہ باورچیخانہ کا جو کھانا پکانے پر مختار ہو

با با لام

بل ع بلکہ۔

بلال ع نام موذن پیغمبر علیہ الصلواۃ والسلام کا جو حبشی تھا

بُلبُل ع مشہور پرندہ ہے اور گل پر عاشق ہے۔

بَلَابِل ع جمع بلبل و جمع بلبلہ کے لفظ کی۔

بَلَل ع نم و تری آب یعنی پانی نم۔

بَلبال ع اندوہ و غم و پریشانی و دلگیری۔

پُل ف دریا کا پل اور پیسہ جو ایک ضرب سکہ تانبے کا ہوتا ہے۔

با با نون

بنی اسرائیل ع یعقوب پیغمبر کی اولاد اور اسرائیل خطاب یعقوب کا تھا

با با واو

بَول ع شاشہ پیشاب جو ذی جان کرتا ہے۔

بوالفضول ع سست فضول گو و احمق و نادان آدمی۔

پُول ف تانبے کا پیسہ و دریا کا پل جو پانی پر باندھا جاتا ہے۔

با با ہاء

بہل ف چھوڑا امر ہے ہلیدن سے۔

بُہلول ع مرد خندہ رو و پیشوائے قوم اور نام ایک مجذوب ولی کا۔

با با یاء

پیرزال ف بوڑھی عورت جو نہایت ضعیف ہو۔

پیرسال ف بوڑھی عورت یا مرد جو کہن سال و ضعیف ہو۔

بیت المال ع بادشاہی خزانہ جسمین روپیہ رہے۔

بیل ف بیاے مجہول آلہ آہنی مٹی کھودنے کا پھاوڑا جسکو کہتے ہین۔

پیل ف ہاتھی جو بڑا جانور سواری کا مشہور ہے۔

پیل پال ف کسی مجرم کو ہاتھی کے پانون مین ڈالدین تا مر جائے

یہ ایک قسم تعذیب کا ہے جو مجرم کو دیا جاتا ہے۔

پیخال ف سرگین مرغان یعنی بیٹھ جانورون کی۔

تیسری فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف تا اور اخیر مین لام ہے

تا با الف

تال ف دو خرد پیالیان جو رقص و سرود کے وقت طبلہ کے ساتھ بجاتے ہین یعنی کنسیان۔

تاویل ع بیان کرنا ظاہر کرنا کسی بات کو ایک زبان سے دوسری زبان مین

تال مال ف پریشان و متحیر و اندیشہ ناک و غمگین۔

تامُّل ع اندیشہ کرنا فکر کرنا غور کرنا کسی کام مین۔

تاہُّل ع نکاح کرنا عیالدار ہونا نکاح کرنا عورت سے۔

تاجیل ع مہلت دینا دیر و توقف مین ڈالنا۔

تا با باء

تبجیل ع عزت کرنا تعظیم کرنا مدارات سے پیش آنا۔

تبادُل ع بدل لینا عوض معاوضہ کرنا۔

تبدُّل ع عوض کرنا بدلنا۔

تبدیل ع بدلنا عوض معاوضہ کرنا کسی چیز کا کسی چیز کے ساتھ۔

تبعُّل ع شوہر ہونا کسی عورت کا خاوند بنانا۔

تبتُّل ع باخدا ہونا تارک الدنیا ہونا عابد و زاہد ہونا۔

تا با ثاء

تثاقُل ع گران بار ہونا بوجھل ہونا حاملہ ہونا عورت کا۔

تا با جیم

تجاہُل ع جان بوجھ کر نادان بننا احمق بننا۔

تجمُّل ع شان و شکوہ و جمال و آرائش و زینت۔

تا با حاء

تحلیل ع حلال کرنا فانی کرنا نابود کرنا کسی کو۔
تحصیل ع حاصل کرنا پانا کسی چیز کو۔
تحمل ع برداشت کرنا اٹھانا۔
تحمیل ع بوجھ لادنا بار بار کرنا کسی پر۔
تحویل ع حوالہ کرنا داخل ہونا سونپنا پھرنا پھرانا۔

تا با خاء

تختۂ اول ف لوح محفوظ جس پر سب بات لکھی ہے۔
تخلل ع رخنہ خرابی وتباہی وغم وپریشانی۔
تخلیل ع خیال کرنا خیال میں ڈالنا وہم میں ڈالنا کسی کو۔
تخیل ع خیال میں لانا متوجہ ہونا دریافت کرنا۔
تخلخل ع جدا ہونا اجزا کسی چیز کا ایک دوسرے سے۔
تخاقوئیل ت اس سال ایک سال کا نام ہے۔

تا با دال

تداخل ع دو چیزوں کو ملانا پیوند کرنا جوڑنا۔
تداول ل نوبت بنوبت لینا دینا کسی چیز کا۔
تذلل ع اپنے آپ کو ذلیل رکھنا۔
تذلیل ع ذلیل کرنا خوار کرنا خراب کرنا۔

تا با راے

ترازوی عدل ف بادشاہ منصف وعادل۔
ترحال ع کوچ کرنا رحلت کرنا چل دینا۔
ترتیل ع قرآن پڑھنا باداے مخارج وصحت الفاظ کے
ترہل ع بیرون تن مجمل نرم گوشت ہونا۔

ترسیل ع بھیجنا خط یا پیغام یا ایلچی کا۔

تا با زاے

تزلزل ع لرزیدن یعنی کانپنا لرزہ دکھانا کسی کا۔
تزلل ع لغزیدن یعنی پھسلنا کسی مقام سے۔

تا با سین

تسلسل ع زنجیرہ دار ہونا رواں ہونا پیدا رہونا۔
تساہل ع آسان کرنا کسی مشکل بات کو۔
تسبیح سال ع رشتہ سالگرہ جو باندھتے ہیں۔
تسویل ع آراستہ کرنا کچھ مانگنا واقرار وسخن آرائی۔
تسہیل ع آسان کرنا کسی مشکل بات کا۔

تا با شین

تشکیل ع شکل بنانا صورت بنانا۔
تشکل ع مشکل کی صورت پکڑنا۔
تشاکل ع باہم ایک شکل ہونا۔

تا با طاء

تطاول ع ظلم درازدستی وجور وجفا وغارت کرنا۔

تا با ظاء

تظلیل ع سایہ ڈالنا کسی کے اوپر سایہ کرنا۔

تا با عین

تعدیل ع برابر کرنا راست ودرست کرنا ہم وزن کرنا۔
تعجیل ع جلدی کرنا کسی ضروری کام میں۔
تعطیل ع بیکار ومعطل کرنا نکما کرنا۔
تعطل ع بیکار رہنا معطل رہنا۔

تعلّل ع علت اٹھانا بہانہ و توقف کرنا محنت اٹھانا۔

تعقّل ع فکر کرنا اندیشہ کرنا کسی کام مین۔

تعال ع اسکے معنی آؤ۔

تعزّل ع برطرف کرنا جدا کرنا علیحدہ کرنا کسی کام سے۔

تعمّل ع عمل مین لانا کام مین لانا۔

تعلیل ع وجہ بیان کرنا دلیل لانا علت بیان کرنا۔

تعویل ع اعتماد کرنا اعتبار کرنا کسی پر۔

تعمیل ع عمل دینا عمل کرنا کام دینا کام کرنا۔

تا با غین

تغافل ع روگردانی کرنا غفلت کرنا کسی کام مین۔

تا با فاء

تفاصل ع جدا کرنا فرق کرنا الگ کرنا علیحدہ کرنا۔

تفصیل ع جدا کرنا جمع اسکی تفاصیل ہے۔

تفاؤل ع فال لینا شگون پوچھنا۔

تفضیل ع فضیلت دینا بڑھانا۔

تفضّل ع بزرگی اور عزت و فخر و بڑائی۔

تفاضل ع زیادہ آنا بڑھ کر آنا۔

تفئّل ع فال شگون نیک لینا۔

تفرق اتصال ع زخم و جراحت یعنی بھرجانا زخم کا اور اچھا ہونا۔

تا با قاف

تقبیل ع بوسہ دینا چومنا کسی چیز کو۔

تقابل ع مقابل ہونا برابر ہونا روبرو ہونا۔

تقبّل ع قبول کرنا مان لینا۔

تقاتل ع ایک دوسرے کو قتل کرنا مار ڈالنا۔

تقلیل ع کم کرنا قلت مین لانا گھٹانا کسی چیز کو۔

تقلقل ع غم و اندوہ و بیقراری و پریشانی و ابتری۔

تا با کاف

تکاسل ع اپنے آپکو سست کرنا کاہل بنانا۔

تکاہل ع اپنے آپکو کاہل کرنا سست بنانا۔

تکسّل ع سست ہونا سستی کرنا کسی کام مین۔

تکفیل ع ضمانت دینا ضامن ہونا کسی کا۔

تکمیل ع کامل کرنا پورا کرنا درست کرنا۔

تکفّل ع ضامن ہونا ذمہ دار ہونا کسی کا۔

تا با لام

تل ف زمین بلند و پشتہ جسپر پانی نہ جاسکے۔

تلال ع کریوہ ہا و پشتہ ہا یعنی بہت سے پشتے۔

تا با میم

تمثال ع صورت و پیکر و فرمان بادشاہی۔

تمثّل ع روبرو ہونا مثال دینا تشبیہ دینا۔

تمثیل ع روبرو ہونا مثال دینا تشبیہ دینا۔

تماثیل ع صورتین اور فرمایین و تصویرین و شکلین۔

تمحّل ع مکر و حیلہ کرنا داد دینا فریب مین لانا۔

تموّل ع مالدار ہونا دولتمند و غنی ہونا۔

تمہّل ع توقف کرنا ڈھیل کرنا کسی کام مین۔

تململ ع بے قراری و بے آرامی و پریشان حالی۔

تا با نون

تنزیل ع اُتارنا اور قرآن مجید اور نام ایک کتاب سلوک کا۔

تنازُل ع باہم اُترنا ایک مقام مین۔

تنزّل ع اترنا کم ہونا تھوڑا ہونا۔

تنسّل ع اولاد جاری کرنا نسل بڑھانا۔

تنقّل ع نقل کرنا کھانا طعام کا۔

تنگ حال ف پریشان حال اور مرد بخیل جو خرچ نہ کرے۔

تناوُل ع لینا اور اُٹھانا مجازاً کھانا طعام کا۔

تنبول ت برگ پان جو مشہور درخت کے پتے ہین۔

تنگسال ف قحط کا برس جس سال غلہ گران ہو۔

تنبل ف آدم فربہ و جاہل و کاہل و بیکار یعنی نکما آدمی جو کوئی ہنر نہ جانتا ہو۔

تنبل ف مکر و حیلہ و دغا و فریب دینا کسی کو۔

تناسُل ع بچہ جننا اولاد پیدا کرنا نسل بڑھانا۔

تا با واو

توکّل ع سونپنا بھروسا کرنا خدا پر دنیا چھوڑ کر۔

توغّل ع کوشش و سرگرمی و مشق کامل دور جانا۔

توکیل ع وکیل کرنا وکیل بنانا۔

توسّل ع وسیلہ پکڑنا ذریعہ پیدا کرنا۔

توبال ع بُرادہ مس و آہن یعنی رگڑا ہوا تانبا لوہا۔

توشمال ت خان سالار جو باورچیخانہ پر مختار ہو۔

توابل ع مصالحہ طعام زیرہ لونگ مرچ وغیرہ۔

تا با ہا

تہلیل ع لا الٰہ الا اللہ کہنا ذکر نفی و اثبات کا کرنا۔

تہویل ع خوف دلانا ڈرانا دھمکانا۔

تا با یا

تیغال ع تخم تنبیں جو مشہور دوا ہے۔

تیہ بنی اسرائیل ع ایک جنگل کا نام ہے جہان موسیٰ نبی علیہ السلام کا لشکر چالیس برس سرگردان رہا۔

تیول ت جاگیر جو بادشاہ سے کسی کو ملے۔

چوتھی فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ثا اور آخیر مین لام ہے

ثا با الف

ثالیل ع جمع ثولول جسکے معنی مسّہ کے ہین۔

ثا با فا

ثفل ع گوز بے آواز یا خانہ پھیرنا۔

ثا با قاف

ثقل ع گرانی بار یعنی بوجھ کی گرانی۔

ثقل ع گران ہونا بھاری ہونا بوجھل ہونا۔

ثقل ع ہر چیز نفیس نگاہ دیکھنے کے لائق۔

ثقیل ع گران اور نام بیماری بدہضمی کا۔

ثا با واو

ثولول ع گوشت پارہ سیاہ جو بدن پر ظاہر ہو ہندی مین اُسکو مسّہ کہتے ہین۔

پانچوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے

اوّل حرف جیم اور آخر مین لام ہو

جیم با الف

جامُول ت حرام زادہ شریر خراب آدمی۔

جَاعِل ع ظاہر کرنے والا پیدا کرنے والا۔

چار منزل ف شریعت طریقت حقیقت معرفت۔

جاہِل ع نادان بے علم بے خبر آدمی۔

جَادِل ع لڑنے والا جنگ کرنے والا۔

چال ف وہ گھوڑا جسکے بال سرخ و سپید ہون۔

جیم با بای

جَبَل ع کوہ پہاڑ جو مشہور چیز ہو۔

جِبَال ع جمع جبل کی یعنے بہت سے پہاڑ۔

جیم با دال

جِدَال ع جنگ و خصومت کرنا لڑنا آپس مین۔

جَدَل ع جنگ و پیکار و لڑائی و فساد۔

جَدْوَل ع خطوط جو کتاب کے صفحہ کے چار طرف کھینچے جاتے ہین۔

جَدَاوِل ع جمع جدول یعنی بہت سے خطوط۔

جیم با راے

جَرِّثقیل ع علم بار برداری جسکے ذریعہ سے باآسانی ہزارون من بوجھ اُٹھ سکتا ہو۔

جیم با زاے

جَرَائِل ع چیزہاے محکم و مضبوط و سخت چیزین۔

جَبْرَئِیل ع بزرگ و محکم و مضبوط و سخت۔

جَزْل ع کاشتہ و ہیمہ خشک و سطر و سخن درست و محکم وغیرہ بسیار عطا و دانائی و درست رائی و آواز کبوتر۔

جُزْنَل ع اونٹ کے پشت کا زخم جو پالان سے ہو جاتا ہو۔

جیم با شین

چشم بلبل ف قسم پارچہ جسکو بلبل چشم کہتے ہین۔

جیم با عین

جَعْل ع بنانا اور پیدا کرنا اور نقل کرنا اُس چیز کا جو اصل کی مشابہ ہو جائے۔

جُعَل ع نام جانور سیاہ رنگ بشکل زنبور جو سرگین وغیرہ گندگی سے پیدا ہوتا ہے۔

جیم با غین

چُغَل ف غماز جو کسی کی پیٹھ پیچھے چغلی کرے۔

جیم با کاف

چِگِل ف ترکستان مین ایک شہر ہو۔

جیم با لام

جَلّ ع نام طائر خوش آواز جو بہت اچھی بولی بولتا ہو۔

جُلّ ف گدھے کی جل جو گدھے کی پشت پر ڈالتے ہین۔

جَلّ ع بزرگ اور صاحب عزت و حرمت۔

جَلِیل ع بزرگ و نام خدا تعالیٰ جل شانہ کا۔

جَلَتَیل ف جل اسپ جو گھوڑے پر ڈالتے ہین۔

چَل ف جاؤ چلو یہ لفظ فارسی و ہندی مین مرکب ہو۔

چُل ف آلہ تناسل انسان کا۔

جَلَال ع بزرگی عزت و حرمت و بڑائی و فخر۔

جَلَاجِل ع زنگولہا جو ایک بجانے کی چیز ہو۔

جُلْجُل ع زنگولہ یعنی جھانجھ جو بجاتے ہین۔

جَلَّال ع کناس و خاکروب صفائی کرنے والا۔

جلائل ع بزرگیان اور بزرگیں اور بڑائیان

جیم با میم

جَمَل ع شتر یعنی اونٹ جو مشہور چارپایہ ہے۔

جُمّل و جُمَل ع حساب ابجد کے حروف کا۔

جُمّال ع جمع جمل یعنی بہت سے حساب ابجد کے۔

جَمَال ع خوبی صورت و سیرت و حسن انسان کا۔

جُمّال ع خوبصورت لوگ جو صاحب حسن و جمال ہون۔

جَمّال ع شتربان جسکو ساربان بھی کہتے ہین۔

جَمِیل ع خوبصورت و نیکو خو و نیکو رو و نیک افعال۔

جیم با نون

جنبش اول ف حرکت قلم قضا قدر کے قلم کی حرکت۔

جَندل ع بر وزن صندل سنگ بزرگ و منتر قوم۔

جنگل و چنگال ف پنجہ آدمی وغیرہ۔

چنداول ف وہ فوج جو حفاظت کے لیے مقرر ہو پاسبانی فوج۔

چنداول ف پاسبان و فرومایہ و چوکیدار۔

جیم با واو

جوال ع غلہ جسمین غلہ بھر کر لادتے ہین ہندی مین اُسکو گون کہتے

اور گودری و قسم جامۂ درویشان و بمعنی جسم و بدن۔

جَوّال ع گرد پھرنا طواف کرنا۔

جوہر فعّال ع عقل یعنی وہ جوہر جسکے ذریعہ سے کام کرے۔

جوہر اول ع جبرئیل علیہ السلام یا نور محمدی۔

جوز ماثل ع دھتورہ کا پھل جو مشہور چیز ہے۔

جُحُول ع بیابان جنگل ویرانہ زمین۔

جیم با ہا

جُہد المُقِل ع سعی اندک درویش و کوشش درویش۔

جَہل ع نادانی بےعلمی بکسر جیم غلط ہے اور بفتح جیم صحیح۔

جَہُول نادان احمق بے علم بے وقوف۔

چہل ف چالیس جسکو عربی اربعین کہتے ہین عدد چالیس کا۔

جَیپال ہ نام راجہ لاہور جسپر محمود غزنوی فتحیاب ہوا۔

جَیل ع گروہ آدمیون کا ہجوم لوگون کا۔

چھٹی فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے

اوّل حرف حا اور اخیر مین لام ہے

حا با الف

حَامِل ع بوجھ اُٹھانے والا بار اُٹھانے والا۔

حَال ع زمانہ موجود اور فارسی مین رقص وجد عارفانہ

و گوئے و چوگان و حالت۔

حاصل ع نتیجہ مطلب جو مراد مل چکے۔

حَافِل ع انبوہ اور چھاتی دودھ بھری ہوئی۔

حَائِل ع باز رکھنے والا منع کرنے والا۔

حَال و قَال ع حالت دل و تقریر زبان اور اولیا اللہ کو

صاحب حال و قال کہتے ہین۔

حا با با

حَبل ع رسن رگ ریشہ جو جسم مین ہے۔

حِبَال ع رسیان اور دام یعنی جالیان شکاریون کی۔

حَبَائِل ع جمع حبلی زنان حاملہ و جمع حبالہ بمعنی رسن و دام

حا با جیم

حَجَل ع کبک ہندی چکور نام طائر جو مشہور ہی۔

حَجَل ع حجلہ یعنی حجلہ ڈولیان جسمین سوار ہوتے ہین۔

حِجَال ع جمع حجلہ یعنی بہت سی سواری کی ڈولیان۔

حا با راے

حَرِیف وَ عَل ف ایک کشتی کے داو کا نام ہی اور ہمنشین جو منافق ہو۔

حَرْمَل ف اسپند مشہور تخم ہی جو آگ مین جلایا جاتا ہی۔

حا با سین

حَسَن ابدال ف نام مردولی و نام مقام پنجاب جس جگہ مزار اُس بزرگ کا ہی

حصول ع حاصل ہونا ملنا مطلب و مقصود کا۔

حا با لام

حَلَاحِل ع سردار قوم افسر سرگروہ مقدم گانون کا۔

حِلّ ع روان ہونا احرام سے نکلنا فارغ ہونا۔

حَلّ کھولنا اور اُترنا حلال ہونا روا ہونا اور تلون کا تیل جو اُس سے نکلتا ہی۔

حُلَل ع جمع حلہ یعنی جامہ اور کپڑا پہننے کا۔

حَلّال ع گرہ کھولنے والا اور تیل بیچنے والا۔

حَلَال ع وہ چیز جسکا کھانا اور برتنا شرعاً درست ہی۔

حُلُول ع اختصاص کسی چیز کا کسی چیز کے ساتھ جیسے اختصاص سیاہی کا آنکھون کے ساتھ اور داخل ہونا کسی چیز کا کسی مین۔

حا با میم

حَمَّال ع بار اُٹھانے والا یعنی جسنے بار اُٹھایا ہو۔

حَمُول ع وہ دوا جو پارچہ پر لگا کر دبر یا قبل مین رکھین۔

حَمُول ع صابر و متحمل و باربردار آدمی قائم مزاج آدمی۔

حَمْل ع اُٹھانا و بار شکم اور وہ بار جو گردن پر اُٹھایا جاے۔

حِمْل ع وہ بار جو پشت یا سر پر رکھین اور گناہ۔

حَمَل ع نام برج اول آسمانی اور گمان خیال کرنا و نام ماہ پہیلا کا۔

حَمَائِل ع وہ ال تلوار کی اور جو چیز گردن مین لٹکائین۔

حا با نون

حَنظَل ع نام ایک پھل کا جسکو پھر ہندوا کہتے ہین اور نہایت تلخ ہوتا ہی اور خوش رنگ۔

حا با واو

حَوَل بازگشت کرنا پھرنا رجوع لانا و قوت و دانائی اور گرد پھرنا۔

حَوَل ع کج مین ہونا بھینگا آدمی بازگشت قوت توانائی۔

حِوَل ع پھرنا ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا گشت کرنا۔

حَوصَل ع نام مرغ سفید یعنی بگلا جو مشہور پرند ہی۔

حَوَامِل ع زنان حاملہ یعنی پیٹ والی عورتین۔

حا با یار

حَیَّال ع حیلہ گر آدمی مکار و فریبی اور بد عہد آدمی۔

حِیَل ع یہ لفظ جمع حیلہ کی ہی بہت سے حیلے و مکر۔

حیض الرجال ع غیبت و کلام بیفائدہ و فضول گوئی۔

ساتوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف خا اور اخیر مین لام ہی

خا با الف

خَال ع ماموں یعنی والدہ کا بھائی و بزرگی و دانائی و داغ۔

سیاہ جسکو تل کہتے ہین و بمعنی آبلہ و چھالہ جو جسم پڑ جائے

خامل ع گمنام و مرد فرومایہ و کمینہ یعنی پاجی۔

خا با جیم

خجل ع شرمندہ اور رسوا و شرمندگی کی حالت۔

تجمل ع شرم و حیا جو اچھے لوگون مین ہوتا ہے۔

خا با ذال

خذول ع شرمندہ و بے بہرہ و بے نصیب و رسوا و خوار۔

خا با راے

خردل ع رائی جو غلہ مشہور ہے اور اچار مین ڈالی جاتی ہے۔

خرذل ع نامرد اور ڈرنے والا اور بزدل آدمی۔

خا با زاے

خزعبیل ع ناحق و باطل ناکارہ بات کذب و دروغ۔

خا با صاد

خصل ع شرط لگانا قمار پر داؤ لگانا۔

خصال ع جمع خصلت کی عادتین خوئین انسان کی۔

خصائل ع جمع خصال کی یعنی بہت سی خصلتین اور خوئین۔

خا با طاء

خط مندل ف خط ہیئت خوانان جو لوگ منتر جھاڑا کرتے ہین۔

خا با لام

خلال ع فاصلہ میان دو چیز اور دوستی کرنا لائق کرنا کسی کو اور بہت دوست اور بہت سی خصلتین اور چوب دندان یعنی جو تنکا دانتون مین پھیرین و خس و گیاہ از روی مجاز۔

خلیل ع سچا دوست اور لقب ابراہیم پیغمبر علیہ السلام جنکو خلیل اللہ کہتے ہین۔

خلخال ع نام زیور جو پاؤن مین پہنتے ہین یعنی جھانجھ پاؤن کے پہننے کا زیور فارسی مین پابرنجن نام ہے و نام شہر جو مشہور ہے۔

خِلّ ع یار و دوست رفیق و ہمنشین ہم صحبت۔

خَلّ ع سرکہ جو مشہور ترش چیز ہے۔

خلل ع کشادگی و رخنہ و تباہی کار و خرابی جو کسی کام مین واقع ہو جاوے۔

خا با میم

خمول ع گمنامی و از خود رفتگی و مفلسی و نادانی

خمل ع خالص جسمین دوسری چیز کی آمیزش نہو۔

خا با واو

خول ع دولت و لشکر وغیرہ اسباب و سامان امیری کا۔

خول ع چھلکا جو اوپر کے جلد کا ہو۔

خوال طعام خوردنی و دودھ و چراغ یعنی چراغ کا پھول۔

خا با یاء

خیطل ع گربہ کیوان جو معروف ہے یعنی گھر کی بلائی۔

خیل ع گروہ مردم و گلہ اسپان و گاوان و گوسفندان یعنی بسیار و بمعنی کم و صرف اسپ۔

خیول ع سواران و اسپان سواری۔

خیال ع کوئی گمان یا صورت جو خواب مین نظر آوے یا بیداری مین تصور کیجاوے اور نام ایک قوت کا قوائے جسمی سے

آٹھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور اخیر مین لام ہے

دال با الف

داخول و داخل ع شاہی محل کا برآمدہ جسمین عام لوگ بیٹھیں ع روہ نشان جو دفع مرغون کیلئے زراعت پر نصب کرین

دار قیل ع نام بیماری کہ پاؤن ساق تک سوج کر ہاتھی کے پاؤن کے برابر ہو جاتا ہے۔

دائحول ع ہراس یعنی کوئی نشان جو دفع مرغون کے لیئے زراعت پر نصب کرین۔

داخل ع دخل کرنے والا اور جسمین دخل کیا ہو۔

دار فلفل ع پیپلین مشہور دوا ہے۔

دال ع راہ نما راستہ دکھلانے والا پیر و مرشد استاد۔

دال با جیم

دجال ع مخالف عیسیٰ مسیح کا حضرت عیسیٰ کا دشمن۔

دال با خاء

دخل ع آنا اور آمدنی روپیہ پیسہ کی اور اعتراض کرنا کسی کام مین۔

دخیل ع جو شخص کسی کے کام مین دخل رکھتا ہو۔

دخول ع گھسنا اندر جانا داخل ہونا۔

دال با سین

دست و دل ف قوت و ہمت و طاقت جسم کی۔

دست بر دل ف پریشانی اور بیقراری کی حالت مین۔

دستمال ف ہاتھ پونچھنے کا کپڑا جس سے کھانے کے بعد ہاتھ پونچھین۔

دال با غین

دغل ف مکر و حیلہ و مکار و حیلہ گر و دغا باز و زر ناسرہ۔

دال با قاف

دقل ع تیر کشتی و نخل بے بار و درخت خرما و زبون۔

دال با کاف

دکل ف مکر و حیلہ و مکار و حیلہ گر و دغا باز۔

دال با لام

دلّ ع ناز و کرشمہ جو عاشق سے معشوق کرتے ہیں۔

دلال ع غمزہ و اشارہ و آنکھ سے رمز و کنایہ۔

دلال ع ناز و کرشمہ و رمز و کنایہ۔

دلّال ع جو شخص اشارون سے کام کرے اور جو شخص دو شخصون مین ثالث ہو کر سودا کرا دے۔

دلمک ع نخود یا گندم خام جو پردہ مین ہوا اور اسکو بھون کر کھاتے ہین یہ ایک قسم کی خوراک ہے۔

دُلدُل ع نام مادہ استر سفید مائل بسیاہی جسکو حاکم اسکندریہ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نذر کیا اور حضرت نے علی المرتضیٰ کو بخشدیا۔

دل ف قلب و روح و جان و ارادہ و قصد۔

دلیل ع رہبر و راہنما جمع اسکی دلائل ہے۔

دل بادل ہندی بڑا خیمہ یہ لفظ ہندی مستعمل بفارسی ہے۔

دال با میم

دمل ع پھوڑا جمع اسکی دمامیل ہے۔

دال با نون

دنگل ف میدان لڑائی کا۔

دنبال ع دم حیوانون کی و پس و عقب و پیچھا ہر ایک چیز کا۔

دنبل ع ف پھوڑا جو کسی کے بدن پر ہو۔

دال با واو

دُوَل ع جمع دولت یعنی بہت سی دولتین۔
دَوَالِیْ دلو آب کش و مکار و حیله و بزرگشتی و خلط و کیسه۔
دَوَال عف تسمه چرم اور چوب جس سے نقاره اور شتری بجاتے ہیں تیغ و شمشیر یعنی تلوار جو مشہور ہتھیار ہے۔
دورکل ف نام سرود جو فارس میں گایا جاتا ہے۔

دال باہا

دُہُل ف نقاره و شتری جو بجایا جاتا ہے۔
دہ دل ف منافق و بمعنی شجاع و جوانمرد و بہادر آدمی۔

دال بایار

دَیرِ ہِرقل ف ہرقل کا کلیسا اور ہرقل بادشاہ کا نام ہے جو نصارا تھا۔

نوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ذال اور اخیر مین لام ہے

ذال باالف

ذات الشمال صاحبان طرف چپ یعنی کافران و منکران۔
ذَاہِل ع غافل و کاہل و سست آدمی۔

ذال بابار

ذُبُول ع لاغری و پژمردگی و پریشانی و ابتری۔
ذَبُول ع لاغر و پژمرده و برگشته حال و ابتر۔
ذُبَال ع فتیلہا جمع ذبالہ و بمعنی فتیلہ کے ہندی بتی۔

ذال باللام

اخترشمودن ف بیدار رہنا رات کو نسونا۔

اِخِستان ف نام بادشاہ جو ممدوح خاقانی و نظامی کا تھا۔

آختن ف کھینچنا تلوار کا جنگ کے وقت۔

الف با دال

اَدیان ع جمع دین کی بہت سے مذہب و طریق۔

اَدوَن ع بہت کمینہ و لقیر و نزدیک تر۔

اَدکَن ع خاکستر رنگ یعنی جس چیز کا رنگ خاکستری ہو۔

اِدمان ع ہمیشہ کرنا کام کا ہمیشگی کرنا۔

الف با ذال

اِذعان ع فرمانبرداری و اطاعت و قناعت۔

آذربائجان و آذربادگان نام ملک کا جس کا دار السلطنت تبریز مشہور شہر ہے۔

اُذن و اُذُن ع گوش یعنی کان۔

اِذن ع حکم و فرمان و اجازت و رخصت۔

آذان ع جمع اُذن گوشہا یعنی بہت سے کان۔

اَذقان ع جمع ذقن ٹھوڑیان۔

اَذان ع بانگ جو نماز کے وقت باواز بلند کہتے ہین۔

آذین ف آرایش و آئین بندی و درستی و صفائی۔

الف با راے

اَرغنون و اُرغون و اُرغن ع نام ایک ساز کا جسکو افلاطون نے ایجاد کیا تھا۔

اَرمَن و اُرمَن ع ایک ملک کا نام ہے جو درمیان ایران و روم و فرنگ کے واقع ہے۔

اُرمان ت آرزو و امید و طمع و حرص۔

اَربَعین ع عدد چہل اربعون کے بھی یہی معنی ہین۔

اَرزَن ع عربی مین نام درخت فارسی مین نام غلہ جسکو چینا کہتے ہین و نام موضع متصل شیراز۔

اُردوان ف نام ایک بادشاہ کا جسکا نوکر اردشیر بابکان

[illegible] استیا مین تھا اُسکو مارکر بادشاہ ہوا۔
ا[illegible]ن ف نام ولایت جہان چاندی سونے کی کان ہی۔
ارسلان ت شیر درندہ و بندہ و غلام و خدمتگار۔
ارکان ع جمع رکن یعنی ستون کسی عمارت کا۔
ارغوان ف نام درخت جو بہار کے موسم مین سرتا
پا [illegible] ہو جاتا ہی۔
اردشیر بابکان ف نام ایک بادشاہ جو مشہور بادشاہ ہی۔
ارزان ف سستا کم قیمت مال اور مفت۔
ارزیدن ف قیمت پانا لائق ہونا سزاوار ہونا۔
آروین ف امتحان آزمائش کسی چیز کی۔
آروغیدن ف ڈکارنا ڈکار مارنا۔
ارمغان ع تحفہ و پیشکش و نذرانہ جو دیا جاوے۔
ارضین ع جمع ارض زمین اور دھرتیان۔
آراستن ف خوشنما کرنا آراستہ کرنا سنوارنا۔

الف با زاے

اِزمان ع کہنہ ہونا پرانا ہونا۔
آزاردن ف دکھ دینا رنج پہنچانا۔
آزردن ف سوئی چبھانا نچھنہ لگانا۔

الف با سین

اُستردن ف صفا کرنا سر مونڈنا پاک کرنا۔
استرون ف عورت عقیمہ بے اولاد عورت۔
استخوان ف ہڈی اور ایک قسم کا گزر۔
اساطین ع جمع اسطوانہ بمعنی ستون۔
اُستان ع جمع سن بہت سے دانت۔
استحسان ع پسند کرنا آفرین کرنا شاباش کہنا۔
آسمان ف فلک مرکب لفظ آس اور مان سے یعنی آس کے
معنی چکی اور مان کے معنی مانند بلحاظ گردش کے۔
آستین افشاندن ف رد کرنا منع کرنا۔
آستین ف مشہور لفظ ہی یعنی قبا وغیرہ کی آستین۔
آسان ف سہج سہل اور بے وزن۔
آستان ف دہلیز دروازے کی لکڑی۔

الف با شین

آشیان ف خانہ جانوران جسمین وہ رہتے ہین۔
اشنان ع ایک گھاس کا نام ہی جسکو جلا کر سجی بناتے ہین۔
آشیختن ف بمعنی پاشیدن پانی چھڑکنا۔
آشامیدن ف پینا پانی یا شراب وغیرہ کا۔
آشفتن ف پریشان و غضبناک ہونا۔
اشراقیان ع گروہ حکما مثل فلاطون وغیرہ بسبب
روشنی باطن کے اُنکو اشراقی کہتے ہین۔

الف با صاد

اِصفہان ف ایران مین ایک شہر مشہور ہی۔

الف با طاے

اِطمینان ع تسلی و دلاسا و خاطر جمع۔

الف با عین

اِعلان ع ظاہر کرنا اشتہار دینا مشہور کرنا۔
اَعلَن ع بہت ظاہر و ہویدا سب کے روبرو۔

اَعْوان ع مددگاران ورشتہ داران وحامی لوگ ۔

اَعْیان ع آنکھین بزرگان وامیران ودولتمندان ۔

الف با غین

آغازیدن ف شروع کرنا ابتدا کرنا ۔

آغالیدن ف بھڑکانا جوش دلانا ۔

اَغْصان ع جمع غصن بمعنی شاخ درخت ۔

آغِشتن ف ملانا تر کرنا گوندھنا کسی چیز کو ۔

الف با فا

اُفُول ع نیچے جانا ڈوب جانا چھپ جانا ۔

اُفتادن ف گر پڑنا ۔

افراختن ف بلند کرنا ۔ افراشتن کے بھی یہی معنی ہین ۔

افراشتن ف روشن کرنا بھڑکانا ۔

آفریدن ف پیدا کرنا موجود کرنا ۔

آفریدگان ف پیدا کی ہوئی چیزین ۔

آفرین ف شاباش تحسین اور پیدا کرنے والا ۔

افزودن وافزائیدن ف بڑھانا زیادہ کرنا ۔

افزون ف زیادہ اور بڑھا ہوا ۔

افسردن ف مرجھانا پژمردہ ہونا ۔

افشان ف بوندین قطرے ذرے ۔

افشاندن ف جھاڑنا پاک کرنا ۔

افسون ف منتر جادو ۔

افشردن ف نچوڑنا کسی چیز کو ۔

افگندن ف ڈالنا گرانا پھینکنا ۔

افلاطون ع نام حکیم جو سکندر رومی کا ہم عہد تھا ۔

افیون ف افیم تریاک مشہور چیز ہے ۔

آفَدیدَن ف تعجب کرنا اچنبھے مین آنا ۔

اَفانِین ع درخت کی شاخین و جمع انواع سخن ۔

اَفْنان ع جمع فنن بمعنی شاخ ۔

افسان ف وہ پتھر جسپر چھری وتلوار تیز کرتے ہین ۔

افغان ف آہ ونالہ اور نام قوم ۔

اِفْتِتان ع فتنہ انگیزی فتنہ مین پڑنا ۔

الف با قاف

اُقْحُوان ع بابونہ جو مشہور دوا ہے ۔

اَقْران ع نزدیکان وہمسائگان اور نزدیک ہونا ۔

اِقْتِران ع نزدیک ہونا پاس ہونا ۔

الف با کاف

اکنون ف اب اسوقت ابھی ۔

اَکْوان ع نام دیو جسنے رستم کو دریا مین ڈالدیا تھا اور پھر مارا گیا اور عربی مین جمع کون بمعنی موجودات ۔

آگندن ف بھرنا پر کرنا ۔

اَکْنان ع جمع لفظ کن بمعنی پردہ ہا و پوششہا ۔

اَکْسُون ع قسم دیبائے سیاہ ۔

آگین ف جو چیز قسم پنبہ و پر مرغ جو تکیہ مین پر کرین ۔

الف با لام

اَلْوان ع جمع لون کے بہت سے رنگ ۔

آلودن ف لتھڑنا آلودہ ہونا ۔

الغُون ت زرگرخ و نام زن سلطان شاہ و معنی کنیزک۔
الحان ع خوشخوانی و خوشنوائی و خوش آوازی۔
اَلحان ع آوازہا یعنی بہت سی آوازین۔
اَلکَن ع وہ شخص جسکی زبان باتون مین پھسلتی ہو۔
اَلاٰن ع نام ایک ملک کا ممالک روس سے۔
اَلاٰن ع الکنون یعنی اب اسوقت ابھی۔
الپ ارسلان ت شیر دلیر و نام بادشاہ کا۔
الی الاٰن ع ہنوز تا الکنون ابھی۔
اَلسِن ع جمع لسان زبانہا یعنی بہت سی زبانین۔
الفَنج ف آشفتن بکھرنا پریشان ہونا۔

الف بامیم

اَمن ع بیخوف ہونا کسی دشمن سے۔
اَمان ع بیخوفی و پناہ و حمایت۔
اَمین ع امانت دار خزانچی جسکے پاس روپیہ رکھا جاے۔
اِمعان ع غور کرنا متوجہ ہونا۔
اُم الصِبیان ع ایک بیماری جو لڑکون کو ہوتی ہو۔
ام غیلان ع ویرانہ جنگل و مقام غولان و مغیلان۔
آماسیدن ف سوجنا ورم کرجانا کسی عضو کا۔
امتحان ع آزمانا آزمایش کرنا کسی کی۔
اِمتنان ع احسان رکھنا ممنون کرنا۔
آمودن ف بھرنا پر کرنا لبالب کرنا۔
اِمکان ع ہوسکنا کسی امر کا ممکن ہونا۔
آمرزیدن ف بخشنا عفو کرنا گناہ کا۔
آموختن ف سیکھنا اور سکھلانا علم و ہنر کا۔
آمین ع قبول کن دعا را دعا قبول کر۔
آمون ف ایران و توران مین ایک نہر کا نام ہو۔

الف بانون

اندگان واندجان سمرقند او چین مین ایک شہر ہو۔
انسان ع آدمی اور مردمک چشم یعنی آنکھ کی پتلی۔
انسان عین پتلی آنکھ کی و مردمک چشم۔
انجمن ع مجلس جسمین آدمی بہت ہون۔
انگاردن و انگاشتن ف جاننا سمجھنا کسی چیز کو۔
اندائیدن ف کہگل کرنا کسی دیوار یا چھت کو۔
اندُہان ف غمگین و دلگیر و اندیشہ ناک۔
آنین ف نالہ اور نالہ کرنا رونا زاری کرنا۔
انجیدن ف استرہ مارنا ٹکڑے کرنا۔
انجیدگان ف زخمی لوگ مجروح لوگ۔
انیران ف تیسوان روز ہر ماہ شمسی کا۔
اثنیان اثنین ع ہر دو یعنی دونو۔
انبان ف پوست بختہ و زنبیل فقیران۔
انباشتن و انباردن ف پاٹنا ڈھیر کرنا۔
انداختن ف ڈالنا پھینکنا۔
انجامیدن ف آخر ہونا تمام ہونا۔
اندرون ف درمیان و اندر
اندوختن ف جمع کرنا اکٹھا کرنا۔
انگیختن ف اٹھانا برانگیختہ کرنا۔

اندیشیدن ف سوچنا فکر کرنا کسی بات مین۔

اندودن ف لیپٹنا۔

اندوہگین ف غمناک و فکرمند اندیشہ ناک۔

انگلیون ت انجیل عیسٰے و نام کتاب مانی نقاش کا۔ اور ستیز جامہ ہفت رنگ و ریشمی عجیب۔

آن ع عربی مین بمعنی وقت و ہنگام اور تھوڑا وقت اور فارسی مین بمعنی مال و ملکیت و لفظ اشارہ۔

الف با واو

اوثان ف جمع وثن بمعنی بت جنکو کفار پوجتے ہین۔

آوردن ف لانا۔

اوفتادن ف گرنا۔

آویختن ف لٹکنا اور لٹکانا۔

اوطان ف جمع وطن کی یعنی بہت سے وطن۔

اَوان ف ایوان و کوشک و وقت و ہنگامہ۔

اَوّلین ف نخست و نخستین پہلی چیز۔

اَوژن ف صیغہ امر اوژدن سے یعنی ڈال۔

اولان ت بمعنی ہونے والا اور ممکن بات۔

اَوان ف جمع اوان بمعنی وقت اور زمانہ۔

الف با ہا

آہیختن ف کھینچنا تلوار کا جنگ کے موقع مین۔

آہن سرد کوفتن ف کوشش بیفائدہ کرنا۔

اَہرمن ف شیطان اور باعتقاد مجوس خدا دو قسم ہے ایک یزدان جو نکوئی کراتا ہے دوسرا اہرمن فاعل بدی کا۔

آہن ف لوہا جو مشہور چیز ہے۔

آہنین ف لوہے کی چیز اور نہایت سخت۔

الف با یا

اَمین ع امان آسن مرد بیخوف و بے وحشت امن کی جاءین۔

ایمن ع بہت مبارک و جانب راست یعنی دہنی طرف۔

ایوان ع محل و کوشک و مکان بلند اونچا محل۔

ایگین ت بمعنی بودہ یعنی ہوا اور ہوگیا۔

ایشان ع گوشہ زمین درمیان شرق و شمال کے۔

ایدون ف اب ایسا اسوقت ابھی۔

ایرمان ف مرد طفیلی جو مہمان کے ساتھ آئے یعنی صاحب و ذریعہ و بمعنی حسرت و ندامت و عاریت یعنی مانگ لینا۔

ایقان ع یقین کرنا تسلی رکھنا کسی بات پر۔

ایمان ع امان دینا بیخوف کرنا پناہ مین لینا۔

ایمان ع سوگند ہا قسمین جو لوگ کھاتے ہین۔

ایتگین ت نام غلام ترک یعنی ترک کے ملک کا غلام۔

ایان ع کسوقت اور کس موقع پر کس زمانہ مین۔

ایران ف نام ملک جسمین عراق و خراسان طبرستان و غور و ہمدان و آذرآبادگان و کرمان وغیرہ شامل ہین۔

ایستادن ف کھڑا ہونا قایم ہونا کسی مقام پر۔

ایشان ف وہ لوگ یہ لوگ اور تم لوگ۔

آئین ف قاعدہ طریقہ طرز و روش۔

اَیْنَ ع کجا اور کب اور کسوقت و رکہان۔

ایروان ف نام ایک شہر کا ہے۔

دوسری فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف با اور اخیر مین نون ہی

با با الف

بان ع نام درخت خوشبو جو عرب مین ہوتا ہی اور فارسی مین رنگ لون اور بمعنی دارندہ مثل فیلبان مہربان و غیرہ و قسم آتشبازی ۔

باستان ف کہنہ پُرانا قدیمی اگلے زمانہ کا۔

بابزن ف سیخ کباب بھوننے کی۔

بازرگان ف سوداگر مخفف بازارگان۔

باقلان ع ایک مقام کا نام۔

بابکان ف منسوب بابک جو نانا اردشیر بادشاہ کا تھا۔

بادنجان بادنجان ف ترکاری بیگن بتاؤن۔

باردان ف جوال وخرجی وگون۔

باغستان ف جسجگہ باغ بہت ہون۔

بافتن ف بننا کپڑے وغیرہ کا۔

بالیدن ف بڑھنا درخت وغیرہ کا۔

باوین ف وہ ٹوکری جسمین عورتین روئی رکھکر کاتتی ہین۔

بالین ف تکیہ جو سر کے نیچے رکھکے سوتے ہین۔

بامداد ان ف صبح کا وقت فجر کا وقت۔

بادبان ت پنکھا اور جہاز کی پال۔

بادیان ف سولف جو مشہور دوا ہی۔

باران ف مینھ برسنا بارش کا ہونا۔

باریدن ف برسنا مینھ کا بارش کا ہونا۔

باطن ع پیٹ اور اندر اور دل اور ضد ظاہر کی۔

بازیدن ف کھیلنا کسی بازی کا۔

بازیافتن ف پانا حاصل کرنا کسی چیز کا۔

بادزن ف بادبان یعنی پنکھا جس سے ہوا لیتے ہین۔

پاسبان ف چوکیدار محافظ کسی چیز کا۔

پاشیدن ف چھڑکنا پانی وغیرہ کا۔

پان ف مشہور پتے ہین جسکو اہل ہند کھاتے ہین۔

پایان ف انتہا و اخیر کسی چیز کا۔

پائین ف نیچے اور منزل زیرین۔

باختن ف کھیلنا کسی بازی شطرنج وغیرہ کا۔

پاکوفتن ف رقص کرنا ناچنا کودنا وجد کی حالت مین۔

پالائیدن ف صاف کرنا میل نکالنا درست کرنا۔

پابرنجن ف خلخال پاؤن کا زیور جسکو جھانجھ کہتے ہین۔

پالودن ف صاف کرنا فضلہ نکالنا کسی چیز سے۔

پارگین ف حوض کوچک جسمین گندہ پانی جمع ہو۔

پایدان ف جوتیون کا مقام جہان جوتیان اتارین۔

پریدن اُڑنا بلند چڑھنا اوپر کو جانا۔

پالان ف پلاسی جو گدھے پر باندھتے ہین۔

پائیدن ف پائداری کرنا مضبوطی و محکمی کرنا۔

پاگرفتن ف قائم ہونا کھڑے ہونا مضبوط ہونا۔

با با حاء

بحرین ع دو دریا بحر روم و فارس و نام شہر کا۔

بحران ع دن جوشش طبیعت کا بیماری تپ مین و وہ چند روز مقرر ہین

با با خاء

بخشودن و بخشیدن ف بخشنا گناہ معاف کرنا۔

بختن ف پکانا کسی طعام وغیرہ کا۔

بخیہ از روے کار افتادن ف راز ظاہر ہونا بھید کھل جانا باہر آنا۔

با با دال

بدن ف آدمی کا جسم۔

بدون ف سواے و بغیر۔

پدرود شدن ف وداع ہونا رخصت ہونا۔

بدخشان ف ایک ملک کا نام ہے جو مشہور ہے۔

با با راے

برون ف مخفف بیرون باہر گھر سے باہر۔

برزن ف کوچہ یعنی گلی۔

براہین ع دلیلیں اور حجتیں اور سندو ثبوت۔

برہان ع دلیل و حجت و سند و ثبوت۔

برین ف برتر و بلند اور اونچا مکان۔

برگستوان ف گھوڑے کا لحاف یعنی پاکھر۔

برثن ع نام قبیلہ و انگشت چارپایہ و چنگال شیر و چنگال ہر جانور۔

برہمن ف مشہور قوم ہے۔

برزین ف نام آتشکدہ مجازاً آگ۔

برآمدن ف باہر آنا نکلنا۔

بران ف کاٹنے والا۔

برآوردن ف نکالنا۔

برتافتن ف موڑنا۔

برجستن ف کودنا کسی مقام سے۔

برچیدن ف چگنا کسی میوے کا۔

برخاستن ف اٹھنا بخلاف نشستن کے۔

برداشتن ف اٹھانا کسی چیز کا۔

بردن ف لیجانا۔

برشتن ف بھوننا آگ مین۔

برنجن ف ہاتھ کا زیور کڑے چوڑی۔

برگشتن ف پھر جانا۔

بریان ف بھنی ہوئی چیز جو آگ مین بھونی ہوئی ہو۔

بریدن ف کاٹنا قطع کرنا کسی چیز کو۔

پراگندن ف تتر بتر ہونا۔

پرداختن ف سنوارنا خالی کرنا۔

پرستن و پرستیدن ف پوجنا بندگی کرنا۔

پرسیدن ف پوچھنا۔

پرسان ف پوچھنے والا جو کچھ بات پوچھے۔

پرہون ع صابون جو ایک مشہور چیز ہے۔

پرنگان ف گلیم گودڑی فقیرون کی۔

برانگیختن ف کسی کو جنگ پہ تیز کرنا۔

پرماسیدن ف کسی عضو کو ملنا مالش کرنا۔

پرکردن ف روشن کرنا ظاہر کرنا۔

پرچین ف کانٹوں کی باڑ جو گھر کے گرد یا زراعت کے گرد بناتے ہین۔

پرہیزیدن ف بچنا۔

پریدن ف پھرنا۔

پریدن ف اڑنا۔

پریشان ف پراگندہ اور بکھڑا ہوا۔

پرداختن ف مشغول ہونا فارغ ہونا خالی کرنا ترک کرنا تمام ہونا آراستہ کرنا

پریدن ف فخر و تکبر کرنا اور پھڑکنا عضو کا۔

پرتابیان ف تیر اندازان جو تیر چلاتے ہین۔

پرنیان ف حریر چینی جو منقش ہوتی ہے۔

پرن و پروین ف ثریا چھ ستارے چھوٹے جو آپس مین ملے ہوئے ہوتے ہین۔

پرویزن ف غربال یعنی چھلنی آٹا چھاننے کی۔

بابا زاے

پزیدن ف پکانا۔

پزانیدن ف پکوانا۔

پژمردن ف مرجھانا پژمردہ ہونا۔

پژاژ ف لفظ سغد و شہوت زنان۔

بزم سنگین ف بڑی مجلس جسمین بہت لوگ جمع ہون۔

پژمان ف بیرونق و غمگین صورت پریشان شکل و مرد غمگین و ہر چیز افسردہ و بے رونق۔

پژوہیدن ف ڈھونڈنا جستجو کرنا تلاش کرنا۔

بابا سین

بسیچیدن ف ارادہ کرنا۔

بستن ف باندھنا پیوند کرنا بنا کر تعمیر کرنا۔

بُستان ف معرب بوستان باغ۔

پستان ف عورت کی چھاتیان۔

پسندیدن ف پسند کرنا۔

پسین ف پچھلا اخیر کا۔

بساتین ع جمع بُستان بہت سے باغ۔

بسّدین ع مرجان مشہور چیز ہے جسکو مونگا کہتے ہین۔

بَسَر شدن ف اخیر ہونا انجام پانا۔

بسان ف مانند یہ لفظ تشبیہ ہے۔

بابا شین

بشولیدن ف خراب کرنا پریشان کرنا بکھیڑنا۔

بشخودن ف خراشیدن یعنی چھیلنا کسی چیز کو۔

بشکولیدن ف چالاکی کرنا کسی بات مین۔

پَشَنگ ف نام پسر کیقباد جو مشہور بادشاہ تھا۔

پشتیبان ف مددگار و حمایتی اور قوت دینے والا۔

پشیمان ف پچھتانیوالا اور ندامت کی حالت مین۔

پَشَن ف نام ایک مقام اور سرزمین کا ہے۔

بابا طاء

بطن ع شکم جسکو ہندی مین پیٹ کہتے ہین۔

بُطین ع تصغیر بطن نام منزل دوم منازل قمر سے۔

بَطِین ع بزرگ شکم یعنی جسکا بڑا پیٹ ہو۔

بُطون ع پوشیدگی و جمع بطن یعنی بہت پیٹ۔

بُطلان ع ناچیز ہونا ضائع ہونا خراب و تلف ہونا۔

بابا عین

بُعد المشرقین ع مسافت دو مشرق با عتبار افق زمین ایک کنارہ سے دوسرے کنارے تک

پا با کاف

پگراں ع تہ دیگی یعنی جو طعام دیگ کے تہ میں ہوتا ہے۔
پلتینان ف بروزن سکینان نام قوم سلاطین۔

پا با لام

پل شکستن ف محروم کرنا نا امید کرنا مایوس کرنا۔
پلگان ف نردبان چوبی یعنی لکڑی کی پوڑی۔
بلاگردان ف صدقہ و قربان و تصدق۔
بلدان ع بلد کی جمع شہر و بستیان اور آبادیان۔
بلیان ف نام ایک ستارہ کا جسکو منہ چنگ کہتے ہیں اور صبح سے پہلے نکلتا ہے
بلسان ع نام درخت جو سوائے قریہ عین الشمس علاقہ مصر کے
کہیں پیدا نہیں ہوتا اور روغن اُس سے ٹپکتا ہے۔

پا با نون

بنایان ف معماران یعنی راج جو عمارت بناتے ہیں۔
بن ع بیٹا جو کسی کے نطفہ سے ہو۔
بنہ بستن ف سفر کرنا رخصت ہونا۔
بند بستن ف امیدوار ہونا امید رکھنا کسی سے۔
بنون ع بیٹے اور اولاد اور نسل اور کنبہ۔
بنین ع بیٹے اور اولاد و بیٹے اور پوتے۔
بنگران ف تہ دیگی جو طعام ہنڈیا کی تہ میں لگجاتا ہے۔
بنیان ع بنیاد خانہ او دیوار کی آغاز کام کا۔
بنان ع سرہائے انگشتان یعنی انگلیوں کے سر۔
بن ف بیخ درخت کی اور ابتدا اور اصل ہر چیز کا۔
بنیامین ع بوزن اسرفیل نام پسر یعقوب پیغمبر برادر

حقیقی یوسف و نام شاعر جو عرب میں رہتا تھا۔
پنہان ف پوشیدہ چھپا ہوا یعنی جو چیز پردہ میں ہو۔
پنبہ دہان ف کم گو و کم سخن جسکی عادت خموشی کی ہو۔
پنبہ کردن ف نرم و عاجز کرنا پامال کرنا۔
پنگان ف وہ کٹوڑا مسی جسکو پانی میں رکھکر اندازہ
ساعت کا کرتے ہیں اور اُسکے نیچے سوراخ ہوتا ہے۔
پنج ارکان ف پنج رکن مسلمانوں کے یعنی کلمہ و نماز و روزہ و حج و زکوۃ
پنج نوبت زدن ف نہایت جاہ و جلال کرنا یا آپکو دولتمند مشہور کرنا

پا با واو

بوقلمون ع قسم دیبا رومی جو ہر لحظہ نیا رنگ دکھلاتا ہے مجازاً رنگارنگ
بواطن ع جمع باطن کے لفظ کی۔
بودن ف ہونا ٹھہرنا۔
بوئیدن ف سونگھنا کسی بو کا۔
پوشیدن ف پہننا۔
پوشانیدن ف پہنانا۔
پوئیدن ف دوڑنا تلاش کرنا۔
پوزیدن ف عذر خواستن یعنی عذر چاہنا۔
بوستان ف باغ و خوشبو کا مقام۔
پوغدان ف کاسہ گدائی جسمیں فقیر گدائی کے ٹکڑے رکھتے ہیں
پوستین ف قبائے چرمی جسکے اوپر بال ہوں۔
پوست کندن ف ظاہر کرنا کسی چھپی ہوئی بات کا۔
پوشیدن ف چھپانا چھپنا پردہ میں لانا کسی بات کو
پوسیدن ف پرانا ہونا گھسا ہوا ہونا ناکارہ ہونا۔

با با ہا ے

بہین ف بہت بہتر بہت مناسب بہت اچھا۔

پہلوان ف بہادر زور آور فربہ و جوانمرد۔

بہلستان ف نام ایک ملک کا جسکو بہلسہ بھی کہتے ہین۔

بہرام چوبین ف نام ایک امیر کا جو ہرمز بن نوشیروان کے دربار مین تھا بسبب لاغر جسمی اُسکو چوبین کہتے ہین۔

بہاران ف موسم بہار کا جب سبزہ تازہ پھوٹتا ہی۔

بہرمان ف گل معصفر یعنی کسنبہ جسسے کپڑے رنگتے ہین و قسم تافتہ ابریشمی و قسم یاقوت سرخ۔

بہترین ف بہت مناسب بہت بہتر بہت اچھی چیز۔

بہتان ع افترا اور جھوٹھ باندھنا کسی پر۔

بہمن ف نام ماہ و نام بادشاہ بن اسفندیار و نام ادویہ یعنی بہمن سرخ و بہمن سفید مشہور ہی اور نام ہی آگ کا و نام عقل اول جو ایک فرشتہ ہی۔

پہن ف فراخ اور چوڑی چیز یا چوڑا میدان۔

پہلوتہی کردن ف الگ ہونا جدا ہونا کسی بات سے۔

پہلو زدن ف برابری کرنا ہمسری کرنا برابر ہونا۔

پہلو دادن ف مدد کرنا حمایت کرنا پناہ دینا۔

با با یا ے

بیژن ف نام پہلوان پسر گیو خواہرزادہ رستم جو منیژہ دختر افراسیاب پر عاشق تھا۔

بیابان ف جنگل بے آب و ویرانہ جہان پانی نہو۔

بیچون ف بے مانند خدا تعالے جسکے ہمشکل کوئی چیز نہین ہی۔

بیستون ف نام کوہ جسکو فرہاد نے گرایا تھا۔

بیلقان ف نام شہر کا ہی۔

بیت الحزن ع گھر غم کا و نام حجرہ یعقوب علیہ السلام جسمین وہ بحالت غم یوسف کے رہا کرتے تھے

بیگاہان ف ناوقت و وقت شب و بیوقع۔

بیقرین ف بیمثل و بے نظیر و بے مانند۔

بے سکون ف بیقرار و طناز و شوخ و چپل۔

پیران ف نام وزیر افراسیاب بادشاہ کا ہی۔

بَین ع درمیان اور بیچون بیچ کسی چیز کے۔

بَیِّن ع ظاہر و آشکارا اور نام ایک ساز کا۔

بَیَان ع ظاہر کرنا کسی پوشیدہ بات کا تقریر کرنا۔

بیلزن ف زمیندار مزدور محنتی مٹی کھودنے والا۔

بیاغالیدن ف ہلانا ملانا اور غلانا کسی کو۔

بئس القرین ع مصاحب بد و ہمنشین ناکارہ۔

بید مجنون ف نام درخت مشہور ہی جسکی سب شاخین سرنگون ہوتی ہین

بیرون ف باہر زیادہ اندازہ سے۔

بینی زدن ف انکار کرنا ناک ٹھہرا کرکے بات کرنا۔

بیضہ افگندن ف ڈرنا خوف کرنا دہشت مین آنا۔

پیچیدن ف لپیٹنا اور لپیٹنا مروڑنا بات چڑھانا۔

پیر مغان ف آگ کا پوجاری۔

پیزیدن ف چھاننا آٹا وغیرہ کا۔

پیشین ف اگلا پہلا زمانہ اور وقت جو گذر چکا ہو اور پچھلی جماعت اور امام و پیشوا جو سب کے آگے چلے۔

پیشینیان ف اگلے لوگ جو گذر چکے ہین۔

پیکان ف تیر کا پھل جو لوہے کا ہوتا ہی۔

پیلبان ف ہاتھی چلانے والا جسکو ہندی مین مہاوت کہتے ہین
پیمودن ف ناپنا اندازہ کرنا۔
پیوستن ف ملنا وصل ہونا۔
پیراستن ف کم کرنا کاٹنا آرایش دینا سنوارنا۔
پیرامون ف گرداگرد چارون طرف
پیرامن ف مخفف پیرامون آس پاس۔
پیش بین ف دانا مآل اندیش آدمی۔
پیختن ف چھاننا صاف کرنا کسی چیز کا۔
پیر کنعان ف یعقوب علیہ السلام کا خطاب ہے۔
پیمان ف قول و اقرار و عہد جو کسی سے کیا جائے۔
پے کردن ف عاجز کرنا سراغ ڈھونڈھنا تعاقب کرنا۔

تیسری فصل
اُن لغات کے بیان مین جنکے اول حرف تا اور آخیر مین نون ہے

تا با الف

تامین ع کسی چیز کے درپے ہونا و پیروی کرنا۔
تابدان ف روشندان جو کسی حجرہ مین ہو۔
تازیان ف دوڑنے والا تیز چلنے والا۔
تابعین ع جماعت تابعدار رسول مقبول علیہ السلام۔
تابان ف چمکتا ہوا روشن چمکدار چیز۔
تابستان ف گرمی کا موسم مقابل زمستان کے۔
تابیدن ف چمکنا روشن ہونا چمکارا دینا۔
تاختن ف دوڑنا تیز رفتاری سے چلنا۔
تازیدن ف دوڑنا تیز چلنا حملہ کرنا۔
تافتن ف تپنا چمکنا روشن ہونا۔

تا با بای

تبیان ع روشن و ہویدا اظاہر و برملا۔
تبن ع خشک چیز و گھاس خشک لکڑی وغیرہ۔
تبیین ع بیان کرنا ظاہر کرنا کسی مضمون کا زبان سے۔
تبرخون و طبرخون ف قسم چوب سرخ رنگ ہوتا ہے بعض کے نزدیک یہ نام صندل سرخ کا ہے۔
تباین ع فرق و جدائی و مخالفت و ضد و عداوت۔
تبرزین ف قسم تبر خورد جو زین مین رکھ لیتے ہین۔
تپیدن ف گرم ہونا اضطراب بیقراری و جوش غضب۔

تا با تا

تتن ترکی مین تمباکو کو کہتے ہین جسکا دھوان کھینچتے ہین

تا با حا

تحزن ع غمناک ہونا فکر و اندیشہ مین پڑنا۔
تحسین ع آفرین کہنا شاباش کہنا نیک کہنا۔
تحصن ع حصار مین ہونا قلعہ بند ہونا۔
تحنن ع مہربانی کرنا رحم کرنا نرمی کرنا۔

تا با خا

تخشیدن ف بلند بیٹھنا سب سے اونچے مکان مین رہنا۔
تخت سلیمان ف نام کوہ جو کشمیر مین ہے۔
تخمین ع اندازہ کرنا کسی چیز کا وزن یا شمار مین۔

تا با دال

تدفین ع دفن کرنا زمین مین دابنا کسی مُردے یا خزانہ کو۔

تدوین ع جمع کرنا تالیف کرنا۔

تدیّن ع دین دار ہونا نیک راستے پر چلنا۔

تدہین ع روغن ملنا چرب کرنا کسی چیز کو تیل کی مالش بدن پر کرنا۔

تا با راے

ترشیدن ف شرمندہ ہونا عرق عرق ہونا شرمندگی کیجا تین۔

تردامن ف بدکار و فاسق و فاجر و گنہگار۔

ترزبان ف فصیح زبان و تیز زبان و مرد صاحب تقریر۔

ترقیدن و ترکیدن ف پھٹنا شگاف ہونا۔

ترجمان ع زباندان ترجمہ کرنیوالا ایک زبان کا دوسری مین

ترکمان ت نام قوم جو بڑی زبردست ہوتی ہے۔

ترقین ع سطرونکو پاس پاس لکھنا بغیر بین السطور کے و

آرایش دینا و خضاب کرنا و رنگنا اصلاح دینا۔

ترنگبین ف ترنجبین مشہور دوا ہے اور شیرین ہوتی ہے

ترن ف گل نسرین جسکو چمیلی کہتے ہین۔

تریدن ف بمعنی کشیدن و رسیدن یعنی کھینچنا اور پہنچنا۔

ترکان ف لقب زنان ترک یعنی ترکی عورتون کا خطاب۔

ترک چین ف آفتاب باعتبار اسکے کہ وہ چین کیطرف سے نکلتا ہے

تراشیدن ف چھیلنا کاٹنا ٹکڑے کرنا۔

تراویدن ف ٹپکنا قطرہ قطرہ ہوکر گرنا۔

ترنجبین ع مشہور دوا ہے جسکو ترنگبین بھی کہتے ہین۔

ترمزوی پولاد و سنجان ف نیزہ پہلوانون کا۔

ترخان ف وہ شخص جسکو بادشاہ نے مواخذہ مدالت سے بری

کیا ہو و قسم پودینہ کا اور نام قوم چغتائی ترکین ح سردار و سرگروہ

تا با زاے

تزئین ع زینت دینا سنوارنا سنگار کرنا خوبصورت بنانا۔

تا با سین

تسخین ع گرم کرنا آگ یا دھوپ وغیرہ سے۔

تسخین ع پاپوش یعنی کفش۔

تسمین ع فربہ کرنا روغن کھلانا۔

تساوی الطرفین ع برابر ہونا دونون طرفون سے۔

تسعین ع عدد نوّد یعنی نوے ۹۰۔

تسکین ع تسلی دینا آرام دینا خاطر جمع کرنا۔

تا با شین

تشرین بزبان رومی نام ماہ کاتک کا ہے۔

تشیّن ع شان پانا عزت دار ہونا صاحب شبہ ہونا۔

تا با ضاد

تضمین و تضمین ع قبول کرنا ضامن کرنا اپنی بنا مین

لانا اور دوسرے شاعر کے شعر کو اپنے شعر مین لانا۔

تا با عین

تعیین ع معین کرنا خاص کرنا مقرر کرنا۔

تعفّن ع بدبو جو مردار وغیرہ سے آئے۔

تعدیل ارکان ع اچھی طرح نماز پڑھنا یاد آ قیام و رکوع و سجود

تعاون ع مددگاری کرنا حمایت کرنا کسی کی۔

تعیّن ع مخصوص ہونا مقرر ہونا کسی بات پر۔

تا با غین

تقابن ع نقصان ورزیا نگاری مین ڈالنا رنج و محنت۔

تا با فاء

تفنن ع گونہ گونہ و شاخ شاخ ہونا طرح طرحکی حالتونمین آنا۔

تفسیدن و تفیدن ف گرم ہونا غضب مین آنا۔

تفسان ف گرم اور گرمی کی حالت مین۔

تفقبان ف جو چیز آفتاب مین گرم ہوا اور قسم نان روغنی جسکو پراٹھا کہتے ہین

تا با کاف

تکین ت نام پدر سلطان محمود غزنوی جو مشہور بادشاہ ہے

تگین ف پہلوان و آتش و حوض خرد یانی کا تالاب۔

تکفین ع کفن پہنانا مردہ کو پردے مین لانا۔

تکون ع ہو جانا وجود پانا ہستی مین آنا۔

تکوین ع پیدا کرنا وجود دینا ظاہر کرنا بنانا۔

تا با لام

تلقین ع سمجھانا تعلیم دینا ماخوذ لقن سے بمعنی فہمیدن۔

تلوین ع رنگارنگ کرنا طرح طرح کا بنانا۔

تلون ع رنگارنگ ہونا طرح طرح کا ہونا۔

تلخ خرمان ف کافر نعمتان یعنی ناشکر لوگ۔

تا با میم

تمرستان ف باغ خرما جس باغ مین کھجور کے درخت ہون۔

تمکین ع قرار پانا ٹھہرنا مجازاً قدر و منزلت و عزت و رتبہ

تمکن ع جگہ پکڑنا قائم ہونا مکان لینا۔

تمن ف دہ ہزار آدمی اور دس ہزار فوج کا دستہ۔

تمدن ع شہر مین بود و باش کرنا شہر مین رہنا۔

تمرن ع نرم ہونا عادت کرنا کسی کام پر عادی ہونا۔

تا با نون

تن زدن ف خاموش ہونا دل چرانا علیحدگی کرنا۔

تنبان ت پائجامہ غرارہ کمر مین پہننے کا کپڑا۔

تنیدہ ریسمان ف اٹیا سوت کی۔

تن ف بدن و تنخواہ اور امر تنیدن سے۔

تنوین ع نون پیدا کرنا دو حرکتون کے ساتھ۔

تنین ع اژدہا بڑا سانپ اور قسم بڑے سانپ کی۔

تنانین ع جمع تنین یعنی بہت سے سانپ و اژدہا۔

تنیدن ف کپڑا بننا پیدا کرنا گرد پھرنا اور سوت کا تننا۔

تن دردادن ف قبول کرنا مان لینا کسی بات کا۔

تنگ ترکان ف نام مقام۔

تا با واو

توامان ف یہ وزن نوجوان دو بچہ جو ایکحمل سے پیدا ہون

توسن ف چالاک گھوڑا اور تیز رفتار۔

توختن ف حاصل کرنا چاہنا جمع کرنا گذارنا۔

توشقان ت خرگوش جو مشہور جانور ہے۔

تولیدن ف بمعنی رسیدن یعنی پہنچنا۔

توہین ع اہانت کرنا کسی کو برا کہنا بیعزت کرنا۔

توران ف نام ملک جو مشہور معروف ہے۔

تون ف بچہ دان و حمام و سوراخ حمام گلخن جگہ سرگین۔

تومان ت دو ہزار زر نقد و گروہ و پرگنہ۔

توان ف زور و قوت و طاقت۔

توقان ع شہوت وآرزو وخواہش۔
توشدان ف تھیلا خوراک رکھنے کا۔
توطن ع وطن اختیار کرنا سکونت کرنا۔
توزین ع وزن کرنا تولنا کسی چیز کو۔
توانستن ف سکنا طاقت رکھنا کسی بات پر۔
توپچی مان ف توپ چلانیوالا نشانہ لگانے والا۔
توپ دن ف توپ چلانا گولہ مارنا۔

تا با ہا

تہجین ع ذلیل کرنا بےعزت وخوار رکھنا کسی کو۔
تہمتن ف لقب رستم کا ہی۔
تہاون ف خوار وذلیل رکھنا بےعزت رکھنا۔
تہ نشین ف دب جانیوالا پیچھے بیٹھ جانیوالا۔

تا با یا

تین ع انجیر جو درخت ومیوہ مشہور ہی۔
تیمن ع بابرکت ہونا یمن والا ہونا۔
تیروان ف ترکش جسمین تیر رکھتے ہین۔
تیقن ع یقین کرنا تسلی پانا۔

چوتھی فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ثا اور اخیر مین نون ہی

ثا با الف

ثانی اثنین ف مثل ومانند ونظیر وشبیہ۔
ثامن ع آٹھوان اور آٹھوان حصہ یعنی آٹھ مین ایک۔

ثا با خا

ثخین ع محکم وستبر ومضبوط وقوی وپرقوت۔
ثخن ع حجم وستبری ومضبوطی وموٹاپن کسی چیز کا۔

ثا با عین

ثعبان ع بڑا سانپ یعنی اژدہا جو ایک قسم کا مشہور سانپ ہی۔
ثعابین ع بڑا سانپ یہ لفظ ثعبان کی جمع ہی۔

ثا با قاف

ثقلین ع دو گروہ عالم جن وانس مجازاً دو جہان۔

ثا با لام

ثلثان ع دو تہائی تین حصون مین یعنی چھ مین سے چار۔
ثلاثین و ثلاثون ع تیس جسکو فارسی مین سی کہتے ہین

ثا با میم

ثمن ع قیمت اور مول اور بھاؤ کسی چیز کا۔
ثمان ع آٹھ عدد مین جسکو فارسی مین ہشت کہتے ہین۔
ثمن و ثمن ع آٹھوان حصہ کسی چیز کا یعنی آٹھ مین سے ایک
ثمین ع گران قیمت چیز جو ارزان نہو۔

ثا با واو

ثوران ع جوش وفتنہ وغبار اوٹھنا اندھیری آنا۔

پانچوین فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف جیم اور اخیر مین نون ہی

جیم با الف

جان ع نام ابوالجن کا یعنی قوم جن پری کا پڑا باپ

جیسے آدم نوع انسان کا باپ ہی۔
جان ف روح و قوت و طاقت و دل اور وہ قوت حیوانی
جس سے انسان جیتا ہی۔
جان جان فنؔ ذات ربانی جسکے متعلق ہر ایک فی سجان کی زندگی ہی۔
جام جہان بین ف جام کیخسرو جس سے ازروئے نجوم کے
حال ایک سال آئندہ کا معلوم ہو جاتا تھا کہ آیا آئندہ سال
مین کون کون حوادث وقوع مین آنے والا ہی۔
جانان ف معشوق بہت پیارا اور محبوب جسکے ساتھ محبت ہو۔
جانشین فاؔ مقام مسند نشین و وارث کسی کے مال و املاک کا۔
جانبین عؔ ہلاک ہونیوالے بحرکت ہونیوالے مرجانیوالے لوگ۔
جانبین عؔ دونون طرف آگے پیچھے داھنے بائین۔
جان کندن ف جان توڑنا نزع کی حالت مین ہونا۔
جاودان ف ہمیشہ اور نت اور مدام۔
جامیدن ف شاشیدن بول کرنا پیشاب کرنا۔
جامین ف بول و براز ہگنا موتنا۔
جاویدن ف فریاد کرنا نالہ و زاری کرنا۔
جاکران ف نوکر لوگ خدمتگار لوگ۔
چار تکبیر گفتن ف تارک ہونا نماز جنازہ پڑھنا۔
جاسیدن ف سرد شدن سرد ہونا ٹھنڈا ہونا۔
چار زبان ف بیگو آدمی فضول گو شخص۔
چار میخ شدن ف محکم ہونا مضبوط ہونا۔
چار خوان ف چار جو بہشت جو بہشت مین جاری ہین۔
چار طوفان ف یعنی طوفان آب قوم نوح پر اور ہوا کا
طوفان قوم ہودؑ پر اور طوفان آگ کا قوم لوط پر اور
طوفان خاک کا قوم صالحؑ پر۔
چار ارکان ف اربع عناصر آگ پانی خاک ہوا۔
جیاہ کن ف ظالم و مکار و بدی کرنے والا۔

جیم با باء

جبین ف پیشانی ماتھا انسان کا۔
جبن عؔ پنیر اور سفیدی دودھ کی جو پانی سے
الگ کیجائے اور بزدلی یعنی لڑائی سے ڈرنا بزدلی۔
چسپیدن یا چفسیدن فنؔ پیوستن بچیزے یعنی ملنا اور
پیوند پانا کسی چیز کے ساتھ۔
چپکن فتؔ انگہ انگرکھہ جو گلے مین پہنا جاتا ہی۔
چپیدن فنؔ میل کرنا بجانب چپ و از ایکطرف سے دوسری طرف پھرنا۔
جبان عؔ بد دل و بزدل یعنی ضد بہادر۔
جبّان عؔ صحرا و جنگل و ویرانہ زمین۔

جیم با تاء

چتر زدن ف کشتی گیرون کی ایک ورزش کا نام ہی۔
چتر سیمین فتؔ چودھوین کا چاند جس رات چاند پورا ہوتا ہی۔
چتر عنبرین فتؔ کنایہ رات جسکو فارسی مین شب اور عربی مین لیل کہتے ہین

جیم با ثاء

جثمان عؔ بدن و تن جسم آدمی کا۔

جیم با خاء

چخیدن فنؔ یا جخیدن کوشش و ستیزہ کرنا سعی و تکلیف کرنا۔

جیم با دال

جدران ف جمع جدر دیوار یعنی بہت سی دیوارین۔
جدیدان ع روز و شب دن رات۔

جیم با ذال

جذلان ع خوش و خرم و خوشی کی حالت مین۔

جیم با رائے

جرین ع جگہ کھجورون کو خشک کرین۔
جریان ع جریان ع جاری ہونا پانیکا و نام مرضی آجرا منی۔
چربیدن ف غالب ہونا فتح پانا۔
چرخ کمان ف حلقہ کمان کا جسپر چلہ ہوتا ہے۔
چرمدان ف کیسہ چرمی۔
چرانیدن ف چرانا گھاس کا۔
چرب زبان ف خوشامد گوئے۔
چرخ زدن ف ناچنا رقص کرنا۔
چرخ زرین ف چوتھا آسمان و مقام آفتاب۔
چرکین ف میلا و خراب۔

جیم با سین

جستن ف کودنا زقند مارنا۔
جُستن ف ڈھونڈھنا جستجو کرنا تلاش کرنا۔
چسپانیدن ف چپکانا۔
چسپیدن ف چپکنا پیوند ہونا۔

جیم با شین

جشن ف مجلس شادی کی محفل کا مقام۔
چشم رسیدن ف نظر لگنا۔

چشم سیاہ کردن ف حسد کرنا کسی کا مال و دولت کو دیکھکر۔
چشم سرخ کردن ف غضبناک ہونا غصہ کرنا۔
چشم بندان ف ساحران جادوگران۔
چشیدن ف چشانیدن ف چکھنا چکھانا کسی ذائقہ اور چیز کا۔

جیم با غین

جغیدن ف کھینچنا دم مارنا۔
جغرافیان ف واقفان علم ہیئت و اشکال ارض

جیم با فاء

جفتہ زدن ف اعلام کرنا جفتہ کے معنی سرین کے ہین۔
جُفت شدن ف جماع کرنا ہم صحبت ہونا۔
جفت ران ف ہل چلانے والا کھیتی کرنے والا۔
جُفن ع آنکھونکی پلکین اور پردے آنکھون کے۔
جفن ع تلوار کا میان جو تلوار کے اوپر ہوتا ہے۔
جفان ع کاسہائے بزرگ و شاخہائے انگور۔
چفیدن ف چفسیدن ف بمعنی چسپیدن یعنی چپکنا ملنا
اور پیوند پانا کسی کے ساتھ۔

جیم با کاف

جگر بند پیش نہادن ف اختیار کرنا محبت و بلا کا مشقت کرنا
جگر داشتن ف تاب و طاقت رکھنا کسی بات پر قائم رہنا
جگر باختن ف ڈرنا خوف کرنا دہشت مین آنا۔
چکیدن ف ٹپکنا پانی وغیرہ کا قطرہ قطرہ ہوکر۔
چکان ف ٹپکنے والا قطرہ قطرہ ہوکر گرنے والا۔
چکن ف قسم جامہ کا اور ایک طرح کا کشیدہ کپڑا

جیم باللام

جلاوطن ف پردیس جانا اپنا وطن چھوڑنا۔
جلجلان ع کشمنیز یعنے دھنیان۔
جلبان ع ماش سبز یعنی مونگ جو ایک قسم کا غلہ ہے۔
جلیدن ف چلنا سزاوار ہونا لائق ہونا یہ لفظ فارسی ہندی میں مشترک ہے
جاستان ف دشت بے آب و زمین بید رخت و ویرانہ۔

جیم بامیم

جمیدن ف خرامیدن خمیدن یعنے لٹک کر چلنا اکڑ کر چلنا۔
جمان ف ناز سے چلتا ہوا اکڑ کر چلنے والا
چمن ف جائے خرامیدن مجازاً باغ و گلزار جسجگہ لوگ سیر کو جائیں
چمین ف بول و غائط جھاڑا و پیشاب۔
جمان ع مرواریہ اور چاندی کے موتی مصنوعی۔

جیم بالنون

جنان ع جمع جنت جسکے معنی بہت بہشت کے ہیں۔
جنبیدن ف ہلنا جنبش کرنا۔
چندین ف کسی قدر کسی مقدار تک۔
جن ع اسم جنس قوم پری جو مشہور پیدائش ہے۔
جُنّت ع سپر یعنی ڈھال جو مشہور ہتھیار ہے۔
جنین ف وہ بچہ جو ماں کے پیٹ میں ہو۔
چندان ف کسی قدر کسی مقدار تک۔
چنان ف کلمہ اشارت ہے۔
چنین ف اسطرح اصل میں چونین تھا۔
چنگیز خان ف نام بادشاہ ظالم جو لا مذہب تھا۔
چنبر جہاندن ف کرد اگرد پھرنا نیزہ پھرانا۔
چناچن ف آواز تیر کی جو چلانے کے وقت نکلتی ہے۔
چندن ف صندل یہ لفظ فارسی و ہندی میں مستعمل ہے۔

جیم باواو

جوزن ف جادوگر سحر ساز آدمی۔
جولستان ف ہموار جنگل جہاں نشیب و فراز نہو۔
جوان ف گبرو بالغ آدمی۔
جوشاندن ف جوش دینا۔
جوعان ع بھوکا گرسنہ۔
جویان ف ڈھونڈھنے والا۔
جوئیدن ف ڈھونڈھنا جستجو کرنا۔
چوبین ف لکڑی کی چیز جو لکڑی سے بنائی گئی ہو۔
جوشن ف سینہ و زرہ و نوع لباس و حلقہ
جولان ف دوڑنا دوڑانا گھوڑوں کا اور گرد پھرنا
اور وہ زنجیر جو قیدیوں کو پہناتے ہیں۔
چوپان ف گلہ بان مویشی کو چرانے والا شخص۔
جوشیدن ف غضب میں آنا اُبلنا ابلانا جوش دینا۔
چوسیدن ف چوسنا کسی چیز کو۔
چوبک زن ف پاسبان جو گیدار اور نقارہ بجانے والا۔
چون ف جب جسوقت مانند مثل۔
چوخیدن ف لغزیدن یعنی پھسلنا کسی مقام سے۔
چوگان ف صولجان یعنے گھونڈی اور وہ لکڑی جسکا سر خمیدہ ہو

جیم باہا

جہانیدن ف کودانا اور جولان دینا گھوڑے کو۔

جہانیان ف جہان کے لوگ تمام مخلوقات۔

جہان ف کودنے والا اور زمانہ۔

چہار رکن ف چار رکن کے بجے یعنی منارہ تعمیر روئیا فی ہوائی و حجر اسود

چہل تنان ف چہل ابدال وہ چالیس اولیا جو حق تعالیٰ

نے پاسبانی تمام سرزمین کی اُنکے متعلق کی ہے۔

جیم با یا ے

جیحون ف نام ایک رود کا ہے نزدیک بلخ کے۔

جیران ع جمع جار ہمسائگان دیوار بدیوار۔

جیلان ع نام ایک ملک کا ہے جسکو گیلان بھی کہتے ہیں

چیدن ف چننا۔

چیستان ف معما پہیلی۔

چھٹی فصل

اُن لغات کے بیان میں جن کے اول حرف حا اور آخر میں نون ہے

حا با الف

حال گردیدن ف متغیر ہونا ایک حالت سے دوسری حالت میں

حال کردن ف وجد کرنا رقص کرنا مستی کی حالت میں۔

حا با با

حبل المتین ع رسن استوار مجازاً قرآن مجید کلام ربانی۔

حا با دال

حدثان ع جو واقعہ وقوع میں آئے و حادثہ۔

حداثت سن ع نوجوانی و خوردسالی۔

حا با رائے

حرمین ع دو حرم ایک کعبہ دوسرا روضہ رسول صلعم

حرمان ع ناامیدی محرومی بےنصیبی کم قسمتی تنگی و افلاس

حران ع مرد تشنہ و نام شہر شام میں جو مولد زردشت آتش پرست تھا

حرامیان ع چور و راہزن یعنی ڈاکو لوگ جو راستہ لوٹتے ہیں

حرون ع سرکش و نافرمان و شوخ و تنگ مزاج آدمی۔

حرف زدن ف سخن کہنا بات چیت کرنا تقریر کرنا۔

حا با زائے

حزین ع غمناک جو کسی اندیشے و فکر میں ہو۔

حزیران رومی زبان میں ماہ اساڑھ کا نام ہے جو مشہور مہینہ ہے

حزن و حزن ع غم و اندوہ و فکر و اندیشہ۔

حا با سین

حسن ع خوب و نیکو و نام امام دوم از ائمہ اثنا عشریہ

حضرت بڑے نواسے پیغمبر علیہ السلام کے اور فرزند علی المرتضیٰ کے تھے

حسن ع خوبی و نیکوئی و بہتری۔

حسین ع بتصغیر حسن و نام امام سوم ائمہ اثنا عشر سے یہ حضرت

چھوٹے نواسے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے فرزند علی المرتضیٰ کے تھے

حسن الحسن ع بہت نیک نہایت اچھا بہت خوبصورت

حسان ع بہت خوب لوگ و نام شاعر جو عرب کا رہنے والا

اور مداح رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا۔

حسبان ع شمار کرنا اندازہ کرنا و عذاب۔

حسبان ع پنداشتن جاننا پہچاننا۔

حساب نگرفتن ف بیقدر سمجھنا حساب نہ لینا۔

حا یا صاد

حِصن ع قلعہ و جائے پناہ و چار دیواری سخت و مضبوط
حصن ع عفت زن یعنی عورت کی پارسائی۔
حصون ع قلعہ ہا یعنی بہت سے قلعے جمع حصن کی۔
حصین ع محکم و استوار و قید خانہ و مضبوط۔
حصان ع اسپ نر جسکی نسل یعنی جنا سا نڈ گھوڑا نسل رکھنے کا۔

حا یا قاف

حقن ع باز رکھنا بند رکھنا ہٹا رکھنا۔

حا یا کاف

حکمت العین ع نام کتاب جو علم حکمت میں ہے۔
حکمران ف حاکم بادشاہ فرمان فرما عدالتی۔

حا یا لام

حلان ع بچہ بزدگو سپند جو مشہور جانور ہے۔
حلقہ بدر زدن ف آگاہ کرنا خبردار کرنا۔
حلوان ف بکری کا بچہ جسکا گوشت نہایت نرم ہو۔

حا یا میم

حمدان و حمدون ع آلہ تناسل اصطلاحاً۔

حا یا نون

حنین ع آرزو مندی و گریہ و نالہ اور چلا کر رونا نوحہ کرنا۔
حُنین۔ نام مقام میان مکہ و طائف جو نہایت سرسبز
ہے و نام مرد علامہ و نام مرد کفش دوز۔
حنّان ع بخشنے والا رحمت کرنے والا اور نام خدا کا۔

حا یا واو

حواریان ع دوستان عیسیٰ و گازران یعنی دھوبی لوگ۔
حُوریان ف حوران یہ ایک خوبصورت پیدائش بہشت میں ہے
حُور العین ع قسم حوران بہشت جو نہایت خوبصورت ہیں

حا یا یا

حِین ع وقت اور زمانہ جو ماضی یا حال و استقبال کے متعلق ہو
حَین ع مرگ موت ہلاکت۔
حیوان ع زندہ ہونا مجازاً ہر شخص زندہ و جاندار۔
حیطان ع چار دیواری مکان جمع حائط جسکے معنی احاطہ کے ہیں۔
حیتان ع جمع حوت ماہیان یعنی مچھلیان دریا کی۔
حیزلون ت زن پیر یعنی بوڑھی عورت نہایت ضعیف
و کم طاقت عورت۔

ساتوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف خا اور اخیر مین نون ہے

خا یا الف

خافقین ع دو طرف مشرق و مغرب و شب و روز و ابتدا و انتہا
خاتون ت بی بی یعنی عزت دار عورت امیر کی بی بی شاہزادی
خان ف ت اصل اسکا خاقان تھا لقب بزرگان و بادشاہان
و امیران قوم مغول تھا۔
خانمان ف گھر بار خاندان گھر کے لوگ و سامان۔
خایہ غلامان ف ایک قسم کا انگور کابل مین ہوتا ہے۔
خاطر نشان ف تسلی و اطمینان و خاطر جمع۔
خازن ع خزانچی جسکے پاس روپیہ اور نقد مال رہے

خاقان ت بادشاہ بزرگ ولقب بادشاہ چین۔
خاندان ف بڑا گھر بڑا خاندان امیر کا گھر اور گھر کے لوگ
خائن ع خیانت کرنے والا بخلاف امین کے۔
خاکدان ف کنایۃً زمین وجہان اور تمام دنیا۔
خارقان ف نام موضع نزدیک شہر بسطام کے۔
خانہ کن ف گھر اجاڑنے والا ویران کرنے والا اپنے گھر کا
خاریدن ف کھجلانا خارش کرنا۔
خاستن ف اٹھنا کھڑا ہونا قائم ہونا۔
خاصدان ف ضروری چیزیں رکھنے کا برتن۔
خاصان ف خاص لوگ رشتہ دار لوگ۔
خان خانان ت یہ ایک بادشاہی خطاب ہے۔
خانساماں ت داروغہ جو کسی کام پر مختار ہو۔
خائیدن ف چبانا طعام کا دانتوں میں واسطے کھانے کے۔
خارچین ف کانٹوں کی باڑ جو کھیتی کے گرد واسطے حفاظت کے لگاتے ہیں
خاییدن ف بیضہ دینا جانور کا اور ڈرنا آدمی کا مصیبت سے

خا با باء

خبن ع کپڑے میں چین ڈالنا سی کر کوتاہ کرنا کسی جامہ کا

خا با تاء

ختن ت نام شہر کا جو حدود چین میں واقع ہے۔
ختن ع داماد یعنی لوکد خدا لڑکا مجازاً وہ شخص جو دختر کا شوہر ہو۔

خا با دال

خدایگان ف بادشاہ وصاحب مالک وولی نعمت۔

خا با ذال

خذلان بے نصیبی وخرابی وویرانی وکم قسمتی۔

خا با راے

خرمن ع تودہ غلہ جو ابھی بھوسے میں باقی ہو وغلہ کو فتہ لیکن ابھی بھوسے میں ہو
خراشیدن ف چھیلنا کسی چیز کو۔
خرامیدن ف ناز سے چلنا مٹک کر چلنا۔
خرچین ف جاڑ جامہ کا تھیلا۔
خروشیدن ف شور کرنا فریاد کرنا چلانا رونا۔
خریدن ف مول لینا کسی چیز کو دام دیکر۔
خراسان ف نام ایک ملک کا جو مشہور ہے۔
خرامان ف خوش رفتار آدمی۔
خراطین خراتین ف کرم پیدا جو نمناک زمین میں ہوتے ہیں
خزران ف تازیانہ یعنی گھوڑے کا چابک۔

خا با زاے

خزائن ع جمع خزانہ یعنے بہت سے خزانے۔
خزیدن ف گھسنا چیز یا مقام میں۔
خزان ف موسم سرما ضد بہار جاڑے کا موسم۔
خزران ت نام ولایت جو قریب ترکستان کے ہے

خا با سین

خسران ع زیان ونقصان جو کسی تجارت میں واقع ہو
خساندن خسانیدن ف تر کرنا داڑھی کو دانتوں میں۔
خسپیدن ف سونا آرام کرنا۔
خستن ف توڑنا زخمی کرنا پارہ پارہ کرنا۔
خسیدن ف دانتوں میں چبانا کسی چیز کا واسطے کھانے کے

خا با شین

خشن ع پلاس یعنی ٹاٹ اور عربی مین ہر چیز سخت اور نام بیماری جس سے چمڑا سخت ہو جاتا ہی۔

خشمگین ف غضبناک و غصہ کی حالت۔

خا با صاد

خصیدن ف تبر جس سے لکڑیان چیرتے ہین ہندی کو لہاڑا۔

خا با ضاد

خضرخان ف ایک شاہ ہند کا نام ہی جو شاہ تیمور کا نائب تھا۔

خا با طاء

خط ریحان ف ایک قسم کے خط نستعلیق کا نام ہی۔

خط کشیدن ف ترک کرنا دور کرنا محو کرنا۔

خط سرکشیدن ف بیفائدہ کام کرنا اور وہ کام کرنا جو ناپایدار ہو۔

خا با فاء

خفقان ع گھبرانا دل کا دھڑکنا چھاتی کا۔

خفتان ع جامہ سپاہیان جسکو جلتہ کہتے ہین۔

خفتن ف سونا آرام کرنا نیند مین ہونا۔

خا با لام

خلجان ع تردد و تفکر و آب غلیظ منی۔

خلاشان ع حاسدان دشمنان و عداوتی لوگ۔

خلقان ع جامہاے کہنہ جمع خلق کی۔

خلع بدن اپنا قالب چھوڑ کر روح کو دوسرے قالب مین لیجانا جو ایک عمل جوگیونکا ہی نام اس عمل کا سیبا ہی۔

خلان ع دوستان جمع خلیل کے لفظ کی ہی۔

خلانیدن ف چبھانا کسی کانٹے یا نشتر کا۔

خلیدن ف چبھنا کسی کانٹے یا نشتر کا۔

خا با میم

خموشیدن ف چپ رہنا بات چیت کرنے سے۔

خمیدن ف ٹیڑھا ہونا کوزہ پشت ہونا کبڑا ہونا۔

خا با نون

خنبیدن ف تال دینا کسی کے گانے کے وقت۔

خندان ف وہ شخص جو ہنستا ہو۔

خندیدن خندانیدن ف ہنسنا اور ہنسانا۔

خا با واو

خوش عنان ف گھوڑا اینک رفتار جسکی رفتار سبک تیز ہو۔

خوشیدن ف خشک ہونا بے آب ہونا بیرونق ہونا۔

خوشانیدن ف خشک کرنا بے آب و بیرونق کرنا۔

خوشدامن ف ساس مرد یا عورت کی۔

خوان ف خوانچہ طعام کا جسمین بہت سے کھانے رکھے ہون۔

خواستن ف چاہنا طلب کرنا خواہشمند ہونا۔

خواندن ف پڑھنا کسی کتاب اور خط کا۔

خورجین ف چمڑے کا تھیلا جسمین اسباب رکھا جائے۔

خوردن ف کھانا طعام وغیرہ چیزون کا

خویشتن ف آپ اور اپنا۔

خویشان ف رشتہ دار قریبی لوگ۔

خوانین ف جمع خان کے لفظ کی بہت سے سردار۔

خواقین ف جمع خاقان یعنی بہت سے بادشاہ۔

خواتین ف بیبیان جمع خاتون کے لفظ کی ہی۔

خوردان ف بچے اور لڑکے جو کم عمر ہون۔

خورانیدن ف کھانا کسی چیز یا طعام کا۔

خوزستان ف نام ملک جو فارس کی ولایت مین واقع ہی۔

خولنجان ع نام دوا یعنی بڑے بولا کی جڑ سے جسے ہندی مین کلنجن ایسکا نام ہی

خا با یا ہ

خیابان ف چمن کیاری جو باغون مین بناتے ہین۔

خیون ف گروہ فوجین ولشکر وغیرہ۔

خلیسیدن خلیسانیدن ف ترکرنا کسی چیز کا پانی سے۔

خیزران ف ایک قسم درخت بید کا ہی۔

خیروان ف نام قصبہ جا ظہور امام مہدی علیہ السلام۔

اٹھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور اخیر مین نون ہی

دال با الف

دائن ع قرض دینے والا جو کسی کو قرض دیوے۔

دادن ف دینا بخلاف گرفتن کے۔

داجن ع ابر گھنا گھنگھور پوشیدہ کرنے والا سایہ دار۔

دار الامان ع خانہ کعبہ اور بہشت اور امان کا گھر۔

دارین ع دین و دنیا زندگی موت دونون جہان۔

داشتن ف رکھنا کسی چیز کا اپنے قبضہ مین۔

دانستن ف جاننا علم حاصل کرنا آگاہ ہونا خبردار ہونا۔

دامن جمع دامان ف کنارہ کپڑے کا انچل۔

داستان ف قصہ حکایت و سرگذشت کسی کا۔

دالان ف مشہور لفظ ہی بڑا کمرہ گھر کا جسمین بہت سے آدمی بیٹھ سکین۔

دامغان ت نام ایک شہر کا ہی۔

دامن فشاندن ف ناز کرنا انکار کرنا ترک کرنا کسی بات سے۔

دامن چیدن ف کنارہ کرنا الگ ہونا تارک ہونا۔

دال با با

دبستان ف جگہ ادب یعنی مکتب و دبستان اسکا اصل ہی۔

دال با خاء

دخان ع دود یعنی دھوان جو آگ سے نکلتا ہی۔

دخن ع غلہ ازرن جسکو چینا کہتے ہین۔

دال با راے

درمان ف علاج بیماری کا معالجہ کسی درد کا۔

درن ف زلو یعنی جونک جو مشہور کرم سیاہ ہی۔

درزن ف سوزن اصل مین درزند تھا ہندی سوئی۔

درخشیدن ف چمکنا جلوہ گر ہونا روشن ہونا۔

درودن ف کاٹنا لکڑی اور کھیتی کا۔

درخشان و درفشان ف روشن اور چمکتا ہوا۔

درازشدن ف سونا لیٹ جانا۔

دربان ف چوکیدار پاسبان و محافظ۔

درآمدن ف آنا کسی مقام سے۔

درآویختن ف لٹکنا لڑنا دشمن سے۔

درباختن ف ضایع کرنا کھیلنا ہار دینا۔

درماندن ف عاجز ہونا گزور ہونا رہ جانا۔

درمیان فـ بیچ درمیان بیچ دو چیزون کے بیچ مین۔
دریدن فـ پھاڑنا پارہ کرنا کپڑے یا کاغذ یا چمڑے کو۔
درون فـ درمیان اور اندر کسی چیز کے۔
درائیدن فـ آواز کرنا جرس کا اسکے بجانیکے وقت۔
دروغزن فـ جھوٹھا آدمی کاذب۔
در پوست افتادن و در پوستین افتادن فـ کسی کی عیب جوئی مین غور کرنا عیب لگانا۔

دال با زاے

دژتاب فـ ہر چیز جسکا مزہ تیز ہو ہر ایک مزے مین۔
دزدیدن فـ چورانا سرقہ کرنا کسی چیز کا۔
دژمان فـ افسوس و حسرت و دریغ۔
دژرویلین فـ نام قلعہ جو بہت مضبوط ہو۔

دال با سین

دستان ع نام پدر رستم جسکو زال بھی کہتے ہین مکر و حیلہ و فریب و سرود و نغمہ۔
دست برنجن فـ کنگن عورتون کے پہننے کا جو مشہور زیور ہے
دسترخوان فـ سفرہ خوانچہ و خوان طعام۔
دست شستن فـ نا امید ہونا ہاتھ دھونا۔
دست یافتن فـ غالب ہونا ہاتھ پانا کسی چیز سے۔
دست افشاندن فـ ترک کرنا الگ ہونا کسی چیز سے۔

دال با شین

دشمن فـ مشہور لفظ ہے جسے عداوت ہو ورد جسے بغض و عداوت

دال با فاء

دفن ع زمین مین چھپانا داب دینا کسی چیز کو۔
دفائن ع جمع دفینہ یعنی بہت خزانے دابے ہوئے۔
دفین ع زمین مین گڑا ہوا مال دفن کیا ہوا مردہ۔
دفتین ع جولاہہ کی کھنگی اور نقاشون اور کاتبون کا مقوہ جسپر کاغذ رکھکر لکھتے ہین۔

دال با کاف

دُکان و دُکان ع مشہور لفظ ہے وہ مکان جسمین بیٹھکر سودا فروخت کرین۔
دکاکین ع جمع دکان کے لفظ کی ہے۔
دکن ہند مین ایک ملک کا نام ہے۔

دال با لام

دلفین ع ایک قسم کی مچھلی ہے جسکا یہ نام ہے۔

دال با میم

دمیدن فـ پھونکنا پیدا ہونا نکلنا کسی جگہ پوشیدہ سے جوش مارنا طلوع ہونا روشن ہونا ظاہر ہونا۔
دماغ سوختن فـ محنت کرنا یا صنعت مین مصروف رہنا۔
دم سیاوشان فـ ایک سرخ رنگ دوا کا نام ہے۔
دمان فـ جوش کرنے والا غضبناک سخت بیباک لینے والا یہ لفظ اکثر پیل و اژدہا و شیر کی تعریف مین لکھا جاتا ہے
دمن ع سرگین نجاستگاہ جہان سرگین و خس و خاشاک جمع ہو۔
دم خوردن فـ فریب کھانا کسیکے دام مین آنا۔
دم بستن فـ چپ رہنا خاموشی اختیار کرنا۔
دماغ بیہودہ بخشیدن فـ کام ناحق کرنا۔

دال با نون

دِژم ف خم ہزرگ خم و رازنیل گر آن جسکو زمین میں گاڑ کر کام میں لاتے ہیں ہند میں مٹکا
دِن ت ترکی میں یہ لفظ سے کے معنی دیتا ہے جیسے کہ فارسی
میں از اور عربی میں من و عن ۔
دندان بکام فرو بردن ف کامیاب ہونا غضب
میں آنا غصہ کرنا جوش میں آنا ۔
دندان تیز کردن ف طمع اور کینہ کرنا غضب پر آمادہ ہونا
دندان ف دانت جس سے کھانا چباتے ہیں ۔
دندان نمودن ف ہنسنا اور لاجواب ہونا کسی کی تقریر سے

دال با واو

دودمان ف خاندان و قبیلہ و گھرانا و قوم لوگ
دَوان ف دوڑتا ہوا تیز رفتاری کی حالت میں ۔
دوانیدن ف دوڑانا کسی گھوڑے وغیرہ کو ۔
دواوین ف جمع دیوان کی بہت سی کچہریاں ۔
دوربین ف ایک اوزار ہے جس سے دور کی چیز دیکھ لیتے ہیں
دُکان ف مشہور لفظ ہے جس میں بیٹھکر سودا بیچیں ۔
دوختن ف سینا کسی کپڑے وغیرہ کا ۔
دویدن ف دوڑنا تیز چلنا ۔
دو جہان ف دین و دنیا زندگی موت بھلا برا ابتدا انتہا
دوکدان ف چرخہ سوت کاتنے کا ۔
دوشیدن ف دودھ دوھنا جانوران شیردار سے
دُون ف کمینہ و خسیس سفلہ ہونا کے معنی عربی میں ۔
دونان ف کمینے لوگ خسیس آدمی سفلے ۔
دوزبان ف منافق جو منہ پر دوست اور دل میں دشمن ہو

دوران ف گردش آسمان و گردش سر مجاز آ زمانہ ۔

دال با ہا

دہقان ع معرب دہگان جسکے معنی جاٹ کے ہیں ۔
دہانیدن ف دلانا کسی چیز کا کسی کو ۔
دہاقین ع جمع دہقان کی یعنی بہت سے زمیندار لوگ ۔
دہستان ف ایک ملک کا نام ہے ۔
دہن و دہان ف منہ جس سے بولتے ہیں ۔
دُہن ع تیل و گھی وغیرہ چرب چیزیں ۔

دال با یا ے

دَیّان ع بدلہ دینے والا قہر کرنے والا حساب لینے والا
اور یہ نام خدا کے ناموں میں سے ہے ۔
دَیدن ع خو و عادت ۔
دیدن ف ملاقات کرنا دیکھنا ایک دوسرے کو ۔
دیگدان ف چولہا طعام پکانے کا جسپر ہنڈیا رکھتے ہیں ۔
دُیون ع جمع دَین بمعنی قرض جسکو دام بھی کہتے ہیں ۔
دِین ع مذہب و حساب و طریق اور فارسی میں
نام چوبیسویں تاریخ ماہ شمسی کا ۔
دَین ع دام یعنی وہ قرض جسکے ادا کے لئے میعاد
مقرر ہو اور بے میعاد کے لئے قرض نام ہے ۔
دیدبان ف جاسوس حال دیکھنے والا خبر گیر ۔
دیرپان ف دیر تک رہنے والا ٹھہرنے والا ۔
دیدان ع جمع دود جسکے معنی کرم کے ہیں ۔
دیوان ف کچہری کی جگہ و داد و فریاد و حساب کچہری کتاب مجموعہ لما

اصلی معنی اسکے جمع کرنیکے ہین اور مصدر اسکا ندوین بھی ہی۔

نوین فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف ذال اور اخیر مین نون ہی

ذال با الف

ذات البین ع مقدمہ درمیان دو شخص وکیل جو دو لوگو درمیان ہو

ذات الیمین ع جانب دست راست یعنی مردان صالح۔

ذال با قاف

ذقن ع زنخدان جسکو ٹھوڈھی کہتے ہین۔

ذال با لام

ذلق بیان ف فصیح و بلیغ آدمی جسکے کلام مین کوئی عیب نہو۔

ذال با واو

ذو النون ع لقب یونس پیغمبر و نام مرد ولی جو مصر مین تھا۔

ذو القرنین ع لقب سکندر رومی جو مشرق سے مغرب تک گیا۔

ذو النورین ع لقب عثمانؓ تیسرے خلیفہ کا جسکے نکاح مین دو لڑکیان پیغمبر صاحب کی آئین۔

ذو المنن ع صاحب احسان نام خدا تعالے۔

ذو النیزن نام ایک بادشاہ یمن کا ہی۔

ذو فنون ع صاحب ہنر و فن۔

ذوبان ع گداختن یعنی گلانا و بیقراری۔

ذال با ہا

ذہن ع فہمیدگی و ہوش و ادراک۔

ذہین ع دانا یاد رکھنے والا صاحب حفظ و عقل و ہوش۔

دسوین فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف رائے اور اخیر مین نون ہی

رائے با الف

راۓ زن ف مرد دانا صاحب عقل و ہوش و ادراک۔

رایگان ف مفت بیعوض اور وہ چیز جو راستہ مین گری ہوئی ملجائے اصل مین یہ لفظ راہگان تھا۔

رازدان ف محرم دوست بھید کا واقف۔

راس السرطان ع وہ نقطہ جب اُسپر سورج پہنچتا ہی گرمی شروع ہوجاتی ہی۔

راہن ع گرو رکھنے والا جسنے کوئی چیز گروی ہو۔

راہ دادن ف اجازت دینا رضامند ہونا کسی کام مین۔

راہ بریدن ف سفر کرنا راستہ چلنا کسی کام مین حارج ہونا۔

راندن ف چلانا ہانکنا بیل وغیرہ کا۔

رائی العین ع آنکھ دیکھی بات جو روبرو گذری ہو۔

رامین ع نام عاشوق و نام ایک چنگ نواز کا۔

رانین ف جامہ شلوار جسکو ازار بھی کہتے ہین۔

راسن ع نام گیاہ جو خوشبودار و لطیف ہوتا ہی۔

ران ف عضو معروف انسان حیوان کے اعضاء سے ہی۔

رائے با با

ربودن ف لیجانا زبردستی سے چھین لینا کسی چیز کا۔

ربع مسکون ع ابادی زمین کی جو چہارم حصہ ہی اور تین حصہ دریاؤن اور پہاڑون کے نیچے ہی۔

رائے باجیم

رجم شیاطین ع جلانا شیطان یعنی ٹوٹنا ستارہ کا۔

رجحان ع زیادتی و فوقیت و بلندی و عزت۔

رائے باحا

رحمان ع بخشنے والا یہ نام خدا تعالیٰ کا ہے۔

رائے باخا

رخشاں ف روشن اور چمکتا ہوا سورج و چاند وغیرہ۔

رخیدن ف دم تند لینا بسبب دوڑنے کے ہانپنا۔

رخت بستن ف سفر کرنا رخصت ہونا کسی جگہ سے۔

رخشیدن ف چمکنا جلوہ دینا روشن ہونا۔

رخت افگندن ف مقیم ہونا ٹھہرنا مقام کرنا۔

رائے بازائے

رزین ف محکم و استوار و مضبوط و سخت چیز۔

رزیدن ف رنگنا۔

رائے باسین

رسیدن ف پہونچنا پختہ ہونا میوہ کا کمال کو پہونچنا۔

رسانیدن ف پہونچانا کسی کو کسی مقام تک۔

رستن ف چھوٹنا خلاص ہونا۔

رستن ف پیدا ہونا اگنا بڑھنا۔

رسن ف رسی جو پیچ و سوت وغیرہ سے بٹکر کام میں لاتے ہیں

رسا ف پہونچنے والا کسی رتبے و مقام کو۔

رائے باشین

رشتہ زدن ف ناپنا اندازہ کرنا کسی چیز کا۔

رشتہ دراز دادن ف مہلت دینا فرصت دینا۔

رشکین ف صاحب رشک چنانچہ چرکین صاحب چرک۔

رشتن ف کاٹنا اور بانٹنا سوت وغیرہ کا۔

رائے باضاد

رضوان ع خوشنودی و نام فرشتہ جو موکل بہشت پر ہے۔

رائے باطا

رطل گراں ف پیالہ بزرگ جس سے کوئی چیز غلہ وغیرہ کا اندازہ کریں

رائے بافا

رفتن ف جانا مرنا گذرنا کسی مقام سے۔

رفتن ف جھاڑنا جھاڑ دینا صاف کرنا کسی جگہ و مقام کا۔

رفیع الشان ع صاحب جاہ و دولت و عزت و آبرو و صاحب رتبہ و مراتب

رائے باکاف

رکیدن ف خود بخود قہر میں آکر بولنا جوش میں آنا غضبناک ہونا۔

رکون ع آرام کرنا میل کرنا راحت ہونا آسایش میں آنا۔

رکن ع خویش و قریب و جزو اعظم ہر چیز و پارہ کوہ
و قوت و گوشہ دیوار مجازاً استون۔

رکین ع محکم و استوار و مضبوط و سخت صاحب قدر و منزلت

رگ جان ف شریان جو ہلنے والی رگ جسم انسانی حیوان میں ہے
اور اسی کی حرکت سے بیماری کا حال معلوم ہوتا ہے۔

رائے بامیم

رمان ع انار جو ایک مشہور و معروف میوہ ہے۔

رمانیدن ف بھگانا ہزیمت دلانا کسی دشمن کو۔

رمیدن ف بھاگنا کسی دشمن کے مقابلہ سے لڑائی میں

رمضان ع نام ماہ صیام اصلی معنی اسکے جلنے کے ہین کیونکہ یہ سینہ گناہونکو جلا دیتا ہی مشتق رمض سے جسکے معنی جلنے کے ہین بسبب گرم ہونے زمین یا پتھر کے اور بعض کے نزدیک رمضان گرم پتھر کے معنی رکھتا ہی

راے با نون

رنجانیدن ف دوکھ دینا رنج پہونچانا آزردہ کرنا۔

رنجیدن ف آزردہ ہونا رنج پانا۔

رنگین ف رنگ کیا ہوا کپڑا یا کوئی اور چیز جسکو رنگ دیا گیا ہو۔

رنج ف مخفف رنج مشقت ومحنت ودکھ وآزردگی۔

رنگ بر رو شکستن ف ڈرنا خوف کرنا۔

راے با واو

روان ف اسی وقت وجلدی وجاری وجان وروح

روح الامین ع جبرئیل علیہ السلام کا نام ہی۔

روا داشتن ف جائز رکھنا کسی بات کا۔

روبان ف خاکروب جو جگہ کو صاف کرے۔

روبیدن ف جھاڑو دینا جگہ کو صاف کرنا۔

روغن ف تیل جو سرسون وتل وغیرہ اشیا سے نکالا گیا ہو اور گھی جو دودھ سے نکالا جاتا ہی۔

روگردانیدن ف انکار کرنا بیزار ہونا نماننا کسی کی خواہش کا۔

روئیدن ف اُگنا کسی سبزہ یا درخت کا زمین سے اور نکل لینا۔

روئین ف سخت وحاجت کی بنی ہوئی چیز اور عمارت جو بہت مضبوط

روحانیان ف فرشتگان جنکی پیدایش نور سے ہی۔

روشن ف تابان ودرخشان چمکتا ہوا ستارہ وغیرہ۔

رواشن ف عمارت کے تابدان جینسے مکان مین روشنی پڑتی ہی

روشنان ف ستارگان آسمانی جو چمکتے ہوئے نظر آتے ہین۔

روشندان ف تابدان جو عمارتون مین رکھتے ہین روشنی کے لیئے۔

رواقیان ف نام حکماے سلف جو طبابت کے موجد اور طب کا علم اُنسے نکلا۔

روئین تن ف لقب اسفندیار جسکے بدن پر ایک خدا پرست بزرگ کی دعا سے تیغ وتبر کارگر نہوتا تھا۔

رونق ع مجیٹھ جس سے کپڑے رنگے ہین رنگ اُسکا سُرخ ہوتا ہی۔

روزن ف سوراخ دیوار ودریچہ جو دیوار مین رکھا جائے۔

روازن ف جمع روزن کی بہت سے دریچے اور سوراخ۔

رو دادن ف توجہ کرنا متوجہ ہونا رغبت کرنا۔

راے با ہاے

رہان گرد وغبار جو بسبب دوڑنے گھوڑون کے اٹھے۔

رہن ع گرو اور گرو کرنا کسی چیز کو بعوض دوسری چیز کے

رہانیدن ف خلاص کرنا رہائی دینا قید سے۔

رہیدن ف خلاص ہونا رہائی پانا قید سے۔

رہزن ف ڈاکو جو راستہ مین مسافر کو لوٹ لیتے ہین۔

رہین ع گرو کیا گیا کوئی اسباب یا مکان وغیرہ۔

رہبان ع عابدان ترسایان جمع راہب کی۔

رہ نشین ف جو شخص منتظر کسی کے آنیکے واسطے ہو۔

راے با یاے

ریگ ریختن ف خراب کرنا ویران وبرباد کرنا۔

ریگ روان ف زمین ریگستان جو ہوا سے اُڑتی رہتی ہی۔

ریحان ف گل نازبو وہر ایک پھول خوشبودار۔

ریاحین ف جمع ریحان کی بہت سے پھول نازبو کے۔

ریان ع سیراب و تر و تازہ و آبدار و سرسبز۔
ریّن ع خبیث و گنہگار ہونا بدکردار و بد افعال ہونا۔
ریّن ع گرنا ایسی جگہ میں جو نکلنا وہان سے میسر نہو۔
ریعان ع آغاز ہر چیز خصوصاً آغاز جوانی کا۔
ریدن ع ہگنا جھاڑے پھرنا۔
ریشیدن ف ملنا رنگ کرنا کسی چیز کو۔
ریسیدن ف سوت کاتنا۔
ریستن ف ہگنا جھاڑے پھرنا کنوئین کے اندر اترنا بل دینا نوحہ کرنا
ریسمان ف سوت کاتنا اور کاتا ہوا سوت۔
ریختن ف ڈالدینا پانی وغیرہ کو زمین پر۔
ریزان ف گرتا ہوا ڈالتا ہوا بیٹھتا ہوا۔
ریمن ف چرک آلود و سرکش و مکار و دغا باز و فریبی۔
ریم آہن ف لوہے کا میل جو آگ مین ڈالنے کے وقت نکلتا ہی
ریمگین ف چرک آلودہ اور میلی چیز و گندہ و خراب۔
ریب المنون ع حوادث روزگار زمانہ کی سختیان۔

گیارھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف زاے اور اخیر مین نون ہی

زاے با الف

زابلستان ف ملک سیستان کا نام ہی۔
زادن ف جننا بچہ کا اور پیدا ہونا اولاد کا۔
زاریدن ف عاجزی کرنا رونا فریاد کرنا۔
زائیدن ف جننا بچہ کا پیدا ہونا اولاد کا۔
زانو زدن ف ادب سے بیٹھنا۔

زاے با بای

زبان ف عضو ناطقہ جیبھ اور بولی ہر قسم کی۔
زبرقان ع ماہ تمام و کاغذ سپید و نام ایک اصحاب کا۔
زبون ف خوار ضعیف و شتر لگد زن یعنی لات مارنے والا اونٹ
زبانیان ف مردکان سرکش دنیا و فرشتگان موکلان دوزخ
زباندان ف مرد فصیح و بلیغ جسکے کلام مین کوئی علمی نقص نہو۔
زبان دادن ف وعدہ دینا اقرار کرنا کسی کے ساتھ۔
زبان تر کردن ف سخن کرنا تقریر کرنا کلام کرنا۔

زاے با دال

زدودن ف کھرچنا چھیلنا صاف کرنا روشن کرنا۔
زدن ف مارنا یہ لفظ فارسی مین بہت معنی رکھتا ہی

زاے با راے

زرفین ع حلقہ دروازہ کا زنجیر دروازے کی۔
زر اندودن ف ملمع کرنا سونے کا چاندی وغیرہ۔
زرّین ف طلائی سونے کا کام۔

زاے با عین

زعفران ع کیسر جو مشہور چیز ہی۔

زاے با غین

زغن ع غلیواز یعنی چیل جو مشہور پرند ہی۔

زاے با فاے

زفان ف زبان اہل عرب کی استعمال مین ب بانگ کے ساتھ بدل جاتا ہی

زاے با کاف

زکیدن ف خود بخود تہ سے یوں اٹھنا جوش مین آنا

زاے با لام

زلفین ف زنجیر مسلسل اور دونون زلف۔

زاے با میم

زمین ف سطح زمین جسکو ہندی مین دھرتی کہتے ہین۔

زمستان ف جاڑے کا موسم سردی کا وقت۔

زمن ف زمانہ وآفت ورنج وتکلیف۔

زمانیان ف زمانہ کے لوگ جہان کے آدمی۔

زمردین ف سبز رنگ جیسے زمرد کا ہوتا ہی۔

زمن ع وہ شخص جو جگہ سے ہل نہ سکے چلنے سے عاری ہو
مجازاً آفت زدہ ومبتلا ورنجور وبیمار۔

زمانہ ع ساعت زمانہ وروزگار ودمرگ عہد وقت وفرصت مجازاً آسمان

زاے با نون

زند خوان ف بلبل وقمری وغیرہ پرند بولنے والے۔

زنگان ف نام ایک شہر کا ہی۔

زنگہ شاوران ف نام پہلوان ایرانی۔

زنخدان ف ٹھوڑھی جسکو ذقن بھی کہتے ہین۔

زنگولہ بستن ف حاصل کرنا رتبہ کا عزت پانا۔

زن ف عورت جورو بخلاف مرد کے۔

زندان ف قیدخانہ جسمین گنہگار قید کیے جاتے ہین۔

زندانیان ف قیدی لوگ جو قیدخانہ مین قید کیے جاتے ہین

زاے با واو

زوزن ف خراسان مین ایک شہر ہی جسکا یہ نام ہی۔

زولیان ف شیطانان وشریران۔

ژولیدن ف الجھنا پیچ در پیچ ہونا مسلسل ہونا

ژوہیدن ف ٹپکنا پانی کا۔

ژوبین ف چھوٹا نیزہ چھوٹی برچھی۔

زاے با ہاے

زہیدن ف جوش دینا باہر آنا ابلنا۔

زہدان ف بچہ دان یعنی رحم عورت کا جسمین بچہ پیدا ہوتا ہی

زہ برزدن ف بند کرنا شیرازہ باندھنا درست کرنا۔

زاے با یاے

زین ع آراستہ کرنا زیب دینا درست کرنا۔

زین ف گھوڑے کا زین جسپر سوار بیٹھتا ہی۔

زیبان ف خوب وزیبا ودرست وآراستہ۔

زیرہ کرمان ف کرمان کا زیرہ جو بہت اچھا ہوتا ہی۔

ژیان خشمناک ف ویر غضب صاحب جوش۔

زیان ف نقصان جو کسی مال مین عائد ہو۔

زیبیدن ف آراستہ ہونا سنگار کرنا درست ہونا۔

زیرین ف نیچے کا درجہ نیچے کی منزل۔

زیستن ف جینا زندگانی کرنا بخلاف مردن کے۔

بارھوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف سین اور آخیر مین نون ہی

سین با الف

سانگین ت ہر چیز محبوب مجازاً پیالہ شراب۔

ساسان ف گدا و فقیر اور نام پسر بہمن جو اپنی بہن ہما نام کے خوف سے فقیر ہو گیا تھا اور شاہان ساسانی اسکی اولاد ہین -

عُصَارَہ ع عرق نچوڑا ہوا انگور وغیرہ کا۔
عِصَابَہ ع رومال سر باندھنے کا۔
عَصَبَہ ع پٹھے کہ حس و حرکت وپیوستگی مفاصل کی انسے ہے۔
عُصْبَہ ع گروہ مردمان دس سے چالیس تک۔
عَصِیْدَہ ع ایک قسم کے حلوے کا نام ہے۔
عُصَارَہ ع جو چیز نچوڑنے سے نکلے مثل روغن آب وغیرہ۔

عین با ضاد

عِضَادَہ ع دہلیز کے دونون بازون کی لکڑیان۔
عَضَلَہ ع اولہ۔

عین با طاء

عَطْفَہ ع موڑنا پھیرنا لپیٹنا مہربانی سے پیش آنا مہربانی کرنا اور سنجاف دامن مین جو لگائی جاتی ہے۔
عُطُوفَہ ع مہربان عورت نرم مزاج بی بی۔
عَطِیَّہ ع بخشش و مہربانی و کرم و لطف۔

عین با فاء

عَفِیْفَہ ع پاکدامن عورت نیکوکار بی بی۔

عین با قاف

عَقَبَہ ع دشوار راستی دشوار مکان و امور دشوار جنکا ظہور مین آنا مشکل ہو۔
عُقْلَہ ع بندہ اور نام ایک منحوس شکل کا اشکال رمل سے۔
عَقِیْلَہ ع سردار قوم و برگزیدہ و ہوشیار و افسر۔
عَقِیْقَہ ع ضیافت پیدا ہونے و نام رکھنے اور بال اترانے بچہ کی۔
عَقِیْدَہ ع جو بات دلمین قائم ہو چکی ہو۔
عَقْوَہ ع میدان و صحن سرا یعنی گھر کا انگن۔
عقول عشرہ ع دہ فرشتگان مقرب الٰہی۔
عُقْدَہ ع گرہ اور مشکل بات جسکا ظہور مین آنا آسان نہو۔

عین با لام

عَلَاوَہ ع مزید بران اسکے سوا سے۔
عَلَانِیَہ ع ظاہر و آشکار سب کے روبرو۔
عَلِیْقَہ ع گھوڑون کے دانہ کھلانے کا توبرہ۔
عَلَاقَہ ع آویزش و رابطہ و پیوند از راہ دوستی یا دشمنی دو شخصون یا چند شخصون مین۔
عَلَّامَہ ع عورت دانا اور مرد صاحب علم و صاحب ہنر۔
عَلِیَّہ ع بلند اور اونچی عمارت اور اونچا رتبہ۔
عَلُوفَہ ع خرچ خوراک و روزینہ و درماہا و وظیفہ۔
علیحدہ ع الگ اپنی حد پر اپنے مقام پر۔

عین با میم

عَمَّہ ع پھوپھی باپ کی بہن۔

عَمَامَہ ع و عَمَامَہ ع دستار۔

عَمَلَہ ع کار و عمل۔

عَمَلَہ ع نیکی۔

عَمَلَہ ع کام کرنے والے جمع عامل۔

عَمَل خانہ ف دیوانخانہ۔

عُمدَہ ع اچھا اور جاے اعتماد۔

عُمرَہ ع حاجیون کی ایک قسم کی عبادت۔

عین با نون

عِنَبِیَّہ ع نام تیسرے طبقہ کا آنکھون کے سات طبقون سے۔

عَنبرِینَہ ع ایک ڈولا زیور ہوتا ہے جسمین عنبر رکھتے ہین۔

عَنکَبُوتِیَّہ ع آنکھون کے چوتھے طبقے کا نام ہے۔

عین با واو

عَوَّارَہ ع بیدل۔

عَوِیصَہ ع مشکل و دشوار۔

عین با یاء

عَیلَہ ع درویشی۔

عَیبَہ ع چرمی صندوق کپڑون کا۔

عَیقَہ ع نہر کا کنارہ۔

عَین اللہ ع امان خدا۔

اونیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے

اول حرف غین اور آخیر مین ہاء ہے

غین با الف

غَائِلَہ ع شر و بدی و آفت۔

غَاشِیَہ ع قباحت و بیماری دل و زین پوش اسپ۔

غَالِیَہ ع نام خوشبوئے مرکب۔

غَازَہ ع گلگونہ جو عورتین منھ پر ملتی ہین۔

غَادِیَہ ع صبح اور جو بادل صبح کو آوے۔

غَاذِیَہ ع قوت ہضم غذا۔

غین با باء

غِبطَہ ع کسی مال لینے کی آرزو کرنی بغیر اسکے کہ اسکے مال کا زوال چاہتا ہو۔

غین با دال

غُدوَہ ع وقت میان فجر و طلوع آفتاب۔

غین با راے

غُرفَہ ع ایک دفعہ اٹھانا پانی کا ہاتھ سے۔

غُرفَہ ع بلند رکھست و بالاخانہ جو چوپایہ کے کنارہ پر ہو مجازاً آدرجہ

غَرِقَہ ع غرق ہوا ہوا۔

غَرچَہ ف مخنث و ناداں و زبون۔

غَرَارَہ ع ناآزمودہ کار ہونا فریب کھانا۔

غِرَارَہ ع گون و جوال۔

غَرغَرَہ ع پانی منھ مین لینا کلی کرنی۔

غُرَّہ ع سفیدی پیشانی اسپ بہتر ہر چیز پہلی ہر یک ماہ۔

غِرَّہ ع فریفتگی۔

غَرَّہ ع فریفتہ ہونا۔

غرندہ ف آواز کرنیوالا۔

غین با زاے

غزالہ ع بچہ آہو جو مادہ ہو و یعنی آفتاب۔

غزوہ ع جنگ اہل اسلام با کفار ہمراہی امام وقت کے

غین با سین

غسالہ ع وہ پانی جس سے نہائیں یا نہا چکے ہوں۔

غسلخانہ ف حمام۔

غین با شین

غشاوہ ع پردہ۔

غین با صاد

غصصہ ع اندوہ گلوگیر۔

غین با لام

غلالہ ع وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنیں۔

غلالہ ف زلف معشوق۔

غلہ ف اناج۔

غلغلہ ف جوش و ہجوم و گولہ۔

غلمہ ف تیزی شہوت۔

غلبہ ف زبردستی و زور۔

غلمہ ع جمع غلام۔

غین با میم

غمزہ ع ابرو اور آنکھ سے اشارہ کرنا۔

غمچہ ع پسخوردہ اور جرعۂ آب۔

غمکدہ ف غمخانہ۔

غین با نون

غنچہ ف کلی پھول کی۔

غنہ ع وہ نون جسکی آواز ناک مین سے نکلے جیسکہ جہان مین نون غنہ ہے۔

غین با واؤ

غوطہ ع پانی مین جانا و نام شہر کا۔

غورہ ع ترش انگور و انگور خام جو ترش ہو۔

غوزہ ع وہ پوست جو روئی کے اوپر ہوتا ہے۔

غوجہ ف مرغ کی کلغی۔

غوطہ ع ڈبکی پانی مین لگانا۔

غین با یاے

غیضہ ع بیشہ اور جنگل اور غیر آباد زمین۔

غیبہ ع ترکش و جیبہ جسمین تیر رکھتے ہین۔

بیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف فا اور اخیر مین ہا ہے۔

فا با الف

فارہ ع نافۂ مشک و تیز رفتار و زیرک۔

فاژہ ف خمیازہ یعنی جمہائی جو آدمی لیتا ہے۔

فائحہ ع خوشبو و خوشبو دینے والی چیز۔

فاکہہ ع میوہ ہر قسم کا اور پھل جو کھایا جاتا ہے۔

فاطمہ ع وہ عورت جس نے دو سالہ بچہ کا دودھ چھوڑایا ہو اور نام دختر نیک اختر محمد صلی اللہ علیہ وسلم مادر حسن حسین علیہم السلام۔

فاتحہ ع کھولنے والی عورت اور نام پہلی سورۃ قرآن مجید کا وابتدائے ہر چیز کا۔

فاختہ ف قمری جانور مشہور ہے۔

فاضلہ ع بزرگ اور زیادہ وعطا و مہربانی۔

فاصلہ ع فرق دو چیزوں میں۔

فاحشہ ع بدکار عورت زانیہ عورت۔

فاقہ ع گرسنہ و نہار بھوکے رہنا۔

فالودہ ف چاولوں کی پیچھ جمی ہوئی۔

فائدہ ف نفع اور سود اور بھلائی۔

فا با تا

فتنہ ع خرابی و دیوانگی و فریفتہ و عاشق و دلدادہ۔

فتحہ ع حرکت زبر کی جو حروف پر دیجاتی ہے۔

فتیلہ ع بتی چراغ وغیرہ کی جو روئی و تلگے سے بنائی جائے۔

فتاتہ ع ریزہ ہائے ہر چیز اور ٹکڑے ہر چیز کے۔

فا با جیم

فجفجہ ف وہ پوشیدہ بات جو مشہور ہو جائے اور ہر کسی کو معلوم ہو جائے

فجرۃ ع جمع فاجر زناکاران و بدکاران و فاسقان و فاجران۔

فا با خا

فخفرہ ع بروزن مسخرہ غلہ جو چو مشہور غلہ ہے۔

فا با دال

فدیہ ع صدقہ ایثار اپنی جان کا تصدق۔

فا با را

فرسودہ ف کہنہ و ریختہ و خراب شدہ اور گھسا ہوا۔

فرغانہ ف ماوراء النہر میں ایک علاقہ ہے مابین سمرقند و اندجان دو شہروں کے۔

فرازندہ ف بلند کرنے والا اور چڑھانے والا۔

فروزینہ ف خار و خاشاک آگ جلانے کا ایندھن۔

فرہ ف شان و شوکت و فخر و عزت و آبرو و توقیر۔

فرہ ف زیادتی و غلبہ و سبقت و پیشدستی۔

فرہ ف خوش طبیعت اور خوش ہونا رضامند ہونا۔

فرزانہ ف حکیم و دانشمند و دانا و صاحب علم۔

فرزجہ ف وہ ٹکڑا کپڑے کا جو دوا سے تر کرکے عورتیں واسطے حمل رکھیں

فرومایہ ف بے ہنر و کم دولت و کم عقل و مفلس و نادار۔

فرشتہ ف مخلوقات آسمانی یعنے ملائک۔

فرستندہ ف معرب پرستندہ بندگی کرنے والا۔

فروختہ ف بیچا گیا جسکی قیمت الشان سے چکا ہو۔

فرقہ ع جماعت قوم گروہ آدمیوں کا۔

فرودگاہ ف اترنے کی جگہ بستر کا مقام۔

فروشندہ ف بیچنے والا جو چیز کو بیچے۔

فرجہ ع سوراخ و شگاف و فاصلہ دو چیزوں میں۔

فریسہ ع وہ جانور جسکی گردن شیر یا پلنگ یا سگ نے توڑ دی ہو۔

فرہیختہ ف ادب آموختہ صاحب خلق و ادب۔

فربہ ف موٹا جسیم پر گوشت۔

فریہ ع دروغ و افترا اور جھوٹی بات

فراہ ف ایک شہر کا نام ہے ہرات کے علاقہ میں۔

فریضہ ع فرض خدا کا حکم جو انسان پر نازل ہے اسکا ادا کرنا ضروری ہے

فراشتہ ع جاروب یعنی جھاڑو جس سے جگہ صاف کرتے ہین۔

فرغودہ ہ سنسکرت و پیچیدہ یعنی گوندھا ہوا اور لپٹا ہوا۔

فریفتہ ع عاشق و دیوانہ و فریب کھائے ہوئے سودائی مین آئے ہوئے

فرائض پنجگانہ ف پنج وقت کی نماز جو مسلمانون پر فرض ہی

فرخندہ ف مبارک و خجستہ و نیک۔

فروجہ ع جوزہ بچہ مرغی کا جو چھوٹا سا ہو۔

فرفرہ ف پھرکی چمڑے کی جسمین تاگا یعنی رشتہ ڈال کر لڑکے پھراتے ہین اور یہ ایک کھیل لڑکون کا ہی۔

فا با سین

فسیحہ ع فراخ اور چوڑی چیز۔

فسقہ ع فاسقان یعنی بدکار لوگ۔

فسدہ ع فساد کرنے والے اور فتنہ انگیز لوگ۔

فسانہ ع حکایت بے اصل و داستان فرضی جو غیر واقع حال ہو جیسے کہ فسانہ عجائب و مثنوی میر حسن وغیرہ۔

فا با صاد

فصول چارگانہ ع چار فصل موسمی یعنی تابستان زمستان ربیع خریف

فا با ضاد

فضلہ ع پس ماندہ کھانا وغیرہ۔

فضہ ع چاندی نقرہ جو مشہور دھات ہی۔

فا با قاف

فقہ ع پا جاننا اور نام علم احکام شریعت محمدی صلے اللہ علیہ وسلم

فقاہ ع دانائی و عقل و ہوش فہم و ادراک۔

فقیہ ع دانا اور عالم دین کا شرع کا واقف۔

فقرہ پارہ ہا استخوان پشت اور ٹکڑا عبارت نثر کی جو منزلہ مصرع کے ہو

فا با کاف

فنگانہ ف حمل جو نو مہینے سے اول گر جاے۔

فا با لام

فلکہ ع ایک چھوٹی لکڑی مدور سوراخ دار خیمہ کی چوب کے سر پر ہوتی ہین تیر چرخہ کے تکلے کا منکا جسے ہندی مین پھرکی اور فارسی میں بادریسہ کہتے ہین

فلسفہ ع حکیم و دانشمند ہونا صاحب علم و فضل ہونا۔

فلاسفہ ع حکیمان و دانشمندان صاحبان علم و فضل۔

فلہ ع پہلے دن کا دودھ جو آگ پر رکھنے سے پھٹ جاتا ہی یعنی کھیس و پیوسی۔

فا با واو

فوارہ ف جوش مارنے والا فوراً جوش مارنے والا۔

فوطہ ف جامہ نادوختہ و دستار و رومال وغیرہ اور وہ روپیہ جو رعایا خزانہ شاہی مین داخل کرے۔

فوح ع بوے خوش اور خوش و مطبوع ہوا۔

فوہ ع دہان یعنی منھ افواہ اسکی جمع ہی۔

فوہ ع مجیٹھ جس سے کپڑے رنگتے ہین۔

فواکہ ع جمع فاکہ میوہ ہا درختون کے پھل جو کھائے جاتے ہین

فا با یا

فیروزہ ع ایک نیلگون جوہر کا نام ہی جو قیمتی ہوتا ہی۔

فیصلہ ع جدا ہونا حق کا باطل سے۔

فی نفسہ ع اپنی ذات مین۔

فیلولہ ع عصر کے وقت سونا جو موجب نحوست و ضعف عقل ہی اور شرعاً منع ہی۔

فئہ ع گروہ مردم و قوم و جماعت آدمیون کی۔

فی الجملہ ع حاصل کلام و مجمل کلام و نتیجہ کلام اور تھوڑا سا سبب اختلاف اور صلۂ کلام کا

اکیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف قاف اور اخیر مین ہا ہے

قاف با الف

قاپخانہ ف قمارخانہ قاپ ہڈی کو کہتے ہین - پانسے قمار کے ہڈی کے ہوتے ہین اسواسطے قاپخانہ نام رکھا گیا -

قارورہ ع حقہ یارو کا اور شیشہ کانچ کا جسمین قارورہ طبیب کو دکھاتے ہین

قاقلہ ع چھوٹی الائچی جو مشہور چیز ہے -

قاہ قاہ ع خندہ بآواز یعنی آواز سے ہنسنا -

قابلہ ع متکفل و ضامن و دایہ و دودھ پلانے والی -

قالیچہ ف بچھونا فرش مکلف اور قالین چھوٹا -

قامحہ ف توڑنیوالی خوار کرنیوالی برباد کرنیوالی -

قانعہ ف صاحب قناعت عورت صاحب صبر -

قارعہ ع حادثہ و سختی و روز قیامت حشر کا دن -

قاہرہ ع غالب و زبردست اور نام شہر کا مصر سلطنت مین -

قافیہ ع پیچھے چلنے والا اور وہ قافیہ جو نظم مین ہوتا ہے جیسا کہ ہندوستان کا قافیہ بوستان ہے -

قاعدہ ع دستور و طریق اور عورت بیٹھی ہوئی اور طرز و قانون -

قافلہ ع گروہ مردم و کاروان جو ملکر سفر کرین -

قائمہ ع خط مستقیم پر دوسرا خط اسطرح قائم ہو کہ اُس سے دو زاویہ پیدا ہون اسطرح پر قائمہ قائمہ

قاف با با

قبہ ع گنبد اور اونچی عمارت جو گول بنی ہوئی ہو -

قبرغہ ت پہلو و استخوان پہلو -

قبالہ ع تمسک و قبالہ و سبند و بیعنامہ و رہن نامہ وغیرہ -

قبلہ ع جو سمت منہ کے سامنے ہو یعنی روبرو ہو -

قبیلہ ع گروہ جو اولاد ایک باپ کی ہو یعنی ہم جدی -

قبضہ ع مٹھی مین لینا اور تصرف مین لیا ہوا مال وغیرہ -

قبرہ ع نام ایک خوبصورت جانور کا ہے -

قباچہ ف چھوٹی قبا و سینہ بند و صدری -

قاف با حا

قحبہ ع زن بدکار اور کھانسی کی بیماری جسکو سرفہ کہتے ہین

قاف با دال

قدوہ ع پیشوا آگے چلنے والا امام سرگروہ -

قدریہ ع تھوڑا سا مقدار حسب ضرورت -

قدریہ ع ایک گروہ و فرقہ خلاف شرع محمدی کے ہے انکا قول ہے کہ نیکی کا عوض اور بدی کی سزا نہین ملیگی کیونکہ جو کچھ ہمنے کیا اُسکی تقدیر مین ایسا تھا جو ہمنے کیا اپنے اختیار سے نہین کیا -

قاف با را

قرابہ قرآبہ ع شیشہ شراب کا جسکو صراحی بھی کہتے ہین -

قریحہ ع آدمی کی طبیعت انسان کا مزاج -

قرہ ع خنکی و سردی و راحت و روشنی و تازگی -

قرطہ ع گوشوارہ جھمکے جو ایک مشہور زیور ہے -

قربہ ع مشک پانی کی جسمین پانی بھرا جاتا ہے -

قراضہ ۶ ریزہ سونے چاندی کا اور ریزہ درہم و دینار۔
قرعہ ۶ چوب پارہ اور آلہ فال دیکھنے کا نجوم کے علم مین۔
قرعہ ۶ کدو سے ترشی وہ کدو جو ہنوز سبز ہو۔
قریہ ۶ گاؤن چھوٹی بستی آبادی۔
قرینہ ۶ مناسبت ہمیشگی و نزدیکی۔
قرحہ ۶ زخم و ریش جو پرانا پڑ جائے۔
قرحہ ۶ وہ زخم جسمین ریم ہو یعنی تر زخم۔
قرون خالیہ ۶ گذشتہ زمانے گذرے ہوے وقت۔

قاف با سین

قسطنطنیہ نام شہر دار الملک روم کی سلطنت کا ہی۔
قسامہ ۶ سوگند دینا قسم کھلانا حلف دینا کسی کو۔
قسیمہ ۶ مشک یعنی کستوری جو مشہور خوشبو ہی۔
قسوۃ ۶ سخت دل ہونا بیرحم ہونا۔
قسورہ ۶ شیر درندہ یعنی جنگلی شیر شکاری۔

قاف با شین

قشقہ ۶ ماتھے پر ٹیکا لگانا جیسے برہمن ہندو لگاتے ہین۔
قشعریرہ ۶ بالون کا بدن پر کھڑے ہو جانا بسبب کسی صدمہ کے

قاف با صاد

قصبہ ۶ چھوٹا شہر اور نی جو اندر سے پولی ہو جیسا کہ بانس جو پولا ہوتا ہی۔
قصب الذریرہ ۶ ہندی چرائتہ جو ایک مشہور دوا ہی۔
قصعہ ۶ کاسہ بزرگ یعنی بڑا پیالہ۔
قصبچہ ف پارچہ قسم کتان جو عمدہ ہوتا ہی۔
قصیدہ ۶ مستطیر و غلیظ اور نظم مین وہ نظم جسکے دونون
مصرعے پہلے بیت کے اور ابیات کے دوسرے مصرعے ان کے ساتھ
ہم قافیہ و ہم ردیف ہون اور پندرہ بیت سے کم نہو۔
قصہ ۶ سرگذشت و داستان و احوال۔

قاف با ضاد

قضیہ ۶ مطلوب حکم و خبر و جھگڑا و مقدمہ جسکا ابھی فیصلہ نہوا ہو

قاف با طاء

قطرہ ۶ بوند پانی کی جو کہین سے ٹپکے اور دوڑنا قدم مارنا چلنا
قطیعہ ۶ گلہ بکریون اور گھوڑون وغیرہ کا۔
قطامہ ۶ شہوت والی عورت ماخوذ قطم سے جسکے معنی تیزی شہوت کے ہین
قطعہ ۶ ہر چیز کا ٹکڑا اور شعرا نزدیک دو بیت یا زیادہ بیت جنکا مطلع نہو

قاف با عین

قعدہ ۶ بیٹھنا اور بیٹھنا نماز مین وقت التحیات پڑھنے کے
قعدہ ۶ ایک قسم نشست کا ہی جو زانو دبا کر بیٹھتے ہین۔
قعدہ ۶ پالکی و گھوڑا وغیرہ جسپر سوار ہون۔
قعقعہ ۶ آواز کاغذ و پوست خشک و آواز سلاح یعنی ہتھیار کی آواز۔
قعیدہ ۶ عورت ہمنشین شوہر کی یعنی شوہر کے پاس بیٹھنے والی عورت۔

قاف با فاء

قفقہ ۶ زمین بلند جائے بلند مکان بلند اونچا محل و مینار۔

قاف با لام

قلابہ ۶ مچھلی پکڑنے کی کنڈی جس سے مچھلی پکڑی جاتی ہی۔
قلعہ قہقہہ ۶ نام ایک قلعہ کا اور پانچانگی ولایت مین جو نہایت مضبوط ہی۔
قلہ ۶ پہاڑ کی چوٹی و خم بزرگ اور بہت بڑا مٹکا۔
قلہ ۶ بادامی رنگ کا گھوڑا جو ایک قسم کا گھوڑا ہی۔

قلیہ ع بھونا ہوا گوشت اور قیما گوشت جسمین پانی نڈالا جاے
قلاوہ ع گلو بند سگ شتر وغیرہ جسسے اُسکو باندھین۔
قلبہ ت ہل جو زمین مین چلاتے ہین اور کھیتی بوتے ہین۔
قلنغہ ت محاصرہ کرنا اور خوراک ور طلبانہ و اجرت پیادہ کی جو حکمنامہ پر لکھدیجاتی ہے۔
قلنسہ ت کلاہ یعنی ٹوپی جو سر پر رکھتے ہین۔
قلعہ ع مشہور لفظ ہے یعنی بادشاہی مکان مستحکم۔
قلقلہ ع جوش و بیقراری و اضطراب۔
قلقلہ ع آواز صراحی کی جو شراب نکالنے کیوقت نکلتی ہے۔

قاف با میم

قمہ ع بلندی اور سر ہر چیز کا اور کلس اور گگری جو گنبد کے اوپر لگاتے ہین۔
قمہ ت نام سلاح یعنی ایک ہتھیار کا نام ہے۔
قمرغہ ت شکارگاہ بادشاہان جہان شکار کھیلتے ہین۔
قمرہ ع قمارخانہ و قمار جوا کھیلتے ہین۔
قمقمہ ع کوزہ آفتابہ اور برتن۔
قمامہ ع خار و خاشاک جو جھاڑو سے جمع ہو ہندی کوڑا۔

قاف با نون

قنورہ ع قسم جامہ رنگین جو قیمتی ہوتا ہے۔
قنیہ ع سرمایہ اور پونجی اور اصل مال۔
قنینہ ع شراب کا برتن جسمین شراب رکھی جاوے۔
قنطرہ ع پل جو دریا پر باندھتے ہین اور اُسپر گذرین۔

قاف با واو

قوارہ ع ٹکڑا اور وہ مدور پارچہ جو درزی گریبان کا نیچے سے قطع کرتے ہین
قورخانہ ت سلاح خانہ جہان ہتھیار رکھے جائین۔
قوقہ ت تکمہ گریبان وغیرہ کا۔
قورمہ ت گوشت بریان بھونا ہوا گوشت۔
قوصرہ ع خریطہ جوال جو کھجور کے پتے سے بنا کے بنا تے ہین
قوہ ع قوت و استعداد و امکان۔

قاف با ہائے

قہوہ ع ایک قسم کے تخم ہین جنکو جوش دیکر اُنکا پانی پیتے ہین عرب مین یہ بہت لوگ پیتے ہین۔
قہقاہ ع آواز سے ہنسنا نہایت خوشی کی حالت مین۔

قاف با یاے

قیصریہ ع نام ایک شہر کا ہے۔
قیدافہ نام نوشابہ ملکہ بردع جسکا ذکر سکندرنامہ مین ہے
قیلولہ ع دوپہر کو سونا جسکی اجازت ہے بلکہ سنت طریق ہے۔
قیافہ ع صورت سیرت کو پہچاننا اور انسان کے اوضاع کو دیکھکر اُسکی اصلی حالت سے آگاہ ہونا اور شگون لینا۔

بائیسوین فصل
اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف کاف اور اخیر مین ہا ہے

کاف با الف

کاوہ ت پہلوان اور نام ایک لوہار کا جسنے کمال شجاعت سے ضحاک پر خروج کرکے فریدون کو بادشاہ بنایا۔
کالیوہ ف سرگشتہ و حیران و احمق و بیوقوف۔

کالیدہ ف پریشان و درہم و برہم و ابتر حال۔
کامہ ف مقصود و مراد و نا خورش جو ترش مزہ ہو۔
کاشانہ ف خانہ کوچک و خانہ زمستان سردی کے رہنے کا گھر۔
کازہ ف جھونپڑا صومعہ وکمین گاہ صیادان۔
کابیشہ ہ گل معصفر کسمبہ کے پھول۔
کازیرہ و کاجیرہ گل معصفر یعنی کسمبہ کے پھول۔
کارنامہ ف تواریخ کی کتاب و کتاب عدہ و قانون کی اور کتاب جو مصور
اپنی صنعت و کمال کے ظہور کے لیے بناتے ہین۔
کالہ ف متاع و کدو کشتر و خربزہ خام و زمین جو زراعت کے لیے کیجاے۔
کاجہ ف زنخ یعنی ٹھوڑی انسان کی۔
کار دستہ ف مشکل کام اور مشکل امر جسکا کرنا مشکل ہو۔
کافہ ع تمام و گروہ و جماعت اور قوم و خلقت۔
کارگاہ ف جاے ظہور اور علم کی جگہ جہان بیٹھکر کام کرین۔
کاورسہ ف باریک غلہ و ہر چیز ریزہ ریزہ و ذرہ ذرہ۔
کاسہ ع پیالہ لکڑی کا جو درویش و فقیر رکھتے ہین۔
گازہ ف جھولا یعنی رسی کسی درخت کی شاخ کے ساتھ جھولنا۔
گاہ ف وقت اور مقام اور کبھی۔
گاہ گاہ ف کبھی کبھی وقت بے وقت۔
گاودوشہ ف دودھ دوہنے کا برتن۔
گانہ ف یہ لفظ الفاظ زائدہ سے ہے جو اعداد کے لیے لاتے ہین
تا عدد پورا معلوم ہو جیسا پنجگانہ و دوگانہ و سہ گانہ۔

کاف با باء

کبیسہ ع چار و نہر جو مٹی سے بھر دیگئی ہو اور وہ گیارہ روز جو

سال قمری کی نسبت سال شمسی مین زیادہ ہوتے ہین جنہین لوند کہتے ہین
کبیشہ ہ نام غلام پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم۔
کبادہ ع کمان جو بہت نرم ہو۔

کاف با تاء

کتارہ ف ایک قسم کے خنجر کا نام ہے یعنی کٹار۔
کتیبہ ہ لشکر اور نام قلعہ قلاع خیبر سے جو مدینے کے علاقہ مین ہے
کتکہ ف عصاے کوچک جو فقرا ہاتھ مین رکھتے ہین۔
کتابہ ع جو بخط جلی مسجدون کے محرابون پر کلمہ شریف و
اشعار لکھ دیتے ہین۔
کتبہ ع ایک مرتبہ لکھنا اور تحریر کرنا کسی چیز کا۔

کاف با جیم

کجاوہ ف جو اونٹ کی پشت پر باندھتے ہین۔
کجہ ف انگشتری بے نگین یعنی چھلا۔
کجبہ ف گیند کھیلنے کا جسے لڑکے کھیلتے ہین۔

کاف با دال

کدہ ف گھر و مقام مثل میکدہ وغیرہ۔
کدیرہ ف مکدر و پوشیدہ اور چھپی ہوئی چیز۔
گدیہ و گدیہ ف گدائی کرنا و بھیک مانگنا۔

کاف با ذال

گذافہ ف جسکا تخمینہ و وزن کیا گیا ہو بمعنی بے تعداد و بے فائدہ
گذرگاہ ف راستہ چلنے کا اور گذر دریا کا جہان سے اترین۔
گذارہ ف جو چیز حد سے گذر جاے۔

کاف با راے

گراسته ع کتاب و قرآن مجید وغیرہ صحائف۔
گراسته ع جزو اُس کتاب کا یا سیپارہ یا اوراق۔
گرانه ع کنارہ ہر چیز کا خاتمہ و انجام ہر چیز کا۔
گرایه ع اجرت بار برداری شتر و اسپ و استر وغیرہ و اجرت سکونت خانہ و دوکان و برابری و سزاواری۔
گرسنه ع غلہ مٹر جو مشہور و معروف غلہ ہے۔
گره ع گیند اور ہر چیز جو گول اور مدور ہو۔
گره ع بچہ اسپ و خر و تازیانہ یعنی چابک گھوڑون کا۔
گره ع ناخوشی و سختی و رنج و کراہت و بیماری و دکھ و تکلیف۔
گره ع جبر و نارضامندی و زبردستی و بیگار۔
گره ع کریہ و نامرغوب و نامطبوع و ناپسند۔
گره ع کوس اور اسپ و تازیانہ۔
کرشمه ف اشارہ چشم یعنی آنکھ کا اشارہ۔
کریه ع زبون مکروہ و ناپسند۔
گربه ف بلی مشہور جانور ہے۔
گروه ف جماعت و ہجوم لوگون کا۔
گرده ف کمیہ مشہور عضو ہے اندرونی عضوون سے۔
گریه ف رونا کسی ماتم یا غم و اندیشے مین۔
کرم پیله ف کرم ابریشم جسکے لعاب سے ریشم بنتا ہے۔
گروهه ف گولی بندوق کی و گلولہ جو مدور ہو۔
گران سایه ف مردم عالیقدر و صاحب رتبہ و غنی۔
گرگینه ف پوستین چمڑے کی جو پہنتے ہین۔
گرمابه ف حمام گرم پانی مین نہانے کی جگہ۔

گردانیه ف نام ایک پردہ موسیقی کا۔
گرلوه ف پشتہ زمین کا بلند زمین۔
گرسنه و گرسنه ف بھوکھا جسکا پیٹ خالی ہو۔
گرگ باران دیده ف مرد آزمودہ کار معاملہ فہم۔
گرزه ف کفچہ دار و مہیب بزرگ سانپ وغیرہ۔
گره ف گانٹھ جو بندھی ہوئی ہو۔
گرده ف سبو گلی یعنی گھڑا مٹی کا۔
گروکوه ف ایک پہاڑ کا نام ہے۔
گروه ف آدمیون کی جماعت اور بہت سے آدمی۔
گرفته ف طعنہ و ملامت و بدگوئی۔

کاف بازاے

گزنیزه ف کشنیز سبز یعنی ہرا دھنیا۔
گزه ف کوادکاک یعنی وہ گوشت پارہ جو حلق میں آگے نیز ان ہے اور کارد بزرگ خمدار جس سے گوشت قیمہ کرتے ہین۔
گزخمه ف بدعمل و دغاباز فریبی آدمی۔
گزه ف قسم پیکان تیر اور وہ لکڑی جنجنہ جس سے نقارہ بجاتے ہین۔
گزیده گزیه ف خراج و جزیہ و رشوت جو وصول کیا جائے۔

کاف باسین

گسیده ف ناسرہ و متاع بیرواج کھوٹا روپیہ۔
گشمه ف موئے زلف جو رخسارون پر لٹکاتے ہین۔
کسره ع حرکت زیر کی جو حروف پر دیجاتی ہے۔

کاف باشین

کشته ف آلو و شفتالو وغیرہ اور قسم ایک میوہ جو ترش

ہوتا ہی اور خستہ انکا لکڑ خشک کرتے ہین -

کشادہ ف کھلا ہوا جو بند نہو -

کشتہ ف ہوا ہوا بھرا ہوا -

کاف با عین

کعبہ ع نام بیت اللہ و مکان رفیع و بلند و عظیم الشان -

کاف با فا

کفچہ ع پھن سانپ کا -

کفّہ ع پلہ ترازو کا جسمین اسباب وزن کرتے ہین -

کفّہ ع حاشیہ پیراہن و سجاف پیراہن کا -

کفہ ف خوشہ نیم کوفتہ جس سے ابھی غلہ نہ نکلا ہو -

کفّارہ ع چھپانے والا گناہونکا اداکرنا معاوضہ گناہ کا مثلاً روزہ توڑ تو ساٹھ روزے رکھے اور قسم توڑے تو بندہ آزاد کرے -

کفیدہ ف ترقیدہ و شگافتہ یعنی چرا ہوا پھٹا ہوا -

کفایہ ع کافی ہونا بس ہونا پورا ہونا -

کفرہ ع جمع کافر یعنے بہت سے کافر -

گفتہ ف کہا ہوا کلمہ اور زبان سے نکالا ہوا -

کاف با لام

کلمہ ع ایک بات و باصطلاح نحویان و کلمہ یعنی لفظ جو معنی کا رکھتا ہو

کلہ ف خیمہ کوچک یا چھپر کھٹ پردہ دار -

کلّہ ف ٹوپی اور آلہ تناسل کا و حرکات جماع -

کلنہ ف اندک و کم بریدہ اور جو شخص بات اچھی طرح بات نہ کرسکتا ہو اور جو بیت کوچک کلان و سوٹنا ہے

گلدستہ ف مشہور لفظ ہی یعنی پھولونکا دستہ باندھا ہوا

کلازہ و کلاوہ ف دانو کشتی کا -

کلیچہ ف خمیری روٹی جو نرم ہوتی ہی -

کلاوہ کلابہ ف سوت کی انٹیا -

کُلیہ ع گردہ جو ایک اندرونی عضو ہی -

کُلیہ ع ہمگی و تمامی اور سارا و تمام -

کُلفینہ ف وہ کلچہ جسکے اندر مغز بادام وغیرہ بھر کے پکاتے ہین -

کلالہ ف موئے پیچیدہ یعنی زلف کے گوندھے ہوئے بال -

کُلبہ ف چھوٹا گھر اور دوکان و گوشہ گھر کا -

گلولہ ف گولی گولہ بندوق و توپ کی گولی -

گلّہ ف چارپایون کا غول -

گلہ ف شکایت جو کسی کی کیجائے -

کُلاہ ف تاج شاہی اور ٹوپی سر پر رکھنے کی -

کلیلہ ف نام ایک گیدڑ کا -

کلاپیسہ ف پھرنا آنکھونکا اصلی حالت سے چنانچہ سیاہی چھپ جائے نہایت شہوت کی لذت یا ضعف جسم کے سبب سے -

کلاسہ ف چونہ و کلی وغیرہ اسباب عمارت کا

گلگونہ ف سرخ رنگ جو عورتین منھ پر سنگار کے وقت ملتی ہین جس سے سرخی چہرہ کی زیادہ ہو جاتی ہی -

کلِ بالہ ف معمارونکا ہتھیار ہی جس سے کہگل بچھاتے ہین اور گارا جو دیوار مین لگایا جاتا ہی اُسی سے بچھایا جاتا ہی -

گل کوزہ ف ایک پھول کا نام ہی جو بہت بڑا ہوتا ہی

گلابہ ف گارا جس سے عمارت بناتے ہین اور دیوار پر بدرنگ ہین لگاتے ہین -

کاف با میم

کانچہ ف مشہور ہار ہی جس سے ترکھان پر مہر اٹھے ہیں۔
کما حقہ ع راست راست سچ سچ حق حق۔
کمہ ع جو مادر زاد اندھا ہو۔
کمینہ ف نیچ پاجی سفلہ آدمی۔
گماشتہ ف نائب نوکر مختار کار۔
گمراہ ف راہ بھولا ہوا مجازاً مرد گنہگار و فاسق فاجر۔
کمانہ ف ترکھانوں کا کمانہ جسمیں برما پھرتا ہے۔
کمر کوہ ف درمیان کوہ و بلندی کوہ۔

کاف با نون

گنجارہ ف گلگونہ جو خوبصورت لوگ منہ پر ملتے ہیں۔
کندہ ف موٹا اور بڑی پیرا جس سے روٹی پکاتے ہیں۔
گنجہ ف نام شہر مسکن نظامی گنجوی مصنف سکندر نامہ۔
گنجینہ ف خزانہ ہر چیز کا مجازاً بہت سامال و دولت۔
کنایہ ع پوشیدہ بات کنایہ رمز و اشارے سے۔
کنانہ ع ترکش تیروں کا۔
کُنہ ع پایان وقت کار و وقت اخیر کار و حقیقت کار۔
کُنہ ع پوشیدہ اور فارسیمیں چیچڑ جو ایک مشہور حشرہ ہے۔
کنگرہ ف دیوار کے اوپر کا سرا۔
گناہ ف دوسرے خطا و تقصیر و گناہ و جرم۔
گندہ ف ناپاک پلید خراب۔
گنجفہ ف ایک کھیل کا نام ہے جو مشہور ہے۔
کندہ ف ہر ایک موٹی لکڑی اور چوب کلاں سے راخدار جسمیں مجرم کے
پاؤں ڈالکر قید کر دیتے ہیں ہندیمیں اسکو کاٹھ کہتے ہیں۔
کنڈہ ف خندق۔
کنیسہ ع نصاریٰ کا عبادتخانہ یعنی گرجا۔
کنارہ ف مشہور لفظ ہے کونا طرف اور اخیر ہر چیز کا۔
کنجارہ ف کھل تلوں یا سرسوں کی جو روغن کے نکالنے سے نکلتی ہیں۔
کناسہ ع خاشاک جو جاروب سے نکلتا ہے یعنی کوڑا۔

کاف با واؤ

کورہ ع آتشدان آہنگران وغیرہ جہاں آگ جلائی جائے۔
کوکبہ ع ستارے و فر و شکوہ و دبدبہ و اظہار فخر۔
کوہ پایہ ف زمین دامن کوہ جو پہاڑ کے نیچے ہوتی ہے۔
کوہہ ف برآمدگی پشت بیل اور اونٹ کا کوہان۔
گولستہ ف سرین آدمی یعنی چوتڑ آدمی کے۔
کوزہ ف مشہور لفظ ہے جسکو لوٹا کہتے ہیں۔
کورکہ ت نقارہ ڈھول کا جو بجایا جاتا ہے۔
کوبہ ف مونگری جس سے کپڑا ٹھوکتے ہیں۔
کوتاہ ف پست قد جو لمبا نہو چھوٹے قد کا آدمی۔
کوچہ ف گلی جو مشہور لفظ ہے۔
کوہ ف پہاڑ اور اونچی زمین پتھریلی۔
گولہ ف توپ کا گولہ۔
گوشہ ف کونا زاویہ۔
گونہ ف رنگ و قسم و ڈھنگ۔
گوئندہ ف کہنے والا۔
گولتہ برادر رضاعی دودھ بھائی جو دو شخص ایک دایہ کا دودھ پیا ہو۔
کوسہ ع مرد بے ریش جسکی ریش نہو۔

گوشتہ ف آسیب زدہ بیمار درماندہ۔
گوپلہ ت حباب جو پانی مین پیدا ہوتا ہے۔
گوہ ع روزن جو دیوار مین ہو اور روشندان۔
گوتاہ پاچہ ف کوتاہ قد و نام جانور چار پایہ۔
گودہ ت بدن و تن و جسم آدمی کا۔
گوشوارہ نام زیور یعنی جھومکا اور جمع حساب کے فردکی۔
گوسالہ ف بچہ گاؤ و شتر و فیل و بچۂ خورد سالہ۔
گونہ ف رنگ و لون چہرہ کا۔
گوپازہ ف ایک قسم کا کھانا جو زمین پکاتے ہین۔

کاف با ہا ی

کہنہ ف پورانا بہت سالون کا بہت مدت کی چیز۔
کہینہ ف بہت چھوٹا۔
گہ ف مخفف کاہ یعنی گھاس۔
گہ ف مخفف گاہ یعنی کبھی۔
گہوارہ ف جھولہ جسپر لڑکے بیٹھکر جھولتے ہین۔

کاف با یا ی

کیسہ ف تھیلی و ہمیان جسمین روپیہ پیسہ رکھین۔
کینہ ف غصہ و عداوت جو دل مین ہو۔
گیاہ ف گھاس گھوڑون کا چارہ۔
گیسو بریدہ ف زن بیحیا و بیشرم و بے لحاظ۔
گیوہ ف کفش تہی یعنی سندکی جوتی جو پر شتاکے لوگ پہنتے ہین۔
کیلہ ع پیمانہ غلہ ناپنے کا جسکو لوٹیہ کہتے ہین۔

تیئیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف لام اور اخیر مین ہای ہے

لام با الف

لابہ ع تملق و چاپلوسی و خوشامد و چرب زبانی۔
لانہ ع خانۂ زنبوران شہد آشیانۂ مرغان یعنی مرغونکا گھونسلا۔
لاغیہ ع زبان ہیودہ و نام گیاہ شیر دار زردہ گھاس جسمین سے دودھ نکلتا ہے۔
لابرہ ع ایک قسم کی کشتی یعنی جہاز جسکے ذریعہ دریا سے اُترین۔
لاجرعہ ع ایکدم مین پی جانا جو پیالہ مین ہو یعنی دم سے لینا۔
لاحقہ ع ایک کے بعد دوسری چیز ملی ہوئی یعنی پے درپے۔
لامحالہ ع ناچار و بالضرور جو کام کرنا واجب ہو۔
لامسہ ع قوت مس کرنیکی یعنی ہاتھ لگاکر معلوم کرنیکی طاقت۔
لامہ ع زرہ آہنی لوہے کی زرہ جو جنگ مین پہنتے ہین۔
لاوہ ع داؤکے ساتھ بازی ن گلی ڈنڈا جو ایک کھیل کا نام ہے۔
لاوند ع جال کے ساتھ سن جسکی رسیان بناتے ہین۔
لازمہ ع ضروری و سامانجو انسان کو چاہیے۔
لائبہ ع پردہ دیوار کا تہ کپڑے اور کاغذ کی۔
لاقعہ ع ہر چیز چمکنے والی مثل لیپی دسیرش وغیرہ۔
لالہ ف مشہور پھول سرخ رنگ ہے جسمین سیاہ داغ ہین
عربی مین اسکو شقائق کہتے ہین۔
لاشہ ف زبون لاغر و ضعیف انسان ہو یا گھوڑا یا گدھا وغیرہ

لام با یا ی

لیشہ ف پچھاڑی گھوڑے کی جو پاؤن مین باندھتے ہین۔
لباچہ ف بالاپوش جو قبا کے اوپر باندھتے ہین۔

لام با ثا

لثقہ ع نام تپ بلغمی جو بلغم کی خلط سے پیدا ہوتی ہے۔

لثہ ع مسورہ دانت کا دانتوں کے اوپر کا گوشت۔

لام با جیم

لجہ ع دریا بہت عمیق یعنی بہت گول پانی۔

لام با حا

لحظہ ع ایک دفعہ نظر کرنے کا مقدار مجازاً تھوڑا مقدار۔

لحیہ ع ریش یعنی ڈاڑھی۔

لحمہ ع بافت کا طعمہ اور بافتا سوت کا۔

لحقہ ع پیچھے سے آکر ملنے والا لاحق و شامل ہونے والا شخص۔

لام با خا

لخچہ ف شعلۂ آتش و اخگر یعنی انگارا آگ کا۔

لخشہ ت شعلۂ آتش و اخگر۔

لخلخہ ع خوشبو سونگھانا۔

لام با دال

لدغہ ع سانپ اور بچھو کا نیش مارنا۔

لام با طا

لطیفہ ع خوشی و خوشی کی بات اور اچھی بات جس سے دل خوش ہو۔

لام با عین

لعوشہ ع آرائش و گلگونہ دستکاری کا اسباب۔

لام با فا

لفچہ ف پر کالۂ گوشت یعنی ٹکڑا گوشت کا۔

لام با قاف

لقمہ ع نوالہ طعام کا۔

لقوہ ع بیماری کا نام ہے جس سے منھ ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔

لقطہ ع گری ہوئی چیز کو پانا۔

لقیہ ع ملاقات کرنا ملنا کسی سے۔

لام با کاف

لکہ ع داغ و پارچہ اور ٹکڑا۔

لام با میم

لمحہ ع مقدار آنکھ جھپکنے کی۔

لمعہ ع روشنی اور چمکارا اور جلوہ کسی روشن چیز کا۔

لمعہ ع عضو جو خشک ہو چکا ہو یعنی بیکار عضو۔

لام با واو

لوزینہ ف حلوا جس میں مغز ڈالے جائیں لذیذ حلوا۔

لوح ناخواندہ ف علم لدنی جو غیب سے حاصل ہو۔

لوشنیہ ف وہ رسی جس سے غلبندی کسیتے گھوڑے ہاتھ پاؤں کو باندھتے ہیں۔

لواشنہ ع کشتی کے ایک فن کا نام ہے۔

لولہ ف آویزہ گوش اور موتی اور جھمکن۔

لام با ہا

لہجہ ع بول چال با محاورہ و کلام بے نقص۔

لام با یا

لینہ ع تنہ درخت خرما اور نرمی۔

لیقہ ع دوات کے اندر جو صوف ہوتا ہے۔

چوبیسویں فصل

اُن لغات کے بیان میں جن کے

اوّل حرف میم اور اخیر مین ہا ہی

میم با الف

مائدہ ع خوان طعام کہانے کا خوانچہ۔

مانشۂ ع دست پناہ آہنگران جس سے گرم لوہا پکڑتے ہین یعنی سنسی اور پیالہ بندوق کا اور توڑا بندوق کا اور وہ آلہ جسپر توڑا رکہا جاتا ہی آہن کی کٹہالی کا وزن

ماضغہ ع قوت چبانے کی جو دانتون مین ہی۔

مالکانہ ف مالک ہونے کا حق۔

مالیدہ ف قسم طعام کا ہی۔

ماندہ ف رہا ہوا تہکا ہوا۔

ماہیانہ ماہانہ ف جو درماہہ مقرر ہو تنخواہ۔

مائیہ ع ایک سو عدد مین جنکو فارسی مین صد کہتے ہین۔

ماہچہ ف مچہلی کی صورت جو علم پر بناتے ہین۔

ماہیچہ ف سویان میدہ کی جو شیر و شکر کے ساتہہ کہاتے ہین۔

ماشوزہ ع سوت جو تکلے پر ہو یعنی پنڈی سوت کی۔

ماثورہ ع دعا ہاے صاحب تاثیر۔

ماشطہ ع دایہ مشاطہ سنگار کرنے والی۔

ماسکہ ع نگاہ رکہنے والی قوت جو بدن مین ہی۔

ماجدہ ع زن بزرگوار مثل والدہ و جدہ وغیرہ۔

ماثقہ ع برما جس سے لکڑی مین سوراخ کرتے ہین۔

مادبہ ع ضیافت اور مہمانی جو مہمان کی کیجاے۔

مار گرزہ ف سانپ کہنچدار یعنی پہن دار سانپ۔

مارنیرہ ع دایہ مادر جسکے پیٹ سے انسان پیدا ہوا ہو دودہ پلاے

مایہ ف اصل و مادہ و پونجی یعنی اصلی مال جو سوداگر کے

مادّہ ع اصل ہر چیز و ضد نرکی۔

مارچوبہ ف ایک گہاس دافع زہر ہی یعنی اسکے کہانے سے مارگزیدہ چہا ہوتا ہی

ماضیہ ع گذری ہوئی بات اور گذرا ہوا زمانہ۔

میم با با

مباہجہ ع باہم فخر کرنا اور شان و شوکت جتلانا۔

مبادلہ ع بدلنا عوض معاوضہ کرنا۔

مبسوطہ ع فراخ کیا گیا چوڑا کیا گیا۔

مبرّدہ ع سرد کرنے والی چیز جسکی تاثیر سرد ہو۔

مشوشہ ع پراگندہ و پریشان و ابتر و خراب۔

مباہلہ ع بددعا کرنا کسی کے حق مین بری چاہنا۔

مبالغہ ع اصل مین جہد پر ہنا اندازہ سے تجاوز کرنا جیسے کہ معنی بار بکے گشت ہین

میم با تا

متنبہ ع خبردار اور آگاہ جو غافل نہو۔

متداولہ ع نوبت بنوبت کیا گیا۔

متنوعہ ع گونا گون طرح طرح قسم قسم۔

متخیلہ ع خیال کیا گیا اور ایک قوت کا نام ہی۔

متاجرہ ع تجارت کرنا سوداگری کا کام کرنا۔

متجبرہ ع جبر کرنے والے ظالم لوگ زبردست۔

متضادہ ع ضد کرنے والا ہٹ کرنے والا۔

متناہیہ انتہا تک پہونچنے والا اخیر تک پہونچنے والا۔

متتالیہ ع پے در پے آنے والا بار بار آنے والا۔

متدارکہ ع پانے والا درک دینے والا۔

متہ ف برمہ جس سے لکڑی مین سوراخ کرتے ہین۔

مُتَوَجِّہ ع متوجہ کرنے والا۔
مُتَعَذِّبَہ ع عذاب کرنیوالا اور کھانیکی چیز میٹھی خوشگوار شیرین پر مزہ۔
مُتْعَہ ع میعادی نکاح جو شیعہ مذہب مین جائز ہے۔

میم با ثاء

مُثَابَہ ع حرف تشبیہ بمعنی مانند مشتق ثوب سے۔
مُثَالَہ ع فرمان بادشاہی جو شاہی دربار سے جاری ہو۔
مُثَانَہ ع ایک تھیلی جسمین انسان جو کچھ پیتے ہین بول رہتا ہے۔
مُثْلَہ ع کان ناک کاٹنا عذاب کرنا اعضا جدا کرنا۔

میم با جیم

مُجَاہَدَہ ع محنت و مشقت و کوشش و جنگ و لڑائی۔
مُجَنَّدَہ ع جمع کرنا اور جگہ جمع کرنیکی جہان کوئی چیز جمع کیجائے لیا گیا ہے تجنید سے جسکے معنی لشکر کے ہین۔
مُجمع علیہ ع جس بات پر اتفاق ہو ہر ایک شخص کا۔
مَجَنَّہ ع نام بازار قریب بہ مکہ۔
مُجَاوَبَہ ع جواب دینا کسی کو۔
مَجَرَّہ ع کہکشان جو مشہور ستارے ہین۔
مُجَادِلَہ ع جنگ لڑائی معرکہ وغیرہ۔

میم با حاء

مَحْبَرَہ ع دوات سیاہی کا برتن جس سے لکھتے ہین۔
مَحَافَہ و مِحَفَّہ ع ہودج و پالکی وغیرہ جسپر سوار ہون۔
مَحَلَّہ ع اترنے کا مقام و منزل و سکونت گاہ۔
مَحُوطَہ ع احاطہ کرنا و جائے محفوظ یعنی چار دیواری۔
محراب گ ف مسجد مین سجدہ کرنے کی جگہ۔

مُحَارَبَہ ع پردہ نشین و ستردار عورت۔
مُحَاکَمَہ ع حاکم کے پاس جانا داد خواہی کرنا۔
مَحْکَمَہ ع جائے حکومت اور حکم دینے کی جگہ۔
مَحْجُوبَہ ع پردہ نشین و ستردار عورت۔
مُحْتَالَہ ع زن حیلہ گر و مکارہ و دغا باز۔
مِحْجَمَہ ع آلہ حجامت کرنے کا یعنی استرا۔
مُحْتَالَہ ع زن بدکار و حیلہ گر و دغا باز۔
مَحْرُوسَہ ع نگاہبانی کیا گیا حراست مین رکھا گیا۔
مُحَاوَرَہ ع حق زباندانی ادا کرنا جواب دینا۔
مُحَاصَرَہ ع بند کرنا چار و طرف سے بندش مین لینا۔
مُحْتَرِفَہ ع پیشہ ور و صناع لوگ و کاریگر۔
مَحْکِیَہ ع حکایت کیا گیا بات کیا گیا۔
مُحَاسَبَہ ع حساب و شمار و گنتی۔
مَحْمُودَہ ع سقمونیا ایک دوا کا نام ہے اور تعریف کی گئی عورت۔
مُحَادَثَہ ع باہم باتین کرنا حدیث کا ذکر کرنا۔

میم با خاء

مَخْطُوبَہ ع عورت جسکی خواستگاری کی گئی ہو نکاح کے لیے۔
مُخَدَّرَہ ع عورت پردہ نشین و ستردار عورت۔
مَخْرَقَہ ع شرمندگی و تیرگی و خجالت۔
مُخَرَّقَہ ع خرقہ درویشان اور گودڑی فقیرون کی۔
مُخَیَّدَہ ع جنبیدہ و لغزیدہ و خراب کردہ شدہ۔
مُخَاصَمَہ ع خصومت کرنا لڑنا عداوت کرنا۔
مُخَاطَرَہ ع اندیشہ و خطرہ و خوف و بیم۔

مُخَیِّلَہ ع خیال کرنے کا مقام یعنی دماغ۔

مُتَخَیِّلَہ ع نام قوت خیالی جسکا نام دماغ ہے۔

مُحَمَّصَہ ع سوزش دگرسنگی و غم و اندوہ و فکر و اندیشہ۔

میم با دال

مَدِینَہ ع مطلق شہر و نام شہر مسکن پیغمبر صلعم و مدفن آنحضرت کا۔

مَدرَسَہ ع جاے درس و تعلیم علم پڑھانے کا مقام۔

مَدَّۃ ع ریم جو زخم سے نکلتی ہے۔

مُدرِکَہ ع نام ایک قوت کا ہے جس سے انسان ایک چیز کی حقیقت کو پاتا ہے۔

میم با ذال

مَذخُورَہ ع ذخیرہ کیا گیا جمع رکھا گیا مال وغیرہ۔

مَذمُومَہ ف ہر چیز زشت و بد و بدصورت۔

میم با راے

مَرقَدَۃ ع تلحہ یعنی انسان کا پتہ جو صفرا کا گھر ہے۔

مَرَّۃ ع ایک مرتبہ ایک بار ایک دفعہ۔

مَرَارَہ ع تلخہ حیوان یعنی حیوان کا پتہ۔

مَرصُوصَہ ع استوار کیا گیا مضبوط و محکم کیا گیا۔

مُرَتَّبَہ ع درست کیا گیا تیار کیا گیا استوار کیا گیا۔

مَرتَبَہ ع درجہ اور رتبہ اور پایہ اور دفعہ۔

مَردَہ ع مرد و دان و دلیران سرکش جمع مارد کے لفظ کی

مَردَہ ف مرد شجاع و بہادر و دلاور و جنگ آور۔

مُردَہ ف مرا ہوا شخص بیجان ہوا ہوا۔

مَرغُولَہ پیچ و تاب و کھائی ہوئی و پیچیدگی۔

مَروحَہ ع بادکش پنکھا جس سے ہوا لیتے ہیں۔

مُرسَلَہ ع بھیجا گیا اور ہار جو عورتوں کے گلے میں پہناتے ہیں۔

مُرفَہ ع آسودہ حال اور آسایش و آرام کیجا لتمین۔

مُرضِعَہ ع عورت شیر دینے والی یعنی دایہ جو دودھ بچہ کو دیوے

مَرحَلَہ ع منزل گاہ و کوچ گاہ و مقام روانگی و اسباب کوچ مثل پالان شتر وغیرہ سامان سفر کا و مقدار مسافت جو چار فرسنگ مقرر ہے

مَراغَہ ع پھسلنا جانور کا اور نام شہر۔

مُراقَبَہ ع امید کرنا نگاہ رکھنا گردن نیچے کو ڈالنا قلب کیطرف رجوع کرنا

مَروَۃ ع مکہ معظمہ میں ایک پہاڑ ہے۔

مَرثِیَہ ع مردہ کی تعریف کرنا اور اسکے اوصاف بیان کرنا۔

مراتب چارگانہ ف شریعت طریقت حقیقت معرفت۔

میم با زاے

مُزدَلِفَہ ع مکہ شریف میں ایک مقام کا نام ہے۔

مَزبَلَہ ع گندگی ڈالنا مکان میں مجازاً کوڑی۔

مَزَابِلَہ ع جمع مزابلہ وہ سب مقام جہاں گندگی ڈالیں۔

مُزدَوِجَہ ع السیمین ملی ہوئی چیزیں آپسمین متصل۔

مَزَادَہ ع توشہ دان جسمین سفر کا اسباب زاد راہ رکھیں۔

مَزلَقَہ ع لغزش دینے والا دالو دینے والا۔

مُژدَہ ف خوشخبری و بشارت نیک بات کی۔

مَزہ ف جسکا لذت ذائقہ طعام وغیرہ کا۔

مُزلَفَہ ع نزدیک لایا گیا پاس لایا گیا۔

میم با سین

مَسئَلَہ ع کسی ایسی چیز سوال کرنا جو لوگو نہیں پوچھی جاے۔

مَستانَہ ف مستون کی طرح۔

مُسْتَہزِئ ع ہنسی کرنیوالا لایعنی باتین کرنے والا۔
مُستحاضہ ع وہ عورت جسکو ایام حیض سے زیادہ خون
آوے یعنے تین دن سے زیادہ۔
مُسْتَرجَہ ع چراغدان جسپر چراغ جلاکر رکھین۔
مُسْتَمِرّہ ع روان واستوار ودائمی ہمیشہ رہنے والا۔
مُسْتَطاعَہ ع قوت رکھا گیا۔
مُسْوَدَّہ ع لکھا گیا سیاہ کیا گیا۔
مُسْتَانِفَہ ع آغاز کرنیوالا شروع کرنے والا۔
مُسَبِّحَہ ع انگشت شہادت جسکو سبابہ کہتے ہین۔
مُسْتَکرَہ ع ناخوش وزشت وبدصورت۔

میم با شین

مُشَاہرَہ ع ماہیانہ وتنخواہ مقررہ ودرماہ ورو زینہ۔
مُشَاہَدَہ ع دیکھنا حاضر ہونا روبرو آنا۔
مُشَاوَرَہ ع مشورہ پوچھنا صلاح پوچھنا۔
مُشَابَہ ع مانند مثل نظیر شکل سے شکل ملتی ہوئی۔
مُشْتَبِہ ع شبہ کی چیز جو لائق یقین کرنیکے ہو۔
مُشَمَّرَقہ ع نامہ جو اعلی اپنے ادنی کی طرف سے لکھے یعنی باپ بیٹے کی طرف۔
مَشْرَعَہ ع جاے آب خوردن یعنی پانی پینے کا مقام۔
مُشَافَہ ع روبرو ہونا روبرو سخن کہنا بالمواجہ ہونا۔
مَشْرَبَہ ع جسطرف سے پانی پئین پانی پینے کا آبخورہ۔
مُشَاعَرَہ ع باہم ملکر شعر پڑھنا اور شاعرونکا ملکر سخن کہنا۔
مُشْعَرَہ ع شعر پڑھنے کا مقام جہان شاعر جمع ہون۔
مَشْغَلَہ ع شور وغوغا وکار وبار شغل اور تمام شغل۔
مَشِیمَہ ع بچہ دانی پوست جو بچہ پر وقت ولادت کے ثابت ہو اور نام سیدہ شیم پردہ چشم سے
مُشَارٌ اِلَیہ ع جسکی طرف اشارہ ہو بات کرنے کیوقت۔
مُشْتَعَلَہ ع مشعل اور وہ جلتی ہوئی چیز جس سے شعلے نکلین۔
مُشَاطَہ ع مشاطہ کش یعنی والی سنگار کرنے والی۔
مُشْتَرِکَہ ع جسمین شرکت ہو اور جو چیز جسمہ شرکا کی۔

میم با صاد

مُصْطَبِہ ع میخانہ سراے جہان شراب بکتی ہو یا نکالی جاتی ہو۔
مُصَوِّرَہ ع ایک قوت کا نام جس سے خود بخود بحکم نقاش حقیقی رحم
مین شکل بچہ کی بن جاتی ہے اور یہ قوت عورت کے رحم مین رکھی گئی ہے
مُصَافَحَہ ع بوقت ملاقات ہاتھ مین ہاتھ لینا۔
مصقلہ ع آلہ صیقل کرنیکا جس سے کسی چیز کو جلا دین۔

میم با ضاد

مُضَادَہ ع ضد ہونا اور ضد کرنے والی عورت۔
مُضَافٌ اِلَیہ ع وہ اسم جسکی طرف کسی شی کو لگا دین جیسے
زید کا گھوڑا زید مضاف گھوڑا مضاف الیہ اور کا علامت
اضافت ہے اردو مین اور فارسی مین کسرہ اخیر لفظ کے
علامت اضافت کی ہے چنانچہ غلام سرور یعنی سرور کا غلام۔
مَضَلَّہ ع مقام گمراہی یعنی راستہ بھولنے کیجگہ۔
مَضَائِقَہ ع مقام تنگی وتردد وتفکر واندیشہ۔
مُضْغَہ ع گوشت پارہ گوشت کا ٹکڑا۔

میم با طاء

مُطَارَحَہ ع مشورہ وکلام وخوشہ انگور وغیرہ کا۔
مُطَایَبَہ ع خوش طبعی ودل لگی ومزاح ورمز وکنایہ۔

مَستُورہ ع پوشیدہ کیا گیا نہانخانہ پوشیدہ مقام۔

مَطِیَّہ ع سواری ومرکب جسپر سوار ہون۔

مُطَّوِّعَہ ع جماعت جہاد کرنے والی لڑنے والی لشکر سے۔

مُطَالَعَہ ع کسی کو دیکھنا انکشاف حال کے لیے۔

مُطہرہ ع آفتابہ آب جس سے نمازی وضو کرتے ہین۔

مُطرقہ ع ہتھوڑا لوہارونکا جس سے لوہا کوٹتے ہین۔

مَطَالبہ ع طلب کرنا مانگنا خواہش کرنا۔

مُطرِبَہ ع وہ عورت گانے والی جس سے خوشی حاصل ہو۔

میم با ظاء

مَظِنَّہ ع جائے گمان ومقام وہم وخیال وظن وشک وشبہ۔

مَظَلَّہ ع سائبان اور درخت سایہ دار۔

مَظلِمَہ ع ظلم کرنا جور وجفا وتعدی کا مرتکب ہونا۔

مُظلِمَہ ع اندھیرا تاریکی سیاہی ظلمت۔

میم با عین

مُعَاہِدہ ع آپسمین عہد وپیمان کرنا قول واقرار کرنا۔

مُعَانقہ ع بغلگیر ہونا آپسمین گلے لگنا۔

مُعبِلَہ ع پیکان دراز وچوڑا جس سے تیر کا لمبا اور چوڑا ہو۔

مُعصَرہ ع جس سے کوئی چیز نچوڑی جائے اور تیل نکالا جائے تیلیون کا کولھو جسمین وہ تیل نکالتے ہین۔

مُعتَصَرہ ع نچوڑی ہوئی چیز جسکا کولھو مین تیل نکل چکا ہو اور اسکا پھوک جو رہ جائے۔

مَعشُوقہ ع جس عورت سے عشق ہو پیاری محبوبہ۔

معجزہ ع عاجز کرنے والا اعجاز یعنی خلاف عقل کام وخوارق وکرامات جسکو دیکھکر ولی یا نبی کے معجزے اور کرامت مین شک نہ رہے سنکر یقین کرلے۔

معارضہ ع جھگڑا مقدمہ وجائے اعتراض۔

معمورہ ع آبادی وقریہ دگانون وشہر۔

معظمہ ع صاحب عظمت وبزرگ عورت۔

معزی الیہ ع جسکی طرف اشارہ ہو چنانچہ موحی الیہ ومشارالیہ

مُعَاینہ ع روبرو دیکھنا اپنی آنکھ سے دیکھنا۔

مِعدَہ ع وہ عضو جسمین کھانا ہضم ہوتا ہو۔

مَعتُوہ ع بیعقل ودیوانہ وبے شعور ناوان۔

مَعرکہ ع لڑائی کا مقام وجائے گوشمالی وتنبیہہ۔

مُعَذِّبَہ ع عذاب مین ڈالنے والا دکھ دینے والا۔

مُعَامِلہ ع عمل کرنا کام کرنا آپسمین لین دین کرنا۔

مُعتَدِبہ ع شمار کیا گیا اندازہ کیا گیا۔

معاذاللہ ع پناہ چاہتا ہون خدا کی۔

مُعتَزلَہ ع ایک فرقہ منکر رویت خدا تعالے ہے اور کہتے ہین کہ لقاء الٰہی ہرگز نہین

میم با غین

مَغَارہ ع پہاڑ مین جو غار ہو اور مقام غار۔

مُغلَقَہ ع دروازہ بند ومشکل سخن مشکل تقریر۔

مُغرفہ کفگیر وکفچہ جو ہنڈیا مین پھیرتے ہین۔

مَغلَطَہ ع غلطی کا مقام جہان غلطی واقع ہوئی ہو۔

مُغَلَّطَہ ع سطر ودرشت ونامطبوع وخراب۔

مَغبُوطَہ ع گونده ہا گیا اور حسد کیا گیا۔

مُغَالطہ ع غلطی مین ڈالنا بھولا دینا کسی کو راستے سے۔

مُغرَہ ع گلِ سُرخ یعنی گیرو جسکا رنگ سُرخ ہوتا ہی۔

میم با فاء

مُفاوضہ ع سپرد کرنا و خط و مکتوب و شراکت۔
مُفاخِرہ ع فخر کرنے والا بڑائی کرنے والا۔
مَفارِہ ع جو ہونکے رہنے کی جگہ یعنی سوراخ موش و دیگر جو زمین میں ہوتے ہیں۔
مُفاصلہ ع جو آپسمین فرق ہو فرق درمیان دو چیز کے۔
مفرغہ ع گرانا پانی وغیرہ کا۔
مُفردہ ع تنہا اکیلا یعنی ایک آدمی۔
مَفازہ ع مقام رہائی خلاصی کا مقام۔

میم با قاف

مَقبرہ ع جائے قبر جسجگہ قبر بنی ہوئی ہو۔
مُقاسمہ ع سوگند کھانا کچھ دینا بانٹنا تقسیم کرنا۔
مقلقلہ ع آواز صراحی کی پیالہ میں شراب لینے کے وقت۔
مقصورہ ع چھوٹا حجرہ جو مختصر مقام عبادت کا ہو۔
مُقابلہ ع برابری کرنا روبرو کرنا سامنے جانا۔
مُقدّمہ ع آگے چلنے والا اور وہ عبارت جو کتاب کے اول ہو۔
مقدمہ ع آگے کیا گیا پیشی کسی حاکم کی مجازا جھگڑا خرخشہ وغیرہ۔
مقنعہ ع چادر زنانہ اوڑھنی جو عورتین سر پر اوڑھتی ہین۔
مقراضہ ع قسم پیکان و قسم خیرینی جو باریک کاغذ کترے ہوے کی طرح ہوتی ہی۔
مقرعہ ع تازیانہ جس سے مجرم کو سزا دیتے ہین یا درچابک گھوڑونکا۔
مُقاتلہ ع لڑائی جنگ معرکہ کشت و خون۔
مُقامرہ ع جوا کھیلنا قمار بازی کرنا۔

مُقدّسہ ع پاک عورت نیکو کار پاکدامنہ۔
مُقرّرہ ع جو بات قرار پائے اور عہد جو ہو جائے۔
مُقلہ ع تمام کاسۂ چشم مع سفیدی و سیاہی۔
مقارنہ ع جمع ہونا نزدیک ہونا قرین ہونا۔

میم با کاف

مکایلہ ع پیمانہ سے ناپنا غلہ وغیرہ چیزون کا۔
مُکرّمہ ع بزرگ عورت صاحب تعظیم مثلاً والدہ و جدّہ۔
مُکتسبہ ع کسب کیا گیا حاصل کیا گیا کمائی کیا گیا۔
مکرعہ ع پانی کی مشک جو چمڑے کی ہوتی ہی۔
مکابرہ ع اپنی بزرگی دوسرے پر ثابت کرنا بڑائی ظاہر کرنا۔
مکنسہ ع جاروب یعنی جھاڑو مکان صفا کرنے کی۔
مکتب خانہ ف لکھنے اور پڑھنے کا مکان۔
مکّارہ ع عورت مکارہ یعنی صاحب مکر و فریب۔
مکارہ ع سختیان اور بہت سے رنج و دکھ۔
مکاتبہ ع آپسمین خط لکھنا کتابت کرنا۔
مکاشفہ ع ظاہر کرنا ظاہر ہونا پردہ سے نکلنا۔

میم با لام

ملطیہ ع نام شہر جو روم مین واقع ہی۔
ملتحمہ ع پہلا طبقہ آنکھون کے سات طبقون سے۔
ملازہ ع گوشت پارہ جو گلے مین لٹکتا ہی ہندی مین اُسکو کاگ کہتے ہین۔
ملاحظہ ع گوشۂ چشم سے دیکھنا آنکھ پھیر کر دیکھنا۔
ملاطفہ ع مکتوب مراسلہ و نیکی کرنا لطف کرنا۔
ملکہ ع بادشاہ کی عورت اور قوت و طاقت علم کی

مُلَاعَنَہ ع جمع ملعون خلاف قیاس یہ جمع ہے۔

مُلّا زادہ ف نام کتاب علم معانی مین ہے۔

مَلَاحِدَہ ع جمع ملحد بہت کافر بیدین و نام قوم جو بیدین ہے۔

مَلِک شاہ نام بادشاہ سلجوق جسکا وزیر نظام الملک تھا۔

مَلَکاتِ فاضلہ چہارگانہ حکمت شجاعت عفت عدالت۔ چار نیک خصلتین۔

مَلَکاتِ رذیلہ ہشتگانہ حسد بغض بخل حرص کذب غضب کبر بیحیائی آٹھ بد خصلتین۔

مَلَکات فاضلہ ع خصائل خوب و سیرتہائے نیک۔

مَلحَمَہ ع جنگ و فتنہ و فساد و لڑائی و خصومت۔

مُلَاعَبَہ ع کھیلنا بازی کرنا بیفائدہ کام کرنا۔

مَلَائِکَہ ع فرشتے پیدائش آسمانی۔

مُلصِقَہ ع چپچپہ و عاشق۔

مُلک آوازہ ف بلند آوازہ و مشہور و معروف۔

میم با میم

مُمَوَّہ ع زراندودہ و ملمع ہوئی چیز۔

مُمَسَّحَہ ع گلمالہ معماروں کا جس سے وہ گارا بچھاتے ہیں۔

میم با نون

مَنَصَّہ ع ظاہر ہونا و تخت عروسی جسپر دولہا و دلہن بیٹھتے ہین

مِلسَفہ ع چوب پنج شاخہ جسکے ساتھ خرمن غلہ درست کیا جاتا ہے۔

مُناظَرہ ع نظر کرنا فکر کرنا و نام علم بحث۔

مِنطَقَہ ع کمر بند یعنی پٹکہ جس سے کمر کو باندھتے ہین۔

منکوحہ ع جس عورت سے نکاح ہووے۔

مَنیژَہ ف دختر افراسیاب جسپر بیژن پسر گیو پہلوان عاشق ہوا تھا۔

مُنکَسِرہ ع لوٹنے والا نقصان اٹھانے والا۔

مَنارَہ ع بلند عمارت اونچا ستون عمارت کا۔

مَنطُوقَہ ع کلام و سخن و گفتگو بات چیت۔

مُناصَفَہ ع نصف نصف کرنا آدھو آدھ کرنا۔

مَنقَلَہ ع مجمر یعنی انگیٹھی آگ کے رکھنے کی۔

مَنزِلگاہ ف جائے مقام اور سکونت کی جگہ۔

مُناقَضَہ ع آپس کا جھگڑا و دشمنی و عداوت۔

مُناکَحَہ ع باہم نکاح ہونا عورت خاوند کا۔

مَنظُومَہ ع نظم کی ہوئی کتاب مثنوی و دیوان وغیرہ

مُنیَہ ع آرزو و مطلب مقصود التجا و مدعا۔

مُناحَہ ع نوحہ و ماتم کرنا آواز کے ساتھ رونا۔

مُنَزَّہ ع پاک کیا گیا اور پلیدی سے دھویا گیا۔

مُنافَسَہ ع رغبت کرنا میل کرنا متوجہ ہونا۔

مُنَبِّہ ع آگاہ و خبردار و صاحب علم و خبر۔

مُناقَشَہ ع نزاع کرنا مقدمہ کرنا جھگڑنا۔

مُناضَلَہ ع برابری کرنا تیراندازی مین ایکدوسرے سے سبقت لیجانا

مَنصُوبَہ ع تدبیر جو قرار پاے اور تجویز جو جائز متصور ہو۔

مَندُوفَہ ع دھنی ہوئی روئی۔

میم با واو

موسیچہ ف ہندی ممولا جو مشہور جانور ہے۔

موازنہ ف ہموزن ہونا برابر ہونا تول مین۔

موقنہ ع عورت صاحب یقین و صاحب اعتقاد۔

موءدہ ع سونپا ہوا تفویض کیا ہوا۔

مواصفہ ع باہم شرکت کرنا شریک بننا۔

مویہ ع گریہ و نوحہ اور چلانا رونا آوازے۔

مومی الیہ ع جسکی طرف ایما ہو جیسے کہ مشار الیہ معزی الیہ وغیرہ۔

موصی الیہ ع جسکے نام کی وصیت ہو اور مرنے والا اسکو وصی بنا یا گیا ہو۔

مواجہہ ع روبرو ہونا مقابل ہونا سامنے ہونا۔

موجہہ ع خوب پسندیدہ و مطبوع طبع۔

موچینہ ع آلہ آہنی جسسے بال اکھاڑتے ہین۔

موالید ثلاثہ ع نباتات و جمادات حیوانات۔

مولہ ع شیفتہ و عاشق و درخت بید مجنون۔

مواخذہ ع گرفت کرنا پکڑنا مزاحم ہونا۔

موئینہ ف پوستین جسپر بال ہون۔

مورچانہ ف زنگار جو لوہے کو لگجاتا ہے۔

مورچہ ف چھوٹی چیونٹی جو مشہور جانور ہے۔

میم باہاء

مہمہ ع بیابان جنگل و ویرانہ زمین۔

مہمہ ع کار ضروری جسکا کرنا واجبی ہو۔

مہموسہ ع وہ حروف جو نرم و لیست ادا ہون چنانچہ ت ث ح ہ ت ک خ ص ف اسہ۔

مہلکہ ع جائے ہلاک و قتلگاہ و مقام کشت و خون۔

مہرہ ع منکا اور عربی مین کرہ اسپ یعنی چھوٹا گھوڑا۔

مہملہ ع خالی بے نقطہ حرف جیسے کہ ا ح د ر س ص ط ع ک ل و ہ۔

مہ ف چاند ستارہ آسمانی عربی مین اسکو قمر کہتے ہین

مہ ف بزرگ و سردار قوم و افسر و سرگروہ و صاحب عزت

میم بایاء

میاہ ع جمع ما آبہا یعنے بہت سے پانی۔

میوہ ف مشہور لفظ ہے یعنی پھل کسی درخت کا جسکو کھائین۔

میمنہ ع دست راست و فوج طرف راست۔

میسرہ ع دست چپ و فوج طرف چپ۔

میذنہ ع اذان کہنے کی جگہ بانگ کہنے کی جگہ۔

میمونہ ع کشتی کے فنون سے ایک فن ہے۔

میدہ ع آرد خشکہ گیہون کا۔

میکدہ ف شرابخانہ جہان شراب کھنچے یا بیچتے ہون۔

پچیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور اخیر مین ہا ہے

نون باالف

ناتراشیدہ ف بے ادب نا خواندہ بد خلق۔ بد خو۔ بیوقوف آدمی۔

نارسیدہ ف نابالغ و کم عمر لڑکا اور کچا میوہ۔

ناخنہ ف آنکھ کی بیماری کا نام ہے۔

نائزہ ع آفتابہ کی ٹوٹی ذی میانہ خالی جہانگا سوراخ ذکر۔

ناشایستہ ف نالائق بے ہنر بے علم آدمی۔

نابهره ف بے نصیب وکم قسمت وکم طالع۔

ناد انستہ ف بھول کر جو کام کیا جائے ۔

ناخوانده ف بے علم آدمی جسنے کچھ پڑھا نہو۔

نادیده ف جسکو دیکھا نہو اور مرد حریص وطماع۔

ناستوده ف جسکی صفت نہو سکے۔

ناسفتہ ف جو بیدہ یا نہو موتی وغیرہ۔

نادره ع عجیب و غریب وعمدہ تحفہ۔

نازلہ ع سختی و حوادث زمانہ رنج وغم۔

نائبہ ع حادثہ وواقعہ وتپ گرم وبیماری۔

نالہ ف آواز بلند جو سوز دل سے ہو چلا کر رونا۔

ناکچہ گریہ ونالہ وماتم ورنج وغم واندوہ۔

ناصیہ ع موے پیشانی ماتھے کے بال۔

نانخواه ف ایک گھاس کا نام ہے جسکے کھانے سے بھوکھ لگتی ہے ہندی اجوائن۔

ناظوره ع معشوقہ محبوبہ عورت۔

ناوه ف بدرره پانی کا پرنالہ۔

نافلہ ع جو عبادت سوا فرض کے ہو یعنی نفل۔

نابه ف شراب خالص عمدہ وقیمتی شراب۔

نامیہ ع یہ ایک قوت جسم پیدایش نباتی وحیوانی مین ہے جس سے وہ پھولتا اور بڑھتا ہے۔

ناسره ع کھوٹا درہم ودینار اور قلب روپیہ۔

ناجیہ ع نجات پانے والا رہائی پانے والا۔

ناحیہ ع کونا کنارہ گرد ونواح کشتی کا۔

نازل منزلہ ع قائم مقام وجانشین ووارث۔

ناشائستہ ف نالائق وکم عقل آدمی۔

ناعمہ ع نرم بدن عورت کا جسکا جسم نازک ہو۔

نافجہ ع خوشبو چیز جس سے خوشبو آئے۔

نافہ ف کستوری کا نافہ جو مشہور ہے۔

ناکاشتہ ف جو بو یا نہو۔

ناکاره ف بیکار وخراب۔

ناقہ ع اونٹنی مادہ شتر۔

نائره ع شعلہ آتش۔

ناگاه ف اچانک اور فی الفور۔

نامہ ف خط مکتوب کتاب۔

نائچہ ف حقہ کا نیچا جو نے سے بنایا جاتا ہے۔

نون با بار

نبہ ع آگاہ ہونا اطلاع پانا کسی بات پر۔

نباه ع امیر ودولتمند صاحب عزت آدمی۔

نبردگاه ف میدان جنگ لڑائی کا مقام۔

نبیلہ ع خوبصورت بزرگ پسند خاطر وعزیز دل۔

نبیره ع پوتا یا دھوتا پوتی یا دھوتی۔

نبلہ ع مٹی کا ڈھیلہ جس سے استنجا کرین۔

نبرده ف بہادر ودلاور وجوانمرد آدمی۔

نبیہ ع بروزن وجیہہ خبردار کرنے والا۔

نبیسہ ع پسرزادہ یا دخترزادہ۔

نون با تاء

نتیجہ ع ۔ ثمر حاصل مطلب خلاصہ کلام ۔

نون با ثاء

نثرہ ع نام آٹھوین منزل کا منازل قمر سے ۔

نون با حاء

نحلہ ع بخشش عطا صدقہ جو دیا جاوے ۔

نون با خاء

نخلہ ع درخت خرما یعنی کھجور کا درخت جو مشہور درخت ہے ۔

نخالہ ع آٹے کا چھان جو چھلنی سے چھن کر نکلتا ہے اور ابھی اسکو کہتے ہین ۔

نون با دال

ندبہ ع نوحہ و شیون و نالہ و زاری اور گریہ یعنی آواز سے رونا ۔

نون با زاے

نژادہ ف اصل و اصیل آدمی خاندانی ۔

نزلہ ع رسد جو کسی کو دیجائے اور نام بیماری زکام کا ۔

نزرہ ع بے عیب تازہ اور خوب اور اچھا ۔

نون با سین

نسیئہ ع قرض ادھار اور دام جو کسی کو دیا جاے ۔

نسخہ ع لکھا ہوا نقل کیا ہوا اور کتاب صحیفہ و رسالہ ۔

نون با شین

نشا ۔ [illegible]

نشاستہ ف میدہ گیہوں کا جو گیہوں کو بھگو کر نکالیں ۔

نشرہ ع تعویذ جو صاحب عمل لکھتے ہین ۔

نشرہ ع ختم قران تمام قرآن پڑھنا ۔

نشہ ف بیہوشی اور مستی جو شراب وغیرہ سے حاصل ہوتی ہے ۔

نون با صاد

نصیبہ ع قسمت و نصیب ۔

نون با طاء

نطیفہ ع صاف و سفید پانی اور تخم آدمی کا ۔

نون با ظاء

نظارہ ع دیکھنا نظر کرنا آنکھ سے دیکھنا سیر کرنا ۔

نظارہ ع دیکھنے والے لوگ سیر کرنے والے لوگ ۔

نظارت پیشہ ف نگہبان و خواجہ سراے ۔

نون با عین

نعجہ ع میش یعنی بھیڑ جو مشہور چارپایہ ہے ۔

نعامہ ع شترمرغ جو ایک جانور ہے ۔

نعرہ ع بلند آواز ۔

نعوذ باللہ ع پناہ مانگتے ہین ہم اللہ سے ۔

نون با غین

نغمہ ع سرود راگ جو گایا جاتا ہے ۔

نغمہ ع آواز لطیف اور مطبوع آواز ۔

نغولہ ع موئے پیچیدہ اور گوندھی ہوئی زلفین ۔

نون با فاء

نفس امارہ ع خواہش طبیعت بطرف بدی ۔

نفس [illegible] لوامہ مطمئنہ ۔

[illegible] ۔

نفس ناطقہ ؏ نفس انسانی جو بولتا ہی یعنے بولنے والا نفس -
نفقہ ؏ خرچ عیال و اطفال اور ضروری خرچ -
نفخہ ؏ ایک مرتبہ پھونکنا دم لگانا -
نفطہ ؏ آبلہ اور چھالا جو بدن پر ظاہر ہوتا ہی -
نفحہ ؏ بوے خوش عطر و کستوری وغیرہ کی -

نون با قاف

نقاوہ ؏ برگزیدہ آدمی بہت اچھا آدمی -
نقلہ نقل کرنے والا نقشہ اُتارنے والے -
نقرہ ؏ چاندی جو مشہور دھات ہی -
نقشہ ف تصویر و نمونہ کسی چیز کا جیسی وہ ہو -
نقطہ ؏ خط کی مقدار اور وہ مقدار جو منقسم نہو -
نقبہ ؏ مرض خارش کھجلی کی بیماری -
نقیعہ ؏ ضیافت قدوم یعنی اُسکی ضیافت جو سفر سے آیا ہو مجازاً مسافر کی مہمانی -

نون با کاف

نکتہ ؏ سخن پاکیزہ و پوشیدہ -
نکرہ ؏ ناشناختگی ضد معرفہ یعنی وہ جسکی پہچان نہو سکے -
نکوہیدہ ف ملامت کیا گیا یعنی درشت و زبون -
نگارخانہ ف تصویرخانہ جہان بہت سی تصویرین ہون -

نون با میم

نمگیرہ ف پلنگ پوش اور چپرکھٹ کا غلاف -
نمیقہ ؏ لکھا ہوا خط نقش کیا ہوا -
نمرقہ ؏ چھوٹا گاؤ تکیہ پشت پر رکھنے کا -

نمیمہ ؏ چغل خوری و غمازی -
نمونہ ف دکھلاوا کسی چیز کا اصل لفظ کا نمودہ تھا -
نملہ ؏ ایک قسم کی پھنسیان ہین -

نون با واو

نواخانہ ف قیدخانہ جہان قیدی مقید ہون -
نوباوہ ف میوہ تازہ و نورسیدہ -
نورہ ف چونہ جس سے بال اکھاڑ بچاتے ہین -
نوالہ ؏ لقمہ طعام کا -
نوادہ ف پوتا بیٹے کا بیٹا -
نوخواستہ ف نوجوان بچہ -
نوزدہ ف اونیس جسکو عربی مین تسعہ عشر کہتے ہین -
نوشتہ ف لکھا ہوا -
نوشابۂ نام ملکہ بردع جسکی ملاقات سکندر سے ہوئی تھی -
نوکیسہ ف نودولت جو پہلے مفلس تھا اور اب دولتمند ہوا -
نوشہ ف نوجوان و نوکدخدا یعنے جسکی نئی شادی ہوئی ہو -
نوحہ ؏ آواز سے رونا چلا کر رونا کسی ماتم و غم کی حالت مین -
نوچہ ف جوان نوخواستہ بالغ لڑکا -

نون با ہا

نہانخانہ ف مقام پوشیدہ تہ خانہ خلوت کا مقام

سنیہ ع عقل و ہوش۔

سنیہ ع غارت و تاراج اور آواز کرنا۔

نون با یاء

نیم کلہ ف ناتمام چیز جو ابھی پوری نہوئی ہو۔

نیم کارہ ف ناتمام چیز ناقص چیز۔

نیمہ ف آدھا و جانب و طرف۔

نیشہ ف نی کو چک میانہ تہی جسکو نیچہ بھی کہتے ہین۔

نیلہ ف نام چارپایہ صحرائی جسکو نیل گاؤ کہتے ہین۔

نیفہ ع تند کش آزار و قسم پوستین جو قیمتی ہوتی ہی۔

نیزہ ف برچھی جو ایک قسم کا مشہور ہتھیار ہی۔

نیچہ ف چھوٹی نے حقہ پینے کی جس سے تماکو کا دھوان لیتے ہین

چھبیسوین فصل

اُن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف واو اور اخیر مین نون ہی

واو با الف

وابستہ ف متعلق و رشتہ دار۔

والاجاہ ف بلند مرتبہ۔

واقعہ ع حادثہ و رنج و سختی و تکلیف۔

واقعہ ع قسم حریر ابریشمی۔

والہہ نام زن نوح علیہ السلام جو کافرہ تھی۔

والہ ع دیوانہ و عاشق و نام شاعر ہروی۔

واعیہ ع نگاہ رکھنے والا حافظ و پاسبان و چوکیدار۔

وارستہ ف فارغ البال و رہائی یافتہ۔

واقصہ ع راہ مکہ مین ایک مقام کا نام ہی۔

واماندہ ف باقیماندہ اور بچا ہوا۔

واعجباہ ع کلمہ تعجب و تاسف و حسرت۔

واہیہ ع سست اور گرا ہوا اور خراب و خستہ۔

واہمہ قوت وہمی کا نام ہی جو انسان کے قوی مین سے ہی۔

وایہ ع حاجت و مراد و معتاد ہر روزہ و وظیفہ روزانہ مثل کوکنار و افیون غیرہ جیسے کھانیکی عادت ہو

واو با تاء

وتیرہ ع روش طریق دستور و طرز و عادت و خو۔

واو با ثاء

وثیقہ ع سند و عہد و پیمان محکم و تمسک و کاغذ قبالہ۔

واو با جیم

وجہہ ع رو و چہرہ و طریقہ و طور۔

وجہہ ع جسطرف رخ کیا جاوے و قبلہ۔

وجنہ ع اُبھرے ہوئے رخسار معشوقون کے۔

وجوہ ع جمع وجہ کی بہت سے رو و چہرے و طریقے۔

وجیہہ ع خوبصورت و حسین آدمی مقبول صورت۔

واو با راے

ورطہ ع جائے ہلاکت گرداب و مکان پیچ راہ جسکا راستہ نہو

ورثہ ع میراث لینے والے لوگ جو مردہ کے وارث ہون

واو با زاے

وزغہ ع غوک مینڈک جو آبی مشہور جانور ہی۔

واو با عین

وسادہ ف بالین و بالش و تکیہ ۔
وسیلہ ع ذریعہ و واسطہ جو کسی کام مین ہو ۔

واو با صاد

وصیلہ ع عمارت و فراخی مکان و صحن فراخ ۔
وصیفہ ع باندی کنیزک پرستار خدمتگار ۔
وصلہ ع ٹکڑا کپڑے کا یا کاغذ وغیرہ کا اور پیوند جوڑا ہوا ۔

واو با ظاء

وظیفہ ع جو چیز ہر روز مقرر ہو یعنی روزینہ و راتب ہر کا ۔

واو با عین

وعدہ ع اقرار اور خبر دینا آگاہ کرنا ۔

واو با فاء

وفضہ ع ترکش جسمین تیر رکھتے ہین ۔

واو با قاف

وقایہ ع نگاہ رکھنا اور نام ایک کتاب کا ۔
وقیہ ع وزن چہل درم یعنی چالیس درم کا وزن ۔
وقفہ ع توقف و مہلت و فرصت و میعاد ۔

واو با کاف

وکیرہ ع ضیافت تعمیر مکان و خانہ جسکو جشن کہتے ہین ۔

واو با لام

ولہ ع سرگشتگی و جنون و عشق و محبت و دیوانگی و خبط ۔
ولولہ ع شور و غوغا و بانگ فریاد و زاری و بیقراری ۔
ولیدہ ع دوست عورت پیاری عورت اور بندہ عورت جو مالک کے گھر کی ہو نہ خریدا ہوا اور منکوحہ نہ ہو ۔

ولیمہ ع پالان و اسپ و طعام ضیافت شادی و نکاح ۔

واو با نون

وندہ ع تر و تیز کہ سبزہ جسکو الون کہتے ہین ۔

واو با ہاء

وہدہ ع زمین پست و نشیب جہان پانی جمع رہتا ہو ۔
